مصنف

سید مصطفیٰ کاظمی

235

مصنف : **سید مصطفیٰ کاظمی**
کمپوزنگ : ----------
سرورق : غلام مصطفیٰ
اشاعت اوّل : -----2020ء
تعداد : ....
پرنٹنگ : ------------------
قیمت : ----------روپے

انتساب

فہرست

کتاب امراض دل

کتاب امراض معدہ

پیٹ کی بیماریاں

سانس کی بیماریاں

کتاب گردہ، جگر و تلی

کتاب ہڈی و جوڑ

کتاب کمزوری

کتاب کینسر

بالوں کی بیماریاں

کتاب مزاج شناسی

کتاب منہ و دانت کی بیماریاں

کتاب آنکھ و کان

کانوں کی بیماریاں

کتاب سر درد اور دماغی امراض

کتاب نفسیات

کتاب جلدی امراض

بچوں کی بیماریاں

کتاب مردانہ

کتاب (عورتوں کی بیماریاں)

وبائی امراض

ماہ رمضان

مقدمہ

طب اہلبیتؑ یعنی وہ احادیث جو خدا نے اپنے انبیاءؑ کو بیماریوں کا علاج یا بیماریوں سے بچنے کے لیے طبی اصول و غذائیں وادویات وحی کے ذریعے بتائی ہیں وہ اہلبیتؑ سے نقل ہو کر ہم تک پہنچی ہیں۔

علم طب اتنی ہی پرانی ہے جتنا خود انسان، جب آدمؑ زمین پر آئے تو اسی وقت علم طب کا آغا ہو گیا تھا۔ جدید میڈیکل تجربات، مشاہدات سے اخذ کر کے علاج دریافت کرتا ہے جبکہ طب اہلبیت وحی خدا سے حاصل ہو کر ہم تک پہنچا ہے۔ تجربات ومشاہدات سے ہوسکتا ہے دوا انسان کے لیے مضر صحت ہو یا کچھ عرصہ بعد تجربات سے پتا چلے یہ دوا ایک بیماری کے لیے تو مفید ہے مگر اس سے بڑی بیماری کا سبب بنتی ہے یا لا علاج بیماریاں کا سبب بنتی ہے۔ جیسا کہ آجکل اکثر ہو رہا ہے۔ لیکن طب اہلبیتؑ میں تجربات سے نہیں بلکہ جس چیز کو خدا نے جس بیماری کے لیے خلق کیا ہے اسی کا علاج بتایا ہے۔

صحت وتندرستی وہ نعمت ہے جس کی کوئی قیمت ادا نہیں کر سکتا۔ خداوند متعال نے ہمیں ایک تندرست اور سالم بدن کی شکل میں جو نعمت عطا کی ہے اس کی اہمیت کا اندازہ اس وقت ہوتا ہے جب ہمیں اپنی صحت کے حوالے سے کوئی پریشانی لاحق ہوتی ہے۔ اس اہمیت کے پیش نظر انبیاء کرام اور ائمہ علیہ السلام کے بارے میں بہت سی نصیحتوں کی صورت میں احادیث بیان کی ہیں۔ خداوند متعال نے ہر پیدا کی ہوئی شے میں کوئی نہ کوئی حکمت رکھی ہے۔ یہ حکمتیں ہمیں معصومینؑ کے ذریعے معلوم ہوتی ہیں۔ انہی احادیث کو اپنے پڑھنے والوں کے لئے پیش کیا جا رہا ہے۔

خداوند عالم نے انسان کو اعلیٰ معیار پر خلق کیا ہے اور انسان کی حفاظت کا بھی زمہ خود ہی اٹھایا ہے۔ انسان جب بیمار ہوتا ہے فوراً اسے پتا چل جاتا ہے میں بیمار ہو گیا۔ خدا نے انسان کی باڈی میں ایسا آٹومیٹک سسٹم بنایا ہوا ہے۔ اگر انسان کو چوٹ لگے یا کسی جگہ سے خون بہنا شروع ہو جائے یا کوئی بیماری ہو جائے تو انسان کو درد ہوتا ہے جو انسان کو آگاہ کرتا ہے فلانی جگہ مسئلہ ہو گیا ہے۔

جتنی بھی چیزیں قدرت نے بنائی ہیں وہ انسان کے لیے مفید ہیں لیکن جن کو انسان نے خود تخلیق کیا وہ انسان کے لیے ضرر ہیں۔ بہت سی جڑی بوٹیاں کے فوائد خدا نے خود اپنے انبیاءؑ کو بتائے ہیں۔ یہ خدا کا ہم پر بہت بڑا کرم ہے طب اہلبیتؑ میں ایک بہت بڑا ذخیرہ علم طب پر موجود ہے۔ آئمہ اہلبیتؑ ہر شعبہ کے ماہر ہیں جہاں سائنس و دیگر شعبے معصومین ع کے مرہون منت ہیں وہاں علم طب بھی آپ کی محتاج ہے۔ امام جعفر صادق علیہ السلام کے جہاں دوسرے بہت سے شاگرد تھے وہاں علم طب کے بھی شاگرد تھے۔ ہر امام سے علم طب پر روایات موجود ہیں۔

ہمارے پاس علم طب کا خزانہ پڑا تھا مگر اس پر کلینکل ٹرائل نہیں ہوئے تھے جو آیت اللہ تبریزان نے کیے تو اس کے بہت اچھے رزلٹ آئے۔ بہت سی ادویات بنائی گئی جس سے لاکھوں لاعلاج مریض شفایاب ہو چکے ہیں۔ اس سلسلے کو جاری رکھنے کے لیے میں نے ایک تعارف کے طور پر یہ کتاب لکھی ہے تاکہ طب اہلبیتؑ کا ایک تعارف ہو جائے باقی تفصیلات انشاءاللہ جاری رہے گی۔ اس میں ہم مشکور ہیں قبلہ جان علی کاظمی صاحب، آیت اللہ تبریزان اور دیگر اپنی ٹیم کا۔ خاص کر دو خواہران کا جنہوں نے دن و رات ایک کر کے اس میں حصّہ لیا۔ خداوند متعال ان سب کو اس مشن میں کامیاب کرے۔

ہم اپنے اللہ کا شکر ادا کرتے ہیں کہ اس نے ہمیں یہ توفیق عطا فرمائی کہ ہم تمام مومنین اور مومنات اور تمام انسانوں کے ساتھ طب اہلبیت علیہ السّلام کو شیئر کرنے کے قابل ہوئے ہم طب اہلبیت علیہ السّلام کی تمام کتابیں اور تمام ریسرچ کا ثواب ہدیہ کرتے ہیں چودہ معصومین علیہ السلام کو اور خاص طور پر اُم ابیہا مادر امام حسنؑ امام حسینؑ جوانان جنت کے سردار اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیٹی اور مولا علی علیہ السلام کی زوجہ بی بی زہرا سلام اللہ علیہا کو اور امام مہدی علیہ السلام کو اور اللہ تعالی سے یہ دعا کرتے ہیں یا اللہ پاک ہمیں مزید توفیق عطا فرمائے کہ ہم طِب اہل بیت علیہ السلام کو گھر گھر تک پہنچائیں اور اپنے امام زمانہ امام مہدی علیہ السلام کی بیعت جو ہماری گردنوں پر ہے اور ان سے کیے ہوے ہمارے عہد کو پورا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ خدا ہماری کاوشوں اور کوششوں کو اپنے دربار میں قبول فرمائے آمین ہم تمام مومن و مومنات سے درخواست کرتے ہیں ہمارے حق میں دعا کریں کہ اللہ ہمیں آگے بڑھنے اور پوری دنیا میں طب اہلِ بیتؑ سے انقلاب لانے کی توفیق عطا فرمائے آمین خداوند متعال ان کے مرحومین کو جنت فردوس میں جگہ عطا کرے جنہوں نے مرحومین کے ایصال ثواب کے لیے اس میں حصہ لیا ہے۔ ان کے رزق میں اضافہ فرما جنہوں نے مالی معاونت کی۔ آمین

خاکپائے در بتول ع سید مصطفٰی کاظمی

طب اہلبیت؟

طب اہلبیتؑ یعنی وہ رویات جو اہلِ بیتؑ نے بتائی ہیں۔ خدا نے وحی کے ذریعے انبیاءؑ کو مختلف بیماریاں کا علاج اور جڑی بوٹیاں کے خواص بتائے ہیں جن کو اہلبیتؑ نے بتایا ہے

خدا نے حضرت آدمؑ کو جو علوم سکھائے اس میں علم فلکیات و علم طب بھی تھے

بحارالانوار ج58 ص275, فرج المھموم، ص22،

دوا لازمی ہے؟

حضرت موسیٰؑ بیمار ہو گئے۔ بنی اسرائیل کے کچھ افراد آئے اور کہا فلاں فلاں جڑی بوٹی اس کا علاج ہے۔ حضرت موسیٰؑ نے فرمایا دوا استعمال کیے بغیر خدا شفا دے گا۔ خدا نے وحی نازل کی اے موسیٰؑ تجھے شفا نہیں دوں گا جب تک تم اس دوائی کو استعمال نہیں کرو گے۔ میں نے جڑی بوٹیوں کو بغیر مقصد کے خلق نہیں کیا۔ موسی نے وہ جڑی بوٹیاں استعمال کی شفایاب ہو گے۔

روحانی شاہین ص70

طب اہلِ بیتؑ پر کتابیں؟

1: طب النبی

اس کو علامہ باقر مجلسی نے بحارالانوار میں نقل کیا خاص کر چودھویں جلد السماء والعالم میں نقل کیا ہے۔

2: طب الصادق

اس کتابچہ میں وہ احادیث ہیں جن کو دعائم الاسلام، فصول المھمہ، کشف الاخطار، الخصال اور بحارالانوار سے نقل کیا گیا۔

اس کی سب سے قدیم شرح ضیاء الدین ابوالرضا نے 546ھ میں لکھی ہے۔

3: طب الرضاؑ

وہ خط جو امام علی رضاؑ نے ابوالعباس عبداللہ بن ھارون کو بھجوایا۔ جس کو راویوں نے خط ذہبی کا نام دیا۔ علامہ باقر مجلسی نے اس خط کو بحارالانوار کی جلد چودہ میں نقل کیا ہے۔

4: طب الائمہ

عبداللہ اور حسین بن بسطام دو بھائی چہارم ہجری کے دو معتبر راوی اور شیعہ فقہا میں سے ہیں۔ وہ شہر قزوین میں مرزبانی

کے قصد سے گئے تھے اور وہاں علوم آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نشر کیا۔

سید حسن امین فرماتے ہیں، "حسین بن بسطام اور ان کے بھائی ابو عتاب دونوں شیعہ علماء اور اصحاب میں سے ہیں۔ انہوں نے طب الائمہ تالیف کی ہیں جس میں جابر بن حیان کی امام جعفر صادق ع سے روایات بیان کی گی ہیں۔"

5: بحارالانوار

علامہ باقر مجلسی نے لکھی ہے۔اس میں بہت سی جلدوں میں طب کے بارے میں احادیث موجود ہیں۔

6: اصول کافی

شیعوں کی معتبر کتاب ہے۔اس کو شیخ یعقوب کلینی نے لکھا ہے۔اس میں زیادہ تر جلد 6 میں سبزیوں، پھلوں و غذاوں کے خواص لکھے ہیں۔

7: وسائل الشیعہ

اس کو شیخ حر عاملی نے لکھا ہے۔جس میں زیادہ تر طب کے بارے میں جلد 17 میں لکھا گیا ہے

وسائل الشیعہ جلد 17

حلیۃ المتقین

علامہ باقر مجلسی نے آداب زندگی پر لکھی ہے۔

8: دائرۃ المعارف بزرگ طب اسلامی

(تالیف: آیت اللہ مصطفی نورانی) 9 جلدیں

اس کو آیت اللہ نورانی نے لکھا ہے۔

9: کتاب طب الرسول آیت اللہ تبریزیان 5 جلد

آیت عباس تبریزن نے گیارہ ہزار احادیث کو جمع کیا ہے اور ہزاروں مریضوں پر کلینکل ٹرائل کیا ہے۔موجودہ دور میں کلینکل ٹرائل آیت اللہ عباس تبریزان نے کیا ہے۔ہزاروں کینسر، دماغی امراض، تمام بیماریاں کے مریض شفا پا چکے ہیں۔طب اہلبیتؑ میں انقلاب آ گیا ہے جو ہر ملک میں پہنچ رہا ہے

10: توحید مفصل

اس میں بیماریاں پر امام جعفر صادق علیہ السلام کے خطبات کو ان کے شاگرد مفصل نے جمع کیا ہے۔

11: طب اہلبیت

اس کو سید مصطفی کاظمی نے اردو اور جدید میڈیکل میں تبدیل کیا ہے اور آگے اسی کے ترجمہ انگلش میں ان کی ٹیم نے

کیے ہیں۔ابھی ہندی میں بھی آغاز کر دیا گیا ہے۔آغا جان علی کاظمی نے بھی مدد فراہم کی ہم ان کے مشکور ہیں۔۔

چونکہ اردو میں تفصیلی کتاب کوئی بھی موجود نہیں تھی اور نہ ہی جدید میڈیکل میں اس کو ڈالا گیا تھا۔جتنی بھی احادیث تھیں سب فارسی وعربی میں تھا۔اس کو جدید میڈیکل میں اور اردو میں پچیس سے زائد کتابیں لکھی ہیں اور ساتھ سب کی آسانی کے لیے موبائل ایپ میں بھی ساری کتابیں ڈالی ہیں pdf میں ہر شخص فری میں ڈاونلوڈ کر سکتا ہے۔

طب اہلبیت رجسٹریشن

طب اہلبیت کی رجسٹریشن کسی بھی جگہ نہیں تھی اس مشکل کو دیکھتے ہوئے اس کو رجسٹر بھی کروالیا گیا ہے جو کہ بین الاقوامی معیار کے مطابق ادویات سازی کی جارہی ہے اس کو بھی مصطفی کاظمی نے رجسٹر کروایا ہے

ہر بیماری کا علاج موجود ہے؟

رسولؐ نے فرمایا: ہر بیماری کا علاج ہے، پس جب دوا بیمار تک پہنچتی ہے تو وہ خداوند عالم کے حکم سے شفایاب ہو جاتا ہے

مکارم الاخلاق ج2 ص179 ، بحارالانوار ج62 ص68

ایک اور مقام پر فرمایا: جس نے بیماری کو خلق کیا ہے اس نے علاج کو بھی خلق کیا ہے۔(دعائم الاسلام) امام علیؑ نے فرمایا:'ہر زندہ کے لئے بیماری ہے اور ہر بیماری کے لیے علاج ہے۔(غرر الحکم)

اب یہ بات کرنا کہ اہلبیتؑ نے ہر بیماری کا علاج نہیں بتایا خلاف عقل ہے۔اہلبیت ع کی گیارہ ہزار روایات جو فقط طب پر ہیں اس بات کی دلیل ہیں اہلبیتؑ نے طب پر کتنا زور دیا ہے۔

تشخیص

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کسی کا علاج اس وقت تک مت کرو جب تک کہ بیماری کی تشخیص نہ کرلو۔ امام سجادؑ: جس کی بیماری کی تشخیص نہ ہوئی ہو دوا اسے برباد کر دے گی۔

طب الائمہ

علاج کیسے کریں

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں ہم گرم کو ٹھنڈے سے، ٹھنڈے کو گرم سے، خشک کو تر سے تر کو خشک سے علاج کرتے ہیں اور نتیجہ خدا کے ہاتھ میں چھوڑ دیتے ہیں

طب الائمہ

انسان میں چار عناصر کا وجود کیوں ہے؟

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں انسان آگ کی وجہ سے کھانے اور پینے لگا، نور کی وجہ سے دیکھنے اور کام کرنے لگا اور

ہوا کیوجہ سے سننے اور سونگھنے لگا اور پانی کیوجہ سے کھانے اور پینے کی لزت حاصل کرنے لگا اور روح کیوجہ سے حرکت کرنے لگا۔ اگر انسان کے معدہ میں آگ نہ ہوتی تو کچھ کھاتا وہ ہضم نہیں ہوتا، پھر کھانا اور پینا اس کے پیٹ میں خشک پڑا رہتا، اگر ہوا نہ ہوتی جو آگ اس کے معدہ میں ہے مشتعل نہ ہوتی اور اس کے معدہ کو جلا ڈالتی۔ اگر نور نہ ہوتا تو نہ دیکھ سکتا اور نہ سن سکتا، اگر چہ اس کی صورت مٹی کی سی ہے ہے مگر اس کے جسم میں ہڈیوں کا ڈھانچہ ہے۔ علل الشرائع ج 2 ص

انسان بیمار کب ہوتا ہے

انسان اس وقت بیمار ہوتا ہے جب چار مزاجوں میں سے کسی میں کمی یا زیادتی ہوجائے تو انسان بیمار ہوجاتا ہے۔

آیا انسان نے علم طب کو تجربہ سے کسب کیا یا وحی کے ذریعے سے؟

امام صادق علیہ السلام

مشہور اور طولانی حدیث، توحید مفضل بن عمر میں طب کے موضوع پر بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ انسان کو فقط اللہ تعالی نے طب کی تعلیم دی تو اس نے قدرت پیدا کی۔

فَكِّرْ فِي هَذِهِ الْعَقَاقِيرِ وَ مَا خُصَّ بِهَا كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهَا مِنَ الْعَمَلِ فِي بَعْضِ الْأَدْوَاءِ فَهَذَا يَغُورُ فِي الْمَفَاصِلِ فَيَسْتَخْرِجُ الْفُضُولَ الْغَلِيظَةَ مِثْلَ الشَّيْطَرَجِ وَ هَذَا يَنْزِفُ الْمِرَّةَ السَّوْدَاءَ مِثْلَ الْأَفْتِيمُونِ وَ هَذَا يَنْفِي الرِّيَاحَ مِثْلَ السَّكْبِينَجِ وَ هَذَا يُحَلِّلُ الْأَوْرَامَ وَ أَشْبَاهُ هَذَا مِنْ أَفْعَالِهَا فَمَنْ جَعَلَ هَذِهِ الْقُوَى فِيهَا إِلَّا مَنْ خَلَقَهَا لِلْمَنْفَعَةِ وَ مَنْ فَطَّنَ النَّاسَ لَهَا إِلَّا مَنْ جَعَلَ هَذَا فِيهَا وَ مَتَى كَانَ يُوقَفُ عَلَى هَذَا مِنْهَا بِالْعَرَضِ وَ الِاتِّفَاقِ۔ كَمَا قَالَ الْقَائِلُونَ وَ هَبِ الْإِنْسَانُ فَطَنَ لِهَذِهِ الْأَشْيَاءِ بِذِهْنِهِ وَ لَطِيفِ رَوِيَّتِهِ وَ تَجَارِبِهِ فَالْبَهَائِمُ كَيْفَ فَطَنَتْ لَهَا حَتَّى صَارَ بَعْضُ السِّبَاعِ يَتَدَاوَى مِنْ جِرَاحَةٍ إِنْ أَصَابَتْهُ بِبَعْضِ الْعَقَاقِيرِ فَيَبْرَأُ

اے مفضل: ان دوا والی جڑی بوٹیوں اور یہ کہ ان میں سے ہر ایک خاص دوا میں استعمال ہوتی ہیں فکر کریں۔ ایک جیسے "شیطرج" کہ جوڑوں کی تہ میں نفوذ کرتی ہے۔ زائد چیزوں کو دفع کرتی ہے۔ اور ایک دوسری "افتیمون" جو بدن سے سودا کو خارج کرتی ہے۔ دوسری "سکبینج" جو بدن سے ہوا کو خارج کرتی ہے۔ اور ایک دوسری سوجن کو ختم کرتی ہے۔ اور دوسری جڑی بوٹیاں کہ اس کے علاوہ خواص رکھتی ہیں۔

ابھی فکر کریں کہ کس نے ان کے اندر خواص رکھے ہیں؟

سوائے اس کے جس نے لوگوں کے فائدہ کے لیے انکو پیدا کیا ہے۔ کس نے ان کے خواص سے لوگوں کو آگاہ کیا ہے؟

سوائے اس کے جس نے ان خواص کو ان جڑی بوٹیوں میں قرار دیا۔؟

انسان (جیسا کے بعض لوگ دعوی کرتے ہیں) کیسے اتفاقی طور پر ان خواص کو کشف کرسکتا ہے؟ فرض کریں کہ ایسا نہیں ہے انسان نے ذہن، فکر اور تجربہ سے ان دوائی جڑ بوٹیوں کے خواص جانے ہیں لیکن حیوانات نے کیسے ان کے خواص سے آگاہی پیدا کی؟ بعض درندے جب زخمی ہوتے ہیں تو انہی جڑ بوٹیوں سے علاج کرتے ہیں۔توحید مفضل ص163

خلاصہ یہ کہ اللہ تعالی نے انبیائے کرام علیہ السلام اور آئمہ اطہارؑ کے ذریعے طب اور تمام علوم انسان کو عطا کیے۔یعنی علوم کے بانی انبیاء کرام اور اہل بیت علیہ السلام ہیں۔مزید اس کے بارے میں جاننے کے لئے رسالہ اہلیلجہ کا مطالعہ فرمائیں امام صادق علیہ السلام نے ہندوستانی طبیب کو ایک ہڑیڑ (ھلیلہ) کے ذریعے اس بات کو ثابت کیا کہ طب خداوند عالم نے سکھائی اور اسی طب کے ذریعے امام علیہ السلام نے توحید کو ثابت کیا۔

حضرت داوؑد کے زمانے میں جڑی بوٹیاں بولتی تھی۔ جہاں داود ع نماز پڑھتے تھے وہاں بہت سی جڑی بوٹیاں حضرت داوؑد کو بتاتی تھیں میں فلاں فلاں بیماری کا علاج ہوں۔عقائد الصدوق ص108

پہلا طبیب کون؟

جب حضرت آدمؑ زمین پر آئے۔کہاں وہ جنت کا ماحول اور کہاں وہ زمین کی سختیاں۔زمین پر نہ کوئی ڈاکٹر تھا اور نہ کوئی اسپتال تھا نہ کوئی لیبارٹری تھی۔تو انہیں معلوم نہیں تھا کون سا پودا زہریلا ہے اور کون سا مفید ہے۔کون سا بیماری کا علاج ہے۔جہاں خدا نے دوسرا علم آدمؑ کو سکھایا وہاں علم طب بھی سکھایا۔کون سا پودا صحت بخش اور کون سا ضرر ہے۔۔

آدمؑ جب زمین پر آئے زمین پر موجود پودوں سے، کس طرح جان سکتا ہے کہ کون سا پودا بخار کا علاج ہے، جو سردی کا علاج ہے، اور کون سا فلو کا علاج ہے؟ کیا انسان کے لئے صحرا میں ہر ایک پودے کو بیماری کے علاج کے لئے آزمانا مناسب ہے؟ یہ ناقابل تصور ہے کیونکہ بہت سے موجودہ پودے زہریلے ہیں۔جو اسے مار ڈالتا ہے یا اس کی بیماری کو بڑھا دیتا ہے۔

یہ سب کچھ وحی خدا کے بغیر ممکن نہیں تھا۔

طب پر سب سے زیادہ کام آغاز میں حضرت داوؑد کے زمانے میں ہوئے

بیماریاں کی اقسام طب اہلبیتؑ

طب اسلامی، بیماریوں کو سات انواع میں تقسیم کرتی ہے۔

1 مزاجی بیماریاں 2 چھوٹوں اور بڑوں کی بیماریاں 3 خبیثہ وغیر خبیثہ 4 اندرونی وبیرونی بیماریاں

5 مفید وغیر مفید بیماریاں 6 قابل علاج ولا علاج 7 شائنہ وغیر شائنہ 8 مفید وغیر مفید بیماریاں

دل کی بیماریاں

دل کی بیماریوں کی وجوہات

مردار گوشت، خون کھانا، شراب، زنا

ضعیف قلب در مکروہات

زیادہ کھانا، حرام نگاہ، آلودگی، زیادہ سونا، زیادہ ہنسنا، گناہ و جھوٹ، حرام کھانا

علامات

دل کی بیماری کی مختلف علامات ہوسکتی ہیں تاہم چند زیل ہیں۔

سینہ میں درد، سانس کی تکلیف، سیڑھیاں چڑھنے میں دشواری و سینہ میں درد، سانس کا پھول جانا، پاؤں و ہاتھ میں سوجن ہاتھ، پاؤں اور ٹانگوں کا سو جانا، سردی گردن میں یا سینہ میں سخت درد، دل کی دھڑکن میں خلل، چکر آنا، چہرے کا رنگ زرد ہو جانا۔

دل کی تقویت کے لیے مفید غذائیں (طب اسلامی)

دنبہ کا گوشت گائے کے دودھ میں پکا کر کھائیں،

سیب، ناشپاتی، سرکہ (سیب کا)، انار کھانا، مسور کی دال کھانا، کدو کھانا،

کرفس، شہد، بیٹھ کر کنگھی کرنا، مویز کشمش،

کُندر، چقندر کے پتے، سُرخ شکر (گڑ)، عطر گل نرگس، چائے درنجبویہ، بہی

طب اہل بیتؑ کی ادویات

داروی تقویت قلب، داروی شافیہ، جامعہ امام رضاؑ، آب بہی، داروی مرکب چار، قرص خون، تمبیغ

روایات

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔

انسان کے اندر (گوشت کا ایک ٹکڑا) دل ہوتا ہے۔ اگر یہ صحیح سالم ہو تو باقی جسم بھی صحیح سالم ہوتا ہے، اگر یہ بیمار ہو تو باقی جسم بھی بیمار ہوتا ہے۔ وہ ہے دل الخصال صدوق ص ۱۰۹

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔

اے مفصل غور کرو کس نے دل کو سینے میں رکھا ہے کس نے اسے وہ چادر اڑھائی جسے تم جھلی کہتے ہو کس نے اس کی

حفاظت کے لیے اسے ایسی جگہ رکھا جو پسلیوں کی ہڈیوں کے حفاظتی حصار میں ہے۔کس نے گوشت اور پٹھوں کے ذریعے اس کی حفاظت کی جو اس کے اوپر ہیں تا کہ اس تک کوئی ایسی چیز نہ پہنچے جو اس میں خراش ڈال دے۔توحید المفصل ص164

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں سیب دل کے لیے بہت مفید ہے۔بحارالانوار ج66 ص175

امام علیؑ فرماتے ہیں سرکہ دل کو روشن و زندہ کرتا ہے۔بحار ج66 ص304

امام علیؑ فرماتے ہیں۔مسور کی دال کھاؤ دل کو مضبوط کرتی ہے۔الکافی ج6 ص343

امام موسی کاظمؑ فرماتے ہیں۔

بہ کھائیں دل کو مضبوط کرتا ہے۔المحاسن ج2 ص366 امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔

ناشپاتی کھاؤ دل کو جلا بخشتی ہے۔مکارم الاخلاق جلد11 ص379

امام علیؑ فرماتے ہیں۔

شہد استعمال کرو۔بیماریوں کو ختم کرتا ہے اور دل کو صاف کرتا ہے۔مکارم الاخلاق ج1 ص359

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔

تلبینہ کھاؤ دل کو صاف کرتا ہے۔المحاسن ج2 ص171 نبی ﷺ فرماتے ہیں۔خربوزہ کھاؤ دانتوں کو سفید کرتا ہے منہ کو خوشبودار بناتا ہے اور دل کو پاک کرتا ہے۔دروس الشہید،ص290

کرفس دماغ کو بڑھاتا ہے،دل کو تیز کرتا ہے۔طب لآئمہ ص27

امام علیؑ فرماتے ہیں۔

گوشت کو دودھ میں پکا کر کھاؤ۔کمزوری کا علاج ہے۔المحاسن ج2 ص368 امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔

جس کا قلب ضعیف ہے یا بدن میں کمزوری ہے وہ دنبہ کا گوشت گائے کے دودھ میں پکا کر کھائے۔بحار ج76 ص194

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں۔انار کھاؤ شیطان کو دور بھگاتا ہے اور دل کو نورانی کرتا ہے۔عیون اخبار الرضا ۳۱

نبی ﷺ فرماتے ہیں پانچ چیزیں دل کو مردہ کر دیتی ہیں،پُرخوری،زیادہ ہنسنا،زیادہ سونا،زیادہ باتیں کرنا،حرام خوری وغم۔روضہ المتقین ج12 ص4

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔کُندر کھاؤ عقل و حافظہ کو تیز کرتا ہے،دل کی سوزش کو ختم کرتا ہے،آنکھوں کی روشنائی میں اضافہ کرتا ہے۔بحارالانوار ج59 ص294

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں مویز کھاؤ دل کو مضبوط کرتا ہے

امام علیؑ فرماتے ہیں۔ کشمش دل کو تقویت پہنچاتی ہے، جسم سے سردی ختم کرتی ہے، روح کو تازہ کرتی ہے۔ بحارالانوار ج 63 ص 151

امام علیؑ فرماتے ہیں۔ انجیر کھاؤ۔ نالیاں ورگوں کو نرم کرتا ہے۔ بحارالانوار ج 66 ص 186

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔

بینگن کھاؤ۔ ہر درد کے لیے فائدہ مند ہیں۔ چہرہ کو چمکدار کرتے ہیں اور رگوں کو نرم کرتے ہیں۔ منی کو زیادہ کرتے ہیں۔ مکارم الاخلاق ج 1 ص 398

امام موسیٰ کاظمؑ فرماتے ہیں

گنا کھاؤ۔ نالیوں کو صاف کرتا ہے اور رگوں کو کھولتا ہے۔ بحارالانوار ج 65 ص 189

دل کی بیماریاں کی وجوہات

امام موسیٰ کاظمؑ نے فرمایا

کھڑے ہو کر بالوں میں کنگھی نہ کرو اس سے دل کمزور ہوتا ہے۔ بیٹھ کر کنگھی کرو اس سے دل مضبوط اور جلد تازہ ہوتی ہے۔ مستدرک الوسائل ج١ ص٤٢٩

امام علیؑ فرماتے ہیں زیادہ کھا پی کر دل کو مردہ نہ کرو کیونکہ دل کھیتی کی مانند ہے جس کو اگر زیادہ پانی دیا جائے تو فصل تباہ ہو جاتی ہے۔ جامع الاخبار

زیادہ کھانے سے بچتے رہو کیونکہ زیادہ کھانا دل کو سخت، اعضاء و جوارع کو اطاعت کی ادائیگی میں سُست اور کانوں کو وعظ و نصیحت سننے سے بہرا کر دیتا ہے۔ میزان الحکمت منتخب ص 251

جس کی غذا کم ہوتی ہے اس کا شکم تندرست اور قلب صاف ہوتا ہے۔ جس کی غذا زیادہ ہوتی ہے اس کا شکم بیمار اور قلب سخت ہوتا ہے۔ منتخب میزان الحکمت ص 247

رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں

چار چیزیں دل کو تباہ کرتی ہیں۔ اس میں نفاق کی پرورش کرتی ہیں۔ لہولعب کا سننا، کسی کو حقیر سمجھ کر کچھ دینا، شاہی دربار میں جانا، شکار کی طلب۔

چار چیزیں دل کو تباہ و برباد کرتی ہیں۔

گناہ پر گناہ کرنا، عورتوں سے بہت زیادہ صحبت رکھنا، کسی بیوقوف سے جھگڑا کرنا جو پشت پر باتیں بنائے اور حق بات قبول نہ کرے، دولت مندوں کیساتھ بیٹھنا۔ الخصال ص 124

خون کھانا

خون کھانا منہ کو بدبودار کرتا ہے خوشبو کو گندہ کرتا ہے، بدشکل بناتا ہے اور جنون کی بیماری پیدا کرتا ہے، دل کو سخت کرتا ہے نرمی و مہربانی کو کم کرتا ہے۔ یہاں تک کہ اس پر بھروسہ نہیں ہے وہ اپنے والدین و بچوں کو قتل کردے۔ نہ اس کے رشتہ دار امان میں ہوتے ہیں اس سے اور نہ یہ امان میں ہوتا ہے۔ کافی ج 6 ص 66 امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔

خون اس لیے اللہ نے حرام کیا ہے۔ یہ دیوانگی، رحمت کی کمی اور سنگدلی کا باعث ہوتا ہے اور ممکن ہے انسان اپنے بیٹے یا باپ کو قتل کر ڈالے۔ تفسیر برہان ج 1 ص 434

امام علیؑ فرماتے ہیں

شہد تمام بیماریوں کے لیے شفا ہے خود اس میں کوئی بیماری نہیں ہے۔ وہ بلغم کو کم اور دل کو روشن کرتا ہے۔ بحار لانوار ج 63 ص 294

جب بھی گوشت پکاؤ اچھی طرح دھو کر پکاؤ تا کہ اس میں کوئی خون نہ رہ جائے

ادویات اہل بیتؑ

داروی تقویت قلب (یہ دوا تقریبا تمام دل کی بیماریاں کے لیے زبردست ہے)، داروی بازکنندہ عروق (طب اہلبیتؑ کی دوا تمام دل کی رگوں اور تمام رگوں کو کھولنے کے لیے معجزہ کے طور پر کام کرتی ہے)، پیسٹ عجوہ کھجور کا، بہی، مرکب 6 (قرص خون)

جامع رضا آب بہی (یہ بھی دل کے لیے فائدہ مند ہے دل کی تمام بیماریاں کے لیے فائدہ مند ہے)

داروی شافیہ یہ بھی دل کے لیے مفید ہیں۔ مرکب چھار

دل کا دورہ Myocardial infaction Heart Attack

ہمارے جسم میں دل ہمیشہ کام کرتا رہتا ہے اور وہ دل کی شریانوں کے ذریعے ملنے والے خون سے اپنی ضروریات پوری کرتا ہیں۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ خون میں شامل چربی شریانوں میں موجود کورونری آرٹریز میں جمع ہونا شروع ہوجاتی ہے یا خون کے لوتھڑے بن جاتے ہیں۔ کولیسٹرول وغیرہ (Coronary artries) جمع ہوجاتا ہے۔ جس کی وجہ سے نالیاں تنگ ہوجاتی ہیں۔ جب یہ تنگی 50 یا 60 فی صد سے زیادہ بڑھ جاتی ہے تو دوران خون میں رکاوٹ پیدا ہونے لگتی ہے۔ ایسے میں جب کوئی جسمانی یا ذہنی سرگرمی مثلا ورزش وغیرہ کی جائے تو سینے میں عجیب سی تکلیف محسوس ہوتی ہے اس درد کو طبی اصطلاح میں انجائنا کہتے ہیں جب یہ رگ مکمل طور پر بند ہوجاتی ہے اور خون بالکل نہیں گزر پاتا تو اسے ہارٹ اٹیک کہتے ہیں اس طرح جب دل کسی وجہ سے خون کو پمپ کرنا بند کردیتا ہے تو اس کیفیت کو دل کے ناکام ہوجانے یعنی ہارٹ فیل سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

علامات

اچانک سینے میں درد دم گھٹنے کا احساس ہونا، گردن کے دونوں جانب و بائیں بازو میں درد، ٹھنڈے پسینے آنا سانس لینے میں مشکل، دل کی دھڑکن کا بے ترتیب و تیز ہو جانا، بائیں بازو میں درد ہے یا جبڑے اور گردن میں درد ہونے کے ساتھ سانس میں دشواری محسوس ہو رہی ہوتی ہے (مردوں میں اکثر یہ علامت ظاہر ہوتی ہے کہ سینے میں ناقابل برداشت درد ہوتی ہے جبکہ خواتین میں سانس لینے میں دشواری سمیت جبڑوں میں درد ہوتا ہے)

وجوہات

کورنری آرٹریز تنگ ہو جانا یا بند ہو جانا، نالیوں میں بلغم یا خون کا جم جانا، سگریٹ نوشی، شراب نوشی، ڈپریشن صدمہ، کولیسٹرول کی زیادتی، ہائی بلڈ پریشر، کولیسٹرول، انسولین، سگریٹ پینا، ذیابیطس، موٹاپا

علاج ادویات طب اہلِ بیتؑ

داروی تقویت قلب، داروی قرص خون، داروی شافیہ، بہی کھائیں، اسپند ایک چمچ رات، سرکہ انگور، صعتر فارسی + نمک، سعوط باانفیہ، داروی بازکنندہ، داروی عروق، گوشت دنبہ + گائے کا دودھ۔

کچھ کارآمد اور فوری علاج دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کے سروں سے پن سے خون نکالیں۔ اس سے خون کے لوتھڑے نہیں بنیں گے ہاتھ و پاؤں کی زیتون یا کسی آئل سے مالش کی جائے جدید میڈیکل میں سی پی آر بھی کیا جاتا ہے۔ ساتھ سانس کی نالی کو بحال کیا جاتا ہے اسی طرح چائینز میں ہاتھ کی ہتھیلیوں میں پر کچھ پوانٹ ہوتے یں۔ ان کو دبایا جاتا ہے۔ بائیں پاؤں کی انگلی سے تھوڑا نیچے اور اسی طرح ہاتھوں کی ہتھلیوں کے پوائنٹ بھی ہوتے ہیں۔ اُن کو دبایا جاتا ہے۔

پرہیز

چکنائی والی غذائیں، سگریٹ، بہت زیادہ میڈیسن کا استعمال نہ کریں، شراب نوشی، بلغم پیدا کرنے والی غذائیں، سرد غذائیں، ڈپریشن۔

دل کی رگوں کا بند ہو جانا

دل کی رگیں، وال بند ہو جائیں تو کیا استعمال کریں کہ کھل جائیں۔؟

غذائیں طب اہلِ بیتؑ

ریحان کوھی، انجیر، گنا، دنبہ کا گوشت + گائے کے دودھ میں، بینگن اسپند گائے کا گھی کھائیں، انار، بہی، عجوہ کھجور کا پیسٹ، شلجم ابال کر کھائیں، مالٹے کھائیں

دیگر طب سنتی سے

حرمل دو گرام سے دس گرام، دنبہ کا گوشت گائے کے دودھ میں پکا کر دیں، عجوہ کھجور تین چار لے لیں ان کا پیسٹ بنا

کر مریض کو دیں، رات کو آدھا اخروات کھائیں، کھانے سے پہلے صعتر فارسی اور دریائی نمک استعمال کریں، دارچینی، زیرہ سیاہ، ادرک کھائیں، آب بہی پئیں۔

بوعلی سینا کا نسخہ

(لہسن ۲۰ عدد+ دودھ+ لیموں ترش+شہد+ زعفران) ان کو ابال لیں اور منہ دو چمچ صبح + شام، سیب اور انگور کا سرکہ استعمال کریں، طبعی شلجم کو پندرہ سے بیس منٹ ابال کر اس کا سوپ پی لیں۔

طب اہلِ بیتؑ میڈیسن

داروی تقویت قلب، داروی باز کنندہ، داروی شافیہ، داروی سعوط بالنفیہ

روایات

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں بینگن ہر درد کا علاج ہے اور رگوں کو نرم کرتا ہے اور مردانہ طاقت بڑھاتا ہے۔ مکارم الاخلاق ج1 ص398

امام جعفرؑ صادق فرماتے ہیں۔ ریحان کو ھی سبزی دل کی رگوں کو کھول دیتی ہے۔ الکافی ج6 ص364

امام علیؑ فرماتے ہیں۔ انجیر رگوں کو نرم کرتا ہے۔ طب لآئمہ ص137

امام موسیٰؑ کاظم فرماتے ہیں۔ گنا دل کی رگوں کو کھول دیتا۔ بحارلانوار ج66 ص189

امام علیؑ فرماتے ہیں۔ حسد کرنا دل کو کمزور اور انسان کو بیمار کرتا ہے۔ وسائل الشیعہ (طبرسی) ج12 ص18

پرہیز واحتیاط

بازاری تیل کی جگہ زیتون کا تیل استعمال کریں، سفید آٹے کی جگہ بھوسے والا آٹا استعمال کریں، ورزش روزانہ کریں، کھانے میں پہلے سرکہ لازمی استعمال کریں لہسن اور ادرک استعمال کریں، میڈیسن استعمال نہ کریں، گوشت پرانا نہ کھائیں، زیادہ گوشت نہ کھائیں، کم کھانے کی عادت بنائیں، بازاری جوس کی جگہ اپنا جوس بنا کر استعمال کریں، تلن والی چیزیں چھوڑ دیں، گائے کا گھی بھی استعمال کریں اس سے بھی دل کی رگیں کھل جاتی ہیں۔ اس میں خدا نے قدرتی طور یہ خاصیت رکھی ہے باقی جانوروں کے گھی سے پرہیز کریں۔

پرہیز

چکنائی والی چیزیں سے اجتناب کریں، گرم مصالحہ جات، بازاری کھانے، کولڈ ڈرنک، مٹھائیاں، ٹھنڈا پانی، کھڑے ہو کر کنگھی کرنا، باتھ روم میں کنگھی کرنا، گانے۔

سُرخ یا قرمزی بخار Rheumatic heart disease(RHD)

ریمیٹک دل کی بیماری (آر ایچ ڈی) ایک یا ایک سے زیادہ دل کے والوز کو پہنچنے والے نقصان ہے جو شدید ریمیٹک

بخاراےآرایف) کےحل ہونے کے بعد باقی رہ جاتی ہے۔ یہ اےآرایف کی ایک قسط یا بار بار آنے والی قسطوں کی وجہ سے ہوتا ہے جہاں دل میں سوجن ہوجاتی ہے۔ عام طور پر ہونے والے انفیکشن کا علاج نہ کیا جائےتو گلے کی بیماری یا قرمزی بخار کہلاتا ہے۔ جواسٹرپٹوکوکس بیکٹیریا کی وجہ سے ہوتا ہے۔ یہ سوزش کا سبب بنتا ہے اور گھٹیا یعنی جوڑوں کا بخار کہلاتا ہے۔ یہ عام طور پر بچوں کی بیماری ہے جو 5-15 سال کی عمر کے بچوں میں پائی جاتی ہےلیکن یہ بالغوں میں بھی ہوسکتی ہے۔

وجوہات

بخار ایک انفیکشن ہے جو بیکٹیریا (جراثیم) کی ایک قسم کی وجہ سے ہوتا ہے جسے گروپ اے بیٹا- ہیموالٹک اسٹرپٹوکوکس (جی اے بی ایس) یا اسٹریپ کہتے ہیں۔

علامات

بخار، جوڑوں میں سوجن و درد وجوڑوں کی درمیانی جلد کا سرخ ہوجانا، گلے میں ٹانسلز وانفیکشن، متلی و قے آنا، جسم پر سرخ رنگ کے دھبے یا دانے جو چھاتی سے شروع ہوتے ہیں پھر پیٹ یا کمر پرظاہر ہوتے ہیں پھر پورے جسم پر عموماً پھیل جاتے ہیں، سانس لینے میں دشواری، کمزوری وتھکاوٹ، بغلوں، کہنیوں اور گھٹنوں پر سُرخ لکیروں کا پڑجانا، حلق وزبان کا سرخ ہوجانا، جسم وہاتھوں کا بےقابو ہوجانا، لمف نوڈ کا بڑھ جانا، نگلنے میں دشواری

علاج طب اہلِ بیتؑ

داروی طریفل، داروی تقویت قلب، قرص خون، داروی جامع با آب بہ دانہ، داروی ابن بسطام

خون کی نالیوں کا بند ہوجانا Atherosclerosis

دل سے حاصل کرکہ جسم کے دیگر حصوں تک پہنچاتی ہیں شریان خون کی ایسی رگوں کو کہا جاتا ہے کہ جو خون کو اسکے برعکس وہ رگیں جو خون کو جسم سے واپس دل میں لاتی ہے ان کو وریدیں کہا جاتا ہے شریانوں میں چرب جو چربی کلیسٹرول، کیلشم اور دیگر خون کے مادوں سے مل کر بنا ہوتا ہے۔ اس کے جمع ہونے سے آکسیجن کی رکاوٹ ہوجاتی ہے اسے خون کی رگوں کا بند ہوجانا کہتے ہیں اب خون کی نالیوں جس حصے میں یہ چرب جمع ہوجائے گا۔ اس میں آکسیجن وخون کی سپلائی کم یا ختم ہوجائے گی۔

شریانیں میں رکاوٹ بڑھتی جائے گی اور سخت ہوتی جائیں گی۔

علم طب میں اس کی تعریف (البت عصیدہ: Atherosclerosis)

شریانوں کی لچک میں کمی کی بیماری ہے جو شریانوں کی اندرونی دیواروں کے ضائع شدہ حصوں کے اکٹھا ہوجانے

اور چپک جانے چربیاتی مرکب) کولسٹرول وغیرہ (یا مختلف اسپنجی خلیات) کی وجہ سے ہوتی ہے۔اس سے شریانوں کی اندرونی دیواریں بھی ایک ردعمل کے طور پرسوج سکتی ہیں اس سے زیادہ متاثر دل کی شریان ہوتی ہے۔جس سے دل میں درداور بعض اوا قات دل کا اٹیک ہوجاتا ہےخون میں اگر بڑے چربیاتی مرکبات جیسےکولیسٹرول یا ٹرائیگلیسیر ائیڈز زیادہ رہیں تو اس بیماری کا امکان بڑھ جاتا ہے۔

علامات

سینہ میں درد یا دباؤ،شریانیں جو دماغ کی طرف جاتی ہیں تو ان ٹانگوں اور بازوں میں بے حسی سُن ہوجانا،بولنے میں دکت یا دھیما پن،ایک طرف آنکھ میں عارضی نظر کی کمزوری،چہرے کے مسلز کا مرجھا جاناعلاج نہ کیا پاؤں یا ہاتھ کی شریانوں میں ہےتو چلتے ہوئے ٹانگوں میں درد ہوگا artherosclerosis تو فالج ہوسکتا ہے۔گردے میں ہواور بلڈ پریشر ہوتو گردے فیل ہوسکتے ہیں atherosclerosis۔

وجوہات

کولیسٹرول،ذیابیطس،آرتھرائیٹس،لوپس

طب اسلامی وجوہات

شراب،سرد غذائیں،خون کھانا،زیادہ کھانا و پینا

علاج طب اہلِ بیتؑ

باز کنندہ عروق ،اسفند،حرمل (ایک چمچ روزانہ)،انگور کا سرکہ،عجوہ کھجور کا پیسٹ ،تقویت قلب سبزی ریحان کوھی، دنبہ کا گوشت گائے کے دودھ میں پکا کر،داروی شافیہ،بہی،انار،گائے کا گھی،برگ سنا+گُلاب لہسن،روغن کنجد (تل کا تیل)

پرہیز

سرد غذائیں،چکنائی والی غذائیں،زیادہ کھانا،کولڈ ڈرنکس

دل کے سائز کا بڑھ جانا Cardiomegaly

علامات

پیٹ میں اپھارہ ہونا،دل کی بے قاعدہ دھڑکن خاص طور پر جب لیٹے ، سینے کا درد،کھانسی،چکر آنا،تھکاوٹ چکر آنا،سانس کی قلت،سوجن یا ورم خاص طور پر ٹخنوں ،پیروں اور ٹانگوں میں،بعض اوا قات اس سے ہائی بلڈ پریشر کورنری آرٹریز کی ڈیزیز ہوسکتا ہےٹھیک طرح سے دل خون کو پمپ نہ کرے جس سے دل فیل ہوسکتا ہے۔

طب اہلِ بیت میڈیسن

داروی تقویت قلب،داروی باز کنندہ عروق،مرکب 6۔

خوراک

بہی، انار، ادرک، اسپند

دل کی دھڑکن میں خلل، خفقان Palpitation

دل کی دھڑکن کا تیز ہو جانا، خفقان، ہر دیہ سپندن دل کو طاقت پہنچنے سے دل کی حرکت تیز ہو جاتی ہے اور اتنے زور سے دل دھڑکتا ہے کہ مریض کو یہ دھڑکن محسوس ہوتی ہے

وجوہات

خون کی کمی، کثرت ملاپ، چرس تمباکو و نشہ کا استعمال، فکر، جوش یا غصہ، دائمی قبض، زیادہ کھانا و معدہ کی خرابی۔

علامات

دل زور سے دھڑکتا ہے۔ جس سے دل میں دھڑکن محسوس ہوتی ہے اور ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ڈوبا جا رہا ہے آنکھوں کے سامنے اندھیرا آ جاتا ہے گھبراہٹ و بےچینی ہوتی ہے بعض اوقات مریض بیہوش ہو جاتا ہے خفقان ہوتا ہے مریض کو نبض تیز ہو جاتی ہے بعض اوقات دل کے مقام پر درد ہوتا ہے چکر آنا و سانس میں کمی۔

طب اہلِ بیتؑ ادویات

مرکب 2، مرکب 4، جامع امام رضاؑ + آب زیرہ، داروی صاف کنندہ خون، حجامت

غذائیں

کاھو، انار، آلو، عناب، بہ و برگ چقندر، شہد اور گلاب کے پھول دو گلاس پانی میں ڈالیں اور جب ایک گلاس رہ جائے اس میں ایک چمچ شہد ڈال کر پی لیں، چائے زیرہ، سیب، امرود، صعتر فارسی، عرق بھار نارنج، بہی، سفرجل چائے، مولا علیؑ (بلڈ پریشر زیادہ ہے تو یہ استعمال نہ کریں)

اہلِ بیتؑ روایات

امام جعفرؑ صادق فرماتے ہیں۔ اَمرود کھاؤ۔ دل کو جلا بخشتا ہے۔ پیٹ کے دردوں کو تسکین دیتا ہے۔ معدہ کو مضبوط کرتا ہے اور دل کی گھبراہٹ کو ختم کرتا ہے وسائل الشیعہ ج 17 ص 105

عبداللہ بن عثمان بیان کرتے ہیں میں امام تقیؑ کی خدمت میں حاضر ہوا اور دل کی گھبراہٹ اور معدہ کی تیزابیت کی بات کی امامؑ نے فرمایا۔ میرے والد کی دوا جامع کو زیرہ کے پانی کیساتھ دو انشاءاللہ ٹھیک ہو جاؤ گے۔ طب لآئمہ ص 76

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں دل کی گھبراہٹ و معدہ کی جلن و تیزابیت کے لیے حجامت کروائیں دونوں کندھوں کے درمیان رسلۃ الذھبیۃ ص 49

پرہیز

چائے، تمباکونشہ، ڈپریشن وغصہ

عدم تشکیل قلب درجنین

علاج: داروی قرص خون

بچوں کے دل کے وال کا زیادہ کُھلا ہونا

علاج: داروی قرص خون

دل میں خون کا جم جانا

علاج: داروی طریفل، داروی لختہ خون، جامع آب مرزنجوش، شافیہ بامرزنجوش

عدم تشکیل قلب درجنین

وجوہات

اسلامی ماہ کی اول، درمیان وآخری شب ہم بستری کرنا

احتیاط

اس سے بچنے کے لیے ماں خوراک استعمال کرے (سویق گندم، سویق جو)

بچوں کے وال کھولنے کے لیے

علاج: مرکب6

ضعف القلب، ہردیہ ڈوبنا، دل کا ڈوبنا Stokes Adams disease

اس مرض میں مریض کی نبض نہایت کمزور ہوجاتی ہے اور مریض کو دل ڈوبتا ہوا نظر آتا ہے

علامات

مریض کو دل ڈوبتا نظر آتا ہے اور ایسا نظر آتا ہے کہ ہارٹ فیل ہوجائے گا، دم گھٹتا نظر آتا ہے، نبض کی رفتار میں بے قاعدگی ہوتی ہے، نبض بہت آہستہ ہوجاتی ہے

طب اہلبیتؑ علاج

داروی تقویت قلب، بہی

دل کے والو کی بیماری Stenosis valve disease

یہ دل کی بیماری ہے جو اسٹینوسس، کی ریگر یگیشن یا اٹریسیا کی شکل میں ہوسکتی ہے سٹینوسس کی صورت میں دل کا وال سخت یا موٹا ہوجاتا ہے۔ اور وال شیٹ کو فیوز کیا جاسکتا ہے۔ اس حالت میں وال مکمل طور پر نہیں کھل سکتا ہے۔ اس وجہ سے

دل کو زیادہ کام کرنا پڑتا ہے خون کو وال سے سپلائی کرنے کے لیے اس وجہ سے جسم میں آکسیجن کی کمی ہوجاتی ہے

علامات

اے وی ایس کی علامات اس وقت بڑھتی ہیں جب والو کی تنگی زیادہ شدید ہوجاتی ہے۔ علامات میں شامل ہیں۔ سینے میں درد یا تنگی، چکر آنا اور تھکاوٹ، سانس لینے میں دشواری، تیز دھڑکن اور دل کی گنگناہٹ محسوس کریں، نبض تیز اور فاسد ہے۔

طب اہل بیتؑ ادویات

داروی قرص خون، جامع آب بہی، کدو کا حلوہ، داروی باز کنندہ عروق، داروی شافیہ۔

دل کے وال تنگ ہوں یا بلکل بند ہوں پھر بھی ان ادویات طبِ اہل بیتؑ سے کھل جاتے ہیں۔

دل کی کمزوری Bradycardia

اس کے نتیجے میں دل کی دھڑکن نارمل جو 60 سے 100 ہے اس سے کم یعنی 60 فی منٹ سے نیچے ہوجاتی ہے۔ دل کی حرکت سُست ہوجاتی ہے دل آہستہ آہستہ حرکت کرتا ہے۔ اگر آپ کو بریڈی کارڈیا ہے تو، آپ کے دماغ اور دوسرے اعضاء کو آکسیجن کی فراہمی نہیں مل سکتی ہے۔ نتیجے کے طور پر ان بریڈی کارڈیا علامات کا تجربہ کر سکتے ہیں۔

علامات

چکر آنا یا ہلکا سر ہونا، تھکاوٹ، سانس کی قلت، سینے کا درد، الجھن یا میموری کے مسائل، جسمانی سرگرمی کے دوران آسانی سے تھکاوٹ، دل کی دھڑکن کا سُست ہوجانا۔

علاج طب اہل بیتؑ

داروی تقویت قلب، جامع رضا آب بہی، داروی قرص خون۔

خوراک

بہی، انار خاص کر جمعہ کے دن، سفر جل، ناشپاتی، سرکہ، دال عدس، اجوائن، اچھی خوشبو، شہد، بیٹھ کر کنگھی کریں، گائے کے دودھ میں دنبہ کا گوشت پکا کر کھائیں، تلبینہ، آب بہی دودھ و شہد بھی ساتھ ملا لیں۔

پرہیز

کھڑے ہو کر کنگھی نہ کرنا، زیادہ کھانا و پینا، زیادہ تلی ہوئی غذائیں کھانا، حسد و آلودگی، گانا، زنا، حرام غذائیں و گوشت، شراب نوشی۔

Cardiac ablation

یہ ایک طریقہ کار ہے جس سے دل کے ٹشوز جو غیر ضروری برقی سگنلز بھیجتے ہیں۔ جس سے دل کی دھڑکن غیر معتدل ہو

جاتی ہے۔دل کے ٹشوز کوختم کیا جاتا ہے یا پھر چھیدا جاتا ہے۔یہ خون کی نالیوں کے ذریعے دل میں بھجوایا جاتا ہے۔طِب اہلِ بیتؑ میں اس کی ضرورت نہیں پڑتی۔

علاج طب اہلِ بیت

داروی قرص خون، داروی شافیہ، داروی سفرجل

دل میں سوراخ Septal defect

پیدائشی نقائص میں سے ایک دل میں سوراخ ہوتا ہے ایسی صورت میں دل کی کارکردگی کم ہوجاتی ہے یہ سوراخ مختلف مقامات پر ہوسکتے ہیں کچھ سراغ دل کی اس دیوار میں ہوتے ہیں جو دونوں حصوں کو جدا کرتی ہے خون وصول کرنے والے چیمبروں (دائیں ایٹریم اور بائیں ایٹریم) کے درمیانی دیوار میں سوراخ کے نقص بہت کم مشکلات پیدا کرتے ہیں لیکن اس طرح کا سراخ اگر خون خارج کرنے والے وینٹریکل کے درمیانی دیوار میں ہوں تو عموما مسائل پیدا ہوتے ایسی صورت میں زیادہ تر پھیپھڑوں کو خطرہ درپیش ہوتا ہے بعض سوراخ عمر بڑھنے کے ساتھ ساتھ از خود بڑے ہوجاتے ہیں۔اس طرح کچھ اوراتنے چھوٹے ہوتے ہیں ان کو کوئی اہمیت نہیں ہوتی کچھ سراغ کھلے ہوجاتے ہیں جو موت کا سبب بنتے ہیں۔

علامات

سانس کی قلت، تھکاوٹ، پاؤں ٹانگوں یا پیٹ کی سوجن، دل کی دھڑکن میں خلل، دل کی گنگناہٹ ایسی چھلکنے والی آواز جو اسٹیتھو سکوپ کے ذریعے سنی جاسکتی ہے

علاج طب اہلبیت علیہ السلام

داروی قرص خون، جامعہ با آب بہی، کدو کا حلوہ،

ہائی بلڈ پریشر

وجوہات

رگوں کا تنگ ہوجانا، خون کا جم جانا

علامات

سر میں چکر آنا، سردرد، بھاری پن ہونا، ہونٹوں سے خون کا بہنا، آنکھوں کے گرد اندھیرا چھا جانا

علاج

دہی، لہسن کا جوس، سمندری نمک، گائے کا گھی، حجامت، سفید مرچ ہر کھانے میں تین چار دے دیں

طب سنتی کا بہترین نسخہ ہے(سینکجبین)

طب اہل بیتؑ میڈیسن

داروی تبیغ ،داروی صاف کنندہ خون

علاج یداوی: سونے سے پہلے ہاتھ و پاؤں کی مالش

پرہیز

چکنائی والی چیزیں،آئل، بازاری کھانے،مٹھائی، بازاری نمک،انڈے

معدہ کی بیماریاں

معدہ Stomach

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔معدہ تمام بیماریوں کا گھر ہے اور پرہیز تمام بیماریوں کا علاج ہے۔بحار الانوار

وجوہات

زیادہ کھانا، چبا چبا کر نہ کھانا، خالی پیٹ غسل، کیمیکل ٹھنڈا پانی و بوتلیں، چکنائی والی چیزیں و بازاری کھانے، گوشت وغیرہ کے فوراً بعد پانی پینا، گرم کھانے کھانا، زیادہ انڈے کھانے سے، کچا یا پرانا گوشت کھانے سے، خشک نمک لگا ہوا گوشت کھانا، زیادہ میڈیسن کے استعمال سے، کھانے کے درمیان پانی پینا، ٹھنڈا پانی پینا، سخت غذا کھانا۔

علامات

کھانے کے بعد جلن، معدہ میں درد و جلن، معدہ پھول جانا، اگر السر ہے تو خون کی الٹیاں، سیاہی مائل پیشاب کا رنگ، متلی و الٹیاں، بھوک میں تبدیلی، بغیر کسی وجہ سے وزن کی کمی۔

وہ چیزیں جو معدہ کو مضبوط کرتی ہیں

باقلا، کرفس، صعتر فارسی، چاول کی روٹی، انار کے اندر کی جھلی، بہی، سنجد، گائے کا دودھ، ناشپاتی، سیب، کھانے کے بعد نمک، آب نیسان، ترہ۔

وہ چیزیں جو معدہ کو صاف کرتی ہیں

سویق، بہی، کھجور، نیم گرم پانی، سویق عدس، ناشپاتی، شربت امام علی رضاؑ

معدہ کا السر (زخم)

علاج

چائے ادرک، شہد+کلونجی

طب اہل بیتؑ میڈیسن

مرکب دو، مرکب ایک، ہاضوم، جامعہ امام علی رضاؑ، شافیہ، مرکب تین

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔معدہ ہر بیماری کا گھر ہے۔پرہیز ہر دوا کا نقطہ آغاز ہے۔تم وہی غذا جو تمہارے مزاج کے مطابق ہو۔طب المصطفٰی ص25

دباغی معدہ (معدہ کی اصلاح کرنے والی غذائیں)

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔ باقلا کھاؤ اگر معدہ میں کوئی انفیکشن ہوگا ختم ہوجائے گا، ہاضمہ مضبوط ہوجائے گا۔ المحاسن ج2 ص506

امام جعفرؑ صادق فرماتے ہیں باقلا کو چھلکے سمیت کھاؤ معدہ کی اصلاح کرتا ہے۔ اصول کافی ج6 ص344

امام جعفرؑ صادق فرماتے ہیں انار کے اندر جو سفید جھلی ہے انار کو اس کے سمیت کھاؤ معدہ کی اصلاح اور غذا کو ہاضم کرتی ہے۔ المحاسن ج2 ص356

امام علیؑ فرماتے ہیں۔ صعتر فارسی غذا کو ہضم کرتا ہے اور معدہ کو تیز کرتا ہے۔ المحاسن ج2 ص516

امام جعفرؑ صادق فرماتے ہیں میٹھا انار گودے سمیت کھاؤ۔ معدہ کے بھاری پن کو دور کرتا ہے، معدہ کو صاف اور غذا کو ہضم کرتا ہے۔ طب الآئمہؑ ص87

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔ سنجد ہڈیوں پر گوشت چڑھاتا ہے، قلب کو حرارت پہنچاتا ہے، معدہ کو صاف و پاک کرتا ہے، جزام و بواسیر کو ختم کرتا ہے، گردوں کو گرم کرتا ہے۔ داروی معنوی ص219

امام علیؑ فرماتے ہیں۔ سیب کھاؤ معدہ کی اصلاح کرتا ہے۔ اصول کافی ج6 ص357

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں بہی کھائیں معدہ کی اصلاح کرتا ہے اور دل کو طاقتور بناتا ہے۔ المحاسن ج2 ص550

امام علیؑ فرماتے ہیں سیب کھاؤ معدہ کی اصلاح کرتا ہے۔ اصول کافی ج6 ص357

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔ پیٹ کی بیماری والے کو چاول کی روٹی کھلاو۔ کیونکہ پیٹ کی بیماری والے کے پیٹ میں چاول کی روٹی سے اس سے زیادہ نفع بخش کوئی چیز داخل نہیں ہوسکتی۔ یہ معدہ کو درست کرتی ہے اور بیماری (TB) سل کا علاج ہے۔ اصول کافی ج6 ص305

ایک شخص نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے معدہ کی بیماری کا شکوہ کیا آپ نے فرمایا تمہیں گائے کا دودھ پینے سے کس نے منع کیا ہے؟ میں نے عرض کی جی ہاں میں نے (گائے کا دودھ) پیا ہے۔ امامؑ نے پوچھا تو نے اسے کیسے پایا میں نے عرض کی معدہ کی اصلاح کرتا ہے اور گردے کی چربی کو زیادہ کرتا ہے اور کھانے کی طلب کو بڑھاتا ہے۔ اصول کافی ج6 ص337

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں ناشپاتی معدہ کی اصلاح کرتی ہے اور اسے طاقت دیتی ہے۔ ناشپاتی و سفرجل برابر ہیں۔ ناشپاتی سیر ہونے کے بعد اور سفرجل (بہی) کھانے سے قبل کھانے سے زیادہ فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ جسے بوجھل پن (دل گھٹنے کی بیماری) ہو اسے چاہے کھانے کے بعد ناشپاتی کھائے۔ اصول کافی ج6 ص358

امام جعفرؑ صادق فرماتے ہیں۔خدانے دانت پیدا کیے ہیں۔تاکہ خوراک کو چبایا جاسکے اور کھایا جاسکے۔خوراک کو چبانے سے بھوک بڑھتی ہے اور معدہ کی اصلاح ہوتی ہے۔بحارالانوار ج73 ص134

معدہ کو پاک (صاف) کرنے والی غذائیں

نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم فرماتے ہیں۔کھجور برنی کھاؤ۔منہ کو خوشبودار بناتی ہے،معدہ کو پاک کرتی ہے اور غذا کو ہضم کرتی ہے۔الخصال ص416

نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم فرماتے ہیں۔گرم پانی سے (روزہ) افطار کریں۔جگر و معدہ کو پاک کرتا ہے۔روضۃ الواعظین ص341

معدہ کی بلغم

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں ستو صفرا کو ختم کرتا ہے اور معدہ کو بلغم سے پاک کرتا ہے اور ستر قسم کی بیماریاں کو دور کرتا ہے۔اصول کافی ج6 ص306

امام علیؑ فرماتے ہیں صعتر فارسی کھاؤ معدہ کی رطوبت کو ختم کرتا ہے،یہ معدہ کے لیے ریشم بن جاتا ہے جیسا کپڑے کا ریشم ہوتا ہے۔اصول کافی ج6 ص

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں کندر کھاؤ۔معدہ سے بلغم کو ختم کرتا ہے اور معدہ کو تیز کرتا ہے،دماغ کو زیادہ کرتا ہے اور غذا کو ہضم کرتا ہے۔مکارم الاخلاق ص194

امام موسیٰ کاظمؑ سے ایک شخص نے معدہ کی رطوبت کی شکایت کی آپؑ نے فرمایا۔پودینہ کا سفوف بنا کر نہار منہ کھاؤ۔وسائل الشیعہ ج17 ص125

معدہ کو تقویت دینے والی غذائیں

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔سویق عدس کھاؤ۔پیاس کو ختم کرتا ہے،معدہ کو تقویت دیتا ہے،اس میں ستر بیماریوں سے شفا ہے،صفرا کو ختم کرتا ہے،پیٹ کو ٹھنڈک دیتا ہے،فشار خون کو روکتا ہے اور گرمی کو ختم کرتا ہے۔اصول کافی ج6 ص307

نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم فرماتے ہیں۔حاضوم (دوا ہے طب اہلبیتؑ کی) استعمال کرو۔جتنی بھی غذا سخت ہے ہضم ہو جائے گی۔معدہ کو تقویت پہنچاتی ہے،بلغم کو ختم کرتی ہے،غذا کو ہضم کرتی ہے اور لقوہ سے بچاتی ہے۔مکارم الاخلاق ص187
مرکب دو (زنجفیلات) یہ دوا تپش قلب،معدہ درد،معدہ کی تقویت کے لیے مفید ہے۔طب لآئمہؑ ص77

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔اجوائن اور اخروٹ ملا کر کھائیں۔گردوں کو گرم رکھتے ہیں۔بواسیر کو ختم کرتے ہیں اور معدہ کو مضبوط کرتے ہیں۔بحارالانوار ج63 ص198

معدہ کی گرمی

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔ اگر معدہ میں گرمی (آگ) نہ ہوتی تو معدہ غذا کو ہضم نہ کرسکتا۔ اگر ہوا نہ ہوتی تو پاخانہ جسم سے باہر نہ نکل سکتا۔ علل الشرائع ج1 ص107

معدہ میں بیماریوں کی وجوہات

امام علیؑ فرماتے ہیں۔ اے کمیل پیٹ بھر کر کھانا نہیں کھانا۔ اس سے معدہ خراب ہوتا ہے۔ تحف العقول ص172

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں۔ زیادہ انڈے کھانے سے معدہ خراب ہوتا ہے۔ طب الرضا ص28

امام جوادؑ فرماتے ہیں خشک گوشت (جو فریج وغیرہ میں رکھ دیتے ہیں)۔ بدترین گوشت ہے، معدہ کو خراب کرتا ہے، اس میں کوئی فائدہ نہیں ہے، بیماریوں کا موجب ہے۔ الکافی ج6 ص314

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں اگر کوئی چاہتا ہے۔ وہ معدہ کی بیماری میں مبتلا نہ ہو۔ وہ کھانے کے درمیان میں پانی نہ پیئے درمیان میں پانی پینے سے جسم سرد ہوجاتا ہے خوراک لے جانے والی نالیوں میں پانی آجاتا ہے۔ معدہ بیمار ہوجاتا ہے۔ اصول کافی ج6 ص383

ٹھنڈا پانی پینے سے اور ماء الشعیر (جو کی شراب) کے پانی سے غسل کرنے سے پرہیز کریں۔ معدہ کی تباہی کا سبب ہے۔ مستدرک الوسائل ج1 ص282

امام جعفرؑ صادق فرماتے ہیں۔ خالی پیٹ حمام میں نہ جاؤ۔ کیونکہ اگر کوئی چیز معدہ میں ہوئی تو بدن کی قوت زیادہ کرے گی اور معدہ کی حرارت کم کرے گی۔ اور جب معدہ بلکل بھرا ہوا ہو اس وقت بھی حمام میں مت جاؤ۔ طبِ آل محمدؑ ص174

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں۔ انڈے اور مچھلی اکھٹی کھانے سے پرہیز کریں اس سے، معدہ خراب ہوتا ہے، قولنج، بواسیر اور دانتوں میں درد ہوتا ہے۔ بحار الانوار ج63 ص62

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔ برنی کھجور کھاؤ معدہ کو صاف کرتی ہے اور زہر کو باہر نکالتی ہے۔ المحاسن ج2 ص343

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔ ناشپاتی کھاؤ معدہ کو تقویت پہنچاتی ہے

ایک شخص نے امام موسیٰ کاظمؑ سے معدہ کی بیماری کی شکایت کی آپ نے فرمایا گائے کا دودھ پی لیں۔ مکارم الاخلاق ج1 ص379

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔ چاول کی روٹی معدہ کے لیے بہت مفید ہے۔

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔ گائے کا دودھ معدہ کے لیے بہت اچھا ہے۔

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔ باقلا کھاؤ معدہ کو پاک کرتا ہے۔ مکارم الاخلاق ج1 ص397

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں ترہ سبزی معدہ سے ہوا کو باہر نکالتی ہے۔الکافی ج6 ص395
مرکب تین معدہ درد اور پیٹ میں ورم کے لیے مفید ہے۔طب لآئمہ ص77

Acidity تیزابیت

علاج

شہد، کلونجی، مرکب دو، چائے ادرک، زیرہ سیاہ دو چمچ (زیرہ سیاہ لے لیں اس کو رات کو ابال کر استعمال کریں پانی میں)، داروی جامع امام رضاؑ۔

کھانے کے بعد تیزابیت وجلن

علاج

روغن گلاب دو چمچ + آدھی چمچ سرکہ، گلاب دو چمچ + شہد دو چمچ رات کو سوتے وقت استعمال کریں، ھاضوم کھانے کے بعد ایک چمچ۔

غذا کو ہضم کرنے والی غذائیں

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔مولی کے تین فائدے ہیں۔اس کے پتے پیٹ کی ہوا کو ختم کرتے ہیں۔اس کے بیج رکے ہوئے پیشاب کو کھولتے ہیں اور اس کی جڑ بلغم کو ختم کرتی ہے اور غذا کو ہضم کرتی ہے۔اصول کافی ج6 ص371
نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔پنیر کھاؤ۔نیند کو آرام دہ بناتا ہے اور غذا کو ہضم کرتا ہے۔طب لآئمہؑ ص71
نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔کاھو کھاؤ نیند دلاتا ہے اور غذا کو ہضم کرتا ہے۔مکارم الاخلاق ص183
امام علی رضاؑ فرماتے ہیں ستو بہترین غذا ہے اگر تم بھوکے ہو تو تمہاری بھوک کو مٹاتا ہے اگر تم سیر ہو تو تمہارے کھانے کو ہضم کرتا ہے۔اصول کافی ج6 ص305
امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔ریحان کوھی (جنگلی تلسی) انبیاء علیہ السلام کی سبزی ہے۔اس میں آٹھ خاصتیں نفع بخش ہیں۔بھوک کو بڑھاتی ہے۔متلی کو درست کرتی ہے، منہ میں خوشبو پیدا کرتی ہے، کھانے کی خواہش کو بڑھاتی ہے، بیماری کو ختم کرتی ہے اور جذام سے امان ہے جب وہ انسان کے پیٹ میں ہو تو تمام بیماریاں کو ختم کرتی ہے۔اصول کافی ج6 ص364

معدہ کی بیماریاں

علاج

ھاضوم، مرکب دو، جامع رضا آب زیرہ، مرکب تین

معدہ میں جلن وتیزابیت، Gastroesophageal reflux , Acid reflux

اس بیماری میں معدہ میں جلن وتیزابیت ہوتی ہے۔ معدے میں زیادہ ایسڈ کا اخراج تیزابیت کا باعث بنتا ہے جس کی وجہ سے پیٹ میں درد، گیس اور سانس میں بدبو پیدا ہوجاتی ہے۔

علاج

جامع رضا بآب زیرہ، داروی ھاضوم، داروی مرکب 2

پرہیز

ترش غذائیں، سگریٹ نوشی ونشہ، سموسے، پکوڑے، کولڈ ڈرنکس، کھانے کے درمیان میں پانی پینا

معدہ کا زخم (Peptic Ulcer)

علاج

جامع بآب زیرہ، داروی ھاضوم، جامع بآب شہد، مرکب دو، ادرک کا قہوہ

معدہ کی سوزش وجلن Burning in the stomach

پیٹ میں جلن ایک عام، پریشان کن علامت ہے۔ یہ اکثر بدہضمی کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے، جسے ڈیسپیسیا بھی کہا جاتا ہے۔ پیٹ میں جلن کا احساس عام طور پر بنیادی حالت کی صرف ایک علامت ہوتا ہے جیسے کچھ کھانے کی اشیاء میں عدم رواداری۔

علاج

جامع بآب زیرہ، برگ سنا، ھاضوم۔

معدہ میں درد Gastric pain

گیسٹرک کا درد پیٹ کے اوپری حصے میں ہوتا ہے، اور یہ درد ایک ہلکے درد سے شدید ہوسکتا ہے معدہ میں درد مختلف طریقوں سے ہوسکتا ہے۔ اسی طرح، تیز درد یا جلن محسوس ہوسکتی ہے۔ پیٹ میں درد مختصر مدت میں تکلیف کا باعث بن سکتا ہے یا طویل مدت تک برقرار رہ سکتا ہے۔ بعض اوقات، پیٹ میں درد کے ساتھ دیگر تکلیفیں ہوتی ہیں جیسے اسہال، متلی یا الٹی۔

علاج

مرکب ایک، مرکب دو، مرکب تین، ھاضوم، جامع بآب زیرہ۔

گیسٹروپاریسس ایک ترقی پسندی کی خرابی ہے جس کی وجہ سے کھانا معمول سے زیادہ پیٹ میں رہتا ہے۔ یہ حالت اس وجہ سے ہے کہ اعصاب جو ہاضمے کے راستے سے کھانے کو منتقل کرتے ہیں ان کو نقصان پہنچا ہے، پٹھے ویسے کام نہیں

کرتے ہیں جیسے انہیں کرنے چاہئے۔اس کے نتیجے میں کھانا پیٹ میں رہتا ہے اور ہضم نہیں ہوتا ہے گیسٹر و پاریسس ایک طویل المیعاد (دائمی) حالت ہے جہاں پیٹ عام طریقے سے خود کو خالی نہیں کرسکتا۔

کھانا معمول سے زیادہ آہستہ سے معدے میں سے گزرتا ہے۔اس سے متلی، وزن میں کمی، بھوک میں کمی ہوجاتی ہے۔

علاج

دار وی ھاضوم، جامع آب زیرہ، مرکب دو، انار، بہی، سیب، صعتر فارسی، گائے کا دودھ۔

معدہ کا کینسر Gastric cancer

معدے میں خراب سیلز جمع ہونے کی وجہ سے کینسر بن جاتا ہے۔معدے کا کینسر زیادہ تر ان لوگوں میں ہوتا ہے جنھیں پہلے ہی جسم کے دوسرے حصے میں کینسر ہو چکا ہو۔

ابتدائی علامات

کھانا کھانے کے بعد پیٹ جلدی بھرا ہوا محسوس ہونا، نگلنے میں مشکل ہونا، کھانے کے بعد پیٹ پھولنا، سینے میں جلن ہونا، مستقل ہاضمہ خراب رہنا، جلدی جلدی ڈکاریں آنا، پیٹ میں یا سینے کی ہڈی میں درد ہونا، الٹی آنا (جس میں خون بھی شامل ہوسکتا ہے)۔

یہ علامات خطرے کا باعث ہیں

ہاضمے کی خرابی کے ساتھ وزن تیزی سے کم ہونا یا بیمار رہنا یا خون کی کمی ہونا، عام طور پر لوگ تھکن محسوس کرتے ہیں اور انکا سانس بھی پھولتا ہے۔

جب کینسر زیادہ بڑھ جاتا ہے تو یہ علامات ظاہر ہوتی ہیں۔

پیٹ میں پانی بھرا ہوا محسوس ہونا یا پیٹ میں گانٹھیں محسوس ہونا، انیمیاء، کالا پاخانہ (اسٹول) آنا یا اس میں خون آنا، سستی، بھوک ختم ہوجانا، وزن کم ہونا۔

علاج

داروی شفا، جامع آب زیرہ، کلونجی+شہد، جوشاندہ پودینہ، مرکب دو، رب انار یا انار، دعا ورم

Gastric Ulcer

اس مرض میں معدہ کی لعاب دار جھلی پر ورم ہوجاتا ہے۔ورم سے کئی چھوٹے چھوٹے یا ایک بڑا زخم ہوجاتا ہے۔

علاج

ھاضوم، مرکب دو، جامع آب زیرہ، جامع آب شہد۔

بھوک کا زیادہ لگنا Bulkmus

اس مرض میں مریض کو بھوک زیادہ لگتی ہے مریض کو شدید بھوک لگتی ہے، غذا کھانے بعد دوبارہ بھوک لگتی ہے

وجوہات

تلی کا بڑھ جانا، سودا کا زیادہ ہو جانا، پیٹ میں کیڑے

علاج

داروی سودابر، جامع بآب کاسنی، داروی طحال، داروی بقلۃ فاطمۃ

Relaxation of Stomach

اس مرض میں معدہ کی دیواریں کمزور و ڈھیلی ہو جاتی ہیں۔ اس میں ہاضمہ خراب ہو جاتا ہے، مریض سست و کمزور ہو جاتا ہے، دائمی قبض رہتی ہے

علاج

ھاضوم، مرکب دو، جامع بآب زیرہ

کھانے کے بعد معدہ میں درد و گیس

کھانے کے بعد معدہ میں درد ہوتا ہے۔ اس کے ساتھ دونوں پہلوں میں بھی درد ہوتا ہے۔ ساتھ معدہ میں گیس بھی ہو جاتی ہے۔

علاج

داروی صفرابر، مرکب دو، جامع رضا بآب زیرہ۔

شوگر ٹائپ سیکنڈ

اس مرض کے لاحق ہونے کے نتیجے میں جسم انسولین کے اثرات پر ردعمل کی صلاحیت سے محروم ہو جاتا ہے انسولین بنانے والے لبلبے کے خلیات اسے بنانے کی کوشش تو کرتے ہیں مگر جسم کے لیے درکار مقدار کی فراہمی سے قاصر رہتے ہیں۔ پانکراز ہاضمہ میں مدد دیتی ہے۔ اس کی وجہ سے غذا ہضم نہیں ہوتی ہے۔

علاج

مرکب چار، سویق جو، آب کدو

Irritable Bowel Syndrome(IBS)

پیٹ میں عجیب سا کھینچاؤ، تناؤ محسوس ہونے کی شکایت، قبض اینٹھن، پیٹ میں درد، گیس و ہوا، اسہال، بار بار اجابت، ہر اجابت کے بعد تھوڑا سا آرام محسوس کرنا اور پھر دوبارہ اُسی کیفیت کا ظاہر ہونا، پاخانے کے ساتھ لیس دار مواد کا

اخراج، بار بار پیشاب کی حاجت، نیند میں دشواری تھوڑا سا کھانا کھانے کے بعد ہی معدے کے بھرے ہونے کا احساس، بدہضمی اور سر درد وغیرہ شامل ہیں۔

علاج

جامع رضا بآب داروی تقویت عصب، داروی صفرابر، سویق گاروس (باجرہ)، چاول کی روٹی، داروی زحیر، سنا مکی+ گلاب۔

Inflammatory bowel disease

اس میں آنتوں میں سوجن آجاتی ہے۔ آنتوں کا رنگ سرخ ہوجاتا ہے۔ آنتوں میں سوجن کئی عرصہ تک رہ سکتی ہے۔

علامات

پیٹ میں درد اور اینٹھن، اسہال جو خونی ہوسکتا ہے، آنتوں کی نقل وحرکت کرنے کی شدید مشکلات، بخار وزن میں کمی، بھوک میں کمی، خون کی کمی کی وجہ سے آئرن کی کمی، انیمیا۔

علاج

داروی زحیر، جامع بآب زیرہ، جامع بآب مورد، جامع بآب شہد، سنا مکی، کاسنی

بائیں طرف درد اور بھاری پن

علاج

جامع بآب کرفس، داروی طحال، مرکب دو، داروی ہاضوم

پیٹ کے دائیں و بائیں درد

علاج

جامع بآب زیرہ، مرکب نو

پیٹ میں درد

علاج

مرکب دو، مرکب ایک، جامع بآب زیرہ، مرکب تین، دودھ+شہد

پیٹ میں پانی Ascites

اس بیماری میں پیٹ میں سیال (پانی) زیادہ ہوجاتا ہے۔ جس سے پیٹ کا سائز بھی بڑھ جاتا ہے۔ سانس لینے میں دشواری ہوتی ہے۔ پیٹ میں سکون نہیں ہوتا، متلی و قے آتے ہیں۔

علاج

داروی طریفل، مرکب ایک، سنا مکی

قبض

قبض (انگریزی Constipation) یا یبوست یا قبض کی حالت اصل میں رودہ یا آنتوں کی ایسی حالت ہوتی ہے کہ براز کا اخراج بے قاعدہ یا مشکل ہو۔ پاخانہ کا روزانہ جسم سے خارج نہ ہونا بلکہ دوسرے یا تیسرے دن یا چوتھے روز آنا کم مقدار میں مینگنیوں کی شکل میں یا سخت حالت میں آنا قبض کہلاتا ہے۔

علاج

سنا مکی، داروی بسفائج، سودابر، مرکب نو

Myasthenia Gravis (MG)

ایک طویل المیعاد نیورو مسکلر بیماری ہے جو اسکلیٹل پٹھوں کی کمزوری کے مختلف ڈگری کا باعث بنتی ہے۔

علامات

سب سے زیادہ متاثر ہونے والے پٹھوں میں آنکھ کے پٹھے، سینے کی دیوار کے پٹھوں کی کمزوری کی وجہ سے سانس لینے میں دشواری، چبانے یا نگلنے میں دشواری جس کی وجہ سے بار بار دم گھٹنے لگتا ہے، سیڑھیوں تک جانا، چیزیں اٹھانا، یا اپنی نشست مشکل سے اٹھنا بات کرنا مشکل لگنا، تھکاوٹ، کھوکھلا پن یا آواز میں تبدیلی، ڈبل ویژن ،نظریں رکھنے میں دشواری، پپوٹا ڈراپنگ۔

علاج

داروی طریفل، سویق، داروی حضرت محمد ﷺ، دنبہ کا گوشت دودھ میں پکا کر کھائیں۔

Thymus Cancer

تیموس گلٹی سفید خون کے خلیوں کو تیار کرتی ہے جسے لیمفوسائٹس کہتے ہیں، جو آپ کے جسم کو انفیکشن سے لڑنے میں مدد دیتے ہیں۔ تھائموس کینسر کی دو اہم اقسام ہیں (تاؤموما اور تائیمک کارسنوما) اور یہ دونوں ہی شاذ و نادر ہی ہیں۔ کینسر اس وقت ہوتا ہے جب تیاس کی بیرونی سطح پر کینسر کے خلیے بنتے ہیں۔

علامات

سانس کی قلت، کھانسی (جو خونی تھوک لا سکتی ہے)، سینے کا درد، نگلنے میں پریشانی، بھوک میں کمی، وزن میں کمی۔

علاج

داروی شفا، داروی حضرت محمد ﷺ، سویق، دنبہ کا گوشت گائے کے دودھ میں پکا کر، داروی طریفل، دعا ورم۔

پتہ کی پتھری Gallbladder Stones

پتہ آپ کے پیٹ میں جگر کے بالکل نیچے دائیں جانب ہوتا ہے اور امرود کی شکل کے اس عضو میں ایک سیال بائل یا صفرا ہوتا ہے۔ یہ سیال جگر میں بنتا ہے جو کہ چربی اور مخصوص وٹامنز کو ہضم ہونے میں مدد دیتا ہے پیٹ کے اوپری دائیں حصے میں اچانک اور تیز درد پیٹ کے وسط میں اچانک اور تیزی سے تیز درد آپ کے چھاتی کے ہڈی کے بالکل نیچے کندھے کے بلیڈ کے درمیان کمر کا درد، آپ کے دائیں کندھے میں درد، متلی یا الٹی۔

علاج

جامع رضا+50 گرام سنا مکی تین بار، جامع بآب سقمونیا،
مرکب تین، 30عدد کھجور کی گٹھلیاں کو ابال کر تین دن پانی پی لیں۔

پتہ کی گلٹی Gallbladder Cyst

علاج

تباشیر+سنا مکی

Appendix

اپنڈکس ایک چھوٹی سی نلکی ہے، جو بڑی اور چھوٹی آنت کے جوڑ پر پیٹ کے نچلے حصے میں کولہے کی ہڈی کے قریب ہوتی ہے، جس کی لمبائی تقریباً چار انچ اور سات یا آٹھ سینٹی میٹر اُس کا قطر ہوتا ہے۔ اپنڈکس کے پھٹنے سے نقصان دہ زہریلے مادّے نکل کر پیٹ میں پھیل جاتے ہیں جس سے شدید جلن اور سوزش ہوتی ہے۔ اپنڈکس کی صورت ناف کے گرد یا پیٹ کے دائیں جانب نیچے لگا تار شدید درد کا ہونا جو کہ ہلکے سے دباؤ سے، ہلنے سے یا سانس لینے سے اور زیادہ شدید ہو جاتی ہے، بھوک اُڑ جاتی ہے، قے اور متلی ہوتی ہے، بخار آجاتا ہے، پیشاب کرنے میں تکلیف ہوتی ہے، قبض ہوجاتا ہے۔ اس میں اچھے بیکٹیریا کا ذخیرہ ہوتا ہے، جو نہ صرف ہاضمے میں مدد دیتے ہیں، بلکہ بیماریوں اور تعدیے کے خلاف مدافعت بھی کرتے ہیں۔ اپنڈکس میں چھوٹا سخت فضلے کا ٹکڑا داخل ہوکر رکاوٹ ڈال دیتا ہے جس سے انفیکشن پیدا ہوتا ہے۔ یہ انسان کیلئے خطرناک اور جان لیوا ثابت ہوسکتا ہے۔

وجوہات

کھانوں کے بعد دانتوں کے درمیان جو غذا بچ جاتی ہے اس سے (اسلام میں اسی لیے دانت کے درمیان جو غذا پھنس جائے اسے کھانا مکروہ قرار دیا ہے)، حمام میں لیٹنے سے، ہیٹر کے ساتھ ٹیک لگا کر بیٹھنے سے، اور دیگر چیزیں بھی ہیں۔

علاج

داروی شافیہ،شہد+کلونجی (پچاس گرام شہداوراکیس دانے کلونجی مریض کوکھلائیں انشاءاللہ مریض ٹھیک ہوجائے گا)

سانس لیتے وقت بائیں طرف بھاری پن

وجوہات

معدہ کاورم یاتلی کی خرابی

علاج

داروی ھاضوم،جامع بآب زیرہ،مرکب دو،اگرتلی کی خرابی سے ہورہا ہےتو داروی ھاضوم،داروی طحال(اگیر ترکی)

پیٹ کے کیڑے

علاج

رات کوسوتے وقت سات دانے کھجور کھالیں،صبح منہ نہار سرکہ پی لیں (سرکہ کے بعد شہد پی لیں تزابیت نہ ہو)

پیٹ میں گیس Flatulance

ہوا کااخراج نظام انہضام کےعمل کالازمی جز ہے۔لیکن بعض وجوہات کی بناء پر یہ رفتار بہت زیادہ بھی ہوسکتی ہے ہوا کے زیادہ ہونے کی وجوہات غذا سے متعلقہ بھی ہوسکتی ہیں اوراس کے علاوہ بھی ۔مثلاً سطح سمندر سے بلندی بھی ہوا کےاخراج پراثرانداز ہوتی ہے۔فضائی سفر کے دوران لوگ عموماً ہوا کا زیادہ اخراج کرتے ہیں۔اس کی وجہ یہ ہے کہ بلندی پرہواکےکم دباؤ کی وجہ سے ہمارے جسم میں موجودگیس پھیل جاتی ہےاورہمیں اسے خارج کرنے کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔جب غذامکمل طور پر ہمارےجسم میں جذب نہیں ہوتی تواس کے ہضم نہ ہونے والے حصے چھوٹی سے بڑی آنت میں منتقل ہوجاتے ہیں۔جسم میں جذب نہ ہونے والا یہ حصہ انہضام کےعمل کے دوران گیس پیدا کرتا ہے جو ہمارے جسم سے خارج ہوتی ہے۔

اگرآپ کھانا بہت تیزی سے کھاتے ہیں،چونگم چباتے ہیں یا گیس والے مشروبات کا زیادہ استعمال کرتے ہیں تو باہر سےآپ کےجسم میں زیادہ ہوامنتقل ہوجاتی ہے۔اس ہوا کوبھی آخرتو خارج ہونا ہوتا ہے۔ماہرین صحت یہ بھی بتاتے ہیں کہ جب جسم سے خارج ہونے والی ہوابہت ہی بدبودار ہوتو یہ اس بات کی علامت ہے کہ کچھ غذائی اجزاء کےجسم میں جذب ہونے کاعمل درست طور پرنہیں ہورہا۔

وجوہات

آنت کی بیماریاں،معدہ کی بیماریاں،سگریٹ نوشی،نظام انہضام کی خرابی،جلدی کھانا یا پینا،سوڈااورکولڈ ڈرنک،

IBS، کینڈیوں کا استعمال۔

علامات

پیٹ کا پھول جانا، ڈکاریں و پیٹ درد، قبض رہنا، پیٹ میں گیس، کھانا ہضم نہ ہونا، پیٹ میں مروڑ پڑنا

طب اہل بیتؑ علاج

جامع رضا بآب سونف، شربت امام رضاؑ، ھاضوم، سکنجبین، مرکب چھار، مرکب دو، مرکب تین

مفید غذائیں

لوبیا، سرخ گلاب+شہد رات کو ایک چمچ پی لیں، پودینہ کا قہوہ، ادرک + لیموں کا قہوہ، سونف (مرد نہ پئیں)، اخروٹ+اجوائن، چای بادرنجبویہ، چائے دارچینی، زیتون کا تیل مولی کے پتے، عرق اجوائن، ترہ، شہد۔

روایات اہل بیتؑ

اجوائن+اخروٹ

امام جعفر صادق علیہا السلام فرماتے ہیں۔ اجوائن اور اخروٹ ملا کر کھاؤ۔ بواسیر کو ختم کرتے ہیں۔ ہوا کو باہر نکالتے ہیں، چہرے کو خوبصورت بناتے ہیں۔ معدہ کو پاک کرتے ہیں اور گردوں کو گرم رکھتے ہیں۔ مکارم الاخلاق ص191

شہد: امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں شہد اور کلونجی گیس و معدہ کا علاج ہے۔ مستدرک الوسائل ج16 ص397

لوبیا: لوبیا گیس کو باہر نکالتی ہے۔ وسائل الشیعہ ج25 ص130

مولی کے پتے: امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں مولی کے پتے گیس اور بلغم کو ختم کرتے ہیں۔

زیتون: امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔ زیتون گیس کو ختم کرتا ہے۔ طب المصطفیٰ

ترہ: امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں ترہ کے چار فوائد ہیں۔ منہ کو خوشبودار بناتی ہے۔ گیس کو ختم کرتی ہے۔ بواسیر کو ختم کرتے ہیں اور جذام سے بچاتی ہے۔ طب المصطفیٰ

پیٹ میں درد

ایک شخص نے نبی ﷺ کو پیٹ میں درد کی شکایت کی۔ آپ نے فرمایا ایک گلاس پانی لے لیں۔ اس کو گرم کر لیں۔ اس میں دو چمچ شہد ڈال لیں اور اس پر سات بار سورہ الحمد پڑھ کر مریض کو پلائیں۔ پیٹ میں درد ختم ہو جائے گا (یہ پیٹ میں درد، آنتوں کی انفیکشن، قولنج کے لیے بھی مفید ہے) طب الآئمہؑ ص27

مرکب چھار پہلو درد، پیٹ میں درد اور جوڑوں میں درد کے لیے مفید ہے۔ ہمان ص77

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں۔ جس کو پیٹ میں شدید درد ہو یا مروڑ پڑ رہے ہوں وہ ایک اخروٹ لے اور باہر والے سخت

چھلکے سمیت اسے گرم کر لے۔اس کے بعد چھلکا اتار کر فوراً گرم گرم کھا لیں۔آرام آ جائے گا(دل میں درد،سر درد،میگرین،دس سالہ سردرد،بیماری عصبی،شکم درد کے لیے بھی یہ نسخہ بہترین ہے)طب آئمہؑ ص101

امام جعفرؑ صادق فرماتے ہیں۔

شہداور کلونجی ناشتہ میں استعمال کریں۔تمام بیماریوں کا علاج ہے۔اس کی خاصیت تمام مزاجوں کے لیے فائدہ مند ہے۔چاہے گرم مزاج ہو یا سرد۔یہ شفا ہے۔(ایک چمچ شہد اور سات یا نو یا گیارہ دانہ کلونجی استعمال کریں)طب آئمہؑ ص100

مدینہ میں ایک یہودی ڈاکٹر تھا۔آپریشن کرتا تھا۔اس سے مریض ٹھیک ہوجاتے تھے۔لوگوں نے نبی ﷺ سے پوچھا ہم آپریشن کروا سکتے ہیں۔آپ ﷺ نے منع فرمایا اور کہا ہر درد کا بہترین علاج حجامت،فصد و کلونجی ہے۔ بحارالانوار ج59 ص83

مرکب تین پیٹ درد،معدہ کے لیے مفید ہے اور بلغم کو کم کرتی ہے۔طب آئمہ ص77

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں

انبیاء علیہ السلام جب بھی جو کھاتے تھے پیٹ کے سارے درد ختم ہوجاتے تھے اور خدا کو ناپسند تھا کہ پیغمبروں کی روزی سوائے جو کے کچھ اور ہو۔اصول کافی ج6 ص403

خونی پیچش

کسی نے امام باقر علیہ السلام سے خونی پیچس کی شکایت کی امامؑ نے فرمایا گل ارمنی (داروی زجیر) کو آگ پر گرم کر کے مریض کو ایک چمچ دو۔بحارالانوار ج92 ص108

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔اسہال کے لیے سویق چاول کو گائے کے دودھ کیساتھ کھاؤ۔طب آئمہ ص100

اسہال

احمد بن اسحاق کہتا ہے میرے والد شدید اسہال میں مبتلا ہو گے۔میں امام علی رضاؑ کے پاس آیا امام علی رضاؑ نے فرمایا جامع بآب مورد استعمال کرو۔طب اسلامی ج2 ص335

عبدالرحمن بن کثیر مدینہ میں شدید اسہال میں مبتلا ہوگیا۔امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا سویق گاورس (باجرہ) کو زیرہ کے پانی کیساتھ ملا کر استعمال کروں۔میں نے یہ استعمال کیا ٹھیک ہوگیا۔اصول کافی ج6 ص345

پہلودرد

امام جعفر صادق علیہ السلام سے ایک شخص نے پہلو درد کی شکایت کی آپ نے فرمایا دسترخوان پر غذا کے بچے ہوئے ٹکڑے کھاؤ۔راوی نے کہا میں نے ایسا ہی کیا تو درد ٹھیک ہوگیا۔ابراہیم کہتا ہے مجھے دائیں اور بائیں پہلو میں درد تھا میں

نے بھی ایسا ہی کیا میں بھی ٹھیک ہو گیا۔ المحاسن ج 2 ص 444

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں پہلو درد کے لیے کاشم کھائیں مفید ہے۔ طب الآئمہ ص 60

ابن بسطام امام جعفر صادق علیہ السلام سے نقل کرتا ہے مرکب نو پہلو درد کے لیے مفید ہے۔ طب الآئمہ ص 76

مرکب دو تپش قلب، معدہ درد، تقویت معدہ اور پہلو درد کے لیے مفید ہے۔ ہمان

ایک شخص امام علی رضاؑ کے پاس درد پہلو کی شکایت کی۔ آپ نے فرمایا۔ دو گلاس پانی لے لو اس کو ابال لو۔ جب ایک گلاس رہ جائے صاف کر کے اس میں گندم کے جو کے برابر جامع امام علی رضاؑ ڈال کر حل کر کے پی لو۔ طب الآئمہؑ ص 90

پیٹ میں گیس

درتج المحاربی نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے قرقر معدہ (پیٹ میں گیس کے سبب گڑگڑاہٹ) کی شکایت کی۔ آپ نے فرمایا کلونجی اور شہد استعمال کریں۔ طب الآئمہ ص 48

پیشاب میں قطرے

عمرو الافرق نے امام باقر علیہ السلام سے پیشاب کے قطرے جاری رہنے کی شکایت کی آپ نے فرمایا۔ اسپند (حرمل) لے لو چھ مرتبہ ٹھنڈے پانی سے اور ایک مرتبہ گرم پانی سے دھولو پھر اسے سائے میں خشک کر لو۔ پھر خالص تیل میں گوندکر سفوف بنا کر استعمال کرو۔ انشاء اللہ اس سے قطرے آنا بند ہو جائیں گے۔ طب الآئمہ ص 54

مثانہ و پیشاب میں جلن

امام باقر علیہ السلام نے مثانہ و پیشاب میں جلن کے لیے فرمایا۔

خیار بادرنج (کھیرا) کا چھلکا اتار لے اور چھلکے کو کاسنی کی جڑ کے ساتھ پانی میں پکائے اور پھر اس میں شکر ملا لے اور نہار منہ تین دن تک ایک رطل (450 گرام) پیئے۔ طب الآئمہ ص 54

قولنج

انجیر کھاؤ سینہ کو نرم کرتا ہے۔ قولنج کے لیے مفید ہے۔ طب الآئمہ ع ص 138

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں۔ جو کوئی انڈہ اور مچھلی اکھٹے کھائے گا وہ نقرس، قولنج، بواسیر یا دانتوں کے درد میں مبتلا ہوگا۔

شہد + آب گرم + سات بار سورہ الحمد۔ مستدرک الوسائل ج 14 ص 359

جو کوئی پیٹ بھر کر غسل کرے گا۔ اُس کو قولنج ہو سکتا ہے۔ بحار الانوار ج 59 ص 321

امام باقر علیہ السلام فرماتے ہیں۔ جو کوئی اول شب حالت سیری میں اپنی زوجہ کے پاس جائے گا۔ اُس کو قولنج، فالج یا لقوہ ہو سکتا ہے۔ بحار الانوار ج 59 ص 327

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں ناشتہ میں خربوزہ کھانے سے قولنج اور فالج ہوتا ہے۔ مکارم الاخلاق ص175
امام علی رضاؑ فرماتے ہیں۔ انجیر کھاؤ۔ قولنج کے درد کے لیے مفید ہیں، ہڈیوں کو مضبوط کرتی ہے، بالوں کو اگاتی ہے۔ طب الرضا

رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔ سات دانہ کھجوررات کو کھانا قولنج سے محفوظ رکھتا ہے۔ دعائم اسلام ج2 ص148
نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں انجیر کھاؤ قولنج سے بچاتا ہے۔ طب النبی ص27
امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں گاجر کھاؤ۔ بواسیر وقولنج کے لیے مفید ہے۔ اصول کافی ج6 ص371
امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔ کدو کا حلوہ کھاؤ۔ قولنج کے درد کے لیے مفید ہے۔ طب لآئمہ ص138
نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں جو شخص کھانے کا آغاز نمک سے کرے گا۔ وہ قولنج سے محفوظ رہے گا۔ مستدرک الوسائل ج16 ص327
امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔ جو شخص بھی رات کو سات پتے کاسنی کے کھا کر سوئے گا وہ اس شب قولنج سے محفوظ رہے گا۔ المحاسن ج2 ص509

پیٹ میں گیس

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔

اجوائن اور اخروٹ ملا کر کھاؤ۔ بواسیر کو ختم کرتے ہیں۔ ہوا کو باہر نکالتے ہیں، چہرے کو خوبصورت بناتے ہیں۔ معدہ کو پاک کرتے ہیں اور گردوں کو گرم رکھتے ہیں۔ مکارم الاخلاق ص191

شہد

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں شہد اور کلونجی گیس و معدہ کا علاج ہے۔ مستدرک الوسائل ج16 ص397

لوبیا

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں لوبیا گیس کو باہر نکالتی ہے۔ وسائل الشیعہ ج25 ص130

مولی کے پتے

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔

مولی کو کھاؤ اس کے تین فائدے ہیں۔ اس کے پتے پیٹ سے گیس کو باہر نکالتے ہیں۔ اس کے بیج رکے ہوئے پیشاب کو کھولتے ہیں اور اس کی جڑ بلغم کو ختم کرتی ہے۔ المحاسن ج2 ص484

زیتون

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔ زیتون گیس کو ختم کرتا ہے۔ طب المصطفیٰؐ

ترہ

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں ترہ کے چار فوائد ہیں منہ کو خوشبودار بناتی ہے گیس کو ختم کرتی ہے۔ بواسیر کو ختم کرتی ہے اور جذام سے بچاتی ہے۔ اصول کافی ج6 ص365

ہاضمے کی بیماریاں

امام علیؑ فرماتے ہیں زندہ رہنے کے لیے کھاؤ نہ کہ کھانے کے لیے زندہ رہو۔

علاج

صبح کھائیں اور شام کو کھائیں اور ان دونوں کے درمیان میں نہ کھائیں کیونکہ دوپہر کا کھانا بدن کے فاسد ہونے کا سبب بنتا ہے کیا آپ نے اللہ تعالیٰ کا قول نہیں سنا۔

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں بہشتیوں کے لیے صبح و شام کا کھانا ہوگا۔ مفاتیح الحیات

معدے کی بہت سی بیماریاں غذا کے ہضم نہ ہونے کی وجہ سے ہوتی ہیں اس لیے ہمیں چاہیے کہ کہ ہم دوپہر کا کھانا نہ کھائیں کیونکہ بیماریاں غذا کے نہ ہضم ہونے کی وجہ سے اس لیے ہوتی ہے کیونکہ ہم معدے کو دوبارہ تکلیف دیتے ہیں جس کے نتیجے میں بیماریاں پیدا ہوتی ہیں صبح اور شام کا کھانا کھائیں دوپہر کو کھانا نہ کھائیں اگر زیادہ بھوک لگ رہی ہو تو تب ہلکی غذائیں کھایئے طبیعی جوس، ستو وغیرہ سے استفادہ حاصل کریں جب ایک دفعہ کی عادت بن جائے گی صبح اور شام کا کھانا کھانے کے دوپہر کا کھانا نہ کھانے کی تو پھر آپ واقعی لذت محسوس کریں گے اور شام کا کھانا کھانے میں بھی مزہ آئے گا اور معدے کے مریضوں کے لئے بہترین مشورہ یہ ہے کہ وہ دوپہر کا کھانا نہ کھائیں۔

طب اہل بیتؑ ادویات

داوی ھاضوم، مرکب تین، شافیہ، شربت امام علی رضاؑ، مرکب دو

بدہضمی، سوئے ہضم، اجیرن Dys Pepsia

وجوہات

زیادہ کھانا، تیز اور چبا کر نہ کھانا، تلی ہوئی چیزوں کا زیادہ استعمال، مصالحہ دار غذاؤں کا زیادہ استعمال، رنج و غم اور نظام انہضام میں خرابی، تین وقت کا کھانا۔

علامات

پیٹ میں درد و قبض، بے چینی و ترش ڈکاریں، ہاتھ و پاؤں کی ہتھلیاں جلنا، لاغری و کمزوری، کھانے کے بعد پیٹ پھول جانا، پیشاب صحیح طرح نہ آنا۔

طب اہلبیتؑ (میڈیسن)

داروی سودابر مرکب 09 (رب بسباسہ) داروی بسفائج، داروی ھاضوم، مرکب چھار، داروی شافیہ، برگ سنا+ گلاب، شربت امام علی رضاؑ، مرکب 2، ناف کے اردگرد روغن زیتون یا روغن کنجد یا بادام سے مالش کریں، خوراک روغن زیتون، انجیر، سیب کا جوس، بہی کا جوس، شہد+گرم پانی، نقیہ با آب گرم، شیرہ انگور، عرق کاسنی، عرق پودینہ وشاھترہ۔

پرہیز واحتیاط

کھجور، صبح اور رات کا کھانا کھائیں، کھانا چبا چبا کر کھائیں تیز نہ کھائیں آہستہ کھائیں، شراب اور فاسٹ فوڈ سے پرہیز کریں، پیٹ بھر کر نہ کھائیں، تلی ہوئی چیزوں سے پرہیز کریں، سفید آٹے کی جگہ بھوسے والا گندم و جو کا آٹا کھائیں، ورزش کریں، چہل قدمی

ہرش اسپرنگ (HIRSH-sproongz)

بیماری کی ایک ایسی حالت ہے جو بڑی آنت کو متاثر کرتی ہے اور پاخانہ گزرنے میں دشواریوں کا سبب بنتی ہے۔ یہ حالت پیدائش کے وقت (پیدائشی) بچے کے کولون کے عضلات میں عصبی خلیوں کے گم ہونے کے نتیجے میں ہوسکتی ہے

علامات

پیٹ میں سوجن، پیٹ درد، قبض، وزن بڑھنے میں پریشانی، الٹی، گیس

نوزائندہ بچے میں علامات

زندگی کے پہلے یا دوسرے دن میں اسٹول پاس کرنے سے قاصر ہوگا، سوجن، پیٹ میں اپھارہ یا گیس پیدا ہوگا، اسہال ہوگا، قے (جو سبز یا بھورے رنگ کے ہوسکتے ہیں)

اگر ہمراہ اسہال

علاج

داروی اسہال، داروی تقویت عصب، کھٹا انگور اور کھٹے انگور کا جوس(Orange blossoms)

گل بھارنارنج، گل بومادران Yarrow

اگر ہمراہ قبض

علاج

داروی ملین (بسفائج)، داروی تقویت عصب، سنا مکی، گل بھارنارنج، گل بومادران، داروی سودابر، داروی زحیر۔

پیٹ کے اندر پانی پڑ جانا Ascites

پیٹ کے اندر پانی پڑ جانا بھی ایک بیماری ہے۔ جس کی بہت سی وجوہات ہیں۔

وجوہات طب اسلامی

خون کھانا، کھڑے ہوکر رات کو پانی پینا، کھڑے ہوکر شلوار پہننا، غسل کے فوراً بعد پانی پینا، گردوں کی خرابی۔

میڈیکل میں وجوہات

ٹی بی، گردوں کی خرابی، تھائی رائیڈ، کینسر، بیضہ کا انفیکشن

علامات

وزن کا بڑھاؤ، سانس کی قلت جسے ڈیسپنیہ بھی کہا جاتا ہے، پیٹ میں سوجن و درد، پیٹ کا پھول جانا اور بڑھ جانا، بھاری پن کا احساس، بدہضمی، متلی یا الٹی، پیٹ کے بٹن میں تبدیلیاں۔

علاج طب اہلبیتؑ

داروی طریفل، ابن بسطام، برگ سنا مکی

روایات اہلبیتؑ

جو کوئی خون (گوشت کو اچھی طرح صاف نہ کرنا) کھائے گا۔ اس سے اس کے پیٹ میں زرد رنگ کا پانی جمع ہو جائے گا اور منہ سی بدبو آئے گی۔ المحاسن ج2 ص334

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔ رات کو کھڑے ہوکر پانی پینا پیٹ میں زرد پانی کا باعث بنتا ہے۔ اصول کافی ج6 ص383

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔ جب آپ غسل کریں۔ اس کے (فوراً) بعد اور رات کو کھڑے ہوکر پانی نہ پئیں اس سے پیٹ میں زرد رنگ کا پانی جمع ہوجاتا ہے۔ مستدرک الوسائل ج1 ص437

کھڑے ہوکر شلوار نہ پہنیں یہ ڈپریشن، غم و رنج اور پیٹ میں زرد پانی کا سبب بنتا ہے۔ مستدرک الوسائل ج3 ص313

پیٹ کے اندر پانی

ایک دفعہ امام علی رضا علیہ السلام کے پاس ایک شخص آیا اور کہا کہ میرے پیٹ کے اندر زرد رنگ کا پانی جمع ہوگیا ہے میں کیا کروں تو آپ علیہ السلام نے فرمایا کہ پیٹ کے اوپر دو دفعہ زعفران سے آیت الکرسی لکھ کر دھوئیں اور پھر اسے مریض کو پلائیں انشاءاللہ ٹھیک ہوجائے گا۔ اس نے ایسا ہی کیا اور ٹھیک ہوگیا۔

ہرنیا Hernia

دنیا میں پھیلنے والی بیماریوں میں سے ایک بیماری ہرنیا بھی ہے۔ یہ ایک عام بیماری ہے۔ یہ زیادہ تر پیٹ کے مختلف حصوں پر ظاہر ہوتا ہے۔ اس میں پیٹ کے کمزور حصے سے انتڑیاں یا دیگر اعضاء مثلاً پیٹ کی اندرونی چربی وغیرہ پیٹ کے

باہر خارج ہوکر جلد کے نیچے ایک تھیلی کی شکل میں ظاہر ہوتی ہے اور لیٹنے یا آرام کرنے سے خودبخود ختم ہوجاتی ہیں۔ زیادہ عرصہ گزرنے کے بعد یہ تھیلی سوجن کی شکل میں مستقل موجود رہتی ہے اور تکلیف دہ صورت اختیار کرلیتی ہے۔ بیماری کے دوران درد اور سوجن دور کرنے والی مختلف دوائیں استعمال کی جاتی ہیں۔ ہرنیا پیدائشی طور پر بھی ہوسکتا ہے۔ پیٹ کے کسی بھی آپریشن میں پیپ پڑنے یا اندرونی ٹانکے ٹوٹنے سے پٹھوں میں کمزوری کی وجہ سے بھی ہرنیا ہوسکتا ہے۔ چھوٹے بچوں میں ناف اور پیٹ کے نیچے ہرنیا ہوسکتا ہے۔ ہرنیا کی بیماری کے شکار افراد خاص طور سے خواتین ضرورت سے زیادہ وزن اٹھالیتی ہیں جس کی وجہ سے ان کی کھال کے نیچے کسی شئے کے جمع ہوجانے کی بنا پر کچھ ابھارہ یا سوجن پیدا ہوجاتی ہے۔ لیکن بعض اوقات عضلاتی ریشوں کے درمیان خفیف روزن پڑجاتے ہیں اور ایسے کمزور مقامات پر اور پیٹ کے نچلے رانوں سے قریب پوشیدہ حصے وغیرہ پر بوجھ اور دباؤ پڑنے لگتا ہے ایسی صورت میں کسی بے ساختہ حرکت اور یا پھر وزنی شئے اٹھانے یا محض کھسکانے سے عضلاتی روزن پھیل کر بڑھ جاتے ہیں پھر مرض ہرنیا میں مبتلا ہونا یقینی ہے بعض خواتین کپڑوں کو دھوکر پھر وہی بھیگے کپڑوں کا وزنی ٹوکرا ایک جگہ سے دوسری جگہ یا چھت وغیرہ پر لے جاتی ہیں، تب جسم میں عجیب سی تکلیف وحرارت پیدا ہوتی ہے، پیٹ کے نچلے حصے پر درد اور رفتہ رفتہ مرض ہرنیا کی شکایت بڑھتی جاتی ہے۔

ہرنیا کے لیے مفید غذائیں

وہ غذائیں جو لازمی استعمال کرنی ہیں

بابونہ + ادرک + شہد + دارچینی اس کا قہوہ بنا کر صبح اور رات پئیں، غذا ہلکی و چبا کر کھائیں۔

طب اہل بیتؑ میڈیسن

داوی فتق مالیدنی (ہر رات کو انگور کا سرکہ + شہد) کیساتھ خمیر بنا کر ہرنیا پر لگائیں، داروی فتق خوردنی ہر رات ایک چمچ، داروی انفیہ ناک میں ڈالیں، شکر (گنا)

مفید غذائیں

سرکہ، سیب، آب گاجر، آب لیموں، آب گل ختمی، خوراک میں سلاد استعمال کریں، داروی انفیہ (یک واحد کندش + دو برابر کلونجی) ناک میں ڈالیں، شوید (سویا)

احتیاط

قبض کو دور کیا جائے، کھانسی کو دور کیا جائے، زیادہ تلی ہوئی غذائیں نہ کھائیں، کھانا خوب چبا کر کھایا جائے۔

پرہیز

مرغن غذائیں، سگریٹ نوشی، شراب نوشی، مکئی، فاسٹ فوڈ، زیادہ کھانا

اسہال، پیچش، خونی

علاج

سویق چاول، چاول کی روٹی، چاول کا سوپ، روغن بادام، کلونجی+شہد، سویق گاروس+زیرہ سیاہ

ادویات طب اہل بیتؑ

جامع+آب مورد، جامع+شہد، ابن بسطام، زحیر

امام جعفر صادقؑ سے ایک شخص نے اسہال کی شکایت کی۔ آپؑ نے فرمایا چاول کی روٹی کھاؤ۔ اسہال کو ختم کرتا ہے اور معدہ کو پاک کرتا ہے۔ الکافی ج6 ص305

موٹاپے کا علاج

روزانہ صبح غسل کرنا، تازہ مچھلی کھانا، گرم غذائیں جیسے اخروٹ اور اجوائن کھانا، سنا مکی+سرخ گلاب کی پتیاں (سنا مکی+گلاب کی پتیاں کو ابال کر پینا)، خرفہ (قلفہ) کے بیج اور پتے منہ نہار کھانا، سویق جو، بھوک کو کم کرنا دوپہر کے کھانے کو ترک کرنا، کدو کا حلوہ، دارچینی اور شہد کو ابال کر پینا، غذا کے بعد سرکہ کا استعمال، اخروٹ+اجوائن رات کو دو چمچ، ورزش کرنا

طب اہل بیتؑ کی میڈسن

داروی بقلۃ فاطمہ، داروی ھاضوم، داروی چربی خون (شبث)، گائے کا گھی، سنا گل

پرہیز

چکنائی والی چیزیں کھانی سے پرہیز کرنا، گھی وڑ الڈا گھی کی جگہ گائے کا گھی استعمال کرنا، سفید آٹے کی جگہ بھوسے والا آٹا استعمال کرنا، کم کھانا دوپہر کے کھانے کو ترک کرنا، گوشت کو کم کھانا، فرائی چیزوں سے پرہیز، مٹھائی وکیمیکل والی چیزوں سے اجتناب کرنا کھانے کے بعد فوراً بیٹھنے یا لیٹنے سے پرہیز کرنا، زیادہ سونا۔

پرخوری کے نقصانات احادیث میں جو ذکر کیے گئے ہیں

(1) بدن سے بدبو کا آنا (2) چہرہ کی بے رونقی (3) فساد دین (4) خدا سے دوری (5) گناہوں میں مبتلا ہونا (6) کراہت (7) جلدی امراض خاص طور پر چھیپی وبرص (8) خدا سے بغاوت (9) تمام بیماریوں کا مرکز (10) موٹاپا (11) خدا کو بھول جانا (12) قیامت کے دن بھوک کا سبب (13) گردن کا پسینہ (14) حضور قلب کی کمی (15) نماز وذکر سے غفلت (16) سُستی (17) پیٹ میں درد (18) جسم کی تباہی (19) قوت مدافعت کی کمی (20) سخت دل (21) اسراف (22) بھول چوک (23) فسادی نفس (24) نور معرفت کی کمی (25) دل کی تاریکی (اس سے عجب، تکبر، حسد اور روحانی بیماریاں پیدا ہوتی ہیں) (26) انجام سے غفلت (27) بے عقل وبے حکمت (28) تاریک زندگی (29) مکروہات کرنے کا سبب (30) محرمات کرنے کا سبب (31) نیند کا غلبہ (32) بھوک نہ لگنا (33)

ہاضمہ کی بیماریاں(34) بیوقوف (35) بے عقل(36) حافظہ کی کمی(37) بوریت(38) نماز شب کی قضا(39) انسان پر شیطان کا غلبہ(40) جسم کی سستی و بے حالی(41) احسان وشجاعت سے نفرت۔ الکافی، مستدرک الوسائل، بحار الانوار، وسائل الشیعہ

سوتے وقت خراٹے مارنا Snorring

وجوہات

یہ موٹاپے کی وجہ سے بھی ہوسکتا ہے تھکاوٹ کی وجہ سے بھی ہوسکتا ہے پیٹ بھر کر رات کو کھانے سے ناک کی ہڈی بڑھنے سانس کی بیماریوں سے بھی ہوسکتا ہے۔ جو بیماری ہے اس کا علاج کیا جائے۔

علاج

گوبھی کے پتوں کو اور سرکہ کو ابال کر رات کو استعمال کریں۔

سانس کی بیماریاں

سانس کی بیماریاں۔(تشخیص)

(1)کام کرتے وقت سانس کی تکلیف

اگر کام کرتے وقت سانس کی تکلیف ہوجاتی ہےاس کا مطلب ہےدل کی بیماری ہے۔دل کی کورنیری آرٹیری یادل کے وال کا مسئلہ ہے۔اگردل کے وال کا مسئلہ ہوتو مریض کے ہونٹ سیاہی مائل ہوں گے،مریض کا دل کمزور ہوگا۔

(2)اگر مریض کو بیٹھے ہوئے یا لیٹے ہو سانس کا مسئلہ ہو جاتا ہے،کھانسی و دمہ تو اس کا مطلب ہے مریض کو پھیپھڑوں کا مسئلہ ہے۔جس کودمہ کہتے ہیں۔

(3)اگرکھانے کے بعد مریض کوسانس کا مسئلہ ہوجاتا ہے۔خاص کرزیادہ یا بھاری غذائیں کھانے کے بعدتواس کا مطلب ہےمریض کومعدہ کا مسئلہ ہے۔جس سے مریض کے پیٹ میں گیس بننا بھی شروع ہوجاتی ہے

(4)اگرمریض کوسوتے ہوئے سانس کا مسئلہ ہوتا ہے۔مریض کومحسوس ہوتا ہےاس کے گلے میں کوئی چیز پھنسی ہوئی ہےاورمریض کوسانس کا مسئلہ ہوجاتا ہے۔تواس کوانفیکشن ہے

دل کی وجہ سے سانس کا مسئلہ

علاج

داروی بازکنندہ عروق،حرمل،داروی تقویت قلب،ادارادشتراست تین دن گوشت دودھ میں پکا کر۔

پھیپھڑوں کی وجہ سے(دمہ)

علاج

داوی کاشم،جامع با آب سونف،مرکب دو،اسفند،شہد+ادرک،چائے زعفران،چائے گزنہ،چائے بادرنجبویہ، حجامت،دارادشتراست تین دن۔

اگربلغم بھی ساتھ ہےتو بلغم زدہ،شافیہ

معدہ کی وجہ سے سانس کی تکلیف

علاج

پندرہ منٹ سورج کی طرف پشت کر کے بیٹھیں،داروی مرکب دو،داروی ہاضوم،جامع با آب سونف،سنامکی+ گلاب۔

انفیکشن کی وجہ سے

علاج

بخور مریم،قطرہ سداب وسرکہ،داروی موسیٰ کاظمؑ،جامع با آب شہد

پرہیز

زیادہ کھانا،گردوغبار،پولن،انڈا زیادہ کھانا،چکنائی والی غذائیں،سینہ کو سردی سے بچائیں،ٹھنڈی چیزوں کی جگہ گرم چیزیں کھائیں اجوائن،ادرک،زعفران وغیرہ۔

پلیوریسی Pleuritis

یہ ایک ایسی حالت ہے جس میں پلموری ٹشو کی دو بڑی، پتلی پرتیں جو آپ کے پھیپھڑوں کو آپ کے سینے کی دیوار سے الگ کرتی ہیں۔ان میں سوجن ہوجاتی ہیں۔ اسے پیلیو رائٹس بھی کہا جاتا ہے ، پیوریسیس سینے میں تیز درد (پیلیوریٹک درد) کا سبب بنتا ہے جو سانس لینے کے دوران بڑھ جاتا ہے۔ پیوریسی کی اضافی علامات میں شامل ہیں۔ اپنے سینے کے ایک طرف درد، اپنے کندھوں اور کمر میں درد، سردرد و بخار، سانس کی قلت ومشکلات ۔

علاج

جامع رضاؑ بآب زعفران، داروی شافیہ، داروی کاشم

غذائیں

سداب،عود ہندی

پرہیز

انڈے،ٹھنڈی غذائیں، چکنائی والی غذائیں

نمونیہ Pneumonia

نمونیہ پھیپھڑوں اور نیچے کی سانس کی نالی میں انفیکشن کی وجہ سے ہوتا ہے

نمونیا کیا ہے؟

نمونیا، یا نظامِ تنفس کے ذیلی راستے میں انفیکشن ہے، اس اصطلاح کو پھیپھڑوں کے اندر انفیکشن کی وضاحت کے لئے استعمال کیا جاتا تھا۔نمونیا کے زیادہ تر کیس وائرس کے سبب ہوتے ہیں اور یہ نزلہ وزکام کی علامات کے بعد ظاہر ہوسکتے ہیں۔ بیکٹیریا کے سبب نمونیا کے کیسوں کی تعداد کم شامل ہیں Streptococcus ہوتی ہے۔زیادہ تر بیکٹیریا میں۔

علامات

بچوں میں نمونیا کی علامات مختلف ہوسکتی ہیں۔نزلہ وزکام یا نظامِ تنفس کے بالائی راستے کی علامات سے مماثلت رکھ

سکتی ہیں۔نمونیا کی عام نشانیاں اور علامات جن میں مندرجہ ذیل شامل ہیں۔

تیز بخار، کھانسی (بلغمی)، سانس کا تیز تیز چلنا، سانس لینے میں دشواری پیش آنا، پھیپڑوں میں سے چیخنے کی سی آوازیں آتی ہوں، بھوک کا نہ لگنا، کھانسی یا بلغم کو نگلنے کی وجہ سے قے ہونا، عام طور پر تھکن سے چور اور ذہنی، جسمانی اور جذباتی طور پر پریشانی محسوس ہونا، معدہ (پیٹ) کا درد۔

وجوہات طب اسلامی

ٹھنڈی غذائیں، زیادہ سردی لگنا

علاج طب اہل بیتؑ

جامع رضا بآب سونف، داروی کاشم، داروی بلغم زدہ

اگر گلٹی بھی ہے تو تباشیر+سونف، داروی شفا دیں

پرہیز

ٹھنڈی غذائیں، دہی، ٹھنڈا پانی، فریج والا پانی، زیادہ انڈے کھانا، فاسٹ فوڈ، زیادہ آئلی چیزیں۔

سسٹک فائبروسس Cystic fibrosis(CF)

سی ایف ایک ایسے بیماری ہو جو اہم طور پر پھیپھڑوں اور ہاضمہ کے نظام کو متاثر کرتی ہے۔سسٹک فائبروسس بلغم بناتی ہے جو کہ پھیپھڑوں میں اور نظام ہاضمہ کے اعضاء میں بنتی ہے جو عمومی لحاظ کی نسبت گاڑھی ہوتی ہے۔بلغم کا اکٹھا ہونا پھیپھڑوں میں گھٹن اور ہاضمے کے مسائل پیدا کرتا ہے۔عام بلغم پتلی اور پھسلنی ہوتی ہے۔یہ مٹی اور جراثیم کو ہٹا کر پھیپھڑوں کو صاف رکھتی ہے۔سی ایف کی بیماری میں بلغم اور پھیپھڑوں کی نالیوں کو بند کر دیتی ہے۔یہ سانس لینے کے عمل میں مشکل کرتی ہے۔پھر نالیوں میں بیکٹیریا جمع ہو جاتے ہیں۔یہ انفیکشن اور سوجن کے سلسلے کا باعث بنتے ہیں۔یہ سلسلے پھیپھڑوں کے خلیوں کو تباہ کر دیتے ہیں۔سی ایف کی بیماری نظام ہاضمہ کو بھی متاثر کر سکتی کی رطوبت لے جاتی ہیں اُنہیں بند کر سکتی ہے۔ Pancreas ہے بلغم ایسی نالیوں کو جو لبلبہ۔

لبلبہ وہ عضو ہے جو معدہ کے نیچے ہوتا ہے جو اینزائمز بناتا ہے تاکہ چھوٹی آنت میں کھانے کو ہضم کرنے میں مدد دے۔اینزائمز خلیوں میں لحمیات ہیں جو رد عمل کی رفتار کو تیز کرتے ہیں۔بیشتر اینزائمز ہاضمے میں مدد دیتے ہیں۔جب بلغم کی وجہ سے لبلبہ سے چھوٹی آنت کو جانے والی نالیاں بند ہو جاتی ہیں تو اینزائمز چھوٹی آنت میں نہیں پہنچ سکتے۔اس کا مطلب ہے کہ کھانا اچھی طرح ہضم نہیں ہوا۔جب ایسا ہوتا ہے، تو سی ایف والا بچہ کھانے سے ضروری مقدار میں غذائیت نہیں حاصل کرتا۔

علامات

سانس لینے میں مشکل، مسلسل کھانسی جو گاڑی بلغم کو طاقت سے باہر نکالتی ہے، اس کو بہت بھوک لگے گی لیکن وزن کم ہوگا، بھاری پاخانے ہوں گے جلدی جلدی اور بہت بُری بدبو کے ساتھ، جلد جس کا نمکین ذائقہ ہوتا ہے، بار بار پھیپھڑوں کا انفیکشن، وزن بڑھانے یا نشونما میں ناکامی، میکیونیم ایلیس: چھوٹی آنت میں نوزائیدہ بچے کے فضلہ کی وجہ سے بندش۔

علاج

قرص خون، داروی بلغم زدہ، جامع امام رضاؑ + آب سونف، مرکب 2، صاف کنندہ خون، شافیہ + گرم پانی، صفرابر، طریفل۔

پھیپھڑوں میں پانی پڑ جانا Pleural effusion

علامات

سینے کا درد، خشک کھانسی اور بعض دفعہ کھانسی کیساتھ خون آنا، بخار، لیٹنے پر سانس لینے میں دشواری، سانس کی قلت، گہری سانس لینے میں دشواری، مستقل ہچکی، جسمانی سرگرمیوں میں مشکلات۔

وجوہات (طب اسلامی)

شدید نزلہ وزکام، ضعیف قلب، پھیپھڑوں کا انفیکشن

علاج

داروی طریفل، داروی کاشم، سنا مکی، جامع بآب سونف

Sinusitis سائنوسائٹس

سائنوسائٹس میں کیا ہوتا ہے؟ علامات، علاج طب اہل بیتؑ

جوف ہے جس کے اندر ہوا اور میوکس ہوتی ہے۔ یہ جو بھی ہوا باہر سے (Cavity) سائنوسائٹس ایک ہمارے اندر داخل ہوتی ہے اسے فلٹر کر کے جسم کے درجہ حرارت کے مطابق ہمارے پھیپھڑوں میں بھیجتی ہے۔ (Lungs)

جب سائنوسائٹس میں سوزش آتی ہے تو سانس میں سے ہوا اور میوکس باہر ناک کے ذریعہ سے نہیں نکل پاتی ہے جس کی وجہ سے سائنوسائٹس پر دباؤ ہوتا ہے اور ہمیں درد محسوس ہونے لگتا ہے یہ ناک کے اوپر، ناک کے نیچے، آنکھ کے اوپر آنکھ کے نیچے ہوسکتا ہے۔

علامات

سر اور آنکھوں پر دباؤ، ناک کا بہنا، چھینکیں آنا، ناک میں سوزش، مریض کو سانس لینے میں تکلیف ہونا، آنکھوں یا گال کی ہڈیوں کے گرد درد یا دباؤ، کبھی کبھار کان میں درد ہونا، ناک کا بند ہوجانا یا ناک سے سانس نہ لے سکنا، ناک و آنکھ

سے بار بار پانی بہنا، ذائقہ اور بو میں خلل آجانا، کھانسی، آنکھ، ناک وگلہ کے پاس سوجن و درد، دانت و جبڑوں میں درد ہونا، پیشانی اور اس کے گرد سر درد، ماتھے کی ہڈی میں درد، بخار و گلہ خراب۔

وجوہات

الرجی، شدید نزلہ و زکام، سرد غذائیں کھانا، ڈسٹ و سردی لگنا، وائرس/ بیکٹیریا انفیکشن

سائنوسائٹس میں ہوا کے جوف جو ناک کی کھوپڑی میں ہوتے ہیں اس میں بلغم جم جاتی ہے اور آسانی سے ناک کے ذریعہ خارج نہیں ہوتی ہے۔

طب اہل بیتؑ میڈیسن

داروی طریفل جامع بآب مرزنجوش، روغن بنفشہ پایہ کنجد، داروی (سعوط انفیہ)، روغن بنفشہ پایہ زیتون+کاسنی پیشانی پر رکھیں

احتیاط و پرہیز

(1) ٹھنڈے پانی سے غسل نہ کریں نیم گرم پانی سے کریں (2) غسل کرنے کے بعد نارمل پانی سے ہاتھ و پاؤں دھلائی کرلیں (3) باہر نکلتے وقت سر کپڑے سے ڈھانپ کر نکلیں ننگے سر نہ نکلیں (4) سرد غذائیں نہ کھائیں اس کی جگہ گرم غذائیں جیسے بابونہ، زیرہ، اجوائن و اخروٹ وغیرہ کھائیں (5) چکنائی والی غذائیں نہ کھائیں (6) باہر گرد وغیرہ میں نہ نکلیں ناک کے اوپر ماسک کا استعمال کریں، دھوئیں، آلودگی وڈسٹ سے بچیں (7) سانس لینے میں مشکل۔

ذات الجنب یا پلورسی Pleurisy

جس کو انگریزی میں پلورا کہتے ہیں ورم ہو جاتا ہے پلورسی کے مرض میں پھیپھڑے کے غلاف میں یہ کبھی ایک طرف ہوتا ہے تو کبھی دونوں طرف۔ پلورسی کا حملہ یکایک ہوجاتا ہے بخار کے ساتھ درد شروع ہوجاتا ہے۔ پستان کے زیریں سخت چبھن پڑنے لگتی ہے اور ایسا تیز درد ہوتا ہے گویا کوئی برچھی چبھو رہا ہے۔ کھانستے وقت زیادتی ہوتی ہے۔ ماؤف جگہ کو دبانے اور گہرا سانس لیتے وقت درد ہوتا ہے مریض مارے درد کے جسم کو حرکت نہیں دے سکتا۔ تاکہ سانس لیتے وقت پھیپھڑے میں زیادہ حرکت نہ ہو اسی لیے بیمار اسی کروٹ پر لیٹا رہتا ہے۔ درد کی ٹیسیں بغل بلکہ پسلی کی ہڈی تک محسوس ہوتی ہیں۔ سانس تیز اور کھینچ کر آتا ہے اور تھوڑی خشک کھانسی بھی ہوتی ہے۔ پسلیوں کے درمیانی مقام پر دبانے سے درد ہوتا ہے۔ بیمار سانس پیٹ سے لیتا ہے۔ زبان میلی اور پھٹی ہوئی ہوتی ہے۔ چہرہ سرخ، نبض بھری ہوئی اور تیز چلتی ہے۔ پیشاب کم اور سرخ رنگ کا آتا ہے اگر پلورسی کے ہمراہ پھیپھڑہ بھی متورم ہوگیا ہو تو بلغم بکثرت اور خون آلود آتی ہے۔ حرارتِ جسم بہت بڑھ جاتی ہے یعنی 103 سے 105 تک ہوتی ہے۔ لیکن صرف پلورسی کی حالت میں 101 سے 103 ہوا کرتی ہے۔

علاج

جامع بآب زعفران (سینہ پر ملیں)، داروی شافیہ، مرکب 2

نزلہ وزکام

رسول خداصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ زکام سے نفرت نہ کرو کیونکہ یہ جذام سے محفوظ رکھتا ہے۔(الخصال ج۱ص۲۱۰، ح۳۲)

امام صادقؑ فرماتے ہیں کہ رسول خداصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم زکام کا علاج نہیں کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ ہر شخص میں جذام کی رگ موجود ہوتی ہے۔ پس اگر کوئی شخص زکام میں مبتلا ہو جائے تو وہ بیماری جذام کو دبا دیتا ہے (جذام ہونے سے بچ جاتا ہے)۔اصول کافی ج۸ص۳۸۲، ح۵۷۹

کوئی فرزندان آدم میں سے نہیں مگر یہ کہ اسکے اندر دو رگیں موجود ہیں۔ ان میں رسول خداصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ ایک رگ جو کہ سر میں ہے وہ جذام میں مبتلا ہونے کا سبب بنتی ہے۔ اور دوسری رگ جو بدن میں ہے وہ برص میں مبتلا ہونے کا سبب بنتی ہے۔ جب سر والی رگ میں حرکت پیدا ہوتی ہے تو خداوند متعال زکام کو اس پر مسلط کر دیتا ہے تا کہ وہ (خطرناک) بیمار مائع کو خارج کر دے۔ اصول کافی ج۸ص۳۸۲، ح۵۷۹

رسول خداصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ زکام خدا کے سپاہیوں میں سے ایک سپاہی ہے۔ خدا اسکو بیماری کی طرف بھیجتا ہے تا کہ وہ بیماری کو برطرف کر دے۔ اصول کافی ج۸ص۳۸۲، ح۵۷۹

زکام اور ناک کے بند ہونے کا علاج

(1) سعید بن منصور نے ذکریا پسر یحیی مزنی سے اس نے پسر ابی یحیی سے روایت کی ہے کہ میں امام صادقؑ کی خدمت میں مشرف ہوا اور زکام اور ناک کے بند ہونے کی شکایت کی۔

امامؑ نے فرمایا زکام اللہ کی نعمتوں میں سے ایک نعمت اور اللہ کے سپاہیوں میں سے اک سپاہی ہے، کہ اللہ نے یہ تمھارے لیے بھیجا ہے تا کہ تمھیں درد میں مبتلا کرے۔ پس جب بھی اس میں مبتلا ہو تو تمھیں سفارش کرتا ہوں کہ چنے کے برابر کلونجی اور آدھا چنا لیں کر پیس لیں اور اسے سونگھیں۔ یہ زکام کے لیے بہت مفید ہے اور اسے ختم کر دیگا۔ طب لآئمہ

انفیہ (داروی سعوط)

امام علیؑ فرماتے ہیں۔ انفیہ کے استعمال سے سر سلامت رہتا ہے اور سر کے ہر قسم کے درد سے بچاؤ ہے۔ تحف العقول صص 59

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔ اگر برداشت کر سکتے ہو زکام کا علاج نہ کرو یہ فائدہ مند ہے۔ اگر علاج کرنا چاہتے ہو تو (انفیہ سعوط) ناک میں ڈالو زکام کو ختم کر دیتا ہے۔ طب لآئمہ ص 288

انجیر کی خاصیت

☆ احمد بن عبداللہ نیشا بوری نے محمد بن عرفہ سے روایت کی ہے کہ میں ایک دن امام رضاؑ کے پاس قصر مامون میں گیا اور انجیر کے خواص کا سوال کیا۔

امامؑ نے فرمایا: انجیر کھانا بہت اچھا ہے، اور اسہال و پیچش اور نزلہ زکام کے لیے بہت مفید ہے اسلیے انجیر کھاؤ۔ طب لآئمہ ص230

امام صادقؑ کی خدمت میں گیا اور امام علیؑ کی اس روایت کے بارے میں سوال کیا کہ کیا یہ صحیح ہے کہ تربوز کھانا عقل بڑھاتا ہے؟؟ فرمایا: ہاں ایسا ہی ہے، اور نیز فرمایا کہ: یہ نزلہ زکام کے لیے بھی بہت مفید ہے۔ طب لآئمہ ص232

ناک بہنے کا علاج

☆ سالم بن ابراہیم نے داود رقی سے روایت کی ہے کہ

ایک شخص امام کاظمؑ کے پاس آیا اور ناک بہنے کی شکایت کی تو امامؑ نے اس سے کہا

"ناشتہ میں ایک برنی کھجور کھاؤ ٹھیک ہو جاؤ گے۔ لیکن اس کے بعد پانی نہ پیو اس مرد نے ایسا ہی کیا پر ناک کی خشکی میں مبتلا ہو گیا" دوبارہ سے امام کے پاس آیا اور کہا کہ میں نے ایسے ہی کیا لیکن ناک کی خشکی میں مبتلا ہوا ہوں۔ امامؑ نے فرمایا:

"برنی کھجور کو ناشتہ میں پانی کے ساتھ پیو انشاء اللہ ٹھیک ہو جاؤ گے۔ اس نے ایسا ہی کیا اور ٹھیک ہو گیا" طب لآئمہ۔

امام جعفر صادقؑ نے فرمایا تین چیز بلغم کو دور کرتی ہے، قرآن کی تلاوت، شہد اور کندر۔ طب لآئمہ

امام باقرؑ فرماتے ہیں زیادہ کنگھی کرنا بلغم کو مٹا دیتا ہے۔ طب لآئمہ

شکر طبرزد کے فائدے

حمدان بن اعین رازی نے صفوان بن یحیی سے اس نے جمیل بن دراج سے اس نے زرارہ سے روایت کی ہے کہ مام باقرؑ کی خدمت میں گیا اور امام علیؑ کے اس قول کے بارے میں سوال کیا کہ انھوں نے فرمایا کہ میں جنت اور جہنم کا تقسیم کرنے والا ہوں؟ انھوں نے فرمایا

ہاں یہ صحیح ہے اور انھوں نے یہ لوگوں میں کہا تھا۔ پھر امام باقر علیہ السلام فرماتے ہیں کہ:

واہ ہو تم پر زرارہ! لوگ کیوں شکر طبرزد سے غافل ہیں؟ حالانکہ کہ وہ ستر بیماریوں کا علاج ہے اس میں آسان ترین بلغم ہے جس کی جڑ کو ختم کرتی ہے۔ طب لآئمہ

نزلہ وزکام

علاج

داروی موسیٰؑ کاظمؑ، داروی انفیہ، روغن بنفشہ پایہ کنجد، جامع بآب شہد، مرزنجوش

ناک کا بہت زیادہ بہنا

علاج

داروی موسیٰؑ کاظمؑ، داروی طریفل

ناک کی ہڈی کا ٹیڑھا پن یا بڑھنا Deviated nasal septum (DNS)

(Septum) ایک عام سا مسئلہ ناک کی ہڈی کا ٹیڑھا پن ہے۔ ناک کے دونوں نتھنوں درمیان ایک جھلی/ پردہ یا (DNS) ہوتا ہے۔ بعض اوقات یہ جھلی دائیں یا بائیں کسی ایک جانب جھک جاتی ہے جسے باعث ناک کے اس جانب سے سانس لینا مشکل ہوجاتا ہے۔ کبھی ناک میں چوٹ لگنے سے بھی ایسا ہوسکتا ہے۔

علامات

ناک سے سانس لینے میں دشواری، ناک سے خون بہنا، بار بار چھینکیں آنا، رات کو سوتے وقت خراٹے مارنا اور نیند کی کمی، سردرد، سائنوسائٹس بار بار ہونا۔

وجوہات

چوٹ لگنا، پیدائشی یا وراثتی ہونا، بہت زیادہ نزلہ وزکام

علاج

3 قطرے مرزنجوش + داروی جامع ہر شب، روغن بنفشہ پایہ کنجد، داروی موسیٰؑ کاظمؑ

پرہیز

سرد غذائیں، پولن وڈسٹ، دھواں وآلودگی۔

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں جو رات کو سداب کھا کر سوئے گا وہ سر چکرانے اور ذات الجنب سے محفوظ رہے گا۔ طب النبیؐ ص30

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں۔ زیادہ انڈے کھانے سے سانس میں تنگی ہوجاتی ہے۔ بحارالانوار ج59 ص321

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں

عود ہندی ستر بیماریوں کا علاج ہے، جن میں سینہ، پہلو درد (ذات الجنب) اور گلہ میں درد شامل ہے۔ مستدرک سفینۃ البحار ج7 ص475

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔ ادار دشتر سانس کی تمام بیماریاں کے لیے مفید ہے۔ طب لآئمہ ص103

کھانسی

رسول ﷺ نے فرمایا کھانسی سے نفرت نہ کرو کیونکہ یہ فالج اور مغزی سکتہ سے محفوظ رکھتی ہے۔ الخصال ج۱ ص۲۱۰

ایک شخص نے امام جعفر صادقؑ سے کھانسی کی شکایت کی امامؑ نے فرمایا۔ کاشم کو شکر (شہد میں ملا کر) کے ساتھ استعمال کریں۔ اصول کافی ج8 ص192

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں۔ شکر (سرخ) بلغم کو ختم کرتی ہے۔ اصول کافی ج6 ص33

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں کشمش کھاؤ بلغم کو ختم کرتی ہے اعصاب کو مضبوط کرتی ہے، تھکاوٹ اور غم کو دور کرتی ہے منہ کو خوشبودار بناتی ہے۔ وسائل الشیعہ ج17 ص97

خراسان کا ایک گروہ آیا اس نے امام علی رضاؑ سے کھانسی کی شکایت کی امامؑ نے فرمایا۔ جامع رضا کو سونف کے پانی کیساتھ استعمال کرو۔ طب لآئمہ ص86

داروی شافیہ کھانسی، فالج، آنکھوں کی انفیکشن، سانس ودمہ کے لیے مفید ہے۔ طب لآئمہؑ ص124

بلغم

امام علیؑ فرماتے ہیں۔ تین چیزیں حافظہ کو زیادہ اور بلغم کو کم کرتی ہیں۔ تلاوت قرآن، مسواک اراک اور روزہ رکھنا۔ الوسائل ج7 ص292

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں زیتون کے تیل سے استفادہ کریں کیونکہ سودا، صفرا اور بلغم کو ختم، اعصاب کو قوی، بیماری کو ختم، اخلاق کو نیک، انسان کے نفس کو خوش اور غم کو ختم کرتا ہے۔ عیون اخبار الرضا، ج2 ص35

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔ تین چیچ نہار منہ صبح سویق خشک کھائیں بلغم کو خشک کرتا ہے۔ اصول کافی ج6 ص 306

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں۔ سرخ شکر بلغم کو ختم کرتی ہے۔ اصول کافی ج6 ص333

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں۔ تین چیزیں بلغم کو ختم اور حافظہ کو زیادہ کرتی ہیں۔ قرآن پڑھنا، شہد کھانا اور کندر چبا چبا کر کھانا۔ صحیفہ الرضاؑ ص61

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں صبح نہار منہ ایک چیچ شہد کھائیں بلغم اور صفرا کو ختم کرتی ہے۔ اصول کافی ج6 ص332

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں خرما برنی کھاؤ بلغم کو ختم کرتی ہے۔ اصول کافی ج6 ص348

امام جعفرؑ صادق فرماتے ہیں مولی کے تین فائدے ہیں۔ اس کے پتے پیٹ کی ہوا کو ختم کرتے ہیں۔ اس کے بیج رکے ہوئے پیشاب کو کھولتے ہیں اور اس کی جڑ بلغم کو ختم کرتی ہے اور غذا کو ہضم کرتی ہے۔ اصول کافی ج6 ص371

اہلبیتؑ کی روایات میں ہے کھانسی دل کی بیماریوں، فالج اور بہت سی بیماریوں سے بچاتی ہے۔البتہ اگر کھانسی بلغمی ہو یا زیادہ ہو تو نقصان دہ ہے۔اس کا علاج کیا جائے۔

(1) کالی مرچ و شہد

کالی مرچ اور شہد اکھٹا کر لیں۔ان کو دس سے پندرہ منٹ ابال لیں۔اس کے بعد استعمال کریں۔کھانسی، گلہ خراب، کے لیے مفید ہیں۔

(2) لیموں+ادرک+شہد

ایک کپ شہد لے لیں۔دو لیموں لے لیں اور کچھ مقدار میں ادرک لے لیں ان کو چوبیس گھنٹے کے لیے چھوڑ دیں۔ اس کے بعد روزانہ ایک چمچ استعمال کریں۔

(3) اکالپٹوس (گوند کا درخت) و لیموں

ایک لیٹر پانی لے لیں اس میں چند گوند کے درخت کے پتے ڈالیں اور ایک لیموں کا جوس ڈال لیں۔اس کو ہلکی آنچ پر ابالیں۔بیس سے پچیس منٹ اس کے بعد صاف کر کے پانی استعال کریں۔

(4) لہسن+زیتون+صعتر فارسی

لہسن کو پیس لیں اس کو ابال لیں۔اس میں ایک کپ زیتون کا تیل ڈالیں اور دو عدد صعتر فارسی ڈال لیں۔اس کو چوبیس گھنٹے کے لیے چھوڑ دیں۔اس کے بعد روزانہ دو سے تین چمچ استعمال کریں۔اس میں ایک کپ گرم پانی ڈال لیں پھر استعمال کریں۔

(5) دودھ و شہد

آدھا گلاس دودھ لے لیں اس کو گرم کریں۔اس میں دو چمچ شہد ڈال لیں۔اس کو روزانہ تین ٹائم استعمال کریں۔

(6) شلجم

شلجم کو پندرہ سے بیس منٹ ابال لیں۔اس کے بعد ایک کپ استعال کریں۔نظام تنفس و کھانسی کے لیے مفید ہے۔

(7) نمک

دریائی نمک کے غرارے کریں۔

(8) Garlic لہسن

منہ نہار لہسن کھائیں۔ہائی بلڈ پریشر، خون کی چربی، زخم معدہ، سانس کی بیماریاں و کھانسی کے لیے مفید ہے۔

(9) اجوائن اور سونف

اجوائن کو گرم کریں چینی کی جگہ گڑ ڈال کر قہوہ کا استعمال کریں (مرد سونف استعمال نہ کریں)۔

(10)شہداور کلونجی

صبح منہ نہار سات دانے کلونجی اور ایک چمچ شہد استعمال کریں۔انجیر،مولی،پیلی گاجر،میتھی،سبزی خرفہ بھی مفید ہیں کھانسی کے لیے۔

میڈیسن

خشک کھانسی: داروی کاشم،جامعہ امام رضاؑ+آب سونف

بلغمی کھانسی: داروی امام جعفر صادق علیہ السلام،شافیہ

ہاتھ و پاؤں میں زیادہ پسینہ آنا

وجوہات

صفرا کا غلبہ،زیادہ پانی پینا۔

علاج

داروی صفرابر،داروی طریفل،پانی کیساتھ کھجور کھائیں،مورد کو ہاتھوں وجسم پر لگائیں۔

اسہال خونی

علاج

داروی زحیر،جامع بآب مورد،جامع بآب شہد،مرکب ایک۔

اسہال خون کے بغیر

علاج: جامع بآب مورد۔

بخار

بہت زیادہ سردی لگنا اور ساتھ کمر میں درد۔

وجوہات

بلغم کی زیادتی

علاج

داروی بلغم زدہ،داروی طریفل،مرکب ایک۔

پرہیز

سرد غذائیں نہ کھائیں اس کی جگہ گرم غذائیں کھائیں۔

سردی لگنا

وجوہات

سودائی مزاج کی زیادتی

علاج

داروی سودابر، مرکب ایک، داروی ملین، صاف کنندہ خون، رات کو جسم کا سرد ہو جانا۔

وجوہات

ہینگ (انغوزہ استعمال کریں)

خون کی خرابی ہے تو صاف کنندہ خون

بلغم کی زیادتی ہے تو داروی بلغم زدہ، داروی طریفل

زیادہ بخارHigh Fever

علاج

داروی شافیہ، داروی ابن بسطام، مرکب چار، جامع بآب شہد، عناب، سیب یا سیب کا جوس استعمال کریں، شہد+کاسنی ،شکر+ٹھنڈے پانی میں ڈال کر نہار منہ اور ہر چار گھنٹے بعد، گوشت کباب کھائیں، سویق سنجد، اسفرزہ (اسپغول چھلکا)، ہاتھوں کو ٹھنڈے پانی سے دھلائی کریں، روغن بنفشہ یا یہ زیتون+کاسنی پیشانی پر ملیں، کپڑا گیلا کر کے رکھیں، دعا نور پڑھیں، گریبان میں اذان و اقامت دیں، سورہ الحمد سات یا ستر دفعہ پانی پر دم کر کے دیں، حجامت و فصد، گل ارمنی، دستور دوسین۔

پرہیز

کھجور نہ کھائیں، ناشتہ کے بغیر غسل کرنا

ملیریا، سردی لگ کر بخار ہوناAgue,Malariafever with chills

علامات

کمزوری ہو جاتی ہے، سردی لگ کر بخار ہو جاتا ہے، جسم کانپتا ہے، سردرد وغیرہ

علاج

مرکب چار، جامع بآب شہد، مرکب ایک، شکر کو ٹھنڈے پانی کے ساتھ۔

مالٹا بخارBrucellosis,malta fever

بروسیلوسس ایک نہایت ہی متعدی اور اچھوت کی بیماری ہے جو کہ جانورں سے جانوروں اور جانوروں سے انسانوں

کے درمیان پھیلتی ہے۔اس بیماری کا سبب ایک چھوٹا سا جرثومہ "بروسیلا" ہے جو کہ ایک بیکٹیریا ہے۔

انسانوں میں یہ بیماری متاثرہ جانوروں کے دودھ سے بنی مصنوعات استعمال کرنے ،متاثرہ جانور سے براہ راست رابطہ رکھنے یا لیبارٹری میں کام کرنے کے دوران سانس کے ذریعے جرثومے کے منتقل ہونے سے پھیلتی ہے۔

بروسیلوسس کی علامات

بروسیلوسس ابتدائی علامات کی وسیع رینج کا سبب بن سکتا ہے،بشمول بخار، رات کو پسینہ آنا، بھوک نہ لگنا اور وزن میں کمی، تھکاوٹ، سر درد و پیٹ درد، ہڈیوں کا کمزور ہو جانا پٹھوں، جوڑوں، یا کمر میں درد

دل کی سوجن، (Scrotal) بار بار بخار، گنٹھیا (مشترکہ سوزش)، مردوں میں جگر یا تلی کی سوجن، اعصابی علامات، دائمی تھکاوٹ، ذہنی دباؤ۔

علاج

داروی خونساز، داروی استخوان ساز، سویق سنجد، داروی شافیہ، داروی موسیٰ کاظمؑ، داروی ابن بسطام، مرکب چار، جامع بآب شہد، عناب، سیب یا سیب کا جوس استعمال کریں، شہد+کاسنی، شکر+ٹھنڈے پانی میں ڈال کر نہار منہ اور ہر چار گھنٹے بعد، گوشت کباب کھائیں، اسپغول، ہاتھوں کو ٹھنڈے پانی سے دھلائی کریں، روغن بنفشہ یا یہ زیتون+کاسنی پیشانی پر ملیں، کپڑا گیلا کر کے رکھیں، دعا نور پڑھیں، گریبان میں اذان و اقامت دیں، سورہ الحمد سات یا ستر دفعہ پانی پر دم کر کے دیں، حجامت و فصد۔

Typhoid fever

ٹائیفائیڈ بخار سالمونیلا ٹائفی کی وجہ سے ہونے والی ایک بیکٹیریل بیماری ہے۔

اس میں جسم کا درجہ حرارت 103 سے 104 ڈگری فارن ہائیٹ تک ہو جاتا ہے علامات میں بہت زیادہ تیز بخار، کمزوری، متلی تھکاوٹ، سر درد، گلے کی خرابی، آنتوں سے خون آنا وغیرہ شامل ہے۔

علاج

سویق سنجد، داروی شافیہ، داروی موسیٰ کاظمؑ، داروی ابن بسطام، مرکب چار، جامع بآب شہد، عناب، شہد+کاسنی، شکر+ٹھنڈے پانی میں ڈال کر نہار منہ اور ہر چار گھنٹے بعد، گوشت کباب کھائیں، اسپغول چھلکا، ہاتھوں کو ٹھنڈے پانی سے دھلائی کریں، روغن بنفشہ یا یہ زیتون+کاسنی پیشانی پر ملیں، کپڑا گیلا کر کے رکھیں، دعا نور پڑھیں، گریبان میں اذان و اقامت دیں، سیب یا سیب کا جوس استعمال کریں، سورہ الحمد سات یا ستر دفعہ پانی پر دم کر کے دیں، حجامت و فصد۔

برسام

برسام بخار کی ایک قسم ہے۔جس میں بخار کے ساتھ ساتھ انسان کے عقل میں بھی خرابی پڑ جاتی ہے۔انسان الٹی

سیدھی باتیں کرنے لگتا ہے۔اس کیساتھ انسان کے سینہ میں انفیکشن ہوتی ہے

علاج

داروی کاشم، داروی ابن بسطام، داروی عقل، جامع بآب شہد، سویق جو، برگ چقندر

Vomiting قے (الٹیاں)

علاج

مرکب ایک، مرکب دو، جامع بآب شہد، داروی صفرابر (افتیمون)، بہی، رب انار

باری کا بخار

باری کا بخار (بخار جس میں ایک دن بخار ہوتا ہے اور دو دن کے لیے بخار چلا جاتا ہے اور پھر چوتھے دن واپس آجاتا ہے۔ بخار کا خطرہ مستقل ہے، لہٰذا بخار کا چوتھائی خطرہ خطرناک نہیں ہے کیونکہ بخار نہ ہونے کی صورت میں جسم دو دن کے دوران طاقت حاصل کرتا ہے)

علاج

آلوسیاہ

امام موسیٰ کاظمؑ فرماتے ہیں آلوسیاہ اندرو باہر والے بخار کو ختم کرتا ہے اور صفرا کو تسکین دیتا ہے، طب لآئمہ

اذان واقامت

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیھا سے توسل کرو ایک ہزار بار سورہ قل ھواللہ احد پڑھ کر فاطمہ زہرا سلام اللہ علیھا کو ہدیہ کریں ان کا واسطہ دیں بخار ختم ہو جائے گا۔ مکارم الاخلاق ص366

آیت الکرسی

امام باقر علیہ السلام فرماتے ہیں شیشہ کے برتن پر آیت الکرسی لکھ کر مریض کو پانی سے صاف کر کے پلاؤ شفا ہو جائے گی۔ مکارم الاخلاق ص، 380

خطرناک بخار

اگر کسی کو بہت زیادہ بخار ہے کسی صورت میں بھی ٹھیک نہیں ہو رہا۔ تو خاک شفا (امام حسینؑ) کو پانی میں ڈال کر حل کریں۔ ایک شیشہ پر لکھیں سَلَامٌ قَوْلًا مِّن رَّبٍّ رَّحِيمٍ اس کو خاک شفا میں شامل کر کے مریض کو دے دیں۔ انشاء اللہ ٹھیک ہو جائے گا۔ بحار الانوار ج95 ص24

پرہیز

کھجور: امام صادقؑ فرماتے ہیں کہ رسول کی اولاد بخار دو برابر ہوتا ہے۔ طب لآئمہ ص50

قے، پسینہ واسہال

امام باقر علیہ السلام نے فرمایا بخار کو بدن سے تین چیزوں سے نکالو، استفراغ (الٹی) سے، پسینہ سے، اور اسہال سے۔ بحارالانوار ج62 ص99

دارویِ امام موسیٰ کاظمؑ

سری بن احمد بن سری نے ارمنی سے اس نے محمد بن سنان سے اور انھوں نے امام رضاؑ سے روایت کی ہے کہ امامؑ نے فرمایا، ایک دن میرے والد امام کاظمؑ نے فرمایا: کہ جب وہ بیمار تھے بہت سے طبیب ان کی علاج کے لیے لائے گئے لیکن کوئی ان کا علاج نا کرسکا اور ان کی بیماری کو لاعلاج اور عجیب قرار دیا۔

امام موسیٰ بن جعفرؑ نے اسی حال میں فرمایا: آپ سب کہاں جا رہے ہو؟ تمھیں چاہیے کہ دواؤں کی سردار دوا پر اکتفاء کرو جو دوای موسیٰ کاظمؑ ہے۔

گرمیوں کے تین مہینوں کے ہر مہینہ میں تین بار، اور سردیوں کے تین مہینوں کے ہر مہینہ میں تین بار، اور ہر مہینہ میں تین دن تین بار۔ اگر اس دوا کو لے لو اور ایک شیشی میں رکھ کر استعمال کرو تو کسی بیماری میں سوائے موت کے مبتلا نہ ہو گے۔ طب لآئمہؑ

اذان واقامت

بخار کے مریض کے پیراہن پر اذان واقامہ کہنا۔

محمد بن جعفر برسی نے محمد بن یحیی ارمنی سے اس نے محمد بن سنان نے ابوعبداللہ سنان سے اس نے یونس بن ظبیان سے اس نے مفضل بن عمر سے روایت کی ہے کہ میں امام صادقؑ کی خدمت میں گیا کہ مومنین میں سے ایک شخص امامؑ کی خدمت میں آیا۔ امامؑ نے اس سے پریشانی کی وجہ پوچھی اور کہا کہ تمھارا رنگ کیوں اڑا ہوا ہے؟ اس شخص نے عرض کیا، اے رسول خدا کے بیٹے! دو مہینوں سے بیمار ہوں اور شدید بخار ہے اور علاج کا کوئی فائدہ نہیں ہو رہا ہے۔ امامؑ نے اس سے فرمایا: اپنے پیراہن کے بٹن کھول کر اور سر قمیض میں کر کے اذان اور اقامہ پڑھو پھر سات بار سورہ حمد کی تلاوت کرو، انشاءاللہ ٹھیک ہو جاؤ گے۔ راوی کہتا ہے کہ اس شخص نے ایسا ہی کیا اور اس وقت شفاء پا گیا گویا کہ کبھی بیمار ہی نہیں تھا۔ طب لآئمہ ص52

ٹھنڈا پانی

عبداللہ بن کبیر بیان کرتا ہے میں امام جعفر صادقؑ کے پاس تھا اور وہ بخار میں مبتلا تھے اور آپ نے ایک پرانا کپڑا رانوں پر ڈال رکھا تھا۔ آپؑ نے فرمایا بخار جہنم کی گرمی میں سے ہے اسے ٹھنڈے پانی سے بجھاو۔ طب لآئمہ ص39

کپڑوں کو تر کرنا

امام باقرؑ فرماتے ہیں جب انہیں بخار ہوتا تو وہ کپڑوں کو تر کر لیتے ان میں سے ایک کو اوپر ڈال لیتے ہیں اور جب وہ خشک ہو جاتا تو دوسرا ڈال لیتے تھے۔ طب لآئمہ

شکر

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔

ہمارے جد نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بخار کے لیے دس درہم (30 گرام) کے برابر شکر پانی میں ڈال کر نہار منہ استعمال کرتے تھے۔ بخار ریح وشکر

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بخار (ریح) کے لیے دس درہم (30 گرام) کے برابر شکر ٹھنڈے پانی میں ڈال کر نہار منہ استعمال کرتے تھے۔ طب لآئمہ ص50

شہد+ فالودہ+ زعفران

امام علی نقیؑ فرماتے ہیں ملیریا کی سب سے بہتر دوا ہے کہ شہد میں بنا ہوا فالودہ اسی دن کھایا جائے اور اس میں زعفران ملایا جائے اس دن دوسری کوئی چیز نہ کھائی جائے۔ طب الائمہ ص62

سورہ الحمد

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں سورہ الحمد کو میں نے جب بھی پڑھا تو میرا بخار چلا گیا اگر تم بھی چاہو تو تجربہ کر لو مگر شک نہ کرنا۔

جہنم کی گرمی

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں بخار جہنم کی گرمی میں سے ہے اسے ٹھنڈے پانی سے بجھاؤ۔ بحار الانوار ج59 ص103

ایک شخص امام جعفر صادقؑ کے پاس آیا اور کہا دو ماہ ہو گئے ہیں بخار نہیں چھوڑ رہا چہرہ زرد ہو گیا ہے۔ امام جعفرؑ صادق نے فرمایا۔ گریبان کھول کر منہ گریبان کے اندر ڈال کر اذان و اقامت دو اسی حالت میں سات بار سورہ الحمد پڑھو۔ اس شخص نے ایسا ہی کیا ٹھیک ہو گیا۔ بعض روایات میں ستر بار سورہ الحمد کا ذکر کیا گیا ہے۔ وسائل الشیعہ ج6 ص232

کلونجی+ شہد

حسن بن شاذان نے ابوجعفر سے روایت کی ہے کہ میں امام علیؑ کی خدمت میں گیا اور بخار کی شدت کا سوال کیا۔ امامؑ نے فرمایا تھوڑا سا شہد اور کلونجی کو ملا کر تین بار وہ کھا لے خدا کے اذن سے ٹھیک ہو جایگا کیونکہ یہ دونوں شہ مبارک ہیں (تین چمچ شہد لیں ہر چمچ میں سات دانے کلونجی کے ڈال۔ کر استعمال کریں)۔ طب لآئمہ ص51

سیب

امام صادقؑ نے فرمایا اگر لوگ یہ جان لیں کہ سیب کی کیا خصوصیات ہیں تو بیمار کا سیب کے علاوہ کسی چیز سے علاج نہیں کریں۔ المحاسن ج2 ص551

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔

سیب گرمی کو دور کرتا ہے، جسم کے اندر ٹھنڈک پہنچاتا ہے اور بخار کو ختم کرتا ہے۔ ہمان ج2 ص551

ٹھنڈا پانی اور سیب

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں، ہم اہلبیتؑ بخار کا علاج ٹھنڈے پانی اور سیب سے کرتے ہیں۔ المحاسن ج2 ص551

سنجد

امام حسینؑ فرماتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بخار ہو گیا آپ نے سنجد کھایا۔ عیون اخبار الرضا ج1 ص47

بنفشہ

امام علیؑ فرماتے ہیں۔ گل بنفشہ اور آب سرد گرمی کو ختم کرتے ہیں۔ الکافی ج6 ص522

عناب

امام علیؑ فرماتے ہیں۔ جس کو بخار ہو وہ عناب کھائے۔ مکارم الاخلاق ص175

کلونجی

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔ کلونجی کھاؤ بخار اور میگرن کو ختم کرتی ہے۔ بحار الانوار ج62 ص229

پیاز

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا۔ پیاز کھاؤ بخار کو دور کرتا ہے، اعصاب کو طاقتور بناتا ہے، منہ کی بدبو کو ختم کرتا ہے، مردانہ طاقت میں اضافہ کرتا ہے۔ المحاسن ج2 ص522

سر کو کنگھی

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔ سر کو کنگھی کرنا بخار کو ختم کرتا ہے۔ ہمان ص488

زیتون+کاسنی

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں روغن بنفشہ یا زیتون اور کاسنی ملا کر پیشانی پر لگائیں شدید سر درد اور بخار کو ختم کرتا ہے۔ مکارم الاخلاق ج1 ص385

پانی

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں جس کو بخار ہے وہ کپڑا گیلا کر کے سر پر رکھے اگر سردی ہے تو ہاتھ پانی میں رکھیں۔

طب لآئمہ

سویق عدس

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں۔اگر اندرونی بخار ہےتو سویق عدس کھائیں۔طب المصطفیٰؐ

گرم پانی

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں پانی کو سات دفعہ گرم کرلیں پھر ٹھنڈا کر کے بخار والے مریض کو دیں۔طب لآئمہ

حجامت

امام موسیٰ کاظمؑ بدھ کو حجامت کرو اس سے بخار ختم ہوتا ہے اگر بدھ کو کرنے سے ختم نہ ہو تو جمعہ کو حجامت کریں۔الخصال ص486

مرکب ایک

مرکب ایک سودا،صفرا، قے ،بلغم، یرقان، برسام اور بخار کو ختم کرتا ہے۔طب لآئمہ ص75

اسپغول چھلکا(اسفرزہ)

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔جس کو بھی بخار ہو وہ رات کو دو درہم کے برابر یا تین درہم کے برابر اسفرزہ (اسپغول چھلکا) استعمال کرے۔مکارم الاخلاق ص188

پانی کو ابال کر

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں۔اگر پانی کو سات بار ابالا جائے اور ایک برتن سے دوسرے برتن میں منتقل کیا جائے (یعنی سات برتنوں میں منتقل ہوگا ہر برتن میں ایک دفعہ ابالنا ہوگا) تو یہ بخار کے لیے مفید ہے۔اس کے علاوہ آب زم زم، آب بارش و آب فرات بھی بخار کے لیے مفید ہے۔ہمان ص157

گوشت کباب

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کباب کھاؤ بخار کو ختم کرتا ہے۔المحاسن ج2 ص468

کبک کا گوشت

امام موسیٰ کاظمؑ فرماتے ہیں بخار والے کو کبک (perdicinae) کا گوشت کھلاو بخار کو ختم کرتا ہے اور پنڈلیوں کو مضبوط کرتا ہے۔اصول کافی ج6 ص312

سویق شستہ

اگر سویق کو سات مرتبہ دھویا جائے ایک برتن سے دوسرے برتن میں منتقل کیا جائے تو بخار کو ختم کرتا ہے، دونوں ٹانگوں میں طاقت کو زیادہ کرتا ہے اور دونوں ٹخنوں کو مضبوط کرتا ہے۔ہمان ص306

سرکہ+روغن زیتون

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا۔ روغن زیتون اور سرکہ ملا کر مریض کو دو بخار کو دور کرتا ہے۔ اصول کافی ج 4 ص118

زخم

تمام زخموں کا علاج

جامع بآب شہد (جامع رضا کو ایک چمچ شہد اور ایک گلاس پانی میں حل کر کے پی لیں)، جامع +شہد+کلونجی ان تینوں کو ملا کر زخم کے اوپر لگائیں (پانی نہیں ڈالنا)، داروی طریفل، طریفل ایک چمچ نہار منہ کھالیں اس سے درد بھی نہیں ہوگا اور پیپ بھی خشک ہوجائے گی۔

داروی زخم،

زخموں میں پیپ وانفیکشن

علاج

جامع بآب شہد، شہد+کلونجی+ جامع ملا کر زخم پر لگائیں، داروی طریفل، داروی زخم۔

زخم بستر

علاج

جامع بآب شہد کھائیں، جامع +شہد+کلونجی لگائیں

زخم شوگر

علاج

جامع بآب شہد کھائیں، داروی شوگر، جامع +شہد،+کلونجی زخم پر لگائیں۔

☆لکڑی کی راکھ وانگارے ان کو پیس لیں اور سوتے وقت زخم پر باندھ دیں صبح اتار دیں تین سے چار دن میں زخم بھی ٹھیک ہوجائے گا اور ساتھ پیپ بھی خشک ہوجائے گی۔

☆نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا زخم خراب ہوگیا۔ آپؐ نے پرانی ہڈی لی اور زخم کے اوپر مالش کی اس پرانی ہڈی کو روزانہ زخم پر رگڑتے۔ شرح نہج البلاغۃ ج15 ص36

☆اس کے علاوہ زخم کے لیے سمندری نمک اور زیتون ملا کر لگائیں زخم کا بہترین علاج دو حصہ شہد اور ایک حصہ جامع رضاؑ ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔ گائے کا دودھ شفا ہے، گھی دوا ہے۔ اور گوشت بیماری ہے۔ گائے کا گوشت خشک اور سرد

ہے۔زخم سے خون آنا ختم کرتا ہے۔سبل الھدی والرشادنویسندہ۔الصالحي الشامي جلد:12 صفحہ:217

پانی زخم پر نہ لگائیں

روایت میں ہے ایک شخص زخمی ہوا اسے نہانے کے لیے کہا گیا۔اس نے غسل کیا اس سے اس کی موت ہوگئی۔ نبیؐ نے فرمایا اسے قتل کیا گیا ہے۔وسائل الشیعہ ج3 ص367

چٹائی کو جلا کر اس کا راکھ اوپر رکھیں

احد کی جنگ میں رسول اللہ ﷺ کے زخموں کا علاج کیسے کیا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ آپ کا چہرہ مبارک مجروح ہوگیا، آپ کے اگلے دانت ٹوٹ گئے اور خود چور ہوکر سر میں گھس گئی، حضرت فاطمہؑ آپ کی صاحبزادی خون دھوتی تھیں اور علیؑ بن ابی طالب ان زخموں پر پانی ڈھال سے بہاتے تھے جب حضرت فاطمہؑ نے دیکھا کہ خون بند ہونے کے بجائے بڑھتا جارہا ہے، تو آپ نے چٹائی کا ایک ٹکڑا لے کر جلا دیا، جب راکھ ہوگیا تو آپ نے زخموں پر انہیں چپکا دیا، جس سے خون بند ہوگیا۔بہارالانوار ج20 ص31

جل جانا

آگ،سورج، گرم پانی سے جل جائیں تو سرکہ کا محلول+گلاب+دال عدس (مسور) سرخ مسور کے دانوں کو پیس لیں۔سرکہ اور گلاب کا پانی ملا لیں اور جلنے والی جگہ پر لگائیں۔اگر پھپھوندی ہوجائے تو جامعہ امام علی رضاؑ بہترین دوا ہے۔اگر داغ بیس، تیس سال پرانے ہیں تو سرخ گلاب اور طبیعی سرکہ اس میں شامل کریں اور جد ہر نشان ہے ادھر لگائیں۔

گلاب کا تیل کیسے بنائیں؟

سرخ گلاب اور زیتون کا تیل ملا لیں۔ان کو ایک ماہ کے لیے بوتل میں مکس کر کے چھوڑ دیں۔پھر صاف کر لیں۔اگر ایک ماہ دوبارہ ایسا کیا جائے تو زیادہ فائدہ مند ہے۔گلاب کا پھول تازہ بہتر ہے۔

Cervix ulcer

علاج

جامع آب شہد انجکشن

Leishmaniasis

یہ ایک جلدی بیماری ہے جو مکھی کے کاٹنے سے ہوتی ہے۔جلد پر ایک زخم بن جاتا ہے۔لشمانیاسس ایک ایسی بیماری ہے جو انٹرا سیلولر پروٹوزائین پرجیوی (لینشیما جینس لیشمانیا) کی وجہ سے ہوتی ہے جس کی وجہ سے مادہ فلیبوٹومائن سینڈفلائی کے کاٹنے سے پھیلتی ہے۔لشمانیاسس کا کلینیکل سپیکٹرم ایک خود حل کرنے والے کٹنیئس السر سے لے کر ایک مسخ شدہ میکوکیٹینیوس بیماری اور یہاں تک کہ ایک مہلک نظامی بیماری تک ہے۔اس کا نشان جلد پر بن جاتا ہے۔

علامات

وزن میں کمی، کمزوری بخار جو ہفتوں یا مہینوں تک رہتا ہے، بڑھا ہوا تلی، بڑھا ہوا جگر، خون کے خلیوں کی پیداوار میں کمی، خون بہنا، دوسرے انفیکشن۔

علاج

حنا لگائیں، جامع بآب شہد، پرانی ہڈیوں کا پاوڈر اوپر رگڑیں، درخت انار کی لکڑی جلا کر اس کا دھواں سونگھیں اور لگائیں اس کے اوپر۔

زخم سے خون آنا

علاج

جامع بآب شہد، جامع +شہد+کلونجی زخم کے اوپر لگائیں، سویق عدس، داروی قرص خون۔

زخم رحم ومقعد

علاج

جامع +شہد انجکشن، شہد+کلونجی، سعد کوفی، داروی زخم، مرکب 6۔

Favismفیوزم

فیوزم، ایک وراثتی عارضہ جس میں وسیع، یا فاوا، بین (ویسیا فیبہ) پر الرجک نما ردعمل شامل ہوتا ہے۔ حساس افراد پھلیاں کھا کر، یا یہاں تک کہ کسی ایسے کھیت میں جا کر جہاں پودے پھول میں ہیں، خون کی خرابی کی شکایت (ہیمولٹک انیمیا) پیدا کر سکتے ہیں۔

فیوزم ایک بیماری ہے جس کے نتیجے میں انزائم گلوکوز 6- فاسفیٹ ڈیہائیڈروجنیز (جی 6 پی ڈی) کی کمی ہوتی ہے۔ فیوزم عام طور پر جینیاتی خرابی کی وجہ سے ہوتا ہے، لیکن اس کا نتیجہ وسیع پھلیوں کے استعمال سے بھی ہو سکتا ہے

علامات

دل کی تیز رفتار، سانس میں کمی، پیشاب جو گہرا یا پیلا نارنگی ہے، بخار، تھکاوٹ، چکر آنا، پیلا پن، یرقان، یا جلد اور آنکھوں کی سفیدی کا زرد ہونا۔

علاج

داروی صفرابر، داروی صاف کنندہ خون۔

گردوں کی بیماریاں
Kidney گردے

گردوں میں بیماری کی وجوہات

شوگر (ذیابیطس)، بلڈ پریشر دواؤں کا استعمال، دیگر بیماریاں ہارٹ اٹیک

علامات

بھوک نہ لگنا متلی و الٹی، پاؤں وٹخنوں کی سوجن، سونے میں مشکلات، گردے میں درد، سینہ میں درد و دباؤ، پیشاب میں جلن، آنکھوں کے نیچے سیاہ حلقے، آنکھوں کے نیچے سوجن۔

طب اسلامی میں وجوہات

کمر کو آگ (ہیٹر) سے گرم کرنے سے، بہت زیادہ سردی لگنے سے۔

روایات

روایات اہل بیتؑ میں ہے گردوں کو گرم رکھا جائے ٹھنڈا ہونے سے گردے بیمار ہو جاتے ہیں۔ گرم رکھنے سے ٹھیک رہتے ہیں۔

امام علی (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔

جوحمام کیساتھ تکیہ (ٹیک) لگا کر سوئے گا گردے کی بیماری کا باعث بنے گا۔ مستدرک الوسائل ج1 ص379

علاج

مرکب چھار، اخروٹ + اجوائن، سنجد، گائے کا دودھ، خربوزہ، پستہ صبح اور رات کھائیں میتھی، نورہ لگائیں (گردے کی چربی کو ختم کرتا ہے) چائے بادرنجبویہ (چای علیؑ)

روایات

امام علی رضا (علیہ سلام) فرماتے ہیں گاجر کھائیں۔ گردوں کو گرم رکھتی ہیں۔ اصول کافی ج6 ص372

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ اخروٹ اور اجوائن اکھٹی کر کے کھائیں۔ گردوں کو گرم رکھتی ہے۔ مکارم الاخلاق ص191

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ سنجد کھاؤ۔ گردوں کو گرم رکھتا ہے۔ اصول کافی ج6 ص361

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں گائے کا دودھ پیئو گردے کی چربی کو ختم کرتا ہے۔ المحاسن ج2 ص393

امام علی (علیہ سلام) فرماتے ہیں سردیوں میں اخروٹ کھاؤ گردوں کو گرم رکھتے ہیں۔سردی کو ختم کرتے ہیں۔
گرمیوں میں کھانے سے پرہیز کریں اس سے جسم پردانے نکلتے ہیں۔المحاسن ج2 ص524

طب اہل بیتؑ میڈیسن

مرکب چار استعمال کریں، جامعہ امام علی رضاؑ، داروی مسخن، ٹھنڈا پانی نہ پئیں، دوسری میڈیسن دو تین دن میں ساری چھوڑ دیں، بلڈ پریشر ہائی ہوتو (داروی تبیغ)، اخروٹ دوا اور اجوائن ایک چمچ استعال کریں۔

گردے کی پتھری

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔خربوہ کھاؤ پتھری کو توڑتا ہے۔
سورہ الم نشرح کو زعفران سے کسی شیشے کے برتن پر لکھ کر مریض کو پلا لیں گردے ومثانہ کی پتھری ختم کرتی ہے۔
المصباح (کفعمی) ص460

Bags under eyesmild swelling or puffiness under the eyes

آنکھوں کے نیچے سوجن و حلقے

وجوہات

اگر گردے اچھی طرح سے کام نہ کریں تو جسم سے پانی کا اخراج نہیں ہوتا ہے۔آنکھوں کے نیچے پانی جمع ہوجاتا ہے۔

علاج

داروی مسخن، مرکب چھار

اگر تھائی رائیڈ اچھی طرح کام نہ کرے اس سے بھی آنکھوں کے نیچے پانی جمع ہوجاتا ہے اور آنکھوں کے نیچے سوجن ہوجاتی ہے۔

علاج

جامع رضاؑ آب مرزنجوش، مچھلی، سمندری نمک

ڈیالیسز Dialysis

جب ہمارے گردے کسی وجہ سے ناکارہ ہوجاتے ہیں۔گردے سیال مواد کو صاف کرکے پیشاب کے زریعہ سے زہریلے مواد کو جسم سے نکال دیتے ہیں۔اگر یہ مواد باہر نہ آسکے تو انسان کے اندر پیدا ہونے والے زہر سے انسان بیمار ہوجاتا ہے۔ڈیالیسز ایسے لوگوں میں معمول سے زیادہ پانی، محلول اور زہریلے مادے کو ختم کرنے کا عمل ہے جن کے گردے اب ان افعال کو فطری طور پر انجام نہیں دے سکتے ہیں۔یہ گردوں کی تبدیلی تھراپی کے طور پر کہا جاتا ہے۔

علاج

داروی مسخن، مرکب چھار، دونوں پاوں کی حجامت

غذائیں

اخروٹ+اجوائن، ادرک، گاجر، سنجد، مولی، پستہ

پتہ کی پتھری کا علاج

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔خربوزہ مثانہ کوصاف کرتا ہے۔(پتھری توڑتا ہے)الخصال ص252

علامات

چہرے، زبان اور آنکھ میں پیلاہٹ، منہ میں کڑواہٹ، خارش، قے، پیٹ میں درد، بدن میں گرمی، دل متلانا، گہرے سانس لیتے ہوئے شدید درد، کمر یا دائیں کندھے میں تکلیف کا احساس۔

علاج

30عدد کھجور کی گٹھلیوں کو پانی میں ابالیں اور وہ پانی منہ نہار استعمال کیجیے، آلو بخارا، کاسنی، کاھو، مرکب تین، اساروں، مرکب چھار، اھلیلج، بقلۃ الفاطمہ علیہا السلام

جامع+50 گرام سنای مکی کودم کر کے تین مرحلوں میں اور تین دن میں ایک دفعہ لیکن اگر مقاوم ہوتو جامع کو دو گرام سقمونیا کے ساتھ تین مرحلوں میں استعمال کیجیئے۔(تین دن کے فاصلے کے ساتھ)

پرہیز

گرمیجات

گردوں کی پتھریKidney Stone

وجوہات

پُرخوری، گائے کا گوشت، زیادہ کھانا، ہم بستری کے بعد پیشاب نہ کرنا، پیشاب کوروکنا۔

علامات

پہلو میں درد، پیشاب میں جلن

علاج

جامع رضاؑ بآب مولی، جامع بآب سداب، مرکب تین، سنگ کلیہ، شہد+آب شلجم یا مولی+کلونجی

امام علی رضاؑ (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔

ہم بستری کے فورا بعد پیشاب کریں ورنہ مثانہ وگردی میں پتھری کا باعث بنے گی۔

جگر کی بیماریاں

Cysts between kidney and liver

گردے وجگر کے درمیان میں رسولی

علاج

تباشیر+کاسنی+سداب

امام علی رضا (علیہ سلام) فرماتے ہیں

جو شخص یرقان سے بچنا چاہتا ہے اسے چاہیے گرمی کے موسم میں جب کسی مکان کا دروازہ کھولے تو فوراً اُس میں داخل نہ ہو اور جاڑے کے موسم میں بند کمرے سے فوراً باہر نہ نکلے۔ رسالۃ الزھبیۃ ص40

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔

جب پانی پینے کی خواہش ہو تو پانی ایک دم نگلنا دردِ جگر کا باعث بنتا ہے (دو یا تین سانسیں میں پئیں)۔ مکارم الاخلاق ص157

دن کو کھڑے ہو کر پانی پیو غذا کو ہضم کرتا ہے اور رات کو کھڑے ہو کر پانی پینے سے صفرا کی زیادتی ہوتی ہے۔ حلیۃ المتقین ص116

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں اگر کوئی چاہتا ہے۔ وہ معدہ کی بیماری میں مبتلا نہ ہو۔ وہ کھانے کے درمیان میں پانی نہ پیئے۔ درمیان میں پانی پینے سے جسم سرد ہو جاتا ہے۔ خوراک لے جانے والی نالیوں میں پانی آ جاتا یے۔ معدہ بیمار ہو جاتا ہے۔ مستدرک الوسائل ج17 ص7

امام صادق علیہ السلام فرماتے ہیں

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم افطار کا آغاز حلوے سے کرتے تھے اور حلوے سے روزہ کھولتے تھے، اگر حلوہ نہیں ہوتا تھا تو کسی دوسری میٹھی چیز یا کھجور سے اگر وہ بھی نہیں ملتا تھا تو نیم گرم پانی سے افطار کرتے تھے پھر فرماتے تھے کہ "نیم گرم پانی معدے اور جگر کو صاف کرتا ہے اور سر کے درد کو ختم کرتا ہے" روضۃ الواعظین ص341

ایک شخص نے امام جعفر صادق (علیہ سلام) سے جگر کی شکایت کی آپ نے فرمایا فصد کھلواو۔ مکارم الاخلاق ص76

امام علی رضا (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ شربت زبیب جگر کی بیماریوں کے لیے فائدہ مند ہے۔ بحارالانوار ج59 ص315

مرکب ایک جگر کی بیماریوں کا علاج ہے۔طب لآئمہ ص75

حضرت حزقیل (علیہ سلام) کو جگر کی تکلیف ہوئی۔خدا سے شکایت کی اللہ نے وحی کے ذریعے بتایا۔انجیر کا دودھ لےلواوراس کوسینہ پر لگائیں۔المحاسن ج2 ص553

امام باقر (علیہ سلام) فرماتے ہیں

Pterocles کا گوشت یرقان کے لیے مفید ہے۔الکافی ج6 ص312

امام باقر (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔

جوشخص یرقان و آنکھ کے موتیا میں مبتلا ہو وہ سورہ البینہ کولکھ کر گلے میں ڈالے۔اس کے لیے فائدہ مند ہے۔ مستدرک الوسائل ج4 ص315

ایک شخص نے امام موسیٰ کاظم (علیہ سلام) سے تلی کی بیماری کی شکایت کی آپ نے فرمایا ترہ کھالو۔الکافی ج6 ص190

ایک شخص نے امام جعفر صادق (علیہ سلام) سے تلی میں بیماری کی شکایت کی آپ نے فرمایا۔ترہ کو گائے کے گھی میں پکا کر تین دن کھائیں۔مکارم الاخلاق ص383

پیٹ کے اندر پانی

جوکوئی خون کھائے گا (گوشت کو اچھی طرح صاف نہ کرنا) اس سے اس کے پیٹ میں زرد رنگ کا پانی جمع ہوجائے گا اور منہ سے بدبو آئے گی۔المحاسن ج2 ص334

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔جب آپ غسل کریں۔اس کے (فوراً) بعد اور رات کو کھڑے ہو کر پانی نہ پئیں اس سے پیٹ میں زرد رنگ کا پانی جمع ہوجاتا ہے۔مستدرک الوسائل ج1 ص437

کھڑے ہو کر شلوار نہ پہنیں یہ ڈپریشن،غم ورنج اور پیٹ میں زرد پانی کا سبب بنتا ہے۔مستدرک الوسائل ج3 ص 313

امام علی رضا علیہ السلام کے پاس ایک شخص آیا اور کہا میرے پیٹ کے اندر زرد رنگ کا پانی جمع ہوگیا ہے کیا کروں؟ آپ علیہ السلام نے فرمایا پیٹ کے اوپر دو مرتبہ زعفران سے آیت الکرسی لکھ کر دھوئیں اور اسے مریض کو پلائیں اس نے ایسا ہی کیا ٹھیک ہوگیا۔طب لآئمہ

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔رات کو کھڑے ہو کر پانی پینا پیٹ میں زرد پانی کا باعث بنتا ہے۔ اصول کافی ج6 ص383

تمام اقسام کی جگر کی بیماریوں کا علاج

علاج

داروی ابن بسطام (مرکب ایک)، داروی صاف کنندہ خون، جامع رضاؑ مرکب چھار

شوگر (ذیابیطس) Diabetes

ذیابیطس ایک بیماری ہے جو اس وقت ہوتی ہے جب آپ کے خون میں گلوکوز، جسے بلڈ شوگر بھی کہا جاتا ہے، بہت زیادہ ہوتا ہے۔ بلڈ گلوکوز آپ کا توانائی کا بنیادی ذریعہ ہے اور جو کھانا آپ کھاتے ہیں اس سے آتا ہے۔ انسولین، لبلبے کے ذریعہ تیار کردہ ایک ہارمون ہے، ہر شخص کو انسولین کی ضرورت ہوتی ہے۔ انسولین خون میں موجود شوگر کو خلیات میں داخل کرتی ہے جہاں وہ توانائی میں تبدیل ہوجاتی ہے۔

شوگر بڑھنے کی علامات

بہت زیادہ پیاس، مردانہ کمزوری، بہت زیادہ پیشاب آنا، خاص طور پر رات کو، جلد پر خارش، زخم جو معمول کی بجائے بہت دیر سے بھریں۔

ایک صحت مند شخص کا کھانے سے پہلے شوگر لیول 70 سے 100 ایم جی/ڈی ایل اور کھانے کے بعد 70 سے 140 ایم جی ڈی/ایل ہوتا ہے جبکہ ذیابیطس کے آغاز یا پری ڈائیبیٹیس کے شکار افراد میں کھانے سے قبل 101 سے 125 ایم جی/ڈی ایل اور کھانے کے بعد 141 سے 200 ایم جی/ڈی ایل ہوسکتا ہے۔

علاج

مرکب چھار، داروی عدس الملک، جامع رضاؑ آب جو

غذائیں

بینگن کے ڈنڈوں کو ابال کر سوپ پی لیں، آب کدو، میتھی، سبزی کاسنی، سبزی قلفہ، سبزی کھائیں، جو کی روٹی، بھوسے والا آٹا۔

پرہیز

چاول، آلو، مٹھائی اور چینی سے بنی اشیاء، بازاری آٹا، دوپہر کا کھانا، سفید آٹا

زیادہ پیاس لگنا Excessive thirst

گرمیوں میں یا سخت جسمانی محنت کے بعد پیاس لگنا تو عام بات ہے کیونکہ پسینے کی شکل میں بہت زیادہ پانی نکل جاتا ہے اور جسم کو اس کی فوری ضرورت ہوتی ہے۔

مگر جب موسم ٹھنڈا ہو یا آرام سے بیٹھے ہیں اور پھر بھی ہر وقت پیاس لگ رہی ہے جس کی وجہ کوئی بیماری ہوسکتی ہے۔شوگر سے بھی زیادہ پیاس لگتی ہے،آٹو امیون امراض،ہارمون توازن میں گڑ بڑ، پانی کی کمی۔

علاج

مرکب ایک،سویق عدس،داروی طریفل،کھجور+ پانی ناشتہ میں

ہیپا ٹائٹس

جگر کی سوجن کو ہیپا ٹائٹس کہتے ہیں۔ہیپا ٹائٹس جگر کے کام کرنے کی صلاحیت کو متاثر کرتا ہے۔جگر جسم کا وہ حصہ ہے جو خوراک ہضم کرنے میں مدد کرتا ہے۔ یہ ٹاکسن اور فاضل مادہ کا اخراج کرتا ہے اور طاقت پیدا کرتا ہے۔ زیادہ تر ہیپا ٹائٹس وائرس کی وجہ سے ہوتا ہے۔

ہیپاٹائٹس (یرقان) ایک متعدی بیماری ہے جو وائرس سے پھیلتی ہے۔ یہ وائرس مختلف اقسام کے ہوتے (Hepatitis A,E,D,G)عمومی طور پر جانے پہچانے نام ہیں۔اس کے علاوہ یرقان(Hepatitis B، Hepatitis C)قسم کے بھی ہوتے ہیں۔ یہ وائرس انسانی جگر پر اثر انداز ہوکر مختلف نوعیت کی بیماریاں پیدا کرتے ہیں۔

علامات

پیشاب کا رنگ بہت زیادہ گہرا ہوجانا، فضلے کی رنگت مدہم پڑ جانا، پیٹ میں اکثر درد رہنا،کھانے کی خواہش ختم ہوجانا یا بھوک نہ لگنا،جسمانی وزن میں ایسی کمی جس کی وجہ سمجھ نہ آسکے،زرد جلد اور آنکھیں جو کہ یرقان کی بھی علامات ہوسکتی ہیں۔

تمام اقسام کے ہیپا ٹائٹس کا علاج

مرکب ایک(ابن بسطام)،مرکب چھار، صاف کنندہ خون،جامع رضا،کاسنی۔

پرہیز

تلی ہوئی غذائیں،فاسٹ فوڈ،ٹھنڈا پانی،کھانے کے درمیان پانی پینا

Hepatic cirrhosis، liver cirrhosis

انسانی جسم کے اہم ترین عضو جگر کو نقصان پہنچانے والی طبی پیچیدگی سروسس کہلاتی ہے جسے سادہ لفظوں میں بیان کیا جائے تو یہ کہیں گے کہ اس میں جگر سخت ہوجاتا ہے،جگر کے نارمل ٹشوز کی جگہ خراب بافتیں لے لیتی ہیں جو اس کی کارکردگی کو نقصان پہنچاتا ہے۔اس مرض کے لاحق ہونے کا سبب خون کا جگر تک نہ پہنچنا ہے اور یہ رفتہ رفتہ ہوتا ہے جس کے نتیجے میں جگر مکمل طور پر ناکارہ ہوجاتا ہے۔خون کے جگر تک نہ پہنچنے کی وجہ کچھ دوسرے عوارض ہوسکتے ہیں۔ان بیماریوں کے نتیجے

میں جگر سروسس کا شکار ہو جاتا ہے۔

کہتے ہیں ascites اس بیماری میں پیٹ میں ایک سیال بنتا ہے جسے ایسائٹس

علامات

خون میں بلیروبن جمع ہونے کی وجہ سے جلد (یرقان) کا زرد ہونا، تھکاوٹ کمزوری، بھوک میں کمی، خارش، مرض جگر کے ذریعہ خون جمنے والے عوامل کی کم پیداوار سے آسانی سے پھیلنا، پیٹ میں سیال مادہ ہونے کیوجہ سے پیٹ پھول جاتا ہے۔

علاج

داروی طریفل، مرکب ایک، داروی کاسنی، داروی صاف کنندہ خون، شافیہ گرم پانی کیساتھ، قرص خون، سنا مکی۔

جگر کی گلٹی liver cyst

سسٹ جگر اندر مائع کے ساتھ فوکل تشکیل محدود کیپسول ہے۔ یہ پیتھالوجی صحیح بالائی کواڈرینٹ، متلی، سنڈروم میں درد کی تکلیف کی طرف سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

علامات

پیٹ میں پھولنے کے احساسات، پیٹ میں درد خاص طور پر اوپری دائیں کواڈرینٹ میں، جلن متلی اور قے، کندھے میں درد۔

علاج

تباشیر مہندی + کاسنی، مرکب ایک

جگر کی چربی Fatty Liver

فیٹی لیور ایک ایسی بیماری کا نام ہے، جس میں جگر کے اندر چربی جمع ہو جاتی ہے۔ اس کی دو اقسام ہیں: ایک قسم نان الکوحلک اور دوسری الکوحلک فیٹی لیور کہلاتی ہے۔

علامات

بھوک میں کمی، وزن میں کمی، پیٹ کے دائیں طرف (جگر) درد، کمزوری تھکاوٹ، ناک سے خون بہنا، کھجلی (جلد میں) پیلے رنگ کی جلد اور آنکھیں، جلد کے نیچے کلسٹر اور رگوں کے نشانات۔

وجوہات

زیادہ پانی پینا، غذا کے درمیان کھانا، چربی والی غذائیں استعمال کرنا، رات کو کھڑے ہو کر پانی پینا۔

علاج

سنا مکی+گلاب، داروی چربی خون، مرکب ایک

جگر کا ورم (سوجن)

جگر، ٹیومر اور کینسر جگر کی سوجن کا سبب بن سکتا ہے۔

علاج

مرکب ایک، کاسنی، انجیر تین قطرے پی لیں، انجیر کا دودھ سینے پر لگائیں

جگر کا کینسر Liver Cancer،Hepatic Cancer

علامات

بھوک میں کمی ہو جانا، وزن میں کمی ہو جانا، پیٹ میں (خصوصاً دائیں حصے میں) درد ہونا، متلی/ قے ہونا، تھکاوٹ اور سستی رہنا، پیٹ کا پھول جانا، آنکھوں اور جلد پر پیلاہٹ آنا۔

علاج

مرکب ایک، شافیہ بآب گرم، قرص خون، داروی ثفا، قرص سبز، دعا ورم، انجیر کا دودھ پیٹ پر لگائیں۔

تلی کی بیماریاں

تلی کا ٹیومر Spleen Tumor

اس میں تلی بڑھ جاتی ہے، سوجن آ جاتی ہے بڑھی ہوئی تلی، جو معمول سے دوگنا بڑی ہو سکتی ہے۔ عام طور پر اوپری بائیں کونے میں درد ہوتا ہے۔

علامات

کمزوری، نامعلوم وزن میں کمی، تھکاوٹ، بخار، رات کے پسینے، خون میں لیمفا سائٹس کی زیادتی۔

علاج

داروی طحال (اگیر ترکی)، داروی شفا، سنا مکی، قرص سبز، جامع آب سرد+سرکہ، داروی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، داروی طریفل

تلی کا نکال دینا Spleen removed

جس شخص کی تلی نکالی گئی ہو وہ ہمیشہ بیمار رہتا ہے

تلی سردی کا منبہ ہے۔ یہ خون میں سے آئے ہوئے مردہ خلیات کو ری سائیکل کر کے دوبارہ خون میں بھیجتی ہے۔ لمفیٹک نظام میں یہ خون کو صاف کرنے کیلیے فلٹر کا کام کرتی ہے۔ نیز نمونیا اور سرسام جیسے وائرل امراض اور بیکٹیریا کے خلاف روک تھام کرتی ہے۔ سودا کا سٹور ہے۔

علاج

داروی صاف کنندہ خون، داروی سودابر، داروی طحال (اگیر ترکی)، جامع رضا آب سرد+سرکہ، ترہ کھائیں

تلی کا بڑھ جانا

وجوہات

خون کی کمی تھکاوٹ، بار بار انفیکشن، آسانی سے خون بہنا، پیشاب کے رنگ کا متغیر ہو جانا خون کی کمی، پیشاب میں خون آنا۔

علاج

داروی طحال (اگیر ترکی)

ہڈیوں کی بیماریاں

احادیث

سویق

سویق، سنجد، چقندر کے پتے، انجیر، باقلا، دودھ+گوشت+زیتون ملا کر کھائیں۔

امام موسیٰ کاظمؑ فرماتے ہیں

سویق کو جب سات بار دھویا جائے. ایک برتن سے دوسرے برتن میں پلٹا جائے تو وہ بخار کو دور کرتا ہے۔ پنڈلیوں اور پاؤں کو مضبوط کرتا ہے۔ وسائل الشیعہ ج17 ص60

سویق+زیتون

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں. سویق کو زیتون کے تیل کیساتھ کھایا جائے. گوشت کو اگا تا ہے جلد کو نرم کرتا ہے۔ ہڈیوں کو مضبوط کرتا ہے اور قوت باہ میں اضافہ کرتا ہے۔ المحاسن ج،2 ص287

گوشت+سویق+دودھ

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں گوشت+سویق+دودھ تینوں چیزیں ملا کر کھانے سے گوشت اگتا ہے ہڈیاں مضبوط ہوتی ہیں۔ بینائی اور سماعت میں اضافہ ہوتا ہے۔ دعائم الاسلام ج2 ص145

سویق سنجد

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں

سویق سنجد گوشت کو اگا تا ہے، ہڈیوں کو مضبوط کرتا ہے، جلد کو چمکدار کرتا ہے، معدہ کو پاک کرتا ہے، گردوں کو گرم کرتا ہے۔ (گردوں کے لیے اچھا ہے) بواسیر سے بچاتا ہے، جزام کی رگ کو قطع کرتا ہے، پاؤں و ٹانگوں کو مضبوط کرتا ہے۔ الکافی ج6 ص361

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ سویق ہڈیوں پر گوشت چڑھاتے ہیں۔ ہڈیوں کو مضبوط کرتے ہیں۔ اصول کافی ج٦ ص٣٠٥

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ سویق وحی کے مطابق بنایا گیا ہے۔ الکافی ج٦ ص٣٠٥

دودھ

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں دودھ پیو گوشت کو اگا تا ہے، ہڈیوں کو مضبوط کرتا ہے۔ ہمان ص492

نبی ﷺ فرماتے ہیں دودھ اور گوشت (ملا کر) کھاؤ۔ ہڈیوں کو مضبوط کرتے ہیں (دنبہ کا گوشت گائے کے دودھ میں پکا کر کھائیں)۔ دعائم الاسلام ج،2 ص145

انجیر

امام علی رضا (علیہ سلام) فرماتے ہیں انجیر کھاؤ۔ منہ کی بدبو کو برطرف کرتا ہے، ہڈیوں کو مضبوط کرتا ہے، بالوں کو گرنے سے بچاتا ہے، بیماریاں کو باہر نکالتا ہے۔ المحاسن ج2 ص554

چقندر کے پتے

امام علی رضا (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ چقندر کے پتے کھاؤ ہڈیوں کو اگاتے ہیں۔ ہڈیوں پر گوشت چڑھاتے ہیں۔ ہمان ص519

باقلا

امام علی رضا (علیہ سلام) فرماتے ہیں باقلا کھاؤ خون کو زیادہ کرتا ہے۔ ٹانگوں کو مضبوط کرتا ہے۔ المحاسن ج2 ص 509

میتھی+انجیر

ایک شخص نے امام موسیٰ کاظمؑ سے سارے بدن میں درد (Rheumatoid arthritis)، ہڈیوں میں سردی کی شکایت کی آپ نے فرمایا ایک مٹھی میتھی لے لو اور ایک مٹھی انجیر خشک لے لو ان کو پانی میں ابالو پانی اتنا لے لو کہ یہ پانی میں ڈوب جائیں پھر پانی میں ابالو اس کے بعد صاف کرلو اور صاف کیا ہوا پانی ایک دن چھوڑ کر پی لو۔ اصول کافی ج 8 ص191۔

ہڈیوں کی کمزوری کی وجوہات

اشنان

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں اشنان کھانے سے گھٹنے کمزور اور منی خراب ہوتی ہے الخصال ص55

بڑے بال

امام موسیٰ کاظم (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ بالوں کو لمبا نہ کرو۔ اس سے منی کم ہوتی ہے، جوڑ کمزور ہوتے ہیں۔ انسان کمزور وسست ہوجاتا ہے۔ مستدرک الوسائل ج2 ص65

کیلشیم کی کمی کا علاج Hypocalcemia

ہائپوکلسیمیا ایک ایسی حالت ہے جس میں خون کے مائع حصے، یا پلازما میں اوسطا درجے سے کم کیلشیم موجود ہوتا ہے۔ کیلشیم آپ کے جسم میں بہت سے اہم کردار رکھتے ہیں: کیلشیم آپ کے جسم میں بجلی کی ترسیل کی کلید ہے۔

علامات

انگلیاں سن ہونا یا سوئیاں چبھنا، دل کی دھڑکن کا کم ہوجانا، وٹامن ڈی کی کمی، مسلز کی اکڑن۔

کمزور اور بھر بھرے ناخن

(کیلشیم کی کمی کی سب سے عام علامات میں سے ایک کمزور اور بھر بھرے ناخن ہوتے ہیں، اگر آپ کے ناخن اکثر ٹوٹ جاتے ہیں یا صحیح طرح اگتے نہیں، تو یہ کیلشیم کی کمی کا نتیجہ ہوسکتا ہے۔)

بے خوابی

کیلشیم جسم میں نیند میں مدد دینے والے کیمیکل میلاٹونین کے اخراج میں بھی مدد دیتا ہے، اگر کیلشیم کی کمی ہو تو جسم مطلوبہ مقدار میں اس کیمیکل کو خارج نہیں کر پاتا، جس کے نتیجے میں راتوں کی میٹھی نیند روٹھ جاتی ہے۔

وٹامن ڈی کی کمی

کیلشیم کو جسم میں جذب ہونے کے لیے وٹامن ڈی کی ضرورت ہوتی ہے، تو ان میں سے کسی ایک کی کمی دوسرے جز کی سطح پر اثر انداز ہوسکتی ہے۔ تو کیلشیم اور وٹامن ڈی سے بھرپور غذائیں جیسے دلیہ، دودھ اور جوس وغیرہ کا استعمال بڑھائیں، وٹامن ڈی کے حصول کے لیے دھوپ کی روشنی بھی اچھا ذریعہ ہے۔

علاج طب اہلبیتؑ

سویق سنجد، داروی استخوان ساز، برگ چقندر، انجیر و دودھ استعمال کریں، داروی بان

ریڑھ کی ہڈی میں چوٹ آنا (اکسیڈنٹ، یا تشدّد سے)

Spinal cord injury due to accident, trauma etc

علاج

روغن بنفشہ پایہ کنجد (ناک میں ڈالیں)، جامع رضا آب مرزنجوش ناک میں دو قطرے، داروی شافیہ، داروی حضرت محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم، روغن زیتون+نمک+تل کا تیل ملا کا مالش کریں 40 دن، سویق جو، سویق، داروی استخوان ساز، دنبہ کا گوشت گائے کے دودھ میں پکا کر کھائیں

پرہیز

سرکہ، سبزیات، مچھلی

ہڈیوں کا بھر بھرا پن Osteoporosis

علامات

عام علامات میں جسم کی ہڈیوں وجوڑوں میں درد، ہڈیوں میں درد، ہر وقت تھکاوٹ کا احساس، بھوک کی کمی،

معمولی سی چوٹ سے ہڈی کا ٹوٹ جانا اور کمر کا جھکاؤ، ہڈیوں کا کمزور اور نرم ہوجانا اور بار بار ٹوٹنا، ہڈیوں میں کیلشیم و وٹامن ڈی کی کمی ہوجاتی ہے۔

علاج

سویق سنجد، سویق جو، سویق گندم، استخوان ساز، داروی بان، برگ چقندر، انجیر، ادرک، سورج کی طرف پشت کر کے پندرہ منٹ بیٹھیں۔

سنجد

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ سنجد کھاؤ۔ ہڈیوں کو مضبوط کرتا ہے اور ہڈیوں پر گوشت چڑھاتا ہے۔اصول کافی ج6 ص361

جوڑوں میں درد، ہڈیوں میں درد Rheumatoid Arthritis

اس مرض میں جسم کا مدافعتی نظام جوڑوں پر حملہ آور ہوتا ہے۔جسم کے مدافعتی نظام میں اہم کردار ادا کرنے والے ٹی خلیوں سمیت خون کے خلیے بڑی مقدار میں جوڑ کے جوفوں میں گھس جاتے ہیں۔اس سے کیمیائی عوامل کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے جس سے جوڑں میں سوزش ہوجاتی ہے۔ یہ جوڑوں کے خلا کے درمیان والے لیکوڈ کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ ہڈیوں کی سطح ایک دوسرے کیساتھ جڑ جاتی ہے اور حرکت میں دِقت اور سخت تکلیف محسوس ہوتی ہے

وجوہات

آلو بخارہ زیادہ کھانے سے، سرد غذائیں زیادہ کھانے سے، جسم میں مائعات کی زیادتی

علامات

جوڑوں میں درد، جوڑوں میں سوجن، جوڑوں میں سختی خاص کر صبح کے وقت تھکاوٹ کا احساس، چھوٹے جوڑوں میں سوجن، لگاتار احساس کمزوری و کچھ نہ کرنے کی سکت، آنکھوں میں جلن، خشکی و درد، منہ میں خشکی، مسوڑوں میں سوجن و درد، خون کی کمی، گردوں کی خرابی۔

جوڑوں میں ورم (سوجن) خاص کر ہاتھ و پاؤں کے جوڑوں میں ہاتھ و پاؤں کی دونوں طرف جوڑوں میں سوجن و درد ہوتا ہے۔عموماً جو ایک ہاتھ میں سوجن ہو دوسرے ہاتھ میں بھی اسی طرف ہوگی۔

خون کی کمی (بعض مریضوں کو جسم کی تہ کے نیچے چھوٹی چھوٹی گلٹیاں ظاہر ہوتی ہیں جن کو ریموٹائیڈ نوڈول کہا جاتا ہے۔اس کے علاوہ دیگر اعضاء کو بھی نقصان پہنچا سکتی ہے)

علاج

استخوان ساز، داروی شیطرج، طریفل، پماد مفاصل، داروی روماتیسم، کھجور کھائیں رات کو، انجیر کھائیں+میتھی

(ایک مٹھی میتھی اور ایک مٹھی انجیر خشک ایک برتن میں اتنا پانی ڈالیں کی ان کے اوپر تک آ جائے۔ پھر ابال کر پی لیں۔ ایک دن وقفہ کر کے)

روایات

آلوچہ

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ آلوچہ کھاؤ۔ صفرا کو ختم کرتا ہے، گرمی کی شدت کو ختم کرتا ہے، لیکن اس کی زیادہ مقدار ہڈیوں و جوڑوں میں رطوبت پیدا کرتی ہے۔ اصول کافی ج 6 ص

میتھی + انجیر

ایک شخص نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے سارے بدن میں درد (Rheumatoid arthritis)، ہڈیوں میں سردی کی شکایت کی آپ نے فرمایا ایک مٹھی میتھی لے لو اور ایک مٹھی انجیر خشک لے لو ان کو پانی میں ابالو پانی اتنا لے لو کہ یہ پانی میں ڈوب جائیں پھر پانی میں ابالو اس کے بعد صاف کر لو اور صاف کیا ہوا پانی ایک دن چھوڑ کر پی لو۔ اصول کافی ج 8 ص 191

مفید غذائیں

گرم غذائیں کھائیں ٹھنڈی غذاؤں سے پرہیز کریں

مفید غذائیں (طب سنتی)

اجوائن، میتھی، کھجور، اخروٹ، ادرک، بادام، دارچینی، زیرہ، شہد

نقصان دہ غذائیں

کریلہ، کدو، کاھو، آلو بخارا سیاہ زیادہ کھانا

ہڈیوں کی کمزوری و درد

روایات

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں سویق ہڈیوں پر گوشت چڑھاتے ہیں اور ہڈیوں کو مضبوط کرتے ہیں۔

امام علی رضا (علیہ سلام) فرماتے ہیں چقندر کے پتے ہڈیوں کی بیماریوں کے لیے مفید ہیں۔

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں سنجد کا پاؤڈر ہڈیوں کو اگاتا ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں گوشت و دودھ ہڈیوں کو مضبوط کرتا ہے

علاج

برگ چقندر، دودھ، انجیر، خالص دودھ، پنیر + اخروٹ، میتھی، کھجور، سنجد، سویق گندم، سویق سنجد، سویق جو، گوشت،

گائے کا گھی، نمک طبیعی، باقلا تخم هندوانہ، روغن زیتون سے مالش، نورہ

طب اہل بیتؑ کی دوائیں

جامعہ امام علی رضاؑ، داروی استخوان ساز (غبیرا)، سویق، قرص خون، شربت زبیب رضوی، اگر کم خونی ہے تو خون کو زیادہ کرنے والی غذائیں کھائیں، داروی خونساز، مقل ارزق

وجوہات و پرہیز

پرانا گوشت کھانے سے، سورج کی روشنی میں نہ نکلنے سے، بلغم سے، چائے سبز و سیاہ

کم خونی، سرد غذائیں، اچار، بازار کا خمیر، طرز زندگی کی تبدیلی، میدہ، کولڈ ڈرنکس

لمبے قد کے لیے خوراک

علاج

برگ چقندر، سویق سنجد، سویق، داروی استخوان ساز، سویق گندم و جو، داروی بان،

کان کے پیچھے کی حجامت، دودھ، دنبہ کا گوشت گائے کے دودھ میں پکا کر کھائیں

گھٹنوں اور ٹانگوں میں سوجن و درد

وجوہات

اگر ایک ٹانگ یا جوڑ میں سوجن ہے تو گھٹنوں کی ہڈیاں کی رگڑ کیوجہ سے ہے، یا پھر گھٹنوں میں پانی کیوجہ ہے

علاج

داروی شیطرج، داروی استخوان ساز، داروی طریفل

اگر دونوں گھٹنوں میں سوجن ہے تو گردوں کی خرابی کیوجہ ہے۔ گردے جسم سے پانی کو ختم نہیں کرتے

علاج

داروی مسخن (اخروٹ+اجوائن)، مرکب چار، داروی شیطرج، داروی طریفل، آب ادرک، سنجد

اگر صرف گھٹنوں میں درد ہے تو ہوسکتا ہے چند سال پہلے چوٹ لگی ہو اس کا انفیکشن ہوسکتا ہے گھٹنوں میں ہڈیوں کا فاصلہ بڑھ گیا ہو، ہوسکتا ہے ہڈیوں کے اندر والا گودا ختم یا کم ہوگیا ہو، یورک ایسڈ کی زیادتی سے بھی ہوسکتا ہے۔

علاج

داروی شیطرج، داروی استخوان ساز، سویق سنجد، شربت امام رضاؑ

اگر گردوں کی خرابی کیوجہ سے ہے تو پھر گردوں والی میڈسن استعمال کریں

کمر درد، ڈیسک

وجوہات

مہروں کے درمیان فاصلہ، خون کی خرابی، خون کا جم جانا، دیگر وجوہات، ایڑی والی جوتی پہننا ہاتھوں سے زیادہ وزن اٹھانا، زیادہ کھانا، جھکے بغیر کوئی چیز اٹھانا، اچھی طرح نہ بیٹھنا، ایک طرف زیادہ دیر بیٹھنا، چوٹ۔

علاج

سخت زمین پر سوئیں، پاؤں و ہاتھوں کے بیس ناخن کاٹ کر جدھر درد ہے اس کے اوپر رکھ کر باندھ دیں تین دن، کمر کی مالش کریں زیتون کے تیل کیساتھ اور سمندری نمک کیساتھ، سورج کی طرف پشت کر کے بیٹھ جائیں تقریباً پندرہ منٹ، گرم پانی (شاور سے غسل کریں، چنے کھائیں، آخری مہرے کی حجامت کریں، انجیر کھائیں میتھی کھائیں، سویق جو کھائیں۔

طب اہل بیتؑ میڈیسن

داروی استخوان ساز، داروی ابن مسعود، جامعہ آب چنا، سویق چنا، سویق سنجد، سویق جو، مرکب چھار، داروی لثہ (خون جم گیا ہے تو یہ چیزیں فائدہ دیں گی)، روغن بادام، اکیس دانہ کشمش منہ نہار، ایک چمچ اسپند گرم پانی کیساتھ، ھلیلہ زرد، شہد+ دودھ ناشتہ میں، روزانہ سات انجیر کھانا، دنبہ کا گوشت گائے کے دودھ میں پکا کر کھائیں۔

امام علی (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔

کمر درد (ڈیسک) کے لیے جہاں درد ہے اس پر ہاتھ رکھ کر پڑھیں (وَ ما كانَ لِنَفْسٍ أَنْ تَمُوتَ إِلاَّ بِإِذْنِ اللهِ كِتاباً مُؤَجَّلاً وَ مَنْ يُرِدْ ثَوابَ الدُّنْيا نُؤْتِهِ مِنْها وَ مَنْ يُرِدْ ثَوابَ الْآخِرَةِ نُؤْتِهِ مِنْها وَ سَنَجْزِي الشَّاكِرينَ) سورۃ آل عمران: ۱۴۵ اس کے ساتھ سات مرتبہ سورہ قدر بھی پڑھیں۔ منبع: طب الآئمہ ص30

روایات

امام جعفر صادق (علیہ السلام) فرماتے ہیں۔ جو شخص بیٹھ کر شلوار اور قمیض پہنے گا کمر درد سے محفوظ رہے گا۔ اصول کافی ج8 ص125

امام جعفر صادق (علیہ السلام) فرماتے ہیں۔ انبیاء (علیہ سلام) نے خدا سے کمر درد کی شکایت کی۔ خدا نے وحی کے ذریعے بتایا۔ گندم کو گوشت (حلیم) کیساتھ کھاؤ۔ الکافی ج6 ص320

امام علی رضا (علیہ السلام) فرماتے ہیں۔ چنا کھاؤ کمر کے درد کو ختم کرتا ہے۔ الکافی ج6 ص343

امام موسیٰ کاظم (علیہ السلام) فرماتے ہیں۔

حباری کا گوشت کھاؤ۔ بواسیر و کمر درد کا علاج ہے اور قوت جنسی زیادہ کرتا ہے (Chlamydotis)۔ الکافی ج,6 ص313

کمر درد کے لیے چٹنی

چنے ابال کر اس میں تل کا پیسٹ ڈال لیں پھر زیتون کا تیل+ ادرک+لہسن ڈالیں ان سب کو ملا لیں۔

استعمال

روزانہ یا ہفتے میں ایک دو بار استعمال کریں۔ انشاء اللہ کمر میں درد کبھی نہیں ہوگا اگر ہوا تو ختم ہوجائے گا۔

احتیاط

کوئی بھی چیز اٹھانی ہو تو کمر کو جھکا کر اٹھائیں، بڑی ایڑی والی جوتیاں نہ پہنیں۔ ایک طرف زیادہ دیر نہ بیٹھیں، پرانا گوشت نہ کھائیں، زیادہ وزن نہ اٹھائیں

گھٹنوں میں درد کے لیے

امام باقر (علیہ سلام) فرماتے ہیں

نماز کے بعد یہ دعا پڑھو

يَا أَجوَدَ مَن أَعطى، وَيَا خَيرَ مَن سُئِلَ، وَيَا أَرحَمَ مَنِ استُرحِمَ، ارحَم ضَعفِي، وَقِلَّةَ حِيلَتِي، وَ أَعفِنِي مِن وَجَعِي

منبع: الاصول من الکافی، شیخ کلینی، ج2، ص568، ح19

داروی شیطرج

امام جعفر صادق (علیہ سلام) اپنے شاگرد مفصل سے فرماتے ہیں۔ اے مفصل غور کرو۔ جڑی بوٹیوں سے کس قدر اہم کام لیے جاتے ہیں۔ یہ جڑی بوٹیاں جوڑوں کے اندر اُتر جاتی ہیں اور ان میں سے غلیظ و فاسد مادوں کو باہر نکالتی ہیں۔ جیسے شیطرج توحید مفصل ص153

عرق النساء Sciatica

علاج دعا برائے عرق النساء جہاں پر درد ہے اس جگہ پر ہاتھ رکھ کر دعا پڑھیں

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ بِسْمِ اللهِ و بِاللهِ أَعُوذُ بِسْمِ اللهِ الْكَبِيرِ وَ أَعُوذُ بِسْمِ اللهِ الْعَظِيمِ مِنْ شَرِّ كُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ وَ مِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ۔

روزانہ کم سے کم دس منٹ سجدہ کی حالت میں رہیں۔

ہاتھ و پاؤں کے بیس ناخنوں کو اکھٹا کر کے درد والی جگہ پر رکھ کر اوپر سے باندھ دیں تین دن (اوپر ٹیپ رکھ لیں جلد کے ساتھ ناخن مس رہیں اور تیسرے دن اتار لیں)

روزانہ ایک چمچ حرمل کھائیں (چھ دفعہ ٹھنڈے پانی کے ساتھ اور ایک دفعہ گرم پانی کے ساتھ دھو کر خشک کر لیں پھر کھائیں)، برفیون، سویق نخود (چنا) کمر کا مساج کریں زیتون کے تیل کے ساتھ، کمر کی حجامت۔

طب اہل بیتؑ ادویات

داروی ابن مسعود، داروی لبنی عسل، داروی لختہ خون، داروی استخوان ساز، داروی بان، دستور ناخن، کلونجی+شہد، آخری مہرے کی حجامت

روایات

ایک شخص امام علی (علیہ سلام) کے پاس آیا اور شاٹیکا کے درد کی شکایت کی آپ نے فرمایا۔ ناخنوں (ہاتھ و پاوں کے بیس ناخن) کو رگ کے اوپر رکھو۔ آسان وجلدی علاج ہے (ہاتھ و پاوں کے بیس ناخن کاٹ کر رگ کے اوپر درد والی جگہ پر رکھ کر اوپر سے ٹیپ لگا دیں تین دن کے بعد اتار دیں) طب لآئمہ ص76

مہروں کے درمیان فاصلہ

ریڑھ کی ہڈی جسم میں وہ سب سے بڑی اور سب سے مضبوط ہڈی ہے جس پر جسم کی دوسری ہڈیوں اور ڈھانچے کا دارومدار ہوتا ہے۔ حقیقتاً یہ ایک ہڈی نہیں ہوتی بلکہ ہڈیوں کا ایک سلسلہ ہوتا ہے جس کی لمبائی جوان آدمی میں قریباً 27 انچ ہوتی ہے اور یہ سلسلہ 33 بے قاعدہ ہڈیوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ جو ریڑھ کے مہرے کہلاتے ہیں ان مہروں کے تین حصے ہوتے ہیں۔ پہلا جسم، دوسرا دوافقی شاخیں اور تیسرا ریڑھ کی شاخ ریڑھ کی ہڈی کا اگلہ حصہ 34 مختلف ہڈیوں سے مل کر بنا ہوتا ہے جو ایک دوسری سے اس طرح بندھی ہیں کہ ان میں لچک پائی جاتی ہے اور ہم اپنی کمر کو آگے پیچھے، جدھر چاہیں موڑ سکتے ہیں اچھلنے کودنے، دوڑنے اور کروٹ لینے میں بھی سہولت رہتی ہے اس ہڈی کے سلسلہ میں چار خم ہیں جن کے باعث کمر پر بوجھ اٹھانے میں آسانی رہتی ہے۔ کوئی جھٹکا لگے تو اس کا اثر دماغ تک نہیں پہنچتا۔ سینے اور پیٹ کے جوف کی وسعت زیادہ ہوجاتی ہے۔

مہروں کے درمیان فاصلہ میں (vertebrae) کا علاج کریں۔

اگر درد کیساتھ ہے اور یہ درد ٹانگ تک جائے تو پھر عرق النساء Sciatica

خون جم گیا ہے یا رگیں تنگ ہیں (اگر صرف مہرے میں درد ہے تو پھر خون جم گیا ہے یا رگیں تنگ ہیں تو اس کے لیے لختہ خون دیں)

علاج

داروی استخوان ساز، روغن زیتون سے مالش کریں، شہد+ دودھ، سویق سنجد، آخری مہرے کی حجامت کریں، سخت زمیں پر سوئیں، تین دن کمر پر ناخن باندھ کر رکھیں

اسکوالیسیس Scoliosis

اسکوالیوسس ریڑھ کی ہڈی کا ایک غیر معمولی گھماؤ ہے

اسکوالیسیس وہ جگہ ہے جہاں ریڑھ کی ہڈی مڑ جاتی ہے اور ایک طرف منحنی خطوط ہوتی ہے

علامات

نمایاں طور پر مڑی ہوئی ریڑھ کی ہڈی، ایک طرف جھکنا، ناہموار کندھے ایک کندھا یا ہپ چپکی ہوئی، پسلیاں ایک طرف سے چپکی ہوئی ہیں، پیروں میں بے حسی، کمزوری یا درد، چلنے میں دشواری، سیدھے کھڑے ہونے میں پریشانی، اونچائی میں کمی، تھکا ہوا احساس، سانس کی قلت، کمر کا درد۔

علاج

داروی شافیہ بآب مرزنجوش، جامع بآب مرزنجوش، داروی استخوان ساز، سویق سنجد

Treatment of the muscular bones that come out of the body

پٹھوں کا باہر نکل آنا

علاج

ان غذاوں کا استعمال کریں جن میں کیلشیم نہیں ہوتا، اخروٹ وغیرہ

پرہیز

کیلشیم پیدا کرنے والی غذائیں جیسے پنیر، استخوان ساز، دودھ، تل اور کرفس

Cartilage loss, Chondrosis, Knee Osteoarthritis

اوسٹیوارتھرائٹس ایک بہت عام بیماری ہے جو دنیا بھر میں لاکھوں لوگوں کو متاثر ہوتی ہے(Osteoarthritis) جو جوڑوں اور ہڈیوں کی حفاظت(Cartilage) کرتی ہے۔اس کی سب سے زیادہ پائی جانے والی قسم میں کارٹلیج اس کو نقصان پہنچتا ہے۔

کارٹلیج متصل ٹشو ہے جو پورے جسم میں پایا جاتا ہے۔اس کی خصوصیات لچک اور نیم شفاف، سخت نوعیت کی ہے۔ یہ بنیادی طور پر گلڈو پروٹین مادے سے بنا ہوا ہے جس کو کونڈروائٹین کہتے ہیں اور اسے ایک جھلی کے ذریعے محفوظ کیا جاتا ہے جسے پیریچونٹریم کہتے ہیں۔ ہڈیوں کو مضبوطی سے جڑنے کی اجازت دیتا ہے جبکہ اب بھی حرکت کو چالو کرتا ہے، لمبی ہڈیوں میں طولانی ترقی کی اجازت دیتا ہے اور برونچی اور ٹریچیا میں مدد فراہم کرتا ہے اس سے کوئی بھی جوڑ متاثر ہوسکتا ہے لیکن زیادہ تر ہاتھ، گردن، گھٹنے، کمر کا نچلا حصہ اور کولہے کے جوڑ متاثر ہوتے ہیں۔اس حالت میں وقت کے ساتھ ساتھ اضافہ ہوتا رہتا ہے۔

علاج

داروی شیطرج، داروی استخوان ساز، داروی پماد مفاصل، سویق سنجد

Cervical spondylosis, Arthritis of the neck

سروائیکل اسپین (گردن کے مہروں) کے درمیان گیپ ہونے یا کسی بھی وجہ سے مہروں میں تکلیف ہونے کی وجہ سے کندھوں اور ہاتھوں میں شدید درد محسوس ہوتا ہے جس کی وجہ سے آہستہ آہستہ ہاتھوں کی گریپ بھی کمزور پڑ جاتی ہے، سروائیکل گردن کے مہروں کی اس تکلیف میں درد کی شدت میں بھی غیر معمولی اضافہ ہوتا ہے۔ ایک ہی زاویے (اینگل) سے گردن جھکا کر مسلسل موبائل وڈیو گیم یا موبائل کے استعمال سے گردن کے مہرے بھی شدید متاثر ہونے لگتے ہیں، کم عمر کے بچوں میں موبائل سے مسلسل گیم کھیلنے سے سر درد اور گردن کے مہرے درد کر جاتے ہیں گردن میں درد شروع ہو جاتا ہے ادھر اُدھر گردن نہیں مڑتی، گردن کے مسلز کھنچ جاتے ہیں، گردن موڑنے سے آوازیں سنائی دیتی ہیں۔ اگر گردن کے گودوں میں فاصلہ آجاتا ہے تو اس سے ہاتھ و کندھے بھی متاثر ہوتے ہیں

نیند کے دوران اگر سر کا وزن غلط زاویے پر دباؤ ڈالتا رہے تو ان جوڑوں میں سوزش اور کھنچاؤ پیدا ہو جاتا ہے اور ان میں اس قدر شدید تکلیف ہوتی ہے کہ سر کو حرکت دینا بھی ممکن نہیں رہتا

علاج

سویق جو، داروی استخوان ساز، ناخن رکھیں اوپر تین دن، حجامت۔

گردن میں درد وڈیسک

بعض اوقات گردن میں درد مہروں کے فاصلے سے ہوتا ہے۔ مہروں کے درمیان فاصلہ آجاتا ہے۔ جس کو گردن کا ایتھرائٹس کہتے ہیں بعض اوقات مہرے اپنی جگہ سے ہٹ جاتے ہیں گردن میں درد ہو ہوتا ہے یہ درد گردن، کاندھوں کیساتھ ساتھ انگلیوں تک پھیل سکتا ہے۔

علاج

سویق جو، داروی استخوان ساز، حجامت، ناخن تین دن ڈیسک والی جگہ پر باندھ لیں۔

پاوں کے تلوے کا جلنا

وجوہات

گردن میں خرابی (اگر گردن میں مشکلات ہیں تو اسکی وجہ سے بھی پاوں جلتے ہیں۔)

علاج

سویق جو، دو سے تین دن سرہانے کے بغیر سوئیں، حجامت گردن، ناخن (تین دن گردن کے ارد گرد باندھیں)

پاوں جلنے کی دیگر بھی وجوہات ہوسکتی ہیں جیسے شوگر وغیرہ اگر گردن کیوجہ سے نہیں ہے تو دوسرے امراض کا علاج کریں۔

ہڈیوں کا ٹوٹ جانا Femoral fractures,Bone fracture

چوٹ لگنے یا کسی بھی وجہ سے ہڈیاں ٹوٹ جاتی ہیں۔ یا ہڈیاں بہت کمزور ہو جاتی ہیں، ہڈیوں میں درد وغیرہ ہوتا ہے

علاج

داروی استخوان ساز، سنجد، سویق جو گندم، چقندر کے پتے کھائیں۔

پٹھوں کی اکڑاہٹ مروڑ، درد Muscle cramp

وجوہات

خون کی خرابی، رگوں کی تنگی

اکثر لوگوں کو سوتے ہوئے اچانک پنڈلی میں شدید کھینچاؤ محسوس ہوتا ہے، جس کے باعث درد کی شدید ٹیسیں اٹھتی ہیں۔ یہ درد اچانک آتا ہے چند سیکنڈ سے چند منٹ تک رہ سکتا ہے۔

پٹھوں کی اینٹھن یا تشنج کو عام طور پر رگ چڑھنے کی شکایت کہتے ہیں۔ انگریزی میں یہ تکلیف کریمپس کہلاتی ہے۔ اکثر اوقات نیند کے دوران یہ تکلیف لاحق ہوتی ہے اور آدمی تکلیف کے مارے ہڑبڑا کر اٹھ بیٹھتا ہے۔ درد سے چیخ نکل جاتی ہے اور بے اختیار ہو کر متاثرہ حصے کو سہلانے لگتا ہے۔ یہ تکلیف بالعموم پنڈلی اور پنجے میں ہوتی ہے

علاج

داروی صاف کنندہ خون، داروی باز کنندہ عروق

تشنج، اینٹھن Convulsion،Muscle Strain

بدن سے کم وبیش پٹھے اپنے مرکز کی طرف کھنچ کر سکڑتے اور اینٹھتے ہیں

علامات

پٹھوں کا سخت ہو جانا، پٹھوں کا کھنچاؤ، کشیدگی پھٹے سخت ہو جاتے ہیں درد ہوتا ہے کھنچاؤ زیادہ ہو جاتا ہے۔

وجوہات

خون کی خرابی

علاج

اگر خون کی خرابی ہے و پٹھوں کی کمزوری ہے تو داروی صاف کنندہ خون، داروی تقویت عصب، زبیب بابونہ کھائیں، کشمش کھائیں۔

پٹھوں کی کمزوریMuscle weakness

عصبی کمزوری Neurasthenia

اس میں مریض کے پھٹے (اعصاب) کمزور ہوجاتے ہیں۔عصبی نظام میں خلل وفتور پیدا ہوجاتا ہے

علامات

معمولی کام سے تھکن ہوتی ہے، مریض چڑچڑا، پست ہمت وکمزور ہوجاتا ہے، اکثر بے خوابی، پریشانی ووہم میں رہتا ہے، دل دھڑکتا ہےاور چہرہ بے رونق ہوجاتا ہے، مردانہ طاقت بھی کم ہوجاتی ہے۔

علاج

جامع بآب مرزنجوش، شافیہ بآب مرزنجوش، تقویت اعصاب بابونہ، مویز، دنبہ کا گوشت+گائے کے دودھ میں پکاکر کھائیں، سویق جو+گندم۔

پٹھوں کا ضیاعMuscle Atrophy

ایٹروفی جسم کے کسی حصے کی مکمل یا جزوی ضائع (atrophy) کسی چوٹ، بیماری کی وجوہات میں غذائی ہوتی ہے۔ عام طور پر، اجزاء یا ہارمونز کی ناقص فراہمی، ناقص گردش، اعصاب کی فراہمی میں کمی، ورزش کی کمی شامل ہیں عام کام کے حالات کے تحت جسمانی اعضاء کو برقرار رکھنے کے لئے، ٹرافک ہونا چاہیے ایک ٹانگ دوسری ٹانگ سے چھوٹی نظر آتی ہے، عام طور پر ایک اعضاء میں کمزوری کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔توازن رکھنے میں دشواری ہوتی ہے پھٹے کمزور ہوجاتے ہیں۔ پٹھوں میں درد ہوتا ہے۔

علاج

(تقویت عصب) داردوی تقویت عصب، داروی عقل، روغن بنفشہ پا یہ کنجد، جامع بآب مرزنجوش، روغن زیتون+نمک سے مالش کریں، دنبہ کا گوشت+گائے کے دودھ میں پکاکر کھائیں۔

گھٹنوں پر چوٹKnee injury

گھٹنوں پر چوٹ لگنے کی درج ذیل علامات ہوسکتی ہیں

گھٹنے کا درد، سوجن، حرارت، سرخی، نرمی، گھٹنے کو موڑنے میں دشواری۔وزن اٹھانے میں دشواری

علاج

ہڈیوں پر چوٹ لگنے کا علاج، داروی استخوان ساز، برگ چقندر، سویق سنجد

Tendon injury

وجہ: گوشت میں چوٹ

علاج

داروی جمع کنندہ، روغن زیتون سے مالش کریں، پماد مفاصل

Cartilage injury

کارٹلیج کا بنیادی کام ہڈیوں کو رگڑ سے بچانے کا ہوتا ہے۔کارٹلیج ایک لچکدار اور ہموار لچکدار ٹشو ہے، ربڑ کی طرح ایک بھرتی جو جوڑ کی لمبی ہڈیوں کے حصوں کا احاطہ کرتا ہے، اور اس کی حفاظت کرتا ہے، اور پسلی کے پنجرے کا ایک ساختی جزو ہے، کان، ناک، برونکیل ٹیوبیں، انٹراٹیبر ل ڈسکس اور جسم کے بہت سے دوسرے اجزاء۔ یہ ہڈی کی طرح سخت نہیں ہے، لیکن یہ پٹھوں سے کہیں زیادہ سخت اور لچکدار ہے۔کارٹلیج کا میٹرکس چونڈرین سے بنا ہوا ہے۔

علاج

داروی شیطرج، پماد مفاصل، داروی طریفل

ٹانگوں وجوڑوں میں دردوسوجن Swelling of the legs and joints

(اگر دونوں ٹانگوں میں سوجن ہے تو گردے خراب ہیں تو پہلے گردوں کی اصلاح کی جائے) اگر ایک ٹانگ میں سوجن ہے تو کارٹلیج، جوڑوں کا مسئلہ وجوڑوں میں پانی ہوسکتا ہے۔

علاج

داروی شیطرج، داروی طریفل، پماد مفاصل، داروی استخوان ساز

Knee Flexor Muscles

گھٹنوں میں خم آ جانا، گھٹنے سیدھا کرنے میں مشکلات ہوتی ہیں، گھٹنوں میں درد ہوتا ہے، گھٹنوں کا جھکاو زیادہ ہو جاتا ہے۔

علاج

داروی شیطرج، داروی استخوان ساز، داروی طریفل، اگر گھٹنوں میں ریح ہوگئی ہے تو داروی روماتیسم، اگر خشکی ہے گھٹنوں میں تو آلو بخارخشک چاولوں میں پکا کر کھائیں۔

پٹھوں کا فالج Paralysis muscle

Enzyme secretion

اسکیلٹل اور دل کے پٹھے انزائم کا اخراج کرتے ہیں۔انزائم ہمارے جسم میں پٹھوں کو بنانے، جسم سے زہر کو ختم کرنے، اور کھانے کے دوران خوراک کو ہضم کرنے میں مدد دیتے ہیں، اور قوت مدافعت کو زیادہ کرتے ہیں۔ پٹھوں کے فالج سے جسم کے کسی بھی حصے کے پٹھے سن ہوجاتے ہیں۔ان میں حرکت ختم ہوجاتی ہے۔حرکت نہیں کر سکتے۔فالج (پٹھوں

کے فنکشن کا نقصان)،جسم کے انفرادی حصے جیسے بازوؤں اور پیروں ، انفرادی پٹھوں جیسے آنکھوں کے پٹھے یا پورا جسم کو مفلوج کر دیتا ہے

علاج

داروی حضرت محمد ﷺ، جامع بآب مرزنجوش،شافیہ بآب مرزنجوش،روغن بنفشہ پایہ کنجد

ٹانگوں میں سوجن Leg Swelling

کسی پرانی ٹانگوں میں یا جوڑوں میں چوٹ ،ہڈیوں میں چوٹ سے بھی ہوسکتا ہے،اس کے علاوہ گردوں کی خرابی سے بھی ہوسکتا ہے کیونکہ گردوں کا کام فالتو پانی کو جسم سے جزب کرنا ہوتا ہے جب گردے کام ٹھیک نہیں کرتے تو یہ پانی ٹانگوں میں چلا جاتا ہے۔

علاج

داروی مسخن ،مرکب چار،داروی طریفل،سنجد،داروی شیطرج ،ادرک کا پانی پی لیں۔

گھٹنوں میں پانی Fluid in the knee,Knee effusion

اس میں گھٹنوں کے اردگرد پانی جمع ہوجاتا ہے

علامات

جلد کا رنگ سرخ ہوجاتا ہے،سوجن ہوجاتی ہے،گھٹنوں کو موڑنے یا سیدھا کرنے میں دشواری ہوتی ہے،گھٹنوں میں درد ہوجاتا ہے خاص کر جب گھٹنوں پر وزن پڑتا ہے تو درد زیادہ ہوجاتا ہے

علاج

داروی طریفل، پماد مفاصل،داروی شیطرج

پٹھوں میں درد Muscle Pain

پٹھوں میں درد پٹھوں کی کمزوری یا خون کی خرابی کیوجہ سے ہوتا ہے

علاج

داروی صاف کنندہ خون،تقویت اعصاب، بابونہ،مویز

Meniscus knee

مینیسکس کارٹلیج کا ایک ٹکڑا ہے جو آپ کے فیمر (ران کی ہڈی) اور ٹبیا (شنبون) کے درمیان کشن مہیا کرتا ہے۔ ہر گھٹنے کے جوڑ میں دو مینیسکس ہوتے ہیں۔

علامات

سوجن یا سختی، درد خاص طور پر جب آپ کے گھٹنے کو گھوماتے ہو، آپ کے گھٹنے کو مکمل طور پر سیدھا کرنے میں دشواری ایسا محسوس ہوتا ہے جب آپ اس کو منتقل کرنے کی کوشش کرتے ہو تو آپ کو ایسا لگتا ہے جیسے آپ کے گھٹنے کو لاک لگا ہوا ہے۔

علاج

میوہ سرو (جمع کنندہ)

ACL

انٹیریئر کرسیئٹ لیگمنٹ (ACL) ایک ایسا لگام ہے جو گھٹنے کی حرکت کو مستحکم رکھتا ہے۔ اس میں چوٹ عام طور ہر کھیلوں کے دوران ہو جاتی ہے۔

علامات

گھٹنوں میں اونچی آواز میں شدید درد اور سرگرمی جاری رکھنے میں ناکامی، تیز سوجن، حرکت کی حد میں کمی، عدم استحکام کا احساس یا وزن اٹھانے کے ساتھ بہت درد

علاج

میوہ سرو، مومیائی + سرکہ

ہڈی سے ٹخنوں تک پٹھوں میں درد کا علاج Muscle pain from hip to ankle

علاج

داروی صاف کنندہ خون

چوٹ لگنے سے انگلیاں کا جڑ جانا Tendonitis finger

ٹینڈونائٹس ٹن ٹشو کا ایک سوزش ہے، اکثر ہڈی کے کنڈلی کے منسلک علاقے میں اکثر ہوتا ہے۔ زیادہ بیماری کے بعد، بیماری خود کو نرم درد کی شکل میں ظاہر کرتی ہے۔ دردناک احساسات مسلسل اور دیر تک جاری رہے ہیں انگلیوں میں ٹینڈینائٹس اس وقت ہوتی ہے جب پیشانی میں ٹینڈنز جو کلائی کے جوڑ اور ہاتھ میں جاتے ہیں، ان میں سوجن ہو جاتی ہے۔ انگلیوں کے ٹینڈوں میں ہاتھ کے اوپری حصے میں ایکسٹنسر ٹینڈن شامل ہوتے ہیں جو انگلیاں سیدھے کرتے ہیں، اور انگلیوں کو موڑنے والے ہاتھ کی ہتھیلی کی طرف لچکدار ٹینڈن شامل ہیں۔

علاج

لونگ + بارش کا پانی اس کو دو روز شیشہ میں ڈال کر سورج کے سامنے رکھیں اس کے بعد متاثرہ جگہ کی اس سے مالش

کریں، داروی تقویت اعصاب

leggedness-Genu varum,Bandiness bow

ٹانگوں کا ٹیڑھا ہوجانا

اس بیماری میں ٹانگوں یا رانوں کا اندر کیطرف جھکاو زیادہ ہوجاتا ہے، ٹانگیں یا ران اندر کیطرف مڑ جاتی ہے، یا پھر باہر کی طرف ہوکر ٹیڑھی ہوجاتی ہیں۔

علاج

داروی استخوان ساز، سویق سنجد، سویق جو، سنجد، برگ چقندر

پاوں کی کلائی میں گلٹی، گھٹنوں کے پیچھے Ankle cyst, behind the knee cyst

علاج

داروی شیطرج، داروی شفا، دعاورم، تخم السی+سرکہ ملا کر اس کے اوپر رات کو باندھ دیں۔

جلد کے باہر گلٹیاں Outer body Cyst

علاج

داروی شفا، داروی حضرت محمد ﷺ، تخم السی+سرکہ ملا کر رات کو لگا دیں۔

پاوں کا ٹیومر Foot tumor

وجوہات

پاوں میں گلٹی جب زیادہ پھیل جائے یا انفیکشن زیادہ ہوجاتا ہے۔

علاج

داروی شفا، داروی حضرت محمد ﷺ، داروی طریفل، قرص خون، استخوان ساز، سنا مکی، دعاورم۔

جوڑوں میں خشکی

علاج

ہر رات تین دانے خشک آلو بخارا کھائیں

نقرس، گنٹھیا Excess Uric Acid Gout

ایتھرائٹس کی ایک قسم ہے اس سے پاوں کے انگوٹھے میں اور گھٹنوں میں سوجن ہوجاتی ہے۔ جوڑوں میں درد، سختی اور سوجن سب سے زیادہ عام علامات ہیں۔ چلنے میں دشواری اور جوڑوں کے گرد جلد کا سرخ ہونا بھی اس مرض کی علامت ہے۔ اس سے متاثرہ لوگ صبح کے وقت اسے زیادہ محسوس کرتے ہیں۔ اس کی بنیاد پروٹین کا استعمال، Gout یورک ایسڈ

کی زیادتی ہے۔دیگر عوامل میں کشیدگی، جینیاتی، ضرورت سے زیادہ گاؤٹ اور ورزش کا فقدان ہے۔

علاج

داروی شیطرج، داروی طریفل، انجیر کھائیں، ٹانگوں و پاؤں کی حجامت۔

روایات

امام علی رضا (علیہ سلام) فرماتے ہیں اول شب اور پیٹ بھرے ہوئے ہم بستری نہ کریں۔اس سے قولنج، فالج و نقرس ہوتا ہے۔ بحارالانوار ج2 ص327

امام علی رضا (علیہ سلام) فرماتے ہیں دودھ اور نبیز اکھٹا نہ کھاؤ۔اس سے نقرس و برص کی بیماری پیدا ہوتی ہے۔ بحارالانوار ج59 ص321

امام علی رضا (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔مچھلی اور انڈے اکھٹے نہ کھاؤ۔اس سے نقرس، قولنج، بواسیر و دانتوں میں درد ہوسکتا ہے۔ بحارالانوار ج59 ص321

رگوں کا پھول جانا Varicose veins

رگوں کے پھولنے کی بیماری (Varicose Veins) ٹانگ میں موجود خون کی نالیوں کی ایک عام بیماری ہے۔ ٹانگوں میں مخصوص جھلیاں بھی ہوتی ہیں جو خون کو آگے بڑھاتی اور دل کی جانب واپس لوٹنے سے روکتی ہیں۔جب یہ اپنا کام (Valves) درست طریقے سے نہیں کر پائیں تو یہ بیماری لاحق ہوجاتی ہے ان کے خراب ہونے سے خون کی ترسیل جھلیاں متاثر ہوتی ہے اور جو خون دل میں جانا چاہیے وہ وریدوں میں جمع ہونے لگتا ہے۔اس سے وہ بڑی ہو کر پھولنے لگتی ہیں۔

یہ بیماری زیادہ تر ٹانگوں کو متاثر کرتی ہے جس کا سبب یہ ہے کہ ان کی وریدیں دل سے کافی دور ہوتی ہیں۔مزید براں کششِ ثقل بھی خون کی ترسیل اوپر کی جانب جانے میں رکاوٹ بننے لگتی ہے۔

علامات

اس بیماری کے شکار افراد کی رگیں جامنی' نیلی یا بہت زیادہ سرخ رنگ کی ہونے کے علاوہ ابھری اور پھولی ہوئی دکھائی دیتی ہیں۔پھولی ہوئی رگوں کی جگہ یا ان کے آس پاس کی جگھوں میں درد کی شکایت ہوسکتی ہے۔مریض تھکاوٹ اور بے چینی کا شکار بھی ہوسکتا ہے اور یہ علامات زیادہ تر دن کے دوسرے حصے میں محسوس کی جاتی ہیں۔اس کی بنیادی وجہ یہ کہ مریض جب آرام کر کے اٹھتا ہے تو اسے درد وغیرہ کی شکایت محسوس نہیں ہوتی۔دن بھر کے کام کاج کرنے سے جب خون کا دباؤ بڑھتا ہے تو مندرجہ بالا علامات نمایاں ہونے لگتی ہے۔

علاج طب اہلبیتؑ

ایلو ویرا+سرکہ(ان کو ملا کر ٹانگوں کی مالش کریں خاص کر متاثرہ حصے پر تین ہفتے)،تین بار حجامت کریں پاوں و ٹانگوں کی۔

پاوں میں سوزش

وجوہات: وزن کی زیادتی

علاج: برگ سنا+گلاب

کمزوری

وجوہات

مٹی کھانا،رات کا کھانا ترک کرنا،خون کھانا(گوشت صاف کر کے نہ پکانا)،مچھلی کھانا،اشنان کھانا،مردار کھانا،خالی پیٹ غسل کرنا،پیٹ بھرے غسل کرنا،زیادہ انڈے کھانا،ٹھنڈے پانی سے غسل کرنا،شراب پینا،خشک گوشت کھانا،پنیر کھانا،قدید کھانا،حسد کرنا،لمبے بال رکھنا،اول شب ہم بستری کرنا،معدہ کی خرابی،خون کی کمی(ان وجوہات سے بھی انسان کمزور رہوتا ہے جو ہم پہلے بتا چکے ہیں)۔

احادیث

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔

تین چیزیں جسم کو کمزور کرتی ہیں اور موت کا سبب ہیں۔قدید کھانا،پیٹ بھرے غسل کرنا اور بوڑھی عورت سے ہم بستری کرنا۔من لا یحضر ج1 ص146

اشنان

اشنان کھانا جسم کو کمزور کرتا ہے(چربی کو پگھلاتا ہے)مستدرک ج1 ص237

امام موسیٰ کاظمؑ فرماتے ہیں گوشت کھانے سے جسم موٹا ہوتا ہے اور مچھلی کھانے سے کمزور ہوتا ہے۔مستدرک ج17 ص54

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔

مچھلی کھانے سے انسان کا جسم کمزور ہو جاتا ہے۔مستدرک ج17 ص56

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔

ٹھنڈے پانی سے غسل نہ کرو۔اس سے جسم کمزور ہوتا ہے۔مستدرک ج1 ص1372

امام علیؑ فرماتے ہیں۔

انبیاءؑ رات کا کھانا عشاء کے بعد کھاتے تھے۔شام کے کھانے سے غافل نہیں رہتے تھے۔رات کا کھانا ترک کرنا بیماری کا سبب بنتا ہے۔مستدرک ج1 ص1372

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔

خدا نے شراب کو اس کے نام کی وجہ سے حرام نہیں کیا کے بلکہ اس کے انجام کی وجہ سے حرام کیا ہے کیونکہ یہ بدن کو کمزور کرتا ہے اور نورانیت کو ختم کرتا ہے۔مستدرک ج17 ص242

مردار کھانا

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔مردار کو جو بھی کھائے گا۔اس کا بدن ضعیف ہوگا۔اس کا جسم کمزور ہوگا۔اس کے جسم کی طاقت ختم ہوجائے گی۔اس کی نسل قطع ہوجائے گی اور مردار کھانے والے کی اچانک موت واقع ہوگی۔الکافی ص666

خون کھانا

خون کھانا منہ کو بدبودار کرتا ہے خوشبو کو گندہ کرتا ہے، بدشکل بناتا ہے اور جنون کی بیماری پیدا کرتا ہے، دل کو سخت کرتا ہے نرمی و مہربانی کو کم کرتا ہے۔یہاں تک کہ اس پر بھروسہ نہیں ہے وہ اپنے والدین و بچوں کو قتل کردے۔نہ اس کے رشتہ دار امان میں ہوتے ہیں اس سے اور نہ یہ امان میں ہوتا ہے۔الکافی ج6 ص66

مٹی کھانا

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔مٹی کھانا جسم میں بیماری پیدا کرتا ہے اور بیماری کو بڑھاتا ہے اور جو مٹی کھاتا ہے وہ اپنی پہلے والی قوت کھودیتا ہے جو کہ مٹی کھانے سے پہلے ہوتی ہے اور مٹی کھانے سے وہ جو کام کرتا تھا اس میں کمزور ہو جاتا ہے اس کی قوت و کمزوری کا حساب لگایا جائے گا اور اس پر عذاب کیا جائے گا۔الکافی ج6 ص723

رات کا کھانا

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں رات کا کھانا ترک کرنا آدمی کو کمزور کردیتا ہے چاہے وہ سن رسیدہ ہو یا کوئی بھی رات کو نہ سوئے مگر یہ کہ اس کے پیٹ میں کھانا ہو۔اصول الکافی ج6 ص783

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں۔جسم میں ایک رگ ہوتی ہے جسے عشاء کہتے ہیں۔پس اگر کوئی شخص رات کا کھانا ترک کر دے تو وہ رگ صبح ہونے تک اس کو بددعا کرتی رہتی ہے۔اور کہتی ہے اللہ تجھے بھوکا رکھے جس طرح تو نے مجھے بھوکا رکھا ہے جس طرح تو نے مجھے پیاسا رکھا ہے پس تم میں سے کوئی ایک بھی رات کے کھانے کو نہ چھوڑے۔اگرچہ روٹی کا ایک لقمہ ہو یا پانی کا ایک گھونٹ ہو۔الکافی ج6 ص787

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔کھانے سے پہلے ہاتھوں کو دھونا چاہے کیونکہ ایسا کرنے سے بیماریاں دور ہوتی ہیں اور ساتھ ہی تنگ دستی اور ضعیف بدن بھی دور ہوتا ہے۔طب آل محمدؐ

حسد بدن کو پگھلا دیتا ہے۔عیون الحکم و وعظ ص23

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔تین چیزیں انسان کو کمزور کرتی ہیں۔پنیر کھانا،خشک گوشت کھانا اور شگوفہ خرما۔المحاسن ج2 ص254

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں

چار چیزیں،بوڑھا ہونے سے پہلے بڑھاپے کو پیدا کرتی ہیں۔خشک گوشت کھانا،کسی گیلی جگہ پر بیٹھنا،سیڑھیاں چڑھنا،اور بوڑھی عورتوں سے جماع کرنا۔بحار الانوار ج78 ص230

امام موسیٰؑ کاظمؑ فرماتے ہیں۔بڑے بال منی کو کم کرتے ہیں،جوڑوں کو کمزور کرتے ہیں اور بدن کو کمزور و سُست کرتے ہیں۔بحار الانوار ج73 ص91

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔چربی کھانا جسم کو کمزور کر دیتا ہے۔تحف العقول ص380

تین چیزیں انسان کو تباہ اور جسم کو کمزور کر دیتی ہیں۔پیٹ بھرے جماع کرنا،پیٹ بھرے غسل کرنا،بوڑھی عورت سے جماع کرنا۔من لا یحضر ج3 ص555

وقت سے پہلے بڑھاپا

رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا دس چیزیں وقت سے پہلے بڑھاپے کا باعث ہیں۔عورتوں کے ساتھ زیادہ مقاربت کرنا،گیلی مٹی سے سر دھونا،بیت الخلاء میں قضائے حاجت کے وقت گفتگو کرنا،کثرت سے خوشبو استعمال کرنا،رات کو پانی (زیادہ) پینا،عورت کی شرمگاہ پر نگاہ کرنا،منہ کے بل سونا،رات کو کھڑے ہو کر پانی پینا،آستین سے منہ پونچھنا۔المحاسن ج2 ص196

رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا غم (گھبراہٹ اور پریشانی) آدھا بڑھاپا ہے۔

امام علیؑ فرماتے ہیں غم دو بڑھاپے میں سے ایک ہے۔طب الائمہؑ

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔بڑھاپے کی تین نشانیاں ہیں۔نگاہ کی کمی،پیٹھ کا جھکنا،قدم کا باریک (چھوٹا) ہونا۔الخصال ص64

رات کے کھانے کو ترک کرنا

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا رات کے کھانے کو ترک نہ کرو،چاہے ایک کھجور ہی کیوں نہ ہو،مجھے ڈر ہے کہ رات کا کھانا چھوڑنے سے میری امت کے لوگوں پر بڑھاپا اور بوسیدگی (ناتوانائی) غلبہ کر لے کیونکہ رات کا کھانا بوڑھوں و جوان سب کے لئے قوت کا باعث ہے۔المحاسن ج2 ص196

جسم کو موٹا و مضبوط کرنے والی چیزیں۔

سویق سنجد، چقندر کے پتے، سویق (ستو) گندم، کھجور، حلیم، شوید، چاول کی روٹی، کدو، انار، جو کی روٹی، زیتون+ سرکہ+ گوشت، گوشت+ دودھ، کباب، بھیڑ کا گوشت گائے کے دودھ میں پکا کر کھائیں، حلیم گندم ڈال کر، کشمش، نمک نبیؐ، بہی، کاسنی، سیب، ناشپاتی، کبوتر کا گوشت، گوشت پانی+ دودھ میں پکا کر کھائیں+ زیتون آئل، ایک دن چھوڑ کر غسل کرنا، دودھ، کشمش نہار منہ 21 دانے، چائے بابونہ۔

معدہ، مزاج، خون کی اصلاح کی جائے۔ اگر خون خراب ہے تو خون صاف کرنے والی ادویات استعمال کریں۔

بہت ہی پاورفل طبعی نسخہ بلکل نیچرل جو شہد سے تیار کیا جاتا ہے۔

(Propolis)+ پروپولیس (Royal Jelly)+ رائل جیلی (Bee Pollen)+ پولن (Pollen)

(جن کو الرجی ہوتی ہے وہ پولن استعمال نہ کریں)

طب اہل بیتؑ میڈیسن

سویق گندم، سویق سنجد، قرص خون خونساز (کرات)، مرکب دو، مرکب چھار، ھاضوم، جامع بآب ترہ، شربت امام علی رضاؑ، نورہ لگانا، تقویت اعصاب، صاف کنندہ خون۔

احادیث (جسم کو موٹا و صحت مند بنانے والی غذائیں و آداب)

انار و گرم پانی

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔ دو چیزیں بدن کے لیے مفید ہیں۔ جسم کو نقصان نہیں پہنچاتی۔ انار اور گرم پانی اور دو چیزیں جسم کے لیے نقصان دہ ہیں فائدہ نہیں پہنچاتی۔ پنیر اور خشک گوشت۔ مستدرک ج 17 ص 37

جو کی روٹی

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں جو کی روٹی کی گندم کی روٹی پر فضیلت ایسے ہے جیسے ہماری فضیلت لوگوں پر ہے۔ کوئی نبیؑ ایسا نہیں گزرا ہے مگر یہ کہ اس نے جو کھانے کی دعا نہ کی ہو اور خدا نے اس میں برکت دی ہے۔ جو کی روٹی کسی کے پیٹ میں داخل نہیں ہوتی مگر یہ کہ ہر بیماری کو باہر نکال دیتی ہے۔ جو کی روٹی انبیاءؑ کی غذا اور نیکو کاروں کا کھانا ہے۔ الکافی ج 6 ص 831

چاول کی روٹی

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں پیٹ کی بیماری والے کو چاول کی روٹی کھلاؤ۔ کیونکہ پیٹ کی بیماری والے کے پیٹ میں اس کا علاج ہے اس سے زیادہ نفع بخش کوئی چیز داخل نہیں ہوسکتی۔ یہ معدہ، کو درست کرتی ہے اور (TB) سل کا علاج ہے۔ لکافی ج 6 ص 832

گندم کا ستو (سویق)

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں ستو وحی کے ذریعے آسمان سے نازل ہوا بہترین غذا ہے۔گندم کا ستو ہڈیوں کو مضبوط کرتا ہے اور ہڈیوں پر گوشت چڑھاتا ہے، کھانے کو ہضم کرتا ہے، زیتون کے ساتھ کھایا جائے تو جلد کو نرم اور قوت باہ میں اضافہ کرتا ہے۔الکافی ج6 ص834

انار

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔انار کھاؤ۔کیونکہ یہ پھلوں کا سردار ہے، مومن کے معدہ میں کوئی دانہ نہیں جاتا مگر یہ ہر بیماری کو ختم کرتا ہے، وسواس کو دور کرتا ہے۔الکافی ج6 ص970

(گوشت+دودھ) یا (گوشت+سرکہ+زیتون)

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں رنگا رنگ غذائیں نہیں کھانا چاہیے یہ نقصان دہ ہوتی ہیں۔البتہ ثرید (سرکہ، زیتون، نان) کھائیں یہ میری پسندیدہ غذا ہے۔اصول کافی ج6 ص318

گوشت

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔گوشت گوشت کو اگاتا ہے۔جو چالیس دن تک گوشت نہ کھائے وہ بداخلاق ہو جاتا ہے۔جو بداخلاق ہو جائے اس کے کان میں اذان کہو۔اصول کافی ج6 ص195

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔ہفتے میں ایک بار گوشت کھایا کرو۔زیادہ گوشت کھانے کی عادت نہ بناو۔ المحاسن ج2 ص469

کباب

مدینہ میں ایک شخص بیمار ہو گیا۔اس کا جسم کمزور ہو گیا۔امام موسیٰؑ کاظمؑ نے فرمایا۔کباب کھاؤ۔اس سے جسم موٹا ہوتا ہے۔اصول کافی ج6 ص318

گوشت+دودھ

امام باقر علیہ السلام سے گوشت و گائے کے دودھ کا ذکر کیا گیا۔آپؑ نے فرمایا: ان کو ملا کر کھاؤ اور مجھے بھی دو (تقویت بدن ہے) المحاسن ج2 ص400

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔

حضرت نوحؑ نے خدا سے کمزوری کی شکایت کی۔خدا نے وحی نازل کی گوشت کو دودھ میں پکا کر کھائیں (بہتر ہے گائے کے دودھ میں دنبہ کا گوشت پکا کر کھایا جائے) طب الآئمہؑ ص74

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔دنبہ کا گوشت گائے کے دودھ میں پکا کر کھایا جائے۔ہر بیماری کا علاج کے

بدن کو طاقتور بناتا ہے۔طب لآئمہؑ ص74

امام علیؑ فرماتے ہیں جو شخص چاہتا ہے اسے کھانا نقصان نہ پہنچائے تو اس پر لازم ہے اس وقت تک کھانا نہ کھائے جب تک معدہ خالی نہ ہو اور بھوک نہ لگے اور کھانے کے بعد ابھی بھوک رہتی ہو تو ہاتھ کھینچ لے۔طب آل محمدؑ

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔کھانا کھانے سے پہلے ہاتھوں کو دھونا چاہے کیونکہ ایسا کرنے سے بیماریاں دور ہوتی ہیں اور ساتھ ہی تنگ دستی اور ضعیف بدن بھی دور ہوتا ہے۔الدعوات ص80

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔تین چیزیں جسم کو کمزور اور تین چیزیں جسم کو موٹا کرتی ہیں۔جو چیزیں جسم کو موٹا کرتی ہیں۔وہ ایک دن چھوڑ کر غسل کرنا،خوشبو سونگھنا،نرم لباس پہننا ہے۔الخصال ص155

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔کتان (کھدر) کا لباس پہنو۔کتان پیغمبروں کا لباس ہے اور یہ گوشت پیدا کرتا ہے۔اصول کافی ج6 ص429

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں نورہ لگانے کی مدت سنت پندرہ دن ہے اگر بیس دن گزر جائیں اور تمہارے پاس نورہ لگانے کی استطاعت نہ ہو تو خدا پر بھروسہ کرتے ہوئے قرض لے لو کیونکہ نورہ جسم کو پاک کرنے والا ہے۔اصول کافی ج8 ص198

امام موسیٰ کاظمؑ فرماتے ہیں نورہ منی کو زیادہ کرتا ہے،جسم کو طاقتور بناتا ہے۔مستطرفات ص575

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں اگر چاہتے ہو کہ جسم کا گوشت زیادہ ہو تو کچھ کھا کر غسل کرو (پیٹ بھر کر یا خالی پیٹ نہ کرو)۔طب لآئمہؑ ص66

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔دودھ گوشت کو اگاتا ہے،ہڈیوں کو مضبوط کرتا ہے۔جواہر الکلام ج36 ص396

گائے کا گھی

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔جو بھی ایک لقمہ چربی (گائے کا گھی) کھائے،وہ لقمہ اتنی ہی مقدار میں بیماری کو بدن سے خارج کرتا ہے۔شیخ یعقوب کلینی،کافی،ج6،ص311

حلیم (ہریسہ)

نبی ﷺ فرماتے ہیں انبیاءؑ نے خدا سے کمزوری اور قلت جماع کی شکایت کی۔اللہ نے انہیں حلیم کھانے کا حکم دیا (حلیم میں گندم ڈال کر کھایا جائے) اصول کافی ج6 ص319

بہی (Quince)

بہی کو بیج کے ساتھ کھاؤ۔جسم کو طاقت ور بناتا ہے،معدہ کو پاک کرتا ہے۔طب لآئمہؑ ص136

برگ چقندر

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں۔ برگ چقندر کھاؤ گوشت کو اگاتا ہے اور ہڈیوں کو مضبوط کرتا ہے۔ ہمان ص519

دن کو کھڑے ہوکر پانی پینا

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں دن کو کھڑے ہو کر پانی پینا سلامتی بدن اور تقویت بدن کا سبب ہے (رات کو بیٹھ کر پینا چاہیے) اصول کافی ج6 ص382

شکر بعداز حجامت

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں حجامت کے بعد شکر کھانا خون کو زیادہ کرتا ہے اور جسم میں قوت پہنچاتا ہے۔ مکارم الاخلاق ص84

سردی سے پرہیز

امام علی علیہ السلام فرماتے ہیں سردی کے موسم سے ابتدا میں احتیاط کرو اور آخر میں اس کا خیر مقدم کرو کہ اس کا اثر بدن پر درختوں کے پتوں جیسا ہوتا ہے کہ یہ موسم ابتدا میں پتوں کو جھلسا دیتا ہے اور آخر میں شاداب بنا دیتا ہے۔ (نہج البلاغہ، حکمت) ۱۲۸

رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔

تین چیزیں بدن کے لیے شادابی اور اس کی نمو کا سبب بنتی ہیں (طبیعی خوشبو سے استفادہ، لباس طبیعی پہننا، شہد کھانا)

طب النبی للمستغفری، صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

امام موسیٰ کاظمؑ فرماتے ہیں سویق کو سات بار دھویا جائے ایک برتن سے دوسرے برتن میں ڈالا جائے۔ اس کو کھانے سے پاؤں و ٹانگوں کی طاقت میں اضافہ ہوتا ہے الکافی ج6 ص306

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں جو چالیس دن ستو کھائے اس کے کاندھے قوت سے بھر جاتے ہیں (قوی ہوجاتے ہیں)۔ اصول کافی ج6 ص837، الکافی، ج6، ص506 ص119

امام موسیٰ کاظمؑ فرماتے ہیں۔ نورہ آب کمر کو زیادہ کرتا ہے۔ بدن کو طاقتور بناتا ہے۔ المحاسن ج2 ص463

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔ خالی پیٹ غسل نہ کرو۔ اس سے معدہ کی حرارت ختم ہوجائے گی۔ کچھ کھا کر غسل کرو اس سے جسم کو طاقت ملے گی اور پیٹ بھر کر بھی غسل نہ کریں۔

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔ تین چیزیں جو جسم کو خوشحال بناتی ہیں اور جسم کو مضبوط کرتی ہیں، خوشبو لگانا، نرم کپڑے پہننا اور شہد پینا۔ طب النبویؐ ص25

جسم میں سستی

علاج

ہر چار گھنٹے بعد گرم پانی پیئیں، غسل کریں، شہد+گرم پانی پیئیں۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے چند کھجور طلب کئے اور نوش فرمائے پھر فرمایا "اس وقت میرا کھجور کھانے کا دل نہیں چاہ رہا تھا لیکن کیونکہ مچھلی کھائی تھی اس لئے کھجور کھا لئے۔"

پھر فرمایا: "جو کوئی مچھلی کھائے اور اس کے بعد چند کھجوریں یا تھوڑا شہد نہ کھائے اور سو جائے تو صبح تک اس کے جسم پر سستی چھائی رہے گی۔" اصول کافی ج6 ص323

امام موسیٰ کاظمؑ فرماتے ہیں۔ مٹی کے برتن کو جسم پر رگڑنا تھکاوٹ کا باعث بنتا ہے۔ مستدرک ج1 ص380

امام رضاؑ فرماتے ہیں۔ مچھلی کھانے کے بعد ٹھنڈے پانی سے غسل کرنا جسم میں سستی کا باعث ہے۔ بحار الانوار ج62 ص321

امام رضا علیہ السلام فرماتے ہیں۔ ناشتے میں گرما کھانا (خدا کی پناہ!) جسم میں سستی پیدا کراتا ہے۔ مکارم الاخلاق ج1 ص401

امام موسیٰ کاظمؑ فرماتے ہیں۔ بڑے بال منی کو کم کرتے ہیں، جوڑوں کو کمزور کرتے ہیں اور بدن کو کمزور و سُست کرتے ہیں۔ بحار الانوار ج73 ص91

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔ منقی کھایا کرو کیونکہ منقی صفرا کو ختم کرتی ہے، بلغم کو ختم کرتی ہے ذہن کو محکم کرتی ہے رنجیدگی اور تھکن کو ختم کرتی ہے۔ طب الآئمہؑ

امام علی علیہ السلام فرماتے ہیں۔ دو قسم کی عادتوں سے پرہیز کرو۔ ایک تو تنگدلی اور دوسری سستی، کیونکہ اگر تنگدلی کا مظاہرہ کرو گے تو حق بات کو برداشت نہیں کر سکو گے اور اگر سستی کا مظاہرہ کرو گے تو کوئی حق ادا نہیں کر پاؤ گے۔ بحار الانوار جلد ۷۷ ۴۸ء

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔ ہلاکت و بربادی، سستی اور عاجزی کا نتیجہ ہوتی ہیں۔ بحار الانوار جلد ۷۱ ۳۴۲

حضرت علی علیہ السلام فرماتے ہیں۔ کاہلی محرومیت کے اسباب میں سے ایک ہے۔ بحار الانوار جلد ۷۷ ۲۰۸

حضرت علی علیہ السلام فرماتے ہیں۔ کاہلی ہی سے سستی جنم لیتی ہے۔ غرر الحکم

حضرت علی علیہ السلام فرماتے ہیں۔ کاہلی سے مناسب موقع ہاتھ سے نکل جاتا ہے۔ غرر الحکم

کاہلی ہی سے مقصد فوت ہو جاتا ہے۔ غرر الحکم

جو کاہلی اور خود پسندی کو ترک کر دے اس کو کسی قسم کی پریشانی نہیں ہوتی۔ غرر الحکم

سستی بے وقوفوں کی عادت ہوتی ہے۔ غرر الحکم

خون کی بیماریاں

موسیٰ بن بکر کہتے ہیں۔میں مدینہ میں بیمار ہوا جس سے میں کمزور ہو گیا پس امام موسیٰ کاظمؑ کی خدمت میں حاضر ہوا۔آپؑ نے فرمایا میں تمہیں کمزور دیکھ رہا ہوں؟ عرض کیا ہاں۔آپؑ نے فرمایا کباب کھاؤ۔پس میں نے کباب کھایا اور شفایاب ہو گیا۔وسائل الشیعہ ج17 ص63

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔باقلا کو چھلکے سمیت کھاؤ۔ہڈیوں کو مضبوط کرتا ہے اور تازہ خون پیدا کرتا ہے۔ہمان ص34

امام موسیٰ کاظمؑ کے ایک غلام کو تلی کی بیماری لگ گئی خون چلنے لگا۔آپؑ نے فرمایا۔اسے تین دن ترہ دیں۔اس نے ترہ کھانی شروع کی اس کا خون بھی رک گیا اور تندرست ہو گیا۔المحاسن ج2 ص511

امام جعفر صادق علیہ السلام نے حجامت کروائی۔اس کے بعد تین ٹکڑے شکر کے کھائے اور فرمایا۔حجامت کے بعد شکر کھانے سے خون صاف ہوتا ہے اور گرمی ختم ہوتی ہے۔طب لآئمہؑ ص59

شکر خون کو واپس لوٹاتی ہے اور طاقت پہنچاتی ہے مکارم الاخلاق ص84

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔کاھو کھاؤ۔خون کو صاف کرتا ہے۔مکارم الاخلاق ص183

سویق عدس

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔سویق عدس کھاؤ۔پیاس کو ختم کرتا ہے،معدہ کو تقویت دیتا ہے،اس میں ستر بیماریوں سے شفا ہے،صفرا کو ختم کرتا ہے،پیٹ کو ٹھنڈک دیتا ہے،فشار خون کو روکتا ہے اور گرمی کو ختم کرتا ہے۔اصول کافی ج6 ص307

خون کی کمی

علامات

سر درد،کمزوری،چکر آنا،سانس میں مشکلات،چہرے وجلد کا رنگ زرد ہو جانا

وجوہات

خون کی خرابی،کیمیکل والی غذائیں کھانا،گوشت کو صاف کر کے نہ کھانا یا پرانا گوشت کھانا،بخار،خون کا بہنا یا بواسیر وغیرہ،رات کو نہ سونا دیر تک جاگنا،بچوں کو خشک دودھ وغیرہ دینا،سورج نکلتے وقت اور ڈوبتے وقت سونا۔

خون کی کمی کا علاج

ترہ کھائیں، کشمش کھائیں، انار کھائیں، ناشتہ میں سیب کھائیں، کباب کا گوشت کھائیں، شکر کھائیں، انجیر کھائیں، سویق گندم، سویا+شہد، برگ چقندر، باقلا چھلکے کے ساتھ، گائے کا گھی، قلفہ سبزی، کھجور کھائیں، شہد+دودھ، عناب کھائیں، لوبیا شیرہ توت، انگور و کھجور، آلو بخارا، بھیڑ کا گوشت گائے کے دودھ میں پکا کر کھائیں۔

میڈیسن

داروی قرص خون، داروی کرات (خونساز)، شربت امام علی رضاؑ، سویق، داروی بان، جامع بآب ترہ، جامع بآب برگ چقندر

خون کو صاف کرنے والی چیزیں

ترہ کھائیں ہر چار گھنٹے بعد، گرم پانی پئیں، شہد+گرم پانی، شاہترہ، کاسنی، برگ چقندر، کاھو، حجامت، عناب، آلو بخارا خشک

میڈیسن

داروی صاف کنندہ خون، سنا کے پتے (حاملہ خواتین نہ استعمال کریں)

خون کا غلبہ

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں۔

خون کے غلبے کی چار نشانیاں ہیں۔ جسم پر خارش، دانے نکلنا، نیند کا غلبہ اور چکر آنا۔ الخصال ص 511

علاج میڈیسن

داروی صاف کنندہ خون، سویق عدس، کاھو، برگ چقندر، کاسنی، شاہترہ، ٹھنڈے پانی سے غسل، خشک آلو بخارا، حجامت و فصد، انار کھائیں، روغن زیتون سے مالش کریں

تھیلیسیمیا (Thalassemia)

ایک موروثی بیماری ہے یعنی یہ والدین کی جینیاتی خرابی کے باعث اولاد کو منتقل ہوتی ہے۔ اس بیماری کی وجہ سے مریض کے جسم میں خون کم بنتا ہے۔

جینیاتی اعتبار سے تھیلیسیمیا کی دو بڑی قسمیں ہیں جنہیں الفا تھیلیسیمیا اور بی ٹا تھیلیسیمیا کہتے ہیں۔ نارمل انسانوں کے خون کے ہیموگلوبن میں دو الفا اور دو Beta ٹا زنجیریں Chains ہوتی ہیں۔ گلوبن کی الفا زنجیر بنانے کے ذمہ دار دونوں جین (Gene) کروموزوم نمبر 166 پر ہوتے ہیں۔ جبکہ بی ٹا زنجیر بنانے کا ذمہ دار واحد جین HBB کروموزوم نمبر 11 پر ہوتا ہے۔

کم بنتی ہے جبکہ بی تھیلیسیمیا کے مریضوں Alpha chain الفا تھیلیسیمیا کے مریضوں میں ہیموگلوبن کی الفا زنجیر کم بنتی ہے۔اس طرح خون کی کمی واقع ہوجاتی ہے۔Beta chain میں ہیموگلوبن کی بی ٹا زنجیر۔

علامات

تھکاوٹ اور کمزوری، جلد کا رنگ زرد ہوجانا، کمزوری محسوس ہونا، سیاہی مائل پیشاب، جسم میں درد و کمزوری، چکر آنا۔

مفرد اور غذائی علاج

سویا کو شہد کے ساتھ ملا کر کھائیں، کاسنی، انار، نیم گرم پانی، عناب کھائیں پاوڈر سنجد، داروی قرص خون، جامع رضاؑ ترہ کے جوس کے ساتھ ہفتہ میں ایک دفعہ، ھاضوم، کراث (خونساز)، زنبق (صاف کنندہ خون)، غبیرا (استخوان ساز)، سعوط کندش، روغن بنفشہ پا یہ کنجد، دوسین، داروی بان۔ترہ اور ترہ کا پانی(Allium schoenoprasum)

یداوی علاج

روغن بنفشہ پا یہ زیتون کو سر پر لگانا (بال گرنے سے بچانے کے لئے) 20 دن دوا استعمال کرنے کے بعد حجامت اور تھوڑا سا خون نکالا جائے تلی اور جگر کو صاف کرنے کے لیے حجامت کے بعد گنے کی شکر استعمال کریں۔

پرہیز

مچھلی، سرکہ، مرغ

کم خونی Anemia

علاج

انار کھائیں، ترہ کا جوس پئیں اور سبزی کھائیں، کھجور، برگ چقندر، دنبہ کا گوشت گائے کے دودھ میں پکا کر، اسفند جوس، مویز، انجیر، باقلا، اسٹابیری، بیدمشک، دودھ+شہد، گڑ، الفلفا، شیرہ انگور، شیرہ کھجور، شیرہ توت، آلو بخارا، زرشک، سویق گندم، سویق سنجد۔

طب اہل بیتؑ میڈیسن

قرص خون، داروی خونساز، جامعہ امام علی رضاؑ، شربت امام علی رضاؑ

خون کا جمنا Blood Clotting

Also called Thrombophilia, Hypercoagulable disorder and Clotting disorder

دل، پھیپھڑوں، دماغ، رگوں اور خون کی نالیوں میں خون جم جاتا ہے۔جس سے خون کی سپلائی متاثر ہوجاتی ہے۔ فالج، دل کا دورہ اور کئی بیماریاں وجود میں آتی ہیں۔

علامات

ٹانگوں کی اکڑن

جن لوگوں کو بلڈ کلاٹ کا تجربہ ہوتا ہے ان کی ٹانگ اکڑ جاتی ہے اور کھچاؤ محسوس ہونے لگتا ہے، جس کی وجہ کسی بڑی شریان میں خون کا لوتھڑا بننا شروع ہوتا ہے، ٹانگ میں بلڈ کلاٹ کو ایک دن کے لیے نظر انداز کرنا پھیپھڑوں کے مسائل کا باعث بن سکتا ہے جو کہ انتہائی خطرناک ثابت ہو سکتے ہیں۔

جھنجھناہٹ

کسی ایک عضو میں مسلسل ہونے والی جھنجھناہٹ یا سنسناہٹ بھی خون کے جمنے کی عام علامات میں سے ایک ہے، جس میں سوئیاں چبھتی ہوئی محسوس ہوتی ہیں اگر آپ ہائی بلڈ پریشر کے مریض ہیں تو اس طرح کی کسی بھی جھنجھناہٹ پر توجہ مرکوز کرنی چاہیے۔

جلد بے رنگ ہونا

بلڈ کلاٹ خون کے معمول کی گردش کو متاثر کرتی ہے جس کے نتیجے میں متاثرہ حصہ زرد یا بے رنگ ہو جاتا ہے، اگر آپ کی ایک ٹانگ کا کوئی حصہ زیادہ زرد یا جسمانی رنگت سے ہٹ کر لگے تو یہ خون جمنے کی علامت ہے۔

چھونے پر جلد گرم یا ٹھنڈی ہونا

ایک اور عام علامت جلدی درجہ حرارت میں تبدیلی ہے، رنگت بدلنے کی طرح متاثرہ حصے میں دوران خون متاثر ہونے سے وہاں کا درجہ حرارت بھی بدلتا ہے، جیسے گرم یا ٹھنڈا ہو جاتا ہے۔

ایک ہاتھ یا ٹانگ کا سوجنا

کسی ایک ٹانگ یا ہاتھ کا سوجنا خون کے جمنے کی واضح ترین علامات میں سے ایک ہے، درحقیقت خون کے جمنے کے نتیجے میں ٹانگوں تک خون کا پہنچنا بلاک ہو جاتا ہے اور وہ خون اس جگہ جمع ہونے لگتا ہے جہاں کلاٹ ہوتا ہے جس کے نتیجے میں سوجن ہونے لگتی ہے۔

بہت زیادہ پسینہ آنا

موسم گرم نہ ہو پھر بھی مسلسل پسینہ آ رہا ہو تو یہ بھی بلڈ کلاٹ کی نشانی ہو سکتی ہے جو کہ پھیپھڑے یا دل کے قریب ہو سکتا ہے یہ بہت سنگین قسم کی علامت ہوتی ہے جس کا فوری علاج ہونا ضروری ہوتا ہے۔

سانس لینے میں مشکل یا تیز دھڑکن

پھیپھڑوں میں خون کا جمنا آکسیجن کے بہاؤ کو سست کر دیتا ہے، ایسا ہونے پر دل کی دھڑکن تیز ہو جاتی ہے جبکہ سانس گھٹنے لگتا ہے۔ آپ کو غشی کا احساس بھی ہو سکتا ہے۔

سینے میں درد

سینے میں درد ہوسکتا ہے کہ آپ کو لگے کہ ہارٹ اٹیک ہے مگر یہ کلاٹ بھی ہوسکتا ہے، درحقیقت دونوں کی علامات ملتی جلتی ہیں، خون جمنے سے ہونے والا درد تیز اور خنجر کی طرح محسوس ہوتا ہے خاص طور پر گہری سانس لینے پر بدتر ہوجاتا ہے، ہارٹ اٹیک میں مریض کو کندھوں، جبڑوں یا گردن تک درد پھیلتا ہوا محسوس ہوتا ہے۔

بغیر کسی وجہ کے کھانسی

اگر سانس گھٹنے، دل کی دھڑکن تیز ہونے یا سینے کے درد کے ساتھ کھانسی ہورہی ہو جو رک نہ رہی ہو تو یہ کلاٹ کی واضح علامت ہے، یہ کھانسی خشک ہوتی ہے مگر کئی بار بلغم یا خون بھی نکلتا ہے، سرخ جلد خاص طور پر گھٹنے کے نیچے کے پیر کے پچھے دم گھٹنا اور پیشاب و پاخانہ میں خون آنا، ہاتھ و پاؤں شدید ٹھنڈے ہوجانا۔ شدید سر درد

وجوہات (طب اسلامی)

شدید سردی و سرد غذائیں، بلغم

علاج

طب اہلبیتؑ میں تمام اعضاء میں خون جمنے کے لیے داروی لختہ خون استعمال ہوتی ہے اور رگوں کو کھولنے کے لیے داروی باز کنندہ عروق استعمال ہوتی ہے۔

دماغ میں خون کا جمنا

علاج طب اہل بیتؑ

جامع بآب مرزنجوش، شافیہ بآب مرزنجوش، داروی باز کنندہ عروق، داروی لختہ خون روغن بنفشہ یا یہ کنجد در ناک، داروی صاف کنندہ خون

پھیپھڑوں میں خون

علاج طب اہل بیتؑ

داروی طریفل، داروی لختہ خون، داروی کاشم، جامع بآب سونف

رگوں و نالیوں میں خون

علاج طب اہل بیتؑ

داروی باز کنندہ عروق، داروی لختہ خون، داروی صاف کنندہ خون، داروی طریفل

Fetus خون در جنین

علاج طب اہل بیتؑ

داروی لختہ خون، جامع بآب انغوزہ، داروی صاف کنندہ خون۔

دل میں خون کا جمنا

علاج طب اہل بیتؑ

داروی طریفل، داروی لختہ خون، جامع بآب مرزنجوش، شافیہ بآب مرزنجوش، داروی قرص خون، سورج کی طرف پشت کر کے بیٹھنا۔

خوراک

انجیر، اسپند، ادرک، انار، اجوائن+اخروٹ

Thrombocytosis (High blood platelets)

وجوہات

خون کی خرابی، سرد غذائیں وبلغم

پلیٹ لیس کیا ہیں؟

جسم کے خون میں موجود پلیٹ کی شکل کے چھوٹے چھوٹے ذرات یعنی خلیات ہوتے ہیں اور ان کے گرد جھلی بنی ہوئی ہوتی ہے، ان کا کام انسانی خون کے جسم سے انخلا کو روکنا ہوتا ہے خلیات یعنی پلیٹلیٹس خون کے ساتھ ہی گردش کرتے رہتے ہیں اور جسم کے کسی بھی حصے میں زخم ہونے یا چوٹ لگنے کی صورت میں وہ وہاں جمع ہو کر جھلی بنا لیتے ہیں اور خون کو جسم سے باہر آنے سے روکتے ہیں خون میں پائے جانے والے پلیٹ لیٹس کو تھرومبوسائٹس بھی کہا جاتا ہے۔ خون میں ان کی نارمل تعداد ڈیڑھ لاکھ سے ساڑھے چار لاکھ تک فی مائیکرو ملی لیٹر خون میں ہوتی ہے۔

اگر خون میں پلیٹ لیٹس کی تعداد نارمل مقدار سے بڑھ جائے تو اس کیفیت کو تھرومبوسائٹوسس کہا جاتا ہے۔ جبکہ پلیٹ لیٹس کی کمی کو تھرومبوسائٹوپینیا کہا جاتا ہے۔

تھرومبوسائٹوسس کی اقسام

اس مرض کی اسباب کے لحاظ سے درج ذیل اقسام ہیں۔

(1) **تھرومبوسائٹوسس** جو بون میرو کی خرابی سے ہوتی ہے۔

(2) **ری ایکٹو تھرومبوسائیٹوسس**۔ اس کا سبب عموماً کوئی انفیکشن ہوتا ہے۔ نیز بون میرو کی خرابی بھی ہو سکتی ہے۔

اگر یہ بون میرو کی خرابی سے ہو تو اسے آٹونومس۔ پرائمری یا Essential تھرومبوسائٹوسس یا ایسینشیئل تھرومبو

سیتھیمیا بھی کہا جاتا ہے۔

(3) **فیمیلیل ایسینشیئل تھرومبوسی تھیمیا یہ وراثتی مرض ہے۔**

علاج

داروی صاف کنندہ خون، سنا مکی+گلاب، حجامت

Paroxysmal nocturnal hemoglobinuria(PNH)

وجوہات

بلغم خون کے سفید خلیوں میں جمع ہو جاتی ہے اور سخت ہو کر جم جاتی ہے۔

پی این ایچ، یا پیرا کسسمل راتوں کا ہیموگلوبینوریا، خون کی ایک غیر معمولی بیماری ہے جس کی وجہ سے خون کے سرخ خلیے ٹوٹ جاتے ہیں۔ ڈاکٹروں نے اس ٹوٹ پھوٹ کو ہیمولائسز کہا ہے۔ ایسا اس لئے ہوتا ہے کیونکہ کسی شخص کے خون کے خلیوں کی سطح میں ایک پروٹین موجود نہیں ہوتا ہے جو انہیں جسم کے دفاعی نظام سے بچاتا ہے۔

علامات

تھکاوٹ یا کمزوری، آسانی سے چوٹ یا خون بہنا، سانس میں کمی، بار بار چلنے والے انفیکشن یا فلو جیسے علامات، بہت معمولی زخموں سے بھی خون بہنے پر قابو پانے میں دشواری

علاج: داروی بلغم زدہ، داروی طریفل، داروی لحتہ خون

غذائیں

گرم غذائیں کھائیں، سرد غذاؤں سے اجتناب کریں (وہی بلغم والا علاج ہی اس کے لیے مفید ہے)

زہر کھالینا، سانپ یا بچھو یا زہریلی مکھی کا کاٹ لینا

فرسٹ ایڈ

کوشش کریں مریض فوراً الٹیاں کرے۔ اس کے لیے الٹیاں کرانے والی چیزیں دیں۔ مثال کے طور پر ایک گلاس گرم عرق گلاب+ایک گلاس گرم پانی جس میں سمندری نمک ملایا ہو مریض کو دیں۔ مریض کے منہ میں انگلیاں ڈالیں، الٹیاں کروانے کے لیے۔

سانپ کے کاٹنے کی فرسٹ ایڈ

جس جگہ سانپ نے کاٹا ہو اس جگہ نمک لگائیں، مریض کو فوراً پانی نہ دیں اس سے پورے جسم میں زہر پھیل جائے گی، جس جگہ پر سانپ نے کاٹا ہے اس پر نمک لگائیں اس سے زہر کا اثر کم ہو جائے گا۔

☆ اگر تین گھنٹے سے اوپر ہو گے ہیں تو چار چمچ روغن زیتون اور ایک گلاس عرق گلاب گرم کر کے مریض کو دیں۔

زہر کو ختم کرنے کا علاج

عجوہ کھجور مریض کو دیں، سویق سیب دیں، کوئی بھی فزیکل ایکٹیوٹی نہ کریں۔ ہر چھے گھنٹے بعد شہد+صعتر فارسی کو ابال کر پی لیں، دودھ+عرق گلاب+شہد ملا کر پئیں۔ پانی میں نمک ملا کر اس پر سورہ الحمد+سورہ الفلق+سورہ الناس پڑھیں اس کو پئیں اور جس جگہ پر زہر ہے اس پر لگائیں، شہد+گائے کا گھی استعمال کریں۔

طب اہل بیت میڈیسن

جامع امام علی رضا+آب انغوزہ (حلتیت) کو گرم کھولتے ہوئے پانی میں حل کریں پھر اس میں ایک جامع ڈال لیں) شافیہ (چودہ ماہ)+بینگن کے بیج (بینگن کے بیج ایک بھرے ہوئے کھانے کے چمچ کے برابر پیس لیں پھر اس میں دو گلاس پانی ڈال کر ابال لیں۔ پھر اس پانی کو صاف کر کے اس میں چنے کے دانے کے برابر شافیہ ڈال کر گرم گرم پی لیں) داروی حضرت محمد ﷺ، حجامت۔

جنگلی بند گوبھی (بہت مفید ہے خشک ہو تو زیادہ فائدہ مند ہے)۔

جس جگہ کسی نے کاٹا ہو اس پر لیموں لگائیں لیموں زہر چوس لیتا ہے۔ گرم پانی میں لیموں اور نمک ملا کر پئیں۔

جس جگہ پر درد ہے اس پر ہاتھ رکھیں۔ نماز فجر کے بعد اور پڑھیں۔

(بسم اللہ و باللہ و محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ)

پھر سات بار پڑھیں

(اشفنی یا شافی إلا شفاء إلا شفاؤك شفاء لا یغادر سقما)

سورہ نازعات پڑھیں، سورہ بروج کو پانی پر دم کریں اور پانی کو پی لیں زہر کے اثر کو ختم کرنے کے لیے مفید ہے۔

☆ تمام حشرات کو بھگانے کے لیے انار کے درخت کا دھواں لگائیں۔

روایات میں لاعلاج بیماریوں کا ذکر کیوں آیا ہے؟ جبکہ رسول ﷺ نے فرمایا ہے کہ

لکل داء دواء (ہر بیماری کا علاج ہے)

(شرح اصول کافی ج۱۱، ص۱۱۸)

اسی طرح ایک اور جگہ رسول ﷺ نے فرمایا

خداوند متعال نے ہر درد کو اسکے علاج (دوا) کے ساتھ بھیجا ہے سوائے سام (موت) کے کہ جسکی کوئی دوا نہیں۔

(مستدرک الوسائل ج۱۶، ص۴۳۶)

امام صادق ﷺ فرماتے ہیں سوائے موت کے کلونجی ہر چیز کا علاج ہے۔ (مستدرک الوسائل ج۲، ص۴۰۴)

جواب

وہ روایات جن میں لاعلاج بیماریوں کا ذکر ہے انکے چند احتمالات اور وجوہات ہوسکتی ہیں ممکن ہے جب یہ روایات بیان کی گئی ہوں اسوقت اسکا علاج موجود نہ ہو۔

(1) ایک زمانے میں میں اسکا علاج موجود نہ ہو مگر دوسرے زمانے میں موجود ہو۔ جیسا کہ ام الفضل (زوجہ امامؑ) نے جب امام جوادؑ کو زہر دیا تو امامؑ نے فرمایا کہ خداوند تمہیں ایک ایسی بیماری میں مبتلا کریگا جسکا کوئی علاج نہیں ہوگا۔ وہ فرج (شرمگاہ) کے جذام میں مبتلا ہوئی۔ اور طبیبوں سے مدد مانگی گئی انہوں نے دوا دی مگر اسکا کوئی فائدہ نہ ہوا۔

اس روایت سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اس زمانے میں بیماری جذام کا علاج موجود نہیں تھا مگر آج کے زمانے میں علاج موجود ہے۔

اس زمانے میں بیماری کا علاج نہ ہونے کے معنی یہ ہیں کہ طبیبوں کے پاس اسکا علاج یا تشخص موجود نہیں تھی نہ یہ کہ رسول وآئمہؑ کے پاس ان بیماریوں کا علاج نہیں تھا۔

(2) ممکن ہے کہ بیماری کا علاج طبیعی چیزوں سے نہ ہوسکتا ہو جیسے دوایاں وغیرہ مگر اسکا علاج روحانی طریقے سے ہوسکتا ہو جیسے کہ دعا۔

امام رضاؑ نے روایت "لکل داء دواء" کے متعلق فرمایا:

کہ اس سے مراد "لکل داء دعاء" ہے یعنی "ہر درد کے لیے دعا ہے۔"

دعا کا اثر دوا سے زیادہ ہے اور ہر بیماری کا علاج ہے۔

اسی طرح رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ سورہ حشر کی آخری تین آیات کی قرات سر پر ہاتھ رکھ کر کریں کہ یہ خدا کی طرف سے دستور جبرائیلؑ ہے۔ اور یہ عمل موت کے علاوہ تمام بیماریوں کے لیے شفا ہے۔ (بحار الانوار ج ۸۹)

لاعلاج بیماریاں روایات کی روشنی میں کون کون سی ہیں؟

(1) کھڑے ہو کر پانی پینا

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں

تم میں سے کوئی شخص بھی (رات کو) کھڑے ہو کر پانی نہ پیے کیونکہ اسکے سبب ایسی بیماری میں مبتلا ہوگا جسکا کوئی علاج نہیں ہے مگر یہ کہ خداوند متعال سلامتی دے۔ تحف العقول ج۱، ص ۱۱۲

(2) صبح کے وقت پنیر کھانا

ایک شخص نے امام صادقؑ سے پنیر کھانے کے متعلق سوال کیا۔ آنحضرت نے جواب دیا: یہ ایک ایسی بیماری ہے جسکا علاج نہیں ہے۔ اسی طرح ایک اور جگہ فرمایا کہ پنیر صبح کو کھانا ضرر کا باعث ہے اور رات کو کھانا سودمند ہے۔ اصول کافی ج ۶، ص ۳۴۰، ح ۳

(3) امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔

(رات کو) کھڑے ہوکر پانی نہ پیو اور کسی قبر کا طواف نہ کرو اور کھڑے پانی میں پیشاب نہ کرو، پس اگر کوئی یہ کام کرے اور درد میں مبتلا ہو جائے تو وہ صرف اپنے آپ کو ملامت کرے۔ اور اگر کوئی ان میں سے ایک کام بھی کرے گا تو درد اس سے جدا نہ ہوگا مگر یہ کہ خداوند متعال چاہے۔ (علل الشرائع ج۱ ص ۲۸۳)

(4) جنابت کے بعد پیشاب نہ کرنا

رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں

جو کوئی بھی جنابت کرنے کے بعد پیشاب کرنے کو ترک کریگا ممکن ہے کہ باقی ماندہ منی اسکے جسم میں واپس لوٹ جائے گی اور ایسی بیماری کا سبب بنے گی جسکا علاج نہ ہوگا۔ من لایحضر ج۱ ص ۸۳

بیماریوں کی انواع

طب اسلامی، بیماریوں کو سات انواع میں تقسیم کرتی ہے۔

(1) مزاجی بیماریاں

(2) چھوٹوں اور بڑوں کی بیماریاں

(3) خبیثہ و غیر خبیثہ

(4) اندرونی و بیرونی بیماریاں

(5) مفید و غیر مفید بیماریاں

(6) قابل علاج و لا علاج

(7) شائنہ و غیر شائنہ

مفید و غیر مفید بیماریاں

طب اسلامی کی یہ خصوصیت ہے کہ اس میں بیماریوں کو مفید اور غیر مفید میں تقسیم کیا گیا ہے۔ مفید بیماریاں وہ ہیں جو بدن کے لیے مفید و نفع بخش ہیں اور ان بیماریوں کا علاج و معالجہ کرنا جائز نہیں ہے کیونکہ اگر علاج کیا جائے گا تو ان سے بھی بڑی بیماریوں کے پیدا ہونے کا خدشہ ہوتا ہے۔ مفید بیماریاں درج ذیل ہیں

زکام

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ زکام سے نفرت نہ کرو کیونکہ یہ جذام سے محفوظ رکھتا ہے۔ (الخصال ج۱ ص ۲۱۰، ح ۳۲)

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم زکام کا علاج نہیں کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ ہر شخص میں

جذام کی رگ موجود ہوتی ہے۔ پس اگر کوئی شخص زکام میں مبتلا ہو جائے تو وہ بیماری جذام کو دبا دیتا ہے (جذام ہونے سے بچ جاتا ہے)۔ اصول کافی ج۸ ص۳۸۲، ح۵۷۹

رسول خدا ﷺ فرماتے ہیں کہ کوئی فرزندان آدم میں سے نہیں مگر یہ کہ اسکے اندر دو رگیں موجود ہیں۔ ان میں سے ایک رگ جو کہ سر میں ہے وہ جذام میں مبتلا ہونے کا سبب بنتی ہے۔ اور دوسری رگ جو بدن میں ہے وہ برص میں مبتلا ہونے کا سبب بنتی ہے۔ جب سر والی رگ میں حرکت پیدا ہوتی ہے تو خداوند متعال زکام کو اس پر مسلط کر دیتا ہے تا کہ وہ (خطرناک) بیمار مائع کو خارج کر دے۔ (اصول کافی ج۸ ص۳۸۲، ح۵۷۹)

رسول خدا ﷺ فرماتے ہیں کہ زکام خدا کے سپاہیوں میں سے ایک سپاہی ہے۔ خدا اسکو، بیماری کی طرف بھیجتا ہے تا کہ وہ بیماری کو برطرف کر دے۔ اصول کافی ج۸ ص۳۸۲، ح۵۷۹

زکام صرف جذام کے لیے مفید نہیں ہے بلکہ تمام رگ دار بیماریوں کے لیے مفید ہے۔ زکام کا علاج نہ کرنے سے مراد یہ ہے کہ پہلے تین دن اسکا علاج نہ کیا جائے تا کہ وائرس نکل جائے۔ کیونکہ زکام ایک بیماری ہے اس لیے اگر زیادہ دن تک رہے تو خطرناک ہے اس لئے پہلے تین دن کے بعد علاج کرنے میں کوئی ممانعت نہیں ہے۔

پھوڑے پھنسیاں (دمل)

رسول خدا ﷺ فرماتے ہیں پھوڑے کے نکلنے سے نفرت نہ کرو کیونکہ یہ برص کی بیماری سے محفوظ رکھتا ہے۔ (الخصال ج۱ ص۲۱۰، ح۳۲)

اس حدیث میں ایسے پھوڑے، پھنسیاں مراد ہیں کہ جن میں سے پیپ اور خون نکلتا ہے۔

دردچشم (رمد)

دردچشم سے نفرت نہ کرو کیونکہ یہ اندھا ہونے سے بچاتی ہے۔ (الخصال ج۱ ص۲۱۰، ح۳۲)

کھانسی

رسول ﷺ نے فرمایا کھانسی سے نفرت نہ کرو کیونکہ یہ فالج اور مغزی سکتہ سے محفوظ رکھتی ہے۔ الخصال ج۱ ص۲۱۰، ح۳۲

ان چار بیماریوں کے علاوہ باقی تمام بیماریاں غیر مفید اور مضر ہیں۔ لیکن آج کل لوگ تمام بیماریوں کو ہی مضر صحت سمجھتے ہیں۔

ایڑی میں درد Heel Spurs

Pantar fasciitis،calcaneal

ہمارے پاؤں اور ایڑیاں (26) ہڈیوں 33 جوڑوں اور 100 سے زائد Tendos سے ملکر بنتے ہیں۔ ان میں

Heels ایڑھی کی ہڈی سب سے بڑی ہوتی ہے۔
ایڑی میں درد کی بہت سی وجوہات ہوسکتی ہیں جس میں سب سے زیادہ اور عام Plantar fasciitis ہے۔
عموماً جب ہم صبح بستر سے اٹھتے ہیں جیسے ہی قدم زمین پر رکھتے ہیں۔ ایڑیوں میں شدید درد ہونے لگتا ہے اسی طرح بعض اوقات محسوس ہوتا ہے۔ جیسے ایڑی میں چھری سے زخم لگ گیا ہو یا شاید ہڈی ٹوٹ گئی ہو۔ ایڑی کی اس تکلیف کو طبی زبان میں "پلانٹر فیسائٹس" کہا جاتا ہے۔ پیر میں کیلشیم کی زیادتی سے بھی تکلیف ہوجاتی ہے۔

دیگر وجوہات

زیادہ وزن (موٹاپا)، ذیابیطس، زیادہ دیر کھڑے رہنا، تھوڑے وقت میں تیز بھاگنا یا اچھلنا کودنا، معمول سے زیادہ دیر یا زیادہ سخت ورزش کرنا یا زیادہ کھیلنا، تنگ جوتے یا ایسے جوتے پہن کر چلنا یا بھاگنا جو آرام دہ نہ ہوں، اونچی ایڑی کا جوتا زیادہ دیر تک پہن کر چلنا، ایسے کئی عوامل ہیں جو فیشیا میں سوجن پیدا کرتے ہیں جس میں تلوے اور ایڑی کو جوڑنے والا ٹشو درد اور سوجن کا شکار ہوجاتا ہے اور یہی تکلیف کا سبب بنتا ہے۔

یورک ایسڈ Gout

ایڑی کے ایسے درد کو Gout کہتے ہیں جو یورک ایسڈ کی وجہ سے ہو۔ جب جسم میں یورک ایسڈ کی مقدار زیادہ ہو جائے اور یہ ایڑی کے جوڑوں کے اردگرد جمع ہونے لگے تو اس صورت میں بھی شدید تکلیف اور سوجن کی شکایت سامنے آتی ہے۔

Bursites

ایک نہایت تکلیف دہ صورتحال ہے جو پاؤں کی ہڈی، مسلز وغیرہ کے درمیان غیر ضروری مائع جیسی چیز بھر جانے کی وجہ سے ہوتی ہے۔

Tendinitis

ایڑی اور پیر میں موجود ریشہ اور Tendinitis نسیج (Tendons) کی سوجن کو کہتے ہیں۔ ان کی سوجن پیر کی ایڑی میں شدید تکلیف کا سبب بنتے ہیں۔ یہ تکلیف آرتھرائٹس کی وجہ سے بھی ہوسکتی ہے۔

علامات

سوزش ہونے کے بعد عموماً سو کر اٹھنے پر بستر پر لیٹے لیٹے یا پیر زمین پر رکھتے ہی ایڑی میں چبھن ہوتی ہے۔ سوئی یا چھری سے کٹ لگنے جیسا احساس ہوتا ہے۔ ہڈی ٹوٹنے جیسی تکلیف محسوس ہوتی ہے۔ چند قدم چلنے پر درد مزید بڑھ جاتا ہے۔ آرام کرنے پر درد کم ہوجاتا ہے لیکن چلنے پر مزید بڑھ جاتا ہے، پاؤں اور ایڑی میں درد و سوجن۔
اگر کوئی بیماری ہے پہلے اُس کا علاج کریں۔

علاج طب اہلبیتؑ

داروی حنا+نورہ لگائیں، داروی صاف کنندہ خون، ورزش، شہد+نمک ان کو ملا کر اس جگہ پر پٹی باندھ دیں۔

پرہیز

بڑی ایڑی والا جوتا نہ پہنیں، اگر کیلشیم کی زیادتی ہے تو روغنیات و کیلشیم والی غذائیں ترک کر دیں، درد ہونے کی صورت میں زیادہ کام نہ کریں آرام کریں۔

بواسیر Piles، (Hemorrhoid)

بواسیر کی دو اقسام ہیں بواسیر خونی اور بواسیر بادی پہلی قسم میں خون آتا ہے

بواسیر مادہ (بواسیر میں خون آنا)

مقعد کی رگوں کے منہ پر مسے پیدا ہو جاتے ہیں۔ پاخانے کے بعد یا پہلے خون کے چند قطرے نکلتے ہیں۔

نوٹ: قبض یا اسہال کی صورت میں پہلے قبض کو رفع کرنے والی اشیاء استعمال کی جائیں۔ سب سے پہلے قبض کو ختم کیا جائے سنا مکی وغیرہ سے۔

روایت میں آیا ہے کہ خشک کھجور اور چاول آنتوں کو وسیع اور بواسیر کو ختم کرتا ہے۔

علاج

اخروٹ، کالا زیرہ، پنیر، انجیر (رات میں)، سنجد، بارش کا پانی، گاجر، چھوہارے، روغن ایرسا (زنبق) کی مالش، مرکب 6، سعد کوفی، جامع رضاؑ+شہد (مقعد میں انجکشن)، جامع آب چاول، حجامت ساکرال، بلادور، طبیب الاطباء، دستور جوز، ٹھنڈے پانی سے استنجا کریں۔

پرہیز

مٹی کھانے سے پرہیز کریں، گرم پانی سے استنجا نہ کریں، انڈہ و مچھلی اکھٹی نہ کھائیں۔

مچھلی و سرکہ نہ استعمال کریں، خربوزہ، گرم غذائیں، بہت سخت غذائیں زیادہ کھانا۔

بواسیر نر (خون کے بغیر)

مقعد کے منہ پر چند مسے نکل آتے ہیں اس سے خون نہیں آتا مگر خارش ہوتی ہے۔

علاج

روغن زنبق، سعد کوفی، بلادور، سرو، جامع آب چاول، اخروٹ اور اجوائن ہم وزن پیس کر ہر رات ا کھانے کا چمچ، انجیر+چاول، سنجد، آب باراں ونسیاں، چھوہارے، اخروٹ+پنیر کھائیں۔

پرہیز

کھانے کے درمیان پانی پینا، گرم پانی سے استنجا، مچھلی، انڈہ، گرم غذائیں، بہت سخت غذائیں، زیادہ کھانا

بواسیر (احادیث)

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔ اجوائن اور اخروٹ ملا کر کھائیں۔ گردوں کو گرم رکھتے ہیں۔ بواسیر کو ختم کرتے ہیں اور معدہ کو مضبوط کرتے ہیں۔ بحار الانوار ج63 ص198

ترہ

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں ترہ کے چار فوائد ہیں۔ منہ کو خوشبودار بناتی ہے۔ گیس کو ختم کرتی ہے۔ بواسیر کو ختم کرتے ہیں اور جذام سے بچاتی ہے۔ المحاسن ج2 ص510

چاول

امام موسیٰ کاظمؑ فرماتے ہیں۔ چاول بہترین طعام ہے آنتوں کو کھولا کرتا ہے اور بواسیر کو ختم کرتا ہے۔ المحاسن ج2 ص504

نبی ﷺ فرماتے ہیں انجیر کھاؤ بواسیر کو ختم کرتا ہے اور (Gout) نقرس کے لیے اچھا ہے۔ مکارم الاخلاق ص173

ٹھنڈا پانی

امام علیؑ فرماتے ہیں۔ ٹھنڈے پانی سے استنجا وضو کرو بواسیر کو ختم کرتا ہے۔ تحف العقول ص102

سعد

امام موسیٰ کاظمؑ فرماتے ہیں۔ جو شخص استنجا کے بعد ہاتھ سعد سے صاف کر لے کھانے کے بعد سعد سے منہ دھوئے اس کی منہ میں کوئی بیماری نہیں ہوگی اور بواسیر سے محفوظ رہے گا۔ اصول کافی ج6 ص378

گاجر

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔ گاجر قولنج (آنتوں کی انفیکشن)، بواسیر سے محفوظ رکھتی ہے اور جنسی قوت میں اضافہ کرتی ہے۔ اصول کافی ج6 ص372

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔ سنجد بواسیر اور پیشاب کے قطروں سے محفوظ رکھتا ہے۔ اصول کافی ج6 ص361

اگر کوئی چاہتا ہے وہ جسم میں نیچے کی طرف درد سے، آنتوں و بواسیر سے محفوظ رہے وہ ہر رات سات عدد کھجور برنی کو گائے کے گھی میں ملا کر کھائے۔ الرسالۃ الذھبیۃ ص35

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں انڈہ اور مچھلی اکھٹی نہ کھاؤ جو کوئی انڈہ اور مچھلی اکھٹے کھائے گا وہ بواسیر، قولنج اور نقرس میں مبتلا ہوگا۔ مستدرک الوسائل ج16 ص359

دردوں کا علاج

امام باقر علیہ السلام فرماتے ہیں نمک میں ستر قسم کے دردوں کا علاج ہے اگر لوگ نمک کے فوائد اور آثار کے بارے میں جان لیں تو نمک کے علاوہ کسی چیز کے ساتھ علاج نہ کرتے۔ الکافی ج6 ص325

امام رضا علیہ السلام نے فرمایا خداوند متعال نے شہد میں برکت رکھی ہے اور اس میں دردوں سے شفا قرار دی ہے۔ عیون اخبار رضاؑ 724

پیامبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں روغن زیتون کھائیں اور اپنے بدن کو روغن زیتون سے چکنا کریں کیونکہ اس میں 70 ستر دردوں کا علاج ہے کہ جن میں سے ایک جذام ہے۔ کنز العمال: ج10 ص48

ہر درد کا علاج

ایک شخص امام رضا علیہ السلام کے پاس گیا اور اپنے بدن کے بعض دردوں کی شکایت کی امام علیہ السلام نے اسے دعا تعلیم فرمائی اور فرمایا کہ اپنے دوسرے مومن بھائیوں کو بھی اس کی تعلیم دو کیونکہ ہر درد کے لیئے شفا ہے۔

أُعِیذُ نَفْسِي بِرَبِّ الْأَرْضِ وَ رَبِّ السَّماءِ، أُعِیذُ نَفْسِي بِالَّذِي لا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ داءٌ، أُعِیذُ نَفْسِي بِالَّذِي اسْمُهُ بَرَكَةٌ وَ شِفاء۔ طب لآئمہ ص41

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں جو درد بھی ہو ہاتھ درد والی جگہ پر رکھ کر پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ وَ بِاللّٰہِ وَ مُحَمَّدٌ رَسولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلیہِ وَ آلِہِ وَ لا حَوْلَ وَ لا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ، اَللّٰھُمَّ اِمْسَحْ عَنِّی ما اَجِدُ اور تین دفعہ ہاتھ اس جگہ پر ملیں۔ حلیۃ المتقین ص116

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں فصل پکنے پر توڑنے کے موسم میں بہت زیادہ بینگن کھاؤ کیونکہ یہ ہر درد کے لئے شفا ہے، چہرے کی شادابی میں اضافہ کرتا ہے، رگوں کو نرم کرتا ہے اور کمر کے پانی (جنسی قوت) میں اضافہ کرتا ہے۔ طب لآئمہ

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔ جب تک آپ کا جسم درد برداشت کر سکتا ہے دوا سے پرہیز کرو اور جب برداشت نہ کرے تو دوا لو۔ بحار الانوار ج62 ص66

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں چھوٹے ناخن رکھنا بڑے دردوں سے بچاتے ہیں۔ تحف العقول ص101

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس نے درد پیدا کیا اس نے ان کا علاج بھی پیدا کیا۔ بحار الانوار ج62 ص68

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔ خاک شفا ہر درد کا علاج ہے۔ کامل الزیارات ص175

کاسنی

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں کاسنی ایک ہزار بیماریاں کا علاج ہے ایسی کوئی تکلیف نہیں جس کو کاسنی جسم سے باہر نہ نکال دے۔ بحار الانوار ج62 ص216

جو بھی شکر کے دو ٹکڑے سوتے وقت کھائے اس کے لئے سوائے موت کے ہر بیماری سے شفاء ہے۔ مکارم الاخلاق، ص167

علاج

کاسنی، شکر، اجوائن، بینگن، خاک شفا، داروی تسکین درد

Treatment of Tumor and Cancer

رسولی اور کینسر کا علاج

(دونوں بیماریوں کے لیے مشترک علاج ہے)

روایت کا متن

ابْنَا بِسْطَامَ فِي طِبِّ الْأَئِمَّةِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَامِرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُلَيْمٍ الثَّقَفِيِّ عَنْ عَمَّارِ بْنِ عِيسَى الْكِلَابِيِّ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللهِ »علیه السلام« قَالَ شَكَا إِلَيْهِ رَجُلٌ مِنَ الشِّيعَةِ سِلْعَةً ظَهَرَتْ بِهِ فَقَالَ أَبُو عَبْدِ اللهِ »علیه السلام« صُمْ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ ثُمَّ اغْتَسِلْ فِي الْيَوْمِ الرَّابِعِ عِنْدَ زَوَالِ الشَّمْسِ وَ ابْرُزْ لِرَبِّكَ وَ لْيَكُنْ مَعَكَ خِرْقَةٌ نَظِيفَةٌ فَصَلِّ أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ وَ اقْرَأْ فِيهَا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ وَ اخْضَعْ بِجُهْدِكَ فَإِذَا فَرَغْتَ مِنْ صَلَاتِكَ فَأَلْقِ ثِيَابَكَ وَ اتَّزِرْ بِالْخِرْقَةِ وَ أَلْزِقْ خَدَّكَ الْأَيْمَنَ عَلَى الْأَرْضِ ثُمَّ قُلْ بِابْتِهَالٍ وَ تَضَرُّعٍ وَ خُشُوعٍ يَا وَاحِدُ يَا أَحَدُ يَا كَرِيمُ يَا جَبَّارُ يَا قَرِيبُ يَا مُجِيبُ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ وَ اكْشِفْ مَا بِي مِنْ مَرَضٍ وَ أَلْبِسْنِي الْعَافِيَةَ الْكَافِيَةَ الشَّافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَ الْآخِرَةِ وَ امْنُنْ عَلَيَّ بِتَمَامِ النِّعْمَةِ وَ أَذْهِبْ مَا بِي فَقَدْ آذَانِي وَ غَمَّنِي فَقَالَ لَهُ أَبُو عَبْدِ اللهِ »علیه السلام« وَ اعْلَمْ أَنَّهُ لَا يَنْفَعُكَ حَتَّى لَا يُخَالِجَ فِي قَلْبِكَ خِلَافُهُ وَ تَعْلَمَ أَنَّهُ يَنْفَعُكَ قَالَ فَفَعَلَ الرَّجُلُ مَا أَمَرَ بِهِ جَعْفَرٌ الصَّادِقُ »علیه السلام« فَعُوفِيَ مِنْهُ

1۔ تین دن روزہ رکھے۔
2۔ چوتھے دن ظہر کی آذان کے ٹائم غسل کرے۔
3۔ ایک بڑا، پرانا اور بے ارزش کپڑا ساتھ رکھے۔

4۔ چار رکعت نماز پڑھے (دو تا دو رکعت) مکمل خشوع اور خضوع کے ساتھ۔
5۔ پھر جتنا ہوسکتا ہے قرآن پڑھے۔
6۔ لباس کو اتارے۔
7۔ پرانا بے قیمت (کپڑا) اپنے گرد لپیٹ لے۔
8۔ سجدہ میں جائے اور دائیں رخسار کو زمین پر رکھے۔
9۔ اس دعا کو بہت زیادہ خضوع وخشوع کے ساتھ پڑھے۔

یا وَاحِدُ یا أَحَدُ یَا کَرِیمُ یَا جَبَّارُ یا قَرِیبُ یا مُجِیبُ یا أَرْحَمَ الرَّاحِمِینَ صَلِّ عَلَی مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ وَ اکْشِفْ مَابِی مِنْ مَرَضٍ وَ أَلْبِسْنِی الْعَافِیَةَ الْکَافِیَةَ الشَّافِیَةَ فِی الدُّنْیا وَ الْآخِرَةِ وَ امْنُنْ عَلَیَّ بِتَمامِ النِّعْمَةِ وَ أَذْهِبْ مَابِی فَقَدْ آذَانِی وَ غَمَّنِی

بعد حضرتؑ نے فرمایا: اگر دل میں فکر کریں کہ فائدہ نہیں ہوگا تو واقعاً فائدہ نہیں ہوگا۔

فقَالَ لَهُ أَبُو عَبْدِ اللهِ »علیه السلام« وَ اعْلَمْ أَنَّهُ لَا یَنْفَعُكَ حَتَّی لَا یُخَالِجَ فِی قَلْبِكَ خِلَافُهُ وَ تَعْلَمَ أَنَّهُ یَنْفَعُكَ قَالَ فَفَعَلَ الرَّجُلُ مَا أَمَرَ بِهِ جَعْفَرٌ الصَّادِقُ »علیه السلام« فَعُوفِیَ مِنْهَا باذن الله یشفی
مستدرک الوسائل 6 ص 393

کینسر کا علاج

سورہ الحمد روزانہ ستر بار پڑھیں سیب کے بیج کھائیں مرزنجوش کو ناک میں ڈالیں سنا مکی پئیں داروی طریفل روغن بنفشہ پای کنجد داروی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم داروی ثفا داروی شافیہ سکنجبین

دستور ژل رویال (رائل جیلی)

سرطان، جنسی کمزوری اور بے اولادی کے علاج میں مؤثر ہے۔
رائل جیلی کے تیس گرام کو آدھے کلو پہاڑی شہد میں مخلوط کریں (اور اسے ہر صبح شام ایک (royal jelly) چھوٹے چمچ کی مقدار کے برابر سات عدد کلونجی کے ساتھ ملا کر استعمال کریں۔)

سناءمکی اور گلاب کے پھول

تمام بیماریوں کا علاج ہے، اسہال کو ختم کرتی ہے اور اسہال کو لاتی بھی ہے۔ جگر کی چربی اور بہت سی بیماریوں کا علاج ہے۔ سناءمکی اور گلاب کے پھول کے دو چمچ لے کر پانی کے ایک گلاس میں جوش دیں اور پھر اسے ہلکی آنچ پر دم دیں اور تین راتوں کے درمیان ایک گلاس پی لیا جائے۔ (حمل کی صورت میں یہ دوا ممنوع ہے)

دستورورم

(سرطانی ورم کی دوا)

(royal jelly) رائل جیلی کے 30 گرام کو آدھے کلو شہد کے ساتھ سات دانے کلونجی کے ملا کر استعمال کریں۔ اور ساتھ سیب کے بیج بھی زیادہ کھائے

امام جعفر صادق علیہ السلام نماز کے بعد ورم کے لیے سورہ حشر کی تلاوت کرتے تھے سورہ حشر کی آخری چار آیتیں:

لو انزلنا هذا القرآن على جبل لرأيته خاشعا متصدعا من خشية الله وتلك الامثال نضربها للناس لعلهم يتفكرون هو الله الذى لا إله إلا هو عالم الغيب والشهادة هو الرحمن الرحيم هو الله الذى لا إله إلا هو الملك القدوس السلام المؤمن المهيمن العزيز الجبار المتكبر سبحان الله عما يشركون هو الله الخالق البارئ المصور له الاسماء الحسنى يسبح له ما فى السموات والارض وهو العزيز الحكيم 100 مرتبہ تلاوت کی جائے۔ طب الائمہ ص 110

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔ داروی شفا ہر درد اور ورم کا علاج ہے۔ بحارالانوار ج 66 ص 244

جوڑوں کی سوجن اور سرطان کا علاج

امام باقر علیہ السلام فرماتے ہیں۔ اے جابر ہر ورم کے لیے سورہ حشر کی آخری آیتوں کو تین بار پڑھو پھر چھری یا چاقو کو ہاتھ میں لے لو اور ورم کے اوپر اوپر پھیرتے رہو (ورم کے اوپر نہیں لگانا) اور ساتھ ساتھ یہ دعا پڑھو (بسم اللہ ارقیک من الجد والحدید ومن امر العود ومن الحجر الملبو دومن عرق العاقر ومن ورم الاخرومن الطعام وعقدہ ومن الشراب وبردہ امض باذن اللہ الی اجل مسمی فی الانس والانعام بسم اللہ فتحت وبسم اللہ ختمت)

پھر چھری یا چاقو کو زمین پر گاڑھ دو۔ طب الائمہ ص 59

CancerAnti کینسر والوں کے لیے مفید غذائیں

انگور، لیموں، ادرک، شہد، سُرخ گلاب، اجوائن، دنبہ کا گوشت، فندق، اخروٹ، ترہ وخرفہ سبزی (قلفہ سبزی)، ریحان سلاد، کدو، سرسوں، ایرسا، گاجر، گڑ، بہی، شلجم، توت خشک، کشمش، اسفناج، انجیر، پیاز، لہسن، کلونجی، بروکلی انار، لیمن گراس، میتھی زیتون کا تیل (زیادہ پکایا نہ جائے اس سے فائدہ ختم ہوجاتا ہے)۔

کینسر کو زیادہ کرنے والی غذائیں

کالی چائے، سگریٹ، سفید چینی، ٹوتھ پیسٹ (فلورائیڈ)، پلاسٹک کے برتن و بوتل منرل واٹر (کلورین)، ڈپریشن، منفی سوچ، نیند کی گولیاں، برائلر مرغی، نامحرم سے تعلقات، شراب و دیگر نشے، مغربی میڈیسن www.ncbi.com (کلورین، فلورائیڈ، چینی کے لیے تسلی کرسکتے ہیں کینسر میں معاون ہیں۔)

نرخرہLarynx Cancer

یہ گلے کا وہ حصّہ جو کہ سانس کی نالی کے دہانے پر ہوتا ہے اور یہ ہمیں سانس لینے اور بولنے میں مدد کرتا ہے۔

علامات

آپ کی آواز میں تبدیلی، جیسے آواز بجانے والا، نگلنے یا نگلنے میں دشواری ہونے پر درد، گردن میں گلٹی یا سوجن، دیر پا کھانسی، مستقل گلہ یا کان کا درد، بعض حالتوں میں سانس لینے میں دشواری، گلے میں مسلسل خراش کیساتھ سانس لینے میں دشواری۔

خوراک کی نالیEsophagus cancer

خوراک کی نالی کے اوپر والے حصے کو ایسوفیگس کہتے ہیں جو منہ سے شروع ہو کر معدے کے اوپر والے حصے تک جاتا ہے۔ یہ ٹیوب کی شکل کا ہوتا ہے۔ اس کا کام معدہ تک خوراک و پانی پہچانا ہے۔

علامات

سینے میں دباؤ یا جلن، بدہضمی یا جلن، قے کرنا، کھانے پر بار بار دم گھٹنا، نامعلوم وزن میں کمی، کھانسی، چھاتی کی ہڈی کے پیچھے یا گلے میں درد۔

سانس کی نالی کا کینسرTracheal cancer

کہتے ہیں (Trachea) جس نالی کے ذریعے ہوا پھیپھڑوں میں جاتی ہے اسے سانس کی نالی بھی کہتے ہیں۔

علامات

سانس لینے میں کمی، کھانسی، کھانسی کیساتھ خون آنا، سانس لینے میں سیٹی کی آواز، کھانے اور چبانے میں مشکلات، سردی کیساتھ بخار، چھاتی کا انفیکشن۔

مندرجہ بالا دیئے گئے ان تینوں کینسر کے لیے ایک ہی دوا طب اہلِ بیتؑ میں استعمال ہوتی ہے

علاج طب اہل بیتؑ

داروی ثفا، داروی شافیہ، سنا مکی، طریفل، دعا ورم۔

تباشیر+آب مرزنجوش، جوشاندہ آب سیاہ چنا، جامع بآب شہد۔

داروی کاظمؑ، داروی کاشم، داروی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، سیب کے بیج۔

سیاہ چنوں کا سوپ، گائے کا نیم گرم دودھ رات میں۔

آدھا کلو شہد میں 30 گرام رائیل جیلی ملا کر روزانہ ایک چمچ صبح ناشتہ سے قبل سات دانے کلونجی کیساتھ استعمال کریں۔

آنت کا کینسر Colorectal cancer/Colon cancer

آنت نظام انہضام کا ایک حصہ ہے جو کھانے کو توڑتی اور جزب کرتی ہے۔ تاکہ جسم اسے استعمال کر سکے۔ اس کے دو حصّے ہیں۔ چھوٹی آنت اور بڑی آنت ہیں۔ کولون، ریکٹم، مقعد

کینسر آنت کے مختلف حصوں کو متاثر کر سکتا ہے۔ آنت کے کینسر کی دو بڑی اقسام ہیں۔ کولون کینسر، رکیٹل کینسر۔

بڑی آنت کے کینسر کو کولور ریکٹل کینسر بھی کہا جاتا ہے۔ چھوٹی آنت اور مقعد کے کینسر کی شرح کم ہے۔ جسم کے تمام حصّے چھوٹے خلیوں سے مل کر بنے ہوتے ہیں۔ آنت کا کینسر اس وقت ہوتا ہے جب آنت میں موجودہ خلیے بے قابو انداز میں بڑھنا شروع ہو جائیں اور ایک ڈھیر بنالیں جسے گلٹی کہا جاتا ہے۔ آنت کے زیادہ تر کینسر آنت کی دیواروں سے شروع ہوتے ہیں۔ بعض اوقات کینسر کے خلیے خون اور لمفاوی نظام کے ذریعے جسم کے دوسرے حصّوں میں پھیل جاتے ہیں۔ اسے ثانوی کینسر کہا جاتا ہے۔

علامات

پیشاب میں خون یا زیادہ مقدار میں ریشے کا آنا، پاخانہ کرنے کے معمول میں بدلاؤ (قبض یا اسہال)

پیٹ کی تکلیف درد یا مسلسل پھولنا، پاخانہ کرنے کے بعد بھی پاخانہ کرنے کا مسلسل احساس، بلاوجہ وزن کم ہونا اور تھکاوٹ رہنا۔

علاج طب اہل بیتؑ

آنتوں کا کینسر اور خونریزی، داروی شفا، داروی طریفل، سنا مکی، داروی زحیر، دعا ورم، مرکب دو، انجیر، کاسنی، خون آ رہا ہو تو مقل ارزق، تزریق جامع امام رضا (علیہ السلام) + عسل بہ داخل رودہ۔

خون کا کینسر

علاج: دنبہ کا گوشت گائے کے گھی میں پکا کر کھائیں، دنبہ کے گوشت کے کباب بنا کر کھائیں، انار، ترہ، شہد اور سویا ملا کر کھائیں انار دانہ، آلو بخارا، زرشک۔

طب اہل بیتؑ میڈیسن

مقل ارزق، داروی خونساز، جامع امام رضا با آب ترہ، شربت امام رضاؑ

لمف کینسر

لمفوما Lymophal

یہ بات یاد رکھیں ہر گانٹھ کینسر نہیں ہوتی لمف سیلز یا خلیے جسم میں مدافعاتی نظام کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں۔ اور جسم میں داخل ہونے والے جراثیم اور غیر ضروری مادوں کو ختم کرتے ہیں۔ لمف کے خلیے چھوٹے چھوٹے "لمف نوڈز" (گلٹی)

کی صورت میں پورے جسم میں موجود ہوتے ہیں۔ جیسے کہ گلہ یا ٹانسلز خراب ہونے پر نہ صرف گلہ اندر سے سرخ ہوجاتا ہے بلکہ کان کے نیچے یا گردن پر چھوٹی گلٹیاں ابھر آتی ہیں اور یہ تب تک رہتی ہیں جب تک گلہ ٹھیک نہیں ہوجاتا۔ ناک، کان اور گلہ خراب ہونے پر "لمف نوڈز" متحرک ہوجاتی ہیں۔ ان میں موجود خون کے سفید ذرات تیزی سے کام کرتے اور بڑھتے ہیں اسی لیے وقتی طور پر ان کا سائز بھی بڑا ہوجاتا ہے۔ ایسے ہی کئی لمف نوڈز پورے جسم میں مدافعت کا کام کرتے ہیں۔

چونکہ لمف نوڈز کے اندر خون کے سفید ذرات لمفوسائٹ ہی کام سرانجام دیتے ہیں اس لئے لمف کے اندر ہونے والے کینسر کو خون کے کینسر کی ہی ایک قسم سمجھا جاتا ہے۔ اگر یہ لمفوسائٹ خلیے اپنی تعداد سے بہت زیادہ بڑھ جائیں تو یہ ٹیومر بنا دیتے ہیں۔ اگر ان کی تعداد بے تحاشہ بڑھ جائے، ان کی اصل شکل بگڑ جائے اور یہ اپنا قدرتی مدافعاتی کام نہ کر سکیں تو یہ کینسر کی صورت اختیار کر جاتے ہیں اور فائدے کی بجائے جسم کے لئے خطرے کا باعث بن جاتے ہیں۔
لمفوما کینسر دو طرح کا ہوتا ہے۔ ہاجکنز اور نان ہاجکنز لمفوما۔ دونوں طرح کے کینسر میں جسم کے کسی حصے کا لمف نوڈ گلٹی کی طرح بڑا اور نمایاں ہوجاتا ہے
مریض کو جسم کے کسی ایک یا زیادہ حصوں پر ابھری گلٹی محسوس ہوتی ہے۔ مگر دبانے پر اس میں درد نہیں ہوتا۔ وزن کم ہونے لگتا ہے۔ ہلکا بخار رہتا ہے۔ رات کو پسینہ زیادہ آتا ہے، بھوک میں کمی ہوتی ہے، تھکن اور سستی رہتی ہے، جسم پر خارش رہتی ہے، سانس لینے میں دشواری ہوسکتی ہے۔

علاج

داروی بلغم زدہ، داروی طریفل، داروی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، داروی ثفا۔
اگر ٹیومر نرم ہیں اور سامنے نظر آرہے ہیں تو تخم السی اور سرکہ ملا کر ان کے اوپر لگائیں پلاسٹک سے رات کو باندھ دیں۔

پھیپھڑوں کا کینسر Lung cancer

پھیپھڑوں کے ٹشوز کی تعداد غیر طبعی طریقے سے بڑھ جانے سے اردگرد کے ٹشوز تباہ ہوجاتے ہیں پھیپھڑوں کا کینسر نوڈیولز کی شکل میں ہوتا ہے۔
پھیپھڑوں میں کینسر کی صورت میں کھانسی آتی ہے بلغم میں خون بھی آتا ہے سانس لینے سے سیٹی کی آواز نکلتی ہے۔ سانس لینے میں شدید درد ہوتا ہے مریض کمزور ہونے لگتا ہے چہرے اور گردن پر سوجن ہوجاتی ہے کندھے اور بازو میں درد رہنے لگتا ہے۔

علاج

داروی کاشم، جامع بآب سونف، داروی ثفا، داروی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، شکنجبین۔

پرہیز: ٹھنڈی غذائیں، شراب نوشی، سگریٹ، بازاری کھانے۔

جگر کا کینسر Liver Cancer

علاج

داروی شافیہ بآب گرم، شیرہ انجیر کھائیں، پیٹ کے اوپر جگر پر انجیر کا دودھ لگائیں۔

قرص خون، قرص سبز، داروی مرکب ایک، داروی ثفا۔

سنا گل، دعا ورم۔

معدہ کا کینسر

علاج

مرکب دو، داروی ثفا، جامع بآب زیرہ، شہد+کلونجی، پودینہ کا جوشاندہ، رب انار یا انار، دعا ورم۔

کھانے کے بعد پیٹ کے کینسر اور جلن کا علاج

جامع بآب زیرہ، مرکب دو، مرکب ایک۔

Thyroid gland cancer

علاج

داروی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، سویق، داروی طریفل، داروی ثفا، دنبہ کا گوشت گائے کے دودھ میں پکا کر کھائیں، دعا ورم۔

Anal cancer

علاج

داروی ثفا، داروی طریفل، قرص خوص خون، سنا مکی، دعا ورم، شہد+کلونجی۔

مثانہ کا کینسر Bladder Cancer

علاج

داروی مرکب تین، سنا مکی، داروی ثفا، داروی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، 30 گرام رائل جیلی+500 گرام شہد ملا کر صبح نہار منہ ایک چمچ سات دانے کلونجی کے ملا کر کھائیں۔

چھاتی کا کینسر

علاج

داروی ثفا، داروی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، داروی طریفل، سنا مکی+گلاب

رخساروں کا کینسر Cheek cancer

علاج

داروی شافیہ+مرزنجوش، داروی ثفا، داروی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Types of cancers, tumors, malignant and benign tumors

علاج

داروی ثفا، سیب کے بیج، داروی طریفل، روغن بنفشہ پایہ کنجد، سنا مکی، سویق سنجد، داروی استخوان ساز۔

Pain after removal of the cancerous gland

علاج

مرکب دو، جامع بآب شہد

پاؤں کا ٹیومر Foot tumor

علاج

داروی ثفا، سویق سنجد، داروی استخوان ساز، داروی طریفل، مرکب 6، سنا مکی، شافیہ بآب اجوائن، جامع بآب اجوائن، دعاورم، داروی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کھوپڑی کا ٹیومر skull tumor

علاج

داروی ثفا، داروی طریفل، سنا مکی

مقعد کا ٹیومر Anal tumor

علاج

داروی ثفا، قرص خون، سنا مکی، سعدکوفی، دوسین جامع +شہد انجکشن

گلٹیاں Cysts

علاج

تمام اقسام گلٹیوں کے لیے

داروی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، داروی ثفا

الگ گلٹیاں

تباشیر تمام اندورونی وبیرونی گلٹیوں کا علاج ہے

☆ ظاہری جلد پر گلٹیوں کے لیے کھانے والی دوا

تباشیر 20 گرام، شہد 02 چمچ گرم، پانی ایک گلاس

ان کو گرم کر لیں اور رات سوتے وقت پی لیں

☆ ظاہری جلد پر گلٹیوں میں لگانے کی دوا

تباشیر 20 گرام، السی (تخم کتان) ایک چمچ شہد، دو چمچ سرکہ انگور

ان کو آپس میں ملا کر گلٹی کے اوپر رات کو باندھ دیں صبح اتار دیں (یہ دوا ان گلٹیوں کے لیے ہے جو گوشت وجلد پر نظر آ رہی ہوں)۔

معدہ کی گلٹی Stomach Cyst

علاج

تباشیر 02 چمچ، زیرہ سیاہ 20 گرام

دو چمچ زیرہ سیاہ کو دو گلاس پانی میں ڈال لیں جب ایک گلاس رہ جائے اس کو صاف کر کے اس میں تباشیر بیس گرام ڈال لیں اور رات کو سوتے وقت کھا لیں۔

گردے کی گلٹی Kidney Cyst

علاج

تباشیر 20 گرام، سداب دو چمچ سفید مولی 01 کلو

ایک کلو سفید مولی اور دو چمچ سداب کو تین گلاس پانی میں ابال لیں۔ جب ایک گلاس رہ جائے تو اس کو صاف کر کے اس میں 20 گرام تباشیر ڈال لیں اور رات کو پی لیں

گھٹنوں میں گلٹی Cysts of joint(Under the knee)

علاج

تباشیر 20 گرام، گرم پانی 01 گلاس

ان دونوں کو حل کر کے رات کو پی لیں۔

چھاتی کی گلٹی Breast cyst

علاج

تباشیر 20 گرم، انسیون 01 چمچ، سونف 01 چمچ، ایک چمچ انسیون + ایک چمچ سونف ان کو دو گلاس پانی میں گرم کریں جب ایک گلاس رہ جائے صاف کر کے تباشیر 20 گرام ملا لیں رات کو ایک چمچ کھا لیں۔ سویق عدس

حنجرہ کی گلٹی Larynx cyst

علاج: تباشیر 20 گرام، سرکہ انگور آدھا گلاس، شہد 01 چمچ، ان کو ملا کر غرارے کریں اور دو چمچ کھالیں

کیست بیضہ Testicular cyst

علاج

تباشیر 20 گرام، پیاز 500 گرام،

پیاز کو ابال لیں پھر اس کو صاف کر کے اس میں تباشیر ملا لیں اور رات سوتے وقت پی لیں۔

پھیپڑوں کی گلٹی Lung cyst

علاج

تباشیر 20 گرام، سونف 02 چمچ، کاشم 02 چمچ۔

کاشم اور سونف کو دو گلاس پانی میں ابال لیں جب ایک گلاس رہ جائے تو صاف کر کے اس میں تباشیر ڈال کر حل کر کے رات سوتے وقت پی لیں۔

سر، گردن اور تھائی رائیڈ کی گلٹی

علاج

تباشیر 20 گرام، مرزنجوش 02 چمچ، سداب دو چمچ۔

مرزنجوش اور سداب کو دو گلاس پانی میں ابال لیں جب ایک گلاس رہ جائے اس کو صاف کر کے اس میں بیس گرام تباشیر ڈال لیں اور رات سوتے وقت پی لیں۔

پتہ کی گلٹی Gallbladder cyst

علاج

تباشیر 20 گرام، سنا مکی 02 چمچ، سرخ گلاب آدھی چمچ۔

سنا مکی اور سرخ گلاب دس منٹ ابال لیں ایک گلاس پانی میں اس کے بعد صاف کر کے اس میں بیس گرام تباشیر ڈال لیں سوتے وقت پی لیں۔

جوڑوں کی گلٹی Legs(joints) cyst

علاج

تباشیر بیس گرام، انجدان رومی 02 چمچ، شیطرج 02 چمچ

شیطرج اور انجدان رومی اس کو دو گلاس پانی میں ابال لیں جب ایک گلاس رہ جائے تو صاف کر کے اس میں بیس

گرام تباشیر ڈال کر حل کر لیں رات سوتے وقت پی لیں۔

جگر یا جگر و گردے کے درمیان گلٹی

Liver Cyst or Cyst between liver and kidney

علاج

تباشیر 20 گرام، کاسنی 02 چمچ، سداب 02 چمچ

کاسنی وسداب کو دو گلاس پانی میں ابال لیں جب ایک گلاس رہ جائے اس میں صاف کر کے بیس گرام تباشیر ڈال کر حل کر کے رات سوتے وقت پی لیں۔

زبان و گردن کی گلٹی Cyst tongue and neck

علاج

تباشیر 20 گرام، آب انار 01 گلاس

ان کو ملا کر رات سوتے وقت پی لیں

رحم و بچہ دانی کی گلٹی Uterus and ovary cyst

علاج

تباشیر 20 گرام، داروی ازخر

ان کو ملا کر پانی میں آدھا گھنٹہ ابال لیں پھر ایک ٹب میں پانی ملا کر مریض اس میں بیس منٹ بیٹھ جائے پانی ناف تک آنا چاہیے۔

Uterus and ovary cyst (کھانے کے لیے)

تباشیر 20 گرام، ہالیون 02 چمچ

دو چمچ ہالیون لے لیں اس کو دو گلاس پانی میں ابال لیں جب ایک گلاس رہ جائے اس کو صاف کر کے اس میں بیس گرام تباشیر ڈال کر حل کر لیں اور رات کو سوتے وقت کھا لیں۔

آنکھ کے پیچھے گلٹی Chalazion cyst

علاج

تباشیر 20 گرام، آب زرشک (گاجر)

ایک گلاس گاجر کا جوس اور بیس گرام تباشیر کو ملا کر رات سوتے وقت پی لیں

تلی کی گلٹی Spleen cyst

ایک گلاس ترہ اور بیس گرام تباشیر کو ملا کر رات سوتے وقت پی لیں

ہڈیوں کے گودے کی گلٹی BONE MARROW

علاج

تباشیر 20 گرام، برگ چقندر ایک گلاس۔

آدھا کلو چقندر کے پتے لے لیں پانچ گلاس پانی میں ابال لیں جب ایک گلاس رہ جائے اس کو صاف کر کے اس میں بیس گرام تباشیر ڈال کر حل کر کے رات سوتے وقت پی لیں۔

ہڈیوں کی گلٹی اور ہڈیوں کے گودے کی گلٹی

Bone cyst and bone marrow cyst

علاج

تباشیر 20 گرام، سنجد آدھا کلو۔

چار گلاس پانی میں سنجد کو ابال لیں جب ایک گلاس رہ جائے اس کو صاف کر کے اس میں بیس گرام تباشیر ڈال کر حل کر کے رات کو سوتے وقت پی لیں۔

بغل کے نیچے گلٹی

علاج

تباشیر بآب سونف، داروی شفا، داروی طریفل، سویق عدس

داروی امام جعفر صادق علیہ السلام

بالوں کا گرنا و کمزوری

وجوہات

☆ **مردوں میں عموماً**

گرمی کی شدت، بلغم، صفرا کی زیادتی کی وجہ سے گرتے ہیں۔

اگر بالوں کے گرنے کا آغاز سر کے درمیان سے ہو تو بلغم کی وجہ سے گر رہے ہیں اگر سر کے سامنے سے آغاز ہو تو اس کا مطلب ہے صفرا کا غلبہ ہے۔

☆ **خواتین میں وجوہات**

خون کی کمی، صفرا کی زیادتی، بلغم، سردی کی زیادتی۔

کھڑے ہوکر غسل کرنا، کیمیکل والے شیمپو وصابن

علاج

جو وجوہات ہیں پہلے اُن کو دور کریں۔

کیمیکل والے شیمپو وصابن ترک کر دیں، داروی صفرابر، شیمپو گل خطمی، شیمپو گیاھی، جامع آب انجیر، سرمہ اثمد، تقویت مو، انجیر زیادہ کھائیں، گرم غذائیں کھائیں، اخروٹ، شیرہ انگور

☆ بالوں کی مالش کریں روغن بنفشہ پائی زیتون یا روغن تلخ بادام سے۔

☆ عطر (خوشبو) سونگھیں گلاب، نرگس، سونف وغیرہ بہتر ہے ناک کے نیچے لگالیں۔

تیل کندش سر پر لگائیں (بالوں کو گرنے سے بچانے کے لیے بہترین ہے۔Gypsophila struthium)

مہندی+گل بابونہ ان کو ابال لیں۔اس کے بعد سر پر لگالیں۔

بالچر Alopecia areata

بالوں کی ایک بیماری ہے۔جس سے سر وداڑھی کے بال جگہ جگہ سے خالی ہو جاتے ہیں۔سر کی چمڑی نظر آنے لگتی ہے۔ایسے لگتا ہے بال پہلے اس جگہ تھے ہی نہیں۔

طب اسلامی میں اس کی وجوہات

جگر کی خرابی، خون کی خرابی، ڈپریشن

علاج

مرکب ایک، صاف کنندہ خون، سودابر، تقویت مو، پوستی مالیدنی، Cuttlebone سمندری جھاگ

بالوں کی کمزوری کا علاج

تقویت مو، شیمپو گل خطمی، سویق کامل، داروی صفرابر، روغن بنفشہ پایہ زیتون سے بالوں کی مالش کریں (خواتین روزانہ مرد ہفتے میں دو دفعہ لگائیں سر پر) داروی قرص خون، کدو کا حلوہ، کشمش کھائیں، انجیر کھائیں، پیاز کھائیں، جامع آب انجیر، سیب کھائیں، بازاری نمک کی جگہ قدرتی نمک۔

پرہیز

کھڑے ہو کر یا حمام میں کنگھی نہ کریں، بازاری شیمپو استعمال نہ کریں، بالوں کو گندہ ہونے سے بچائیں

بچوں کو دودھ پلانے کے دوران بالوں کا گرنا

علاج

قرص خون، سویق گندم وجو، دودھ

علاج بالقرآن

بالوں کا گرنا

اگر کسی کے بال بہت زیادہ گرتے ہوں تو ہر نماز کے بعد تین سو تیرہ مرتبہ ہاتھوں پر درج ذیل اسمائے حسنیٰ اول و آخر صلوٰات کے ساتھ پڑھ کر بالوں میں ہاتھ پھیرلیں تو بال ملائم ، لمبے اور گرنا بند ہو جائیں گے۔(اَللّٰہُ اَلْبَارِیءُ اَلْکَبِیْرُ) نوائے صالحین ص334

لمبے اور گھنے بال

درج ذیل آیات کو نماز فجر کے بعد گیارہ مرتبہ پانی پر دم کر کے پی لیں۔(لمبے قد، گھنے اور لمبے بالوں کے لیے نیز نظر بد سے محفوظ رہے گا) نوائے صالحین ص334

(تجربہ شدہ ہے مصنف)

اَلَم تَرَاِلٰی رَبِّکَ کَیفَ مَدَّ الظِّل
(الفرقان آیت45)

(فَاِذَآ اَنزَلنَا عَلَیھَا المَآءَ اھتَزَّت وَ رَبَت)(سورہ الحج آیت 05)

کَزَرعٍ اَخرَجَ شَطئَہٗ فَاٰزَرَہٗ فَاستَغلَظَ فَاستَوٰی عَلٰی سُوقِہٖ(الفتح آیت 29)

وَاِن یَّکَادُ الَّذِینَ کَفَرُوا لَیُزلِقُونَکَ بِاَبصَارِھِم لَمَّا سَمِعُوا الذِّکرَ وَ یَقُولُونَ اِنَّہٗ لَمَجنُون ۵۱
وَ مَا ھُوَاِلَّا ذِکرٌ لِّلعٰلَمِینَ القلم)52،51

سر و داڑھی کے گھنے بال

اگر کسی کے سر اور داڑھی کے بال گھنے نہ ہوں۔ درج ذیل آیت کو اول و آخر صلوٰات کے ساتھ تین مرتبہ پڑھتے ہوئے بالوں میں انگلیاں پھیرے تو اس کے بال گھنے ہو جائیں گے

فَاستَغفَرُوا لِذُنُوبِھِم وَمَن یَّغفِرُ الذُّنُوبَ اِلَّا اللہُ وَلَم یُصِرُّوا عَلٰی مَا فَعَلُوا وَ ھُم یَعلَمُونَ (آل عمران آیت)135
مجمع الدعوات

احادیث

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔ بہترین خوبصورتی آپ کے بالوں کی خوبصورتی اور خوبصورت آواز ہے۔ اصول کافی ج2،ص615

شیمپو گل خطمی

امام موسیٰ کاظمؑ فرماتے ہیں۔ روز جمعہ گل خطمی سے سر دھوئیں۔ بالوں کو مضبوط و چمکدار کرتا ہے، فقر کو دور کرتا

ہے۔سنت انبیاءؑ ہے۔بحارالانوار ج73 ص88

سرمہ اثمد

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔سرمہ لگاؤ آنکھوں کی بینائی میں اضافہ کرتا ہے اور بالوں کا اگاتا ہے۔ الکافی ج6 ص494

حنا

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔بالوں کو مہندی لگاؤ۔آنکھوں کی بینائی میں اضافہ کرتا ہے،بالوں کو اگاتا ہے،افسردگی دور کرتا ہے۔اصول کافی ج6 ص483

انجیر

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں۔انجیر کھاؤ۔ہڈیوں و بالوں کو مضبوط کرتا ہے۔المحاسن ج2 ص554

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں۔مسواک اراک کرو۔آنکھوں کی روشنائی زیادہ کرتا ہے اور بالوں کو مضبوط کرتا ہے۔مکارم الاخلاق ص50

کنگھی

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔بالوں کی مضبوطی کے لیے ہاتھی کے دانت کی بنی ہوئی کنگھی کریں بال مضبوط ہوں گے (ہاتھی کے دانت کی کنگھی کی زیادہ تاکید ہے)۔طب المصطفیٰ

مسواک کرنا آنکھوں کو روشن کرتا ہے،بالوں کو مضبوط کرتا ہے۔آنکھوں سے پانی آنے کو ختم کرتا ہے۔مکارم الاخلاق ص50

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں سرمہ اثمد لگانا بینائی کو تیز کرتا ہے،پلکوں کو اگاتا ہے اور آنکھ کے بہتے پانی کو ختم کرتا ہے۔اصول کافی ج8 ص170

نبی ﷺ فرماتے ہیں جو بال رکھے اسے چاہے ان کی اچھی طرح دیکھ بھال کرے یا انہیں کٹا لے۔اصول کافی ج6 ص144

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں اپنے بالوں کو چھوٹا کرتے رہو ان میں میل کچیل کم ہوگی،بوجھ کم ہوگا تمہاری گردن موٹی ہوگی۔تمہاری آنکھیں روشن ہوں گی اور تمہارے بدن کو آرام ملے گا۔اصول کافی ج8 ص139

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں۔حمام میں کنگھی کرنا بالوں کے گرنے کی بیماری کا باعث بنتا ہے۔مکارم الاخلاق ج1 ص165

رسول ﷺ فرماتے ہیں۔بغل کے بالوں کو کاٹا کرو ان کو نہ بڑھاؤ۔یہ شیطان کی پناہ گاہ ہیں۔بحارالانوار

ج76ص91

امام جعفر صادق علیہ السلام حمام میں جا کر بغلوں میں نورہ لگاتے تھے۔اصول کافی ج8ص208

پرہیز

کھڑے ہوکر غسل نہ کریں، زیادہ سرد چیزیں نہ کھائیں، رات کو کنگھی نہ کریں، کھڑے ہوکر کنگھی نہ کریں، ڈپریشن، سرد غذائیں

بالوں کی سفیدی کا علاج

وجوہات

پریشانی و ڈپریشن، مزاج میں خلل، بلغم، خون کی کمی

علاج

جو وجوہات ہیں پہلے اسے دور کریں۔

ڈپریشن ہے تو ڈپریشن ختم کریں اسکے لیے داروی سودابر استعمال کریں۔بلغم ہے تو بلغم زدہ۔خون کی کمی ہے تو (قرص خون)

ھلیلہ سیاہ(Black Myrobalan)

(کالی ہڑ) تین عدد روزانہ تین ٹائم کھائیں۔اگر روغن زیتون بکر (ایرانی یا لبنانی) اس میں ملا کر کھائیں تو اس کا فائدہ زیادہ ہوگا، روغن زیتون وحشی بالوں پر خواتین روزانہ رات کو اور مرد ہفتہ میں دو بار لگائیں، تقویت مو، سرمہ اثمد، انجیر، روغن بنفشہ، داروی طریفل، (Chamomile)، گل بابونہ داروی بلغم زدہ۔

حنا (مہندی) کو بیس منٹ ابال لیں۔اس کے بعد غسل کرنے سے دو گھنٹے قبل بالوں پر لگالیں۔**(طب سنتی)**

روغن سیاہ دانہ (کلونجی) ہفتہ میں دو دفعہ غسل کرنے سے قبل۔**(طب سنتی)**

جو چیزیں مفید ہیں (دیگر طب)

کالی مہندی اور دوسری مہندی مکس کرلیں۔بیس منٹ پانی میں ابال لیں۔اس کے بعد سر پر لگائیں۔سفید بالوں کے لیے مفید ہیں۔

سویق گندم، ناریل کا تیل، آملہ کا تیل، فلفل دراز

پرہیز

بالوں کو کھڑے ہوکر کنگھی نہ کریں، رات کو کنگھی نہ کریں، باتھ روم میں کنگھی نہ کریں، بالوں کے مخالف سمت کنگھی نہ کریں، سرد غذاوں سے پرہیز کریں، بلغم، کنگھی کے دندان تیز نہ ہو۔کنگھی کرتے وقت سر کے بالوں کے ساتھ ناخن مس

نہ ہوں۔

چکنے بال وجلد Greasy hair

گریسی بالوں کی وجہ سے بال گندے اور خراب لگنے لگتے ہیں اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کئی دنوں سے بال دھوئے نہیں بنا تا ہے جسے بال بآسانی سے جزب Sebum ہماری جلد سیبا کس گلینڈ پر مشتمل ہوتی ہے۔ جو کہ تیل یا گئے ہیں۔ ایک موم کی طرح مادہ ہے جو ہمارے بالوں کو نرم وملائم اور واٹر پروف رکھنے میں مدد دیتا ہے Sebum کر لیتے ہیں۔ سر کا چکنا ہونے اصل میں اس مادہ کی زیادتی کیوجہ سے ہوتا ہے۔ اضافی تیل کی مقدار کو بال جزب نہیں کر پاتے۔ جس کی وجہ سے سر کی جلد چکنی ہوجاتی ہے۔ تیل کی زیادتی کیوجہ سے بال بکھرے بکھرے اور گندے نظر آتے ہیں۔

علاج

شیمپو گل خطمی، شیمپو مورد، شیمپو پنج گیاھی، پاؤر بوبد عرق

سر میں خشکی Dandruff

خشکی سر میں پیدا ہونے والی ایک عام بیماری ہے۔ یہ ایک ایسی کیفیت کا نام ہے، جس کے باعث وہاں بھوسی جیسے سفید چھلکے پیدا ہوجاتے ہیں۔ یہ چھلکے سطحِ سر پر جمع ہوتے ہوتے، ذرات کی شکل میں شانوں پر گرنے لگتے ہیں۔ سر کی خشکی کو ایک طرح کا انفیکشن بھی قرار دیا جاسکتا ہے۔

بفا Dandruff

امام باقر علیہ السلام سے ایک شخص نے سر میں بفا کی شکایت کی یہاں تک کے ان کے کپڑے بہت میلے ہوجایا کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا بفا کو باریک کپڑے میں لیکر سرکہ میں اچھی طرح مارو (ملادو) یہاں تک کہ اس میں جھاگ آجائے پھر اپنے سر اور داڑھی کو اس سے اچھی طرح دھولو۔ پھر اس میں تازہ تل کا تیل لگاو۔ طب لآئمہؑ ص79

بالوں کا دوشاخہ ہونا

اس میں بالوں کے سرے آخر میں دودو ہوجاتے ہیں۔ بال خراب ہوجاتے ہیں۔

طب اہلبیتؑ علاج

شیمپو گل خطمی، روغن بنفشہ یا یہ زیتون، صابن شامی۔

سر میں جوئیں Head louse

علاج

شیمپو گل خطمی (سفید)، چقندر کے پانی سے سر دھوئیں، نیچرل شیمپو، معجزہ ریزش مو، سرشور گیاھی، سفیدی مو، شیمپو مورد، گل خطمی، ہربل شیمپو 5

نشہ کرنا (اعتیاد)

دو سے دس حرمل کے پتے اور شاخ لے لیں۔اس میں حرمل ملا کر کھائیں۔صبح اور شام ایک ایک چمچ یا جب نشہ تنگ کرے تب کھائیں۔

ادویات

داروی فرع السماء، داروی افتیون، جامع بآب انغوزہ، حجامت

(Temperament)مزاج شناسی

حیات انسانی کا انحصار جن عناصر پر ہے وہ آگ، مٹی، ہوا اور پانی ہیں

آگ (النار)---گرم وخشک ہے۔

ہوا---گرم وتر ہے

مٹی (الارض)---سرد وخشک ہے۔

پانی (الماء)---سرد وتر ہے۔

ان چاروں مزاج کے لحاظ سے انسان کے بدن کو چار حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔سر، سینہ، جسم کا درمیانی حصہ اور جسم کا نیچے والا حصہ سر (منہ، ناک، کان، آنکھ) یہ خون کے حصے میں ہیں۔اور سینہ بلغم کے سپرد ہے جسم کا درمیانی حصہ صفرا سے تعلق رکھتا ہے اور نچلا حصہ سودا سے تعلق رکھتا ہے۔

(Sputum;بلغم Blood;خون Pegent;سودا Bile صفرا)

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں چار چیزیں ساری مزاجوں کے لیے ہیں اور مزاج کو اعتدال میں لیکر آتی ہیں۔ کھجور، کاسنی، روغن بنفشہ اور انار۔الخصال ج1 ص249

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں۔خون کے غلبے کی چار نشانیاں ہیں۔جسم پر خارش، دانے نکلنا، نیند کا غلبہ اور چکر آنا۔الخصال ص511

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں خدا نے انسان کو چار مزاجوں سے خلق کیا ہے۔خون، بلغم، صفرا اور سودا۔یہ چار عناصر ہیں۔ جس میں دو گرم اور دو سرد ہیں یہ انسانی بدن کے بقا کے ضامن ہیں جو گرم ہیں وہ نرم اور خشک ہیں اور جو سرد ہیں وہ تر اور خشک ہیں۔

سودا کا غلبہ (سرد اور خشک)

Cold and Dry(melancholic or Saudawiy)Black Bile

علامات

خشک مزاج، فکر وخیال، چھائیاں (کلف، چہرے پر سیاہ داغ، کک مک)، جلد کا رنگ سیاہ (تیرگی) پیشاب، پاخانہ، آنکھ

کے نیچے، زبان اور حجامت کے خون کا رنگ سیاہ (تیرگی) ہوتا ہے، پریشانی، ڈر، نفسیاتی بیماریاں، فکری وسواس (منفی افکار)، ڈراؤنے اور پریشانی والے خواب (خواب آشفتہ)، ہمیشہ اپنے ساتھ باتیں کرنا، عادت کے خون کا لختہ ہونا (جمے ہوئے خون کا لوتھڑا، ٹکڑا)، قساوت، تلی کا بڑا ہو جانا، تصلب الشرایین (رگوں کا خشک اور سخت ہونا)، منہ کا نمکین اور بدبودار ہونا، پاخانہ بدبودار اور سرد، آنکھ کی تاریکی (دھندلا پن)، بدن پر زیادہ بال ہونا، اندھراتا (رات کو دکھائی نہ دینا، شب کوری)، جلد اور بدن کا خشک ہونا، شخصیت کے لحاظ سے باوقار، متین، وزین، اہل نصیحت وموعظہ اور درایت، قبض رہنا۔

انسان پر عام طور پر 35 سے 60 سال تک سودا غالب ہوتا ہے

غذائی اور مفرد علاج

سنای مکی کے پتے، انار، شہد، میوہ، منقی کالا میوہ، بینگن، سرکہ، ستو، ایک سال کے دنبے کا گوشت، پانی، سنجد، عناب، زیتون کا تیل، اونٹ اور کبوتر کا گوشت، گرم سالاد (ریحان (نیاز بو) ترہ و۔۔۔)، انجیر، شہتوت، الائچی، دارچینی، ادرک۔

میڈیسن

ابن بسطام (مرکب ایک)، افتیمون، بسفائج، شافیہ 10 مہینہ 11 مہینہ والا شافیہ اور 40 دن کا شافیہ۔

یداوی علاج

سر کے پیچھے کنگھی کرنا، فصد، قے، نورہ، ناخن کاٹنا، ایک انگلی نہار منہ شہد کھانا، گرم اور مرطوب غذا کا اضافہ۔

پرہیز

گائے کا گوشت، سردعطر، چقندر، چقندر کی چینی، مچھلی، بکری کا گوشت، چقندر کا پھل پکا کر کھانا، طلوع سورج کے وقت سونا، بدصورت چیزوں کی طرف دیکھنا، کالی اور بدصورت عورت کی طرف دیکھنا، فریز روالی غذائیں، سرد اور خشک غذائیں کھانا، مرغ

صفرا کا غلبہ (گرم وخشک)

Warm and Dry(choleric or Safrawiy)Yellow bile

علامات

بدن گرم رہنا، غصہ، جلدی غصہ آجانا، بدن کی گرمی اور خشکی، چہرے، آنکھ، زبان، پیشاب، پاخانہ اور حجامت کے خون کا رنگ پیلا ہونا، گرمی ہو جانا، ضدی اور نافرمان، اندرونی بخار، جوانی میں بال گرنا، تھکاوٹ کا احساس (صبح کے ٹائم)، کھانا کھانے کا دل نہ کرنا، پیاس، منہ سے بدبو آنا، سر درد اور میگرن، جگر کی بعض بیماریاں، پیلے اور سبز پانی کی قے (الٹی) حتی پیچش بھی۔نہ، ہاتھ اور پاؤں کا پسینہ، اندرونی ناآرامی اور اضطراب، عقلی اختلالات، پتہ کا بڑا ہو جانا، منہ

میں کڑواہٹ، رات کے پہلے حصہ میں نیند نہیں آنا اسی لیے دیر سے سونا اور صبح دیر سے بیدار ہوا اور پھر نیند چھائی رہنا۔

عام طور پر انسان پر 15 سے 35 سال تک صفرا کی حکومت ہوتی ہے

غذائی اور مفرد علاج

سنای مکی کو گلاب کے پھول کے ساتھ، تازہ آلو بخارا کھانا، کاسنی، پیاس کو دور کرنے کے لیے سنا مکی کو کھجور کے پانی کے ساتھ کھائیں، قلفہ (سبزی)، شاہترہ، نہار منہ نیم گرم پانی، ٹھنڈا پانی، سرکہ، ملیّن (ملائم کرنے والا، نرم کرنے والا، قبض دور کرنے والا، مسہل وغیرہ کھانا)، دنبے کا گوشت، ناشپاتی سیاہ، زیتون کا تیل، چقندر کے پتے، منقی (مویز، کشمش، میوہ)، حجامت سے پہلے اور بعد میں انار کھانا، کاھو، حجامت سے پہلے اور بعد میں انار کھانا، چقندر کے پتے، کدو، شہد کھانا، حجامت کے بعد تازہ مچھلی بھون کر (کباب)، ٹھنڈی اور تر غذائیں، زرشک، ٹھنڈا پانی پینا، مچھلی غیر فارمی، مسور کی دال، جو اور گندم کا ستو (خشک، نہار منہ کھانا ہے)، تر مزاج پھلوں کو کھانا (کھیرا، ناشپاتی، میٹھا انار، آلو بخارا، سیب، آلبالو، انگور، پیلی گاجر)، کھٹی غذائیں، Plantago Major، بارتنگ (Cassia fistula) (سرکہ، اچار وغیرہ)، اسپغول۔

میڈیسن طب اہلبیتؑ

ابن بسطام، اہلیلج (صفرابر) طریفل، بسفائج، شافیہ 3 ماہ والی شہد کے ساتھ، شافیہ 40 دن، 8 اور دس مہینے والا

یداوی علاج

ہوا جھلنا، سیدھے کھڑے ہونا، جماع، کم حرکت، ایک انگلی شہد ٹھنڈے پانی اور کندر (لبان) کے ساتھ، اس کی طرف دیکھنا جسے دوست رکھتے ہیں، ہاتھی کے دانت سے بنی کنگھی کے ساتھ کنگھی کرنا، آرام کرنا، کھانے کے بعد نہانا، پانی کے ساتھ کھیلنا، قے۔

پرہیز

چربی والا گوشت، مصنوعی سینٹ (عطر) سونگھنا، گرم اور خشک غذائیں کھانا، فریزر اور ککر والی غذائیں کھانا، گرما گرم غذا کھانا (مطلب جس کو تازہ آگ سے اتارا گیا ہو)۔

انسان کے اندر چار طبیعتیں ہوتی ہیں اگر یہ معتدل ہوں تو انسان سالم وگرنہ مریض ہوتا ہے۔ معتدل مزاج کے بارے میں بیان کر چکے ہیں۔ ابھی ہر طبیعت کے غلبہ کی علامات اور علاج بیان کریں گے انشاءاللہ مفید ثابت ہوگا۔

خون کا غلبہ (گرم اور تر)

Warm and Wet (sanguine or Damawiy) Blood temperament

علامات

پھوڑے اور پھنسیاں (خاص طور پر دو کندھوں کے درمیان جو عام حجامت کی جگہ ہے)، بدن پر خارش، سرخی

(چہرے کا رنگ، پلکوں کے نیچے، زبان، پیشاب، پاخانہ، حجامت کا خون)، لگا تار جمائیاں لینا، غنودگی اور نیند کی طرف میلان، موسم یا غذا کی حساسیت، ہائی بلڈ پریشر، ہاتھوں اور پاؤں کا سو جانا، بدن پر کیڑیوں کے چلنے کو محسوس کرنا، مسوڑوں سے خون بہنا، چہرے کا خون آلود ہونا، منہ کی مٹھاس اور لعاب دہن کا لزج (چیپ دار ہونا)، بدن کے ظاہر کا گرم ہونا، زنا اور رکوب محارم کی طرف میلان۔ انسان پر 15 سال تک عام طور پر خون کی حکومت ہے

غذائی اور مفرد علاج

مسور کی دال کا ستو، خشک ناشپاتی، کاہو اور کاہو کے بیج (ایک قسم کا ساگ)، بھنا ہوا گوشت، ٹھنڈے پانی سے نہانا، چقندر کے پتے، آلو بخارا خشک، کاسنی، شہترہ، میٹھا انار، ٹھنڈے مزاج پھل، سیب، کھیرا، شہتوت، زرشک، عناب (بیر کی ایک قسم)، جو کا سوپ، کدو، شربت امام رضا علیہ السلام، نہار منہ شہد کھانا۔

طب اہلبیتؑ میڈیسن

ابن بسطام، داروی صاف کنندہ خون، تمبیغ

یداوی علاج

حجامت (پچھوانے لگوانا)، ٹھنڈے پانی کے ساتھ دھونا، فصد (رگ سے خون نکالنا)، حجامت کے بعد گڑ کھانا، حجامت کے بعد تازہ مچھلی کھانا اور اور بدن کو ٹھنڈے پانی سے دھونا، پھولوں کو سونگھنا، خون کا تعویذ، صدقہ خاص طور پر منگل کو، کم کھانا، مسہل کھانا (پیچش لگوانے والی غذا یا جڑی بوٹیاں کھانا)، جماع۔

پرہیز

جگر اور حیوانات کے داخلی احشاء (جو کچھ معدے اور انتڑیوں کے اندر ہو)، گرم اور تر غذائیں، مچھلی اور خشک گوشت اور وہ گوشت جس کو نمک لگا کر محفوظ کیا گیا ہو، زیادہ کھانا، تیز کھانا، شکار کا گوشت

بلغم کا غلبہ سرد اور مرطوب

Cold and Wet(phlegmatic or Balghamiy)

علامات

گلے میں بلغم، بے حوصلہ، منہ میں پانی زیادہ ہونا اور سوتے وقت منہ سے پانی خارج ہونا، لعاب دہن کا بے مزہ ہونا، ارادہ ضعیف، حافظہ کمزور، تنہائی پسند، آنکھوں کی کمزوری، کانوں کی کمزوری، بدن کی سردی، پھولا ہوا، زیادہ تر بڑھاپے کے درد، ہاتھ اور پاؤں کا ٹھنڈا ہونا، بالوں کا سفید ہونا اور گرنا، پژمردگی بدن خاص طور جلد (افسردگی، کملاہٹ، مرجھانے کا عمل)، عام طور پر موٹا اور بے تحرک، چہرے اور بدن کا موٹا ہونا، جوڑوں کا روماٹیزم، فالج اور لقوا، معدہ اور پہلو کا درد۔

انسان پر عام طور 60 سال سے اوپر بلغم کا غلبہ ہوتا ہے

غذائی اور مفرد علاج

ایک انگلی شہد نہار منہ، زیتون کا تیل، کلونجی، سرمہ، گڑ، بارش کا پانی اور موسم بہار کی بارش کا پانی، کندر (لبان: ایک درخت کی گوند کو کہتے ہیں)، کشمش (مویز، منقی، کالے رنگ کا میوہ ہوتا ہے)، سیب، مولی، لال مولی، زیرہ، (Saturwja) جو اور گندم کا ستو نہار منہ خشک کھانا ہے بغیر پانی کے دونوں کو آپس میں ملا لیں، مرزہ، پونہ کوہی، پیاز، پیلی گاجر (شقاقل)، شلجم، (Origanum vulgare)، نہار منہ نیم گرم پانی پینا (پانی کو ابال لیں اور ایک برتن سے دوسرے برتن میں ڈال کر ٹھنڈا کر لیں اور گھونٹ گھونٹ پئیں)، برنی اور عجوہ کھجور، حلوہ کدو، ترہ، گوشت (کبوتر، اونٹ، چڑیا)، Kohlrabi سب پکے ہوئے اور میٹھے پھل، صع، قمری گوبھی (کلم قمری)، ابن بسطام، اسارون، داروی امام صادق علیہ السلام (بلغم زدہ)، بسفا تیج، طریفل، ابن مسعود، شافیہ 40 روزہ، شافیہ ایک مہینے والا، شافیہ 3 مہینے والا، جلی اور سڑی ہوئی بلغم کے لیے شافیہ 19 مہینے والا، حاضوم، مسواک، صعتر فارسی۔

یداوی علاج

مسواک (پیلو کے درخت کی لکڑی کا مسواک استعمال کریں)، روزہ، تلاوت قرآن، بالوں میں زیادہ کنگھی کرنا پلاسٹک کا کنگھا استعمال نہ کریں بلکہ عاج فیل ہاتھی کے دانتوں وغیرہ سے بنا ہوا کنگھا یا حداقل (لکڑی) کا کنگھا استعمال کریں، سورج کے نیچے پشت کر کے بیٹھنا، نہار منہ مسواک، نہار منہ حمام (سوئمنگ پول)، (پیلا ھلیلہ، سرسوں کا بیج، عاقر قرحا ہفتہ میں دو دن)، خوبصورت اور با اخلاق عورت کو دیکھنا، سرمہ لگانا، جماع، بالوں کو چھوٹا کرنا، تیل کے ساتھ مالش، کم کھانا، کم پینا ، گرمی اور خشکی میں اضافہ۔

پرہیز

مچھلی، بدن کی گندگی، سرد اور مرطوب غذائیں، سرد سبزیاں کھانا، نمکین، زیادہ پانی پینا، کھانے کے درمیان پانی پینا ، گائے اور بکری کا گوشت، برف والا پانی، سلاد، کھانے کے بعد نیند۔

ریح (گیس) کے غلبہ کا علاج

کھانا یا پینا پیٹ میں گیس بنانے کے لیے کافی ہوتا ہے، جب کوئی فرد کچھ کھاتا یا پیتا ہے تو اس کے ساتھ کچھ مقدار میں ہوا بھی نگل لیتا ہے، جسے جسم ڈکار کی شکل میں خارج کرتا ہے یا وہ آنتوں میں جا کر گیس کی شکل اختیار کر لیتی ہے جو ریح کی صورت میں خارج ہوتی ہے۔ یعنی گیس کا اخراج نظام ہاضمہ کی قدرتی سرگرمی ہے کیونکہ ہم جو کچھ کھاتے ہیں وہ معدے میں موجود بیکٹر یا مختلف گیسوں میں تبدیل کر دیتے ہیں، جسے جسم خارج کر دیتا ہے۔

علامات

حد سے زیادہ چھینکیں، بدن میں درد کا ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا، جوڑوں کے درد، سر اور کندھوں کی خارش جو

ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوتی رہتی ہے، چار اخلاط کا خام (کمزور) ہوجانا، چہرے کا انحراف (ٹیڑھا پن) اور لقوہ، دانتوں کا جدا ہونا اور بے نظم ہونا، اعضاء میں ہوا کا پھیل جانا، کانوں کی بھنبھناہٹ، کانوں کی آواز، عادت کا رک جانا، بواسیر۔

مفرد اور غذائی علاج

لہسن کو زیتون کے تیل کے ساتھ فرائی کر کے ہفتہ میں ایک دفعہ غذا کے طور پر کھائیں، مولی کے پتے کھانا، شہد کھانا، موسم بہار کی بارش کا پانی، لوبیا کھانا، کم مقدار میں آلو بخارا ک اسپغول کھانے سے پہلے اور بعد میں (ایک چھوٹی چمچ)۔

میڈیسن طب اہلبیتؑ

ابن بسطام، شافیہ 15 مہینہ والا، شربت امام رضا علیہ السلام، قلفہ، حب البلسان، مرکب تین، اجوئن اور اخروٹ کی ترکیب ہررات (دستور جوز)، انجیر اور میتھی کا جوشاندہ ایک رات چھوڑ کر (دستور تین)، صعتر فارسی، معجون ریح۔

یداوی علاج

صبح اور مغرب کی نماز کے بعد 7 مرتبہ ذکر حوقلہ، سورج کی طرف پشت کر کے بیٹھنا جو چھینکوں کا باعث بنتا ہے، سر اور بدن پر مہندی لگانا، سوتے وقت منہ کھول کر رکھنا، حقنہ (تنقیہ، امالہ)، کندش اور کلونجی کو ناک میں ڈالنا، سعوط (سعوط خاص طور پر عنبر، زنبق یا بنفشہ کا تیل جو تلوں والا ہوتا ہے)، تمام بدن کی زیتون کے تیل کے ساتھ مالش، گرم پانی کے ساتھ ٹکور کرنا (تکمید، سینکنا)۔

پرہیز

آلو بخارا زیادہ کھانا۔

منہ کی بدبو

انسان جو غذا کھاتا ہے اگر 42 گھنٹے گزر جائیں تو جو غذا دانتوں میں پھنسی ہے اس سے بدبو آنا شروع ہوجاتی ہے اس لیے طب اسلامی میں مسواک کے ساتھ خلال کرنے کا بھی حکم دیا ہے اس کے علاوہ بخار وغیرہ سے بھی منہ کڑوا ہوجاتا ہے۔

وجوہات

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ جو کوئی خون (گوشت کو اچھی طرح صاف نہ کرنا) کھائے گا۔ اس سے اس کے پیٹ میں زرد رنگ کا پانی جمع ہوجائے گا اور منہ سے بدبو آئے گی۔ المحاسن ج 2 ص 334

امام علی رضا (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ شراب پینے سے منہ میں بدبو پیدا ہوتی ہے۔ طب الرضاؑ

منہ کی بدبو کو ختم کرنے والی غذائیں

سعد

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں سعد کھاؤ منہ کی بدبو ختم کرتی ہے اور مردانہ طاقت میں اضافہ کرتی ہے۔

المحاسن ج2 ص426

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں سعد کو دانتوں پر ملو، دانت درد ختم ہو جاتا ہے، دھان خوشبودار ہو جاتی ہے۔ اصول کافی ج6 ص379

پیاز

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں پیاز کھاؤ (اس کے بعد مسواک کرلو) منہ کی بدبو کو دور کرتا ہے تھکاوٹ ختم کرتا ہے اور مردانہ طاقت کو زیادہ کرتا ہے اور جلد کو نرم کرتا ہے۔ المحاسن ج2 ص522

ترہ سبزی

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں ترہ میں چار خاصیت ہیں ترہ کھاؤ منہ کی بدبو کو ختم کرتا ہے بواسیر کو قطع کرتا ہے جزام سے امان دیتی ہے (مفید ہے ترہ کے بعد مسواک کرلو)۔ ہمان ج6 ص345

گرم پانی

امام صادق علیہ السلام فرماتے ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم افطار کا آغاز حلوے سے کرتے تھے اور حلوے سے روزہ کھولتے تھے، اگر حلوہ نہیں ہوتا تھا تو کسی دوسری میٹھی چیز یا کھجور سے اگر وہ بھی نہیں ملتا تھا تو نیم گرم پانی سے افطار کرتے تھے پھر فرماتے تھے کہ: نیم گرم پانی معدے اور جگر کو صاف کرتا ہے اور جسم اور منہ میں خوشبو پیدا کرتا ہے، دانتوں کو تقویت دیتا ہے۔ ہمان ج2 ص153

جنگلی تلسی

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں جنگلی تلسی انبیاءؑ کی سبزی ہے، متلی کو دور کرتی ہے، بھوک کو بڑھاتی ہے اور منہ کو خوشبودار بناتی ہے۔ اصول کافی ج6 ص364

خلال کرنا

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔ نبی ﷺ نے فرمایا دانتوں میں خلال کیا کرو۔ خلال منہ کو خوشبودار بناتا ہے۔ اصول کافی ج6 ص376

خضاب

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔ ایک درہم خضاب کے لیے خرچ کرنا ان ہزار درہموں سے بہتر جو راہ خدا میں خرچ کیے جائیں۔ اس میں چودہ فوائد ہیں۔

ہوا کو کانوں سے دور کرتا ہے، آنکھوں سے غبار کو ختم کرتا ہے، آنکھوں کو روشنی عطا کرتا ہے، ناک کو نرم کرتا ہے، منہ میں خوشبو پیدا کرتا ہے، دانتوں کی جڑوں (مسوڑوں) کو مضبوط کرتا ہے، بغل کے نیچے آلودگی کو دور کرتا ہے، شیطانی

وسوسوں کو کم کرتا ہے، ملائکہ اس کی وجہ سے خوش ہوتے ہیں، مؤمن کی خوشحالی کا سبب بنتا ہے، کافروں کے غصہ کا سبب بنتا ہے، زینت ہے، خوشبو ہے، عذاب قبر سے چھٹکارے کا سبب اور منکر ونکیر اس سے شرم کرتے ہیں، الخصال ص، 497 کلینی، یعقوب، الکافی، ج6 ص482

مہندی

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں مہندی پسینہ کی بدبو کو ختم کرتی ہے، منہ کو خوشبودار بناتی ہے، آنکھوں کو روشن کرتی ہے، بیوی کو سکون دیتی ہے، بالوں کو سفید کرتی ہے۔ اصول کافی ج8 ص483

سرمہ

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ سرمہ لگاو منہ کو خوشبودار بناتا ہے اور آنکھوں کی پلکوں کو مضبوط کرتا ہے۔ ہمان ص484

اذخر

روایت میں ہے جب حرم میں داخل ہوں اُس سے قبل اذخر کھالو، منہ کو خوشبودار بناتی ہے۔ التہذیب ج5 ص 319

امام علی رضا (علیہ سلام) فرماتے ہیں سب سے بہترین مسواک اراک ہے اس سے مسوڑھے مضبوط ہوتے ہیں، دانت، صاف ہوتے ہیں اور منہ کو خوشبودار بناتی ہے۔ رسلۃ الذھبیۃ ص50

مسواک زیتون

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں بہترین مسواک زیتون کے درخت کی ہے، زیتون کا درخت مبارک ہے، منہ کو خوشبودار بناتا ہے، دانتوں کے انفیکشن کو ختم کرتا ہے۔ مستدرک الوسائل ج1 ص369

کشمش

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کشمش کھاؤ لعاب کو خوشبودار بنادیتی ہے اور عصاب کو مضبوط کرتی ہے اور غصے کو ختم کرتی ہے۔ الاختصاص 124

کھجور برنی

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کھجور برنی کھاؤ منہ کی بدبو کو ختم کرتی ہے اور معدے کو پاک کرتی ہے۔ الخصال ص416

خربوزہ

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔ خربوزے کو چھری سے نہ کاٹیں بلکہ دانتوں سے کاٹیں، کیونکہ مبارک پھل ہے، دانتوں کو صاف کرتا ہے، دل کو پاکیزا اور دانتوں کو سفید کرتا ہے۔ طب النبیؐ ص27

پاوڈر دندان

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں۔نہار منہ پاوڈر دندان کے ساتھ مسواک کریں کیونکہ بلغم کوختم کرتا ہے منہ میں خوشبو پیدا کرتا ہے اور دانتوں کوقوی کرتا ہے انشاءاللہ ۔طب لآئمہؑ ص19

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔کتنا بہترین لقمہ ہے(پنیر) کیونکہ منہ کوخوشبودار بناتا ہے۔ پہلے والی اور بعد والی غذا کوہضم کرتا ہے۔بحار،ج63،ص105

انار کی جھلی

حضرت علی (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔انار کوسفید جھلی کے ساتھ کھاؤ، کیونکہ دانتوں کے انفیکشن (پیلا ہٹ) اور بدبو کا علاج ہے اور سانس کوخوشبودار بناتا ہے۔محاسن،ج2،ص543

منہ کا انفیکشن

امام علی رضا (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ٹھوڑی کے نیچے حجامت کرنا منہ کے انفکیشن بلکہ منہ کی تمام بیماریاں کے لیے فائدہ مند ہے۔الرسالۃ الزھبیۃ ص56

زبان کی کڑواہٹ

زبان پر حنا لگائیں۔

سعد

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں اشنان (ایک دھونے والا مادہ) میں سعد ڈالیں، کیونکہ سعد دھان کوخوش زائقہ بناتی ہے اور ہمبستری کے عمل کوزیادہ کرتی ہے۔محاسن،ج2،ص462،ح232

اشنان ہاتھوں اور چہرے کودھونے کے لیئے ہوتا ہے اور منہ کے اندر کوسعد سے دھونا مراد ہے۔

پیاز

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں پیاز منہ کوخوش زائقہ بناتا ہے، کمر کوقوی کرتا ہے اور جلد کونازک کرتا ہے۔ (محاسن،ج2،ص522،ح738)

آیت اللہ تبریزیان

پیاز کھانے سے منہ میں بدبو پیدا ہوتی ہے، لیکن یہ وقتی طور پر ہوتا ہے۔ پیاز چونکہ اینٹی بیکٹیریا ہوتی ہے اس لیے ان بیکٹیروں کو جو منہ میں بدبو کا سبب بنتے ہیں ان کوختم کردیتی ہے۔کافی،ج6،ص365

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم افطار میں نیم گرم پانی معدہ اور جگر کوصاف کرتا ہے اور منہ کوخوشبودار کرتا ہے۔کافی، ج4،ص153

امام موسیٰ کاظم علیہ السلام فرماتے ہیں بادروج (کالی تلسی) ڈکار لاتی ہے اور منہ کو خوشبودار بناتی ہے۔ اصول کافی، ج6، 364

امام علی رضا (علیہ سلام) فرماتے ہیں جو چاہتا ہے، اس کا (Uvula) نہ لٹکے اور کان نہ بہیں اسے چاہیے کہ میٹھی چیز کھانے کے بعد غرارے کرلیا کرے۔ رسالۃ الذھبیۃ ص40

دانتوں کی بیماریاں

بیماری سے قبل علاج

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔ جبرائیلؑ نے مسواک کرنے کی اتنی تاکید کی مجھے ڈر تھا کہیں دانت گر نہ جائیں۔ الکافی ج3 ص22

مسواک کرنے کا طریقہ

حضرت علیؑ اپنے دانتوں کو اوپر سے نیچے مسواک کرتے تھے۔ الکافی ج6 ص296

مسواک کے فوائد

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔ مسواک کرنے کے بارہ فوائد ہیں۔ سنت رسولؐ ہے۔

دانتوں کو پاکیزہ رکھتا ہے، آنکھوں کو روشنی ملتی ہے، خدا خوش ہوتا ہے، دانتوں کو سفید کرتا ہے، دانتوں کو بوسیدگی سے بچاتا ہے، مسوڑھوں کو مضبوط کرتا ہے، غذا کی میل دور کرتا ہے، بلغم کو ختم کرتا ہے، حافظہ کو قوت دیتا ہے، نیکی میں اضافہ ہوتا ہے، فرشتے خوش ہوتے ہیں۔ الکافی ج6 ص495

نبی ﷺ فرماتے ہیں مسواک کے ساتھ دو رکعت نماز پڑھنا خدا کے نزدیک ستر رکعت سے افضل ہے۔ الخصال ص480

خلال کرنا

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔ خلال کرو اور دانتوں میں غذا کا ہونا فرشتوں کے لیے بہت نفرت کا باعث ہے۔ مکارم الاخلاق ص152

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔ کھانا کھانے کے بعد خلال کرو کیونکہ یہ منہ اور دانتوں کی سلامتی کا باعث ہے اور انسان کی روزی میں اضافہ ہوتا ہے۔ مکارم الاخلاق ص152

مسوڑھوں کی مضبوطی

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ بہترین مسواک اراک (پیلو) کا ہے۔ منہ کو خوشبودار کرتا ہے، پیغمبرؐ کی سنت ہے، مسوڑھوں کو مضبوط کرتا ہے۔ بلغم کو کم کرتا ہے اور بینائی میں اضافہ کرتا ہے۔ اصول کافی ج6 ص495

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔ پیاز کھاؤ، مردانہ طاقت کو بڑھاتا ہے، منہ کو خوشبودار کرتا ہے (اس کے فوراً مسواک اراک کیا جائے) اور مسوڑھوں کو مضبوط کرتا ہے۔ اصول کافی ج6 ص384

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں مسواک اراک دانتوں کو مضبوط کرتا ہے، مسوڑھوں کو مضبوط کرتا ہے اور عقل کو بڑھاتا ہے۔ اصول کافی ج6 ص384

نمک مسوڑھوں کو مضبوط کرتا ہے۔ ان کی سستی ختم کرتا ہے، دانتوں کو مضبوط کرتا ہے، سمندری نمک بہترین نمک ہے۔ بحارالانوار ج92 ص190

امام ہادی (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ شانہ عاج (ہاتھی کی ہڈی سے بنی کنگھی) سے کنگھی کریں۔ بالوں کو اگاتی ہے، دماغ کو تیز کرتی ہے، مسوڑھوں کو پاک کرتی ہے۔ مکارم الاخلاق ص72

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔ خلال کرو۔ دانتوں کو صاف اور مسوڑھوں کو مضبوط کرتا ہے۔ المحاسن ج2 ص593

دانتوں میں درد

وجوہات

امام رضا علیہ السلام فرماتے ہیں گرم اور میٹھی چیز کھانے کے بعد ٹھنڈا پانی پینا دانتوں کو ختم کر دیتا ہے (گرا دیتا ہے) بحارالأنوار، جلد62، صفحہ 321

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ حمام میں دانت صاف نہ کرو، دانتوں کے گرنے کا سبب بنتا ہے۔ مستدرک ج2 ص26

احتیاط

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔ ہر شخص کو (کم سے کم) دو بار دن میں مسواک کرنا چاہیے۔ اس سے حافظہ زیادہ ہوتا ہے، بلغم ختم ہوتی ہے، مسوڑھے مضبوط ہوتے ہیں، منہ خوشبودار ہوتا ہے اور دانت مضبوط ہوتے ہیں۔ جامع الاخبار ص151

حضرت علی (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ جب بھی چھینک آئے تو پڑھیں "**الحمد للہ رب العالمین علی کل حال**" اس سے کان میں درد اور دانت میں درد نہیں ہوگا۔ اصول کافی ج2 ص455

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔ سر کی حجامت سات بیماریوں کا علاج ہے (پاگل پن، پیپسی، جزام، بے خوابی، دانت درد، میگرن)۔ مستدرک الوسائل ج17 ص33

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔ جو شخص ہفتہ اور جمعرات کو ناخن کاٹے گا (ایک ناخن جمعہ کے لیے چھوڑ دیں) اس کو سر درد، جزام و دانت درد نہیں ہوگا۔ من لا یحضر ج1 ص128

دانت میں درد

امام موسیٰ کاظم (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ اگر دانتوں میں سوراخ ہو جائے اور درد ہو تو ھندوانہ ابوجھل کو چند رات

(تین سے پانچ) جس میں سے ہر رات دو سے تین قطرے جس طرف درد ہے کان میں اس کان میں ڈالے۔ انشاء اللہ سوراخ بھی ٹھیک ہوجائے گا اور درد بھی ختم ہوجائے گا۔ اصول کافی ج8 ص194

آب نسیان دانتوں کے درد کو ختم کرتا ہے۔ مفاتیح الجنان

ابو ولاد سے روایت ہے میں نے امام موسی کاظمؑ کو حجر میں دیکھا آپ تشریف فرما تھے۔ میں نے سنا آپؑ نے فرمایا: میرے دانتوں نے درد کیا تو میں نے سعد لیا اور اپنے دانتوں پر ملا تو اس نے درد ختم کرنے میں فائدہ دیا اور میرا درد ختم ہو گیا۔ اصول کافی ج6 ص390

سرمہ نشادر دانت کے درد کو ختم کرتا ہے۔ طب الآئمہؑ ص87

دانتوں کا اپنی جگہ سے ہل جانا

مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ بَعْضِ أَصْحَابِهِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ أَبِي الْبِلَادِ سے روایت کی ہے مجھے عباس بن موسیٰ نے پکڑا منہ پر مارا تو میرے دانت ہل گئے اور میں کھانے کو چبانے کے لائق نہیں رہا تو میں نے والد کو خواب میں دیکھا ان کیساتھ ایک بزرگ تھے، انہوں نے مجھ سے کہا کیا وجہ ہے میں تمہیں اس طرح دیکھ رہا ہوں میں نے کہا عباس بن موسیٰ فاسق نے میرے بارے میں حکم دیا مجھے منہ پر مارا گیا جس سے میرے دانت ہل گئے ہیں۔ انہوں نے مجھ سے کہا اپنے دانتوں کو سعد کے ساتھ مضبوط کرو میں صبح اٹھا سعد سے کلی کی میرے دانت رُک گئے۔ اصول کافی ج6 ص389

دانتوں کی مضبوطی

امام باقر (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ کندر کھاؤ۔ دانتوں کو مضبوط کرتا ہے اور بلغم کو ختم کرتا ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔

گرم پانی پیو۔ معدہ کو پاک کرتا ہے، جگر کو صاف کرتا ہے، منہ اور جسم کی بدبو کو ختم کرتا ہے اور دانتوں کو مضبوط کرتا ہے۔ اصول کافی ج6 ص153

امام باقر (علیہ سلام) فرماتے ہیں چوئنگ گم چبانے سے دانت مضبوط ہوتے ہیں (کندر چبایا جائے جو قدرتی چوئنگ گم ہے)۔ اصول کافی ج6 ص482

امام باقر (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ اگر دانت کمزور ہوجائیں تو سونا (Gold) سے مضبوط ہوجاتے ہیں۔ (وہی جو عام طور پر دانت ہلتے ہوں تو ان کو باندھ دیا جاتا ہے)

ہمان

دانتوں کی سفیدی

امام علی رضا (علیہ سلام) فرماتے ہیں مسواک اراک استعمال کرو دانتوں کو سفید کرتا ہے۔ رسالۃ الذھبیۃ ص 50

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔ خربوزے کو چھری سے نہ کاٹیں بلکہ دانتوں سے کاٹیں، کیونکہ مبارک پھل ہے، دانتوں کو صاف کرتا ہے، دل کو پاکیزااور دانتوں کو سفید کرتا ہے۔ طب النبی ص 27

امام علی رضا (علیہ سلام) فرماتے ہیں جو شخص دانتوں کو سفید رکھنا چاہتا ہے وہ ایک اندرانی (پھتر والانمک) ایک جز اور کف دریا (سمندری جھاگ) ایک جز دونوں ملا کر دانتوں پر لگائے۔ علل الشرائع ج 2 ص 575، رسالۃ ذہبیۃ ص 52

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم برف (اولے) کھاتے تھے اور صحابہ ان کو جمع کرتے تھے۔ آپؐ نے فرمایا۔ ان سے دانت نہیں جھڑتے ہیں (فقط دوا کے طور پر استعمال کیے جائیں ویسے مضر صحت ہیں)۔ مکارم الاخلاق ص 31

دانتوں کے درمیان فاصلہ

حضرت عیسیٰؑ ایک شہر سے گزرے دیکھا لوگوں کے دانت بکھرے ہوئے ہیں ان کے منہ کھلے ہوئے ہیں۔ لوگوں نے آپؑ سے اس کی شکایت کی تو آپؑ نے فرمایا جب تم سوتے ہو تو اپنا منہ بند کر کے سوتے ہو بخارات تمہارے سینے سے اُبھر کر تمہارے منہ تک آتے ہیں۔ چونکہ منہ بند ہوتا ہے نکلنے کا راستہ نہیں پاتے اور دانتوں کی جڑوں کی طرف واپس جاتے ہیں اور منہ میں فساد پیدا کرتے ہیں اور جب تم لوگ سو تو لب کھول کر سویا کرو اور اس کی عادت ڈال لو تو ان لوگوں نے ایسا ہی کیا تو سب تکلیفیں دُور ہو گئیں (منہ بند ہونے سے آکسیجن اندر نہیں جا پاتی اور کاربن ڈائی آکسائیڈ باہر نہیں آتی جس سے دانت خراب ہو جاتے ہیں)

اگر 48 گھنٹے گزر جائیں خوراک دانتوں میں پھنسی رہے، تو میل دانتوں میں جم جاتی ہے جس سے انفیکشن ہوتا ہے۔

دانتوں کے پلاک یا ٹاٹر

امام علی (علیہ سلام) فرماتے ہیں انار کو جلد (اندر والی سفید جھلی کے ساتھ کھاؤ، زبان کے انفیکشن کو ختم کرتا ہے اور منہ کو خوشبودار بناتا ہے)۔ المحاسن ج 2 ص 543

مسواک اراک (پیلو) دانتوں سے میل کو ختم کرتا ہے، دانتوں کو سفید کرتا ہے اور مسوڑھوں کو مضبوط کرتا ہے۔ ہمان ص 56

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں بہترین مسواک زیتون کے درخت کا ہے دانتوں کی میل کو ختم کرتا ہے اور مسوڑھوں کو مضبوط کرتا ہے۔ مستدرک الوسائل جلد 1 ص 369

ہر کسی کو بارش کا پانی پینا چاہیے دانتوں کی جڑ کو مضبوط کرتا ہے اور منہ کو خوشبودار بنا دیتا ہے بلغم کو ختم کرتا ہے۔ (دانتوں میں بلغم

پیدا نہیں ہونے دیتا)

دانت و مسوڑھوں میں درد

علاج

مسواک اراک (پیلو کا مسواک) ٹھوڑی کے نیچے حجامت کریں، سرکہ+شہد ملا کر غرارے کریں، لونگ دانت کے اوپر لگائیں، پاوڈر دندان استعمال کریں، لونگ کو پیس کر دانتوں پر لگائیں چند منٹ کے لیے۔

طب سنتی

☆ انار کے چھلکے کو ابال لیں۔ اس سے غرارے کریں دانت کی سوجن، منہ کی انفیکشن، دانت درد کے لیے مفید ہے۔

☆ دو چمچ شہد اور ایک چمچ سمندری نمک ان سے دانت صاف کریں۔

☆ نمک+گرم پانی ان سے غرارے کریں۔

☆ لہسن کو پیس کر دانت کے اوپر رکھیں درد کم ہوگا، مسوڑھوں کے گرد مساج کریں۔

☆ لیموں کا جوس دانت میں درد اور مسوڑھوں سے خون آنے میں مفید ہے، پیاز کو دانت کے اوپر رکھیں۔

☆ گندم کی شاخ کو لیکر چبائیں (دانت درد و دانت کی مضبوطی کے لیے بہت مفید ہے)۔

☆ روغن حنظل (اس کے دو قطرے دانت میں ڈالیں اور روئی میں لگا کر جس دانت میں درد ہے اس کے اوپر رات کو رکھ لیں تین دن اور اس کیساتھ جس طرف درد ہے اس طرف کان میں بھی دو قطرے رات کو ڈالیں)۔

دانتوں کا ٹوٹ جانا یا دانتوں پر چوٹ

علاج: داروی استخوان ساز، پاوڈر سنجد، سبزیاں کھائیں

دانتوں کی زردی و پیلاہٹ

علاج

سمندری نمک سے دانت صاف کریں، خربوزہ کو دانتوں سے کاٹیں۔ پاوڈر دندان (دانتوں کو سفید کرنے والا پاوڈر استعمال کریں)۔

Diastema دانتوں کے درمیان زیادہ فاصلہ ہونا

وجوہات: منہ بند کر کے رات کو سونا۔

علاج

☆ 30 لونگ لے لیں۔ اس کو پیس لیں۔ اس کو خوب ڈھکن سے شیشہ کی بوتل میں بند کر لیں اس کو سورج کی روشنی میں گرمیوں میں ایک دن اور سردیاں میں دو دن رکھ کر چھوڑ دیں اس کے بعد وہ لونگ نکال کر پیس لیں اور بارش کے پانی میں

ملا کر چہرے کے اطراف نیچے اور سر پر لگالیں اور لیٹ جائیں اور جب خشک ہو جائے۔
☆ داروی تقویت عصب

دانتوں میں سوراخ

علاج

ھندوانہ ابوجھل (کڑتومہ) ایک قطرہ کان میں اور ایک قطرہ دانتوں کے اوپر ڈالیں۔

مسوڑھوں سے خون آنا اور دانتوں کا انفیکشن

اگر 48 گھنٹے خلال نہ کیا جائے تو دانتوں کے اندر غذا رہ جاتی ہے جس وجہ سے انفیکشن ہو جاتا ہے۔

علاج

مسواک ارک (پیلو)، مسواک زیتون، داروی مشکک لگائیں انار کے اندر والی جھلی کھائیں، آب نمک۔

مسوڑھوں کی سستی

علاج

نمک دریا، مسواک اراک، م سرکہ، حنا لگائیں، پیاز کھائیں۔

گلے اور مسوڑوں سے خون آنا

علاج

اگر دانتوں کے مسئلے سے خون آرہا ہے تو مسواک اراک، مسواک زیتون، داروی مشکک

مسوڑوں میں انفیکشن و گلٹی

علاج

پاوڈر دندان، سرکہ+شہد، ٹھوڑی کے نیچے حجامت کریں، نمک سے غرارے کریں، لونگ استعمال کریں۔

زبان کا پھٹ جانا

زیادہ گرم غذائیں کھانے اور جگر کی خرابی کیوجہ سے ہوتا ہے۔

علاج: جامع آب شہد زبان پر لگائیں۔

زبان پر گلٹی یا کیست

علاج

تباشیر+آب انار

حنک (تالو یا منہ کے اندر کے اوپر والا حصہ) میں انفیکشن

علاج

سرکہ سے غرارے کریں ہر میٹھی چیز کھانے کے بعد

منہ کی کڑواہٹ

علاج

مسواک اراک ،مسواک زیتون، گرم پانی، بارش کا پانی، پیاز کھائیں (اس کے فوراً بعد مسواک کریں)، سعد

زبان کی لکنت

علاج

داروی لکنت زبان، جامع رضاً بآب انار، داروی صاف کنندہ خون، ٹھوڑی کے نیچے کی حجامت، زعفران کو ملا کر پی لیں+Savory نشادر کو دہی میں ملالیں اور پھر زبان کے اوپر پھیریں، آب مرزہ۔

منہ کی بدبو

علاج

داروی سعتر، سعد کوفی سے کلیاں کریں، مسواک اراک یا مسواک زیتون کریں، اذخر کھائیں، ترہ، انجیر، کھجور برنی، خربوزہ، کشمش، پیاز کھائیں، سرمہ لگائیں، مہندی لگائیں، کھانے کا اختتام سبزی ریحان سے کریں، گرم پانی سے افطار کریں۔

منہ میں چھالے اور زبان کا انفیکشن

علاج

دس سے پندرہ منٹ حنا زبان کے اوپر لگائیں اس کے بعد دھولیں، داروی صاف کنندہ خون۔ٹھوڑی کے نیچے حجامت کریں۔

Pulpitis دانت کا درد وسوجن

دعائیں وآیات قرآنی

امام جعفر صادق (علیہ سلام) سے مروی ہے کہ درد والے دانت پر ہاتھ رکھ کر سورہ حمد، سورہ توحید اور سورہ قدر پڑھے اور کہے۔'' تَحْسَبُها جامِدَةً وَ هِيَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحابِ صُنْعَ اللهِ الَّذی اَتْقَنَ کُلَّ شَيْئٍ اِنَّهُ خَبيرٌ بِما تَفْعَلُونَ''

حضرت امیر المومنین علی ابن ابی طالب (علیہ سلام) سے مروی ہے کہ سجدے کی جگہ پر ہاتھ پھیر کر اسے درد والے دانت پر لگائے اور یہ پڑھے'' بِسْمِ اللهِ وَالشّافی اللهُ وَ لا حَوْلَ وَلا قُوَّةَ اِلّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظيم''

دانتوں کے درد کے خاتمے کیلئے

سورہ حمد، سورہ فلق، سورہ الناس اور سورہ توحید اور ہر سورہ کے ساتھ۔ خدا کے نام سے جو بڑا رحم والا مہربان ہے۔
پڑھے اور پھر یہ کہے۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ وَ لَهُ ما سَكَنَ فِی اللَّیْلِ وَ النَّهارِ وَ هُوَ السَّمِیعُ الْعَلِیمُ قُلْنا یا نارُ كُونی بَرْداً وَ سَلاماً عَلی اِبْرٰهِیمَ وَ اَرادُوا بِهِ كَیْداً فَجَعَلْناهُمُ الْاَخْسَرِینَ نُودِیَ اَنْ بُورِكَ مَنْ فِی النّارِ وَ مَنْ حَوْلَها وَ سُبْحانَ اللهِ رَبِّ الْعالَمِینَ اس کے بعد کہے۔

اَللّٰهُمَّ یا كافِیاً مِنْ كُلِّ شَیْئٍ وَ لا یَكْفِی مِنْكَ شَیْئٌ اِكْفِ عَبْدَكَ وَ ابْنَ اَمَتِكَ مِنْ شَرِّ ما یَخافُ وَ یَحْذَرُ وَ مِنْ شَرِّ الْوَجَعِ الَّذی یَشْكُوهُ اِلَیْكَ

نیز روایت ہوئی ہے کہ چھری یا کھجور کا پیالہ لے کر اس جگہ پر پھیرے جہاں درد ہوتا ہوتا ہے اور سات مرتبہ کہے۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ بِسْمِ اللهِ وَ بِاللهِ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللهِ وَ اِبْرٰهِیمُ خَلِیلُ اللهِ اُسْكُنْ بِالَّذی سَكَنَ لَهُ ما فِی اللَّیْلِ وَ النَّهارِ بِاِذْنِهِ وَ هُوَ عَلی كُلِّ شَیْئٍ قَدِیرٌ

روایت میں ہے کہ جس دانت میں درد ہو اس پر کوئی لکڑی یا لوہا رکھ کر سات مرتبہ کہے۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ اَلْعَجَبُ كُلُّ الْعَجَبِ دُودَةٌ تَكُونُ فِی الْفَمِ تَاْكُلُ الْعَظْمَ وَ تُنْزِلُ الدَّمَ اَنَا الرّاقی وَ اللهُ الشّافی وَ الْكافی لا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعالَمِینَ وَ اِذْ قَتَلْتُمْ نَفْساً فَادّارَأْتُمْ

شائد کہ اس آیت کو تم عقل سے کام لو۔۔۔تک سات مرتبہ پڑھے۔ مفاتیح الجنان

دانت و مسوڑے

علاج

دانتوں و مسوڑوں کی مضبوطی کے لیے، سرکہ+نمک، شہد، مسواک اراک، مسواک زیتون، خلال کرنا، دودھ، روغن حنظل، معجون اراک، پیاز کھانا، گرم پانی پینا، کندر چبا چبا کر کھانا۔

گلے کی بیماریاں

احادیث

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔کھانے کا آغاز واختتام نمک سے کرو۔اس سے اس سے گلہ درد، پیسی، جزام ودندان درد سے نجات ملے گی۔وسائل الشیعہ ج ٢٤ ص ٤٠٦

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔گلہ درد کے لیے دودھ (گائے کا بہتر ہے) سے بڑھ کر اور کوئی دوا نہیں ہے اس میں گندم وجو کا سوپ بھی ڈال لیں۔طب لاآئمہؑ

نبی ﷺ فرماتے ہیں عود ھندی ستر بیماریاں کا علاج ہے، جن میں سینہ، پہلو اور گلہ میں درد شامل ہے۔مستدرک سفینۃ البحار ج7 ص475

گلے میں درد

علاج

داروی موسیٰ کاظمؑ، جامع بآب شہد، گائے کا دودھ

گلہ درد Sore Throat

اگر گلے میں درد سوزش کے ساتھ ہے تو اس کی دو وجوہات ہیں۔

(1) معدہ میں انفیکشن وتیزابیت کی وجہ سے

(2) اس سے گلہ میں سوزش وزخم ہوجاتا ہے

علاج: مرکب تین ،ھاضوم

(Esophagus) اگر سوزش شدید ہے گلہ سے شروع ہوکر حنجرہ تک چلی جاتی ہے، منہ میں بھی سوزش ہوتی ہے

علاج: جامع +شہد

گلہ خراب کے لیے خوراک

علاج

کھانے سے پہلے اور بعد میں نمک دریا، آویشن (صعتر فارسی)، سرکہ سیب، لیموں ترش (ابال کر)، گائے کا دودھ، داروی موسیٰؑ کاظمؑ، سرکہ+نمک کے غرارے، گرم پانی سے غرارے

اگر ورم ہے تو ساتھ

داروی ثفا، عود ہندی، زعفران، کلونجی+عسل، بہی دانہ سیاہ چنا، سویق نخود، انجیر+میتھی ابال کر استعمال کریں۔

Cyst throat

علاج

تباشیر، داروی امام موسیٰ کاظمؑ

حنجرہ کی گلٹی larynx cyst

علاج

جامع رضا+آب سیاہ چنا، تباشیر+شہد، شہد+کلونجی+آب چنا

Laryngitis گلے کی سوجن

علاج

جامع باآب شہد، داروی ثفا، آب انغوزہ، سویق چنا، گائے کا دودھ پئیں، بادام کا شیرہ، جسم پر نورہ لگائیں، داروی صاف کنندہ صدا، داروی موسیٰ کاظمؑ

ٹونسلیکٹومی Tonsillectomy

خناق مطلق (tonsillitis)

خناق مطلق کا عام طور پر سبب مخصوص جراثیم (مثال کے طور پر گروہ اے بیٹا ہیمولیٹک اسٹرپٹوکوکی) ہوتے ہیں، اور کبھی کبھار وائرس عفونت جو حلق کی سوزش اور سوجن، بخار، حلق کے پیچھے سفید دھبے اور نگلنے میں مشکل کا سبب بنتے ہیں۔ عام طور پر آرام اور ضد حیوی کا ایک کورس اس کو ٹھیک کر دیتا ہے، تاہم کبھی کبھار عفونت (انفیکشن) کافی سنگین ہو جاتا ہے اور ممکنہ طور پر سنگین مسائل سے دو چار کر سکتا ہے، یا پھر تھوڑے تھوڑے وقفے سے واپس متاثر ایک جراحی کا عمل جس میں غدود نکال دیئے (tonsillectomy) کرتا رہتا ہے۔ ان صورتوں میں اخراج لوزہ جاتے ہیں پر غور کیا جاتا ہے۔ غدودہ عام طور پر کم متاثر ہوتے ہیں، تاہم جب وہ متاثر ہو جاتے ہیں، تو وہ سوج کر اور متورم ہو کر ناک کے ذریعہ لینی والی سانس میں رکاوٹ ڈالتے ہیں اور سائنوسائٹس کے ذریعہ ہونے والے نکاسی میں مانع ہوتے ہیں ہیں جس سے مزید انفیکشن ہوتا ہے۔ نوجوان لوگوں میں منہ سے مسلسل سانس لینے سے چہرے کی ہڈیوں پر زور پڑتا ہے اور جب چہرے کی ہڈیاں نمو کرتی ہیں تو خراب اور بدشکل ہو جاتی ہیں، یہی وجہ ہے کہ اکثر بچوں میں "غدودہ" گلے کے غدودوں کو نکال دیا جاتا ہے۔

علاج

عود ہندی آسیاب کردہ با آب باران، داروی جامع با شہد، داروی حضرت محمد ﷺ، داروی امام کاظمؑ، داروی ثفا،

گائے کا دودھ

گلہڑ Goiter

ہمارے جسم میں بہت سارے غدود ہیں، جو مختلف قسم کے کام سرانجام دیتے ہیں۔ ایسی ہی ایک غدود ہمارے گلے میں موجود ہے جس کو تھائراڈ گلینڈ کہتے ہیں۔ یہ مخصوص قسم کے ہارمون تیار کرتا ہے جن کا مقصد غذاء سے حاصل ہونے والی توانائی کو حد اعتدال میں رکھنا ہوتا ہے۔ اس کی کمی وزیادتی سے ہمارا جسم مختلف بیماریوں کا شکار ہوجاتا ہے۔

علامات

گلے کا سوج جانا، جسمانی وزن میں اضافہ، بالوں کا گرنا، ڈپریشن، تھکاوٹ اور کمزوری، خشک جلد، سردی وتھکاوٹ، قبض، پٹھوں میں درد، یادداشت کے مسائل، دل کی دھڑکن کا کم ہوجانا۔

اقسام

اس کی دو اقسام ہیں طب اہلبیتؑ میں دونوں اقسام کا علاج ایک ہی ہے

علاج

جامع بآب مرزنجوش، سمندری نمک، مچھلی کھائیں۔

گلہڑ کی گلٹی Thyroids cysts

علاج

تباشیر+مرزنجوش

آواز بیٹھ جانا یا آواز میں خرابی

علاج

داروی صاف کنندہ صدا، داروی موسیٰ کاظمؑ، سیاہ چنا کا سوپ۔

سونگھنے کی حس ختم ہوجانا

علاج

روغن بنفشہ یا پایہ کنجد ناک میں ڈالیں۔

آنکھوں کی بیماریاں

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ نبی ﷺ سونے سے پہلے دائیں آنکھ میں چار اور بائیں آنکھ میں تین سلائیاں سرمہ ڈالتے تھے۔ اصول کافی ج8 ص172

آنکھوں کی بیماریوں کی وجوہات

ترنج کھانا Citron

امام رضا علیہ السلام فرماتے ہیں رات کے وقت تُرنج کھانا بھینگے پن کا سبب بنتا ہے۔ بحار الأنوار، ج62،

غسل کرنے سے قبل دوبارہ ہم بستری کرنا۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضرت علی علیہ السلام کو نصیحت۔

اے علی! ایسا نہ ہو کوئی نزدیکی کے وقت اپنی بیوی کی شرم گاہ کی طرف نگاہ کرے بلکہ آنکھوں کو بند رکھے کیونکہ شرم گاہ کی طرف دیکھنا بچے کی نابینائی کا سبب بنتی ہے۔ علل الشرائع ،ص514

شرم گاہ کو دیکھنا

علی ایسا نہ ہو کہ تم میں سے کوئی اپنی بیوی کی شرم گاہ کے اندر دیکھے کیونکہ ممکن ہے کہ ایسی چیز دیکھو جو تمہارے لئے خوشگوار نہ ہو اور شاید نابینائی کا سبب بن جائے۔ بحار الانوار ج103 ص287

ظہر کے بعد بیوی کے پاس جانا

اے علی: ظہر کے بعد بیوی سے ہم بستری نہیں کرنی چاہیے کیونکہ اس عمل کے نتیجے میں اولاد ہو تو وہ بھینگی ہوگی اور شیطان انسان کے بھینگے پن سے خوش ہوتا ہے۔ کتاب من لایحضرہ الفقیہ، ج3، ص552

اول رات زوجہ کے پاس جانا

امام رضا علیہ السلام فرماتے ہیں سردی اور خزاں میں رات کے ابتدائی حصے میں ہمبستری نہ کرو کیونکہ اس وقت معدہ اور پیٹ پُر ہوتے ہیں اور یہ بات ناپسندیدہ ہے اور اس کے ساتھ ساتھ بینائی میں کمزوری اور عقل میں کمی کا خطرہ بھی ہے۔ بحار الأنوار، ج62

بڑے بال رکھنا

امام موسیٰ کاظم (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ سر کے بال بڑے نہ رکھو۔ بینائی ضعیف ہوتی ہے، آنکھوں سے روشنی کم

ہوتی ہے،سر کے بال کاٹنے سے بینائی میں اضافہ ہوتا ہے۔مستطرفات السرائرص 57

علاج

رسول ﷺ فرماتے ہیں جس کو آنکھوں میں درد ہوتو دونوں آنکھوں میں بارش کے پانی کے قطرے ڈالے درد ختم ہوجائے گا۔مستدرک الوسائل ج17 ص33

شافیہ فالج وآنکھوں کے درد کے لیے مفید ہے۔بحارالانوار ج62 ص269

پیامبر خدا ﷺ نے فرمایا مرزنجوش کتنا اچھا پودا ہے۔مرزنجوش عرش کے سائے کے نیچے اگتا ہے اور اس کا پانی آنکھوں کے لیے شفا ہے۔مکارم الاخلاق ص45

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔جب قبر رسول ﷺ کے پاس جاؤ۔جو منبر ہے اس کو مَس کرو۔جو اس کے نیچے ہے اسے بھی مَس کرو۔خدا کا ذکر کرو۔خدا سے دعا مانگو۔آنکھوں کا نور آجائے گا۔اصول کافی ج4 ص553

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔سرمہ کافوری آنکھوں میں درد کو برطرف کرتا ہے۔ہمان ج8 ص383

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔مشروم (کھمبی) آنکھوں کے لیے شفا ہے۔عیون اخبار الرضا ج1 ص80

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔کھمبی من وسلوی میں سے ہے اور من وسلوی جنت میں سے ہیں اور کھمبی کا پانی آنکھ کے لیے شفا ہے۔اصول کافی ج6 ص370

خضاب کے چودہ فوائد

پیامبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں

ایک درہم خضاب کے لیے خرچ کرنا ان ہزار درہموں سے بہتر جو راہ خدا میں خرچ کیے جائیں۔اس میں چودہ فوائد ہیں۔

ہوا کو کانوں سے دور کرتا ہے،آنکھوں سے غبار کو ختم کرتا ہے،آنکھوں کو روشنی عطا کرتا ہے،ناک کو نرم کرتا ہے،منہ میں خوشبو پیدا کرتا ہے،دانتوں کی جڑوں (مسوڑوں) کو مضبوط کرتا ہے،بغل کے نیچے آلودگی کو دور کرتا ہے،شیطانی وسوسوں کو کم کرتا ہے،زینت ہے،مؤمن کی خوشحالی کا سبب بنتا ہے،کافروں کے غصہ کا سبب بنتا ہے،خوشبو ہے،عذاب قبر سے چھٹکارے کا سبب اور منکر ونکیر اس سے شرم کرتے ہیں۔الخصال ص497،کلینی ،یعقوب،الکافی ،ج6 ص482

پیامبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں بہی کھانا انسان کی آنکھوں کے اطراف کی سیاہی کو ختم کرتا ہے۔طب النبیؐ ص8

امام جعفر صادق (علیہ سلام) سے ایک شخص نے آنکھوں وچہرے کی زردی کی شکایت کی آپ نے فرمایا سرخ شکر کو آب کاسنی کیساتھ ملا کر کھاؤ۔طب لآئمہ ص138

آنکھوں کی سفیدی

امام جعفر صادقؑ سے ایک شخص نے آنکھوں کی سفیدی، دانت میں درد اور جوڑوں میں سوجن کی شکایت کی آپؑ نے فرمایا سرمہ نشادر استعمال کریں۔(سرمہ نشادر وہ چیزیں ہیں جس سے نشادر تیار کیا جاتا ہے) طب لآئمہ علیہ السلام ص 87

ابی خصیب فرماتے ہیں۔میں نے خواب میں مولا علی (علیہ سلام) کو دیکھا اور آنکھوں کی سفیدی اور دھندلے پن کا ذکر کیا آپؑ نے فرمایا سرمہ عنابی استعمال کریں (سرمہ عناب وہ چیزیں ہیں جس سے سرمہ عناب تیار کیا جاتا ہے) مکارم الاخلاق ص176

کسی نے امام جعفر صادق (علیہ سلام) سے آنکھوں کی سفیدی اور داڑھ کے درد کی تکلیف کے ساتھ جوڑوں میں ریاح کی بھی شکایت کی امام نے فرمایا۔سرمہ نشادر لگائیں آنکھوں میں۔طب لآئمہ ص 87

پرہیز

کھجور، بائیں طرف سونا، کالے جوتے پہننا۔

حضرت سلیمان وابوزر بیمار ہو گے۔آنکھوں کی بیماری میں مبتلا ہو گے۔نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عیادت کے لیے آئے اور فرمایا بائیں کروٹ نہ سونا اور کھجور نہ کھانا انشاء اللہ شفایاب ہو جاو گے۔ہمان ص85

بینائی میں اضافہ کرنے والی غذائیں

امام علیؑ فرماتے ہیں کھانے کے بعد اور پہلے ہاتھ دھلائی کرنے سے بینائی میں اضافہ ہوتا ہے۔اصول کافی ج6 ص 290

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔مسواک اراک کریں۔آنکھوں سے پانی آنے کو ختم کرتا ہے اور بینائی میں اضافہ کرتا ہے۔اصول کافی ج6 ص496

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔مسواک کرو۔بینائی کو زیادہ کرتا ہے، بلغم کو ختم کرتا ہے۔مکارم الاخلاق ص50

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم امام علی (علیہ سلام) سے فرماتے ہیں۔اے علی (علیہ سلام) مسواک اراک استعمال کرو۔پیغمبروں کی سنت ہے۔منہ کو خوشبودار بناتی ہے بینائی میں اضافہ کرتی ہے۔الخصال ص 481

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔بہی کھائیں آنکھوں کی بینائی زیادہ کرتی ہے۔مکارم الاخلاق ص 171

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔مہندی لگاؤ۔بالوں کو گرنے سے بچاتی ہے، بینائی میں اضافہ کرتی ہے اور بدن کو خوشبودار بناتی ہے۔اصول کافی ج6 ص483

بہی

پیامبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں بہی کھائیں اور ایک دوسرے کو تحفہ میں دیں۔کیونکہ بہی آنکھوں کو روشن کرتا ہے اور دل میں

دوستی پیدا کرتا ہے۔مکارم الاخلاق ص171

زمزم

ابن عباس سے اس طرح نقل ہوا ہے خداوند قیامت سے پہلے سب میٹھے پانیوں کو خشک کر دے گا سوائے آب زمزم کے کیونکہ اس کا پانی بخار اور سر درد کو ختم کرتا ہے اور آنکھوں کو روشن کرتا ہے۔الدعوات ص159

امام موسیٰ کاظم (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔تین چیزیں دیکھنے کی قوت میں اضافہ کرتی ہیں اثمد کا سرمہ لگانا، سبزہ اور خوبصورت چہرے کو دیکھنا۔المحاسن ج،2 ص622

برنی کھجور

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے برنی نامی علاقے کی کھجور کے فوائد بیان کرتے ہوئے فرمایا:

یہ جبرائیل ہیں جنہوں نے مجھے خبر دی ہے کہ آپ کی اُن کھجوروں میں نو خصوصیات پائی جاتی ہیں، جن میں سے ایک یہ ہے کہ یہ آپ کی دیکھنے اور سننے کی قوت میں اضافہ کرتی ہے۔اصول کافی ج2 ص613

حنان بن سدیر کہتے ہیں کہ ایک دن میں امام جعفر صادق (علیہ سلام) کے پاس گیا اور میں نے سیاہ جوتا پہنا ہوا تھا۔آنحضرتؑ نے فرمایا اے حنان تم نے سیاہ جوتے کیوں پہن رکھے ہیں کیا تو نہیں جانتا کہ سیاہ جوتا چار خصوصیات رکھتا ہے؟

یہ بینائی کو ضعیف کرتا ہے، قوت جنسی کو ضعیف کرتا ہے، غم و غصے کا باعث بنتا ہے، نیز یہ ستمگروں کا جوتا ہے۔پس میں نے پوچھا کہ میں کونسے رنگ کے جوتے پہنوں؟ آپؑ نے فرمایا زرد رنگ کا جوتا پہنو کہ یہ تین خصوصیات رکھتا ہے بینائی زیادہ کرتا ہے، قوت جنسی کو تقویت دیتا ہے، غم و غصہ کو دور کرتا ہے، نیز یہ پیغمبروں کا جوتا ہے۔اصول کافی ج٦ ص٤٦٥

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔کندر کھاؤ۔عقل کو بڑھاتا ہے۔دل کو مضبوط کرتا ہے اور آنکھوں کو جلا بخشتا ہے۔ بحار الانوار ج59 ص294

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔چار چیزیں بینائی کو زیادہ کرتی ہیں۔گیس کو ختم کرتی ہیں ان کا کوئی نقصان نہیں ہے، صعتر فارسی، نمک، اجوائن و اخروٹ۔ہمان ص199

نظر میں اضافہ

علاج

کاسنی، مسواک اراک، مہندی لگانا، اجوائن + اخروٹ کھانا، صعتر فارسی + نمک کھانا، تلاوت قرآن، سبزہ کی طرف نگاہ کرنا، بہتے ہوئے پانی کی طرف دیکھنا، والدین کے چہرے کی طرف دیکھنا، بہی کھانا، گرم پانی پینا، کھجور برنی کھانا، گوشت کھانا، آب باراں، ورزش چشم، جمعرات کے دن ناخن کاٹنا بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے آغاز کرنا، کندر چبا چبا کر

کھانا، گاجر کھانا ،گرم پانی سے روزہ افطار کرنا، حجامت کروانا، زرد جوتے پہننا۔

طب اہل بیتؑ ادویات

مرکب چھار، سرمہ اثمد، سرمہ کافوری، عقیق کی انگوٹھی، شافیہ، جامع امام رضاؑ، آب گاجر، بلغم زدہ، مرکب تین، شربت امام علی رضاؑ

آنکھوں کی بعض بیماریوں سے بچاؤ

نبی ﷺ نے فرمایا جو جمعرات کو ناخن کاٹے گا۔ اسے آنکھ کا درد اور سر درد نہیں ہوگا۔ ایک ناخن چھوڑ دے جمعہ کے دن کاٹے۔ جمعرات کو ظہر کے بعد بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے شروع کرے۔ ہمان ص65

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔ حجامت سات بیماریوں سے بچاتی ہے۔ جنون، جزام، خواب آلودگی، میگرن اور دھندلے پن سے۔ مکارم الاخلاق ص76

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا چار چیزوں کو پسند نہ کرو.............آنکھوں کی تکلیف، کیونکہ بینائی کی رگوں کو ختم کر دیتی ہے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو کوئی بھی جمعرات اور ہفتے کے روز ناخن کاٹے اور مونچھوں کو چھوٹا کرے دانت اور آنکھوں کی تکلیف سے محفوظ رہے گا۔ من لایحضر ج1 ص128

امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے فرمایا جو شخص ہر جمعرات مستقل طور پر ناخن کاٹے آنکھوں کی تکلیف میں مبتلا نہ ہوگا۔ مکارم الاخلاق ص64

قرآن کی تلاوت نظر میں اضافہ کرتی ہے۔ اصول کافی ج2 ص613

امام باقر علیہ السلام نے فرمایا گوشت کھانا آپ کی سننے، دیکھنے اور جسمانی طاقت میں اضافہ کرتا ہے۔ بحارالانوار ج62 ص273

آنکھوں کی تقویت

نظر کی کمزوری کے اسباب

حالت سیری میں اول شب عورت کے پاس جانا، سیاہ جوتے پہننا مکروہات، مچھلی زیادہ کھانا، بغل میں بال صاف نہ کرنا، بڑے بال رکھنا، کھانے سے پہلے ہاتھ نہ دھونا۔

سفید موتیا cataracte

وجوہات

مچھلی کھانے سے، موروثی، ٹی وی کی ریز الٹرا یوریٹ، میڈیسن، سورج کی روشنی، نامناسب غذائیں، شوگر، آنکھوں

پر چوٹ۔

علامات

دھندلا پن، نظر میں کمزوری، رات میں نظر کی کمزوری، آنکھ میں نقطہ، رات کو چہرے کی شناخت میں دشواری۔

علاج

سرمہ عنابی، سرمہ نشادر، سرمہ اثمد

سرمہ کافوری

فوائد

آنکھوں کی کمزوری، موتیا، آنکھوں کی خشکی، آنکھوں میں درد و خشکی، آنکھوں سے پانی بہنا۔

روایات

امام جعفر صادقؑ سے ایک شخص نے آنکھوں کے درد کی شکایت کی آپ نے فرمایا سرمہ کافوری استعمال کرو۔ الکافی ج8 ص 373

استعمال

پندرہ دن میں ایک دفعہ استعمال کریں۔ ایک بار میں 3، 7، 5 مرتبہ۔ آنکھوں میں کھنچاؤ یا دباؤ ہو تو استعمال نہ کریں، دائیں آنکھ سے شروع کریں دائیں پر ختم کریں

سرمہ نشادر (بین العین)

فوائد

موتیا، کالا پانی بہنا، آنکھوں کا ٹیڑھا پن، رات کو نظر نہ آنا، آنکھوں کی سفیدی، نقرس (جوڑوں میں سوجن)، دانت درد۔

توجہ بہت سخت سرمہ ہے آنکھوں میں سوجن بھی ہو سکتی ہے

سرمہ عنابی

فوائد

آنکھوں کا دھندلا پن، درد چشم، سفیدی چشم، فشاد در چشم

روایات

اسی طرح سرمہ توتیا، سرمہ سنگ توتیا ھندی، سرمہ امام جعفر صادق علیہ السلام، سرمہ صبر زرد، سرمہ مسکی، سرمہ زعفرانی، ھلیلہ زرد اور سرمہ قارچی کا بھی ذکر ملتا ہے۔

سرمہ اثمد

فوائد

آنکھوں کی تمام بیماریاں کے لیے مفید ہے، بینائی میں اضافہ کرتا ہے، آنکھ کی پلکوں کا اگاتا ہے، بلغم کو ختم کرتا ہے، بالوں کو گرنے سے روکتا ہے، سفید و کالا موتیا سے بچاتا ہے، آنکھوں کی آلودگی کو ختم کرتا ہے، آنکھوں کی الرجی کو دور کرتا ہے، جسم کو خوشبودار بناتا ہے، رات کو نماز تہجد کے لیے بیدار ہونے میں مدد دیتا ہے، جنسی طاقت میں اضافہ کرتا ہے، منہ کی بدبو کو دور کرتا ہے، آنکھوں میں زیادہ پانی آنے کو ختم کرتا ہے۔

احادیث میں سرمہ اثمد کی فضیلت

ایک شخص نے نبی ﷺ سے نظر کی کمزوری کی شکایت کی۔ آپؐ نے فرمایا۔ سرمہ اثمد لگاؤ۔ اثمد آنکھوں کی روشنائی میں اضافہ کرتا ہے۔ ہمان ص146

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔ سرمہ اثمد بینائی میں اضافہ کرتا ہے اور بالوں کو گرنے سے بچاتا ہے۔ عوالی اللئالی ج1 ص181

امام علی رضا (علیہ سلام) فرماتے ہیں سرمہ آنکھوں کی روشنائی میں اضافہ کرتا ہے۔ دھان کو خوشبودار بناتا ہے اور مردانہ طاقت کو زیادہ کرتا ہے۔ مکارم الاخلاق ص89

امام باقر (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ سرمہ اثمد لگاؤ۔ بدن کو خوشبودار بناتا ہے اور پلکوں کو مضبوط کرتا ہے۔ اصول کافی ج6 ص494

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ سرمہ اثمد لگاؤ۔ سفید اور سیاہ موتیا کے لیے مفید ہے۔ الکافی ج6 ص 494

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ سرمہ اثمد لگاؤ۔ بینائی میں اضافہ کرتا ہے۔ بالوں کو گرنے سے روکتا ہے اور آنکھوں سے زیادہ پانی آنے کو ختم کرتا ہے۔ الکافی ج13 ص147

امام باقر (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ سرمہ اثمد لگاؤ۔ پلکوں کو مضبوط کرتا ہے، بینائی میں اضافہ کرتا ہے، رات کو انسان کو نماز تہجد میں بیدار ہونے میں مدد کرتا ہے۔ مکارم الاخلاق ص45

نبی ﷺ فرماتے ہیں سرمہ اثمد آنکھوں کو صاف کرتا ہے، آنکھوں کی آلودگی باہر چھینک نکالتا ہے۔ بینائی میں اضافہ کرتا ہے۔ طب المصطفٰیؐ

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔ تین چیزیں بینائی میں اضافہ کرتی ہیں۔ سبزہ کی طرف دیکھنا، سرمہ اثمد لگانا اور خوبصورت چہرے کو دیکھنا۔ کنز العمال ج10 ص51

استعمال

دائیں آنکھ سے اللہ کا نام لیکر شروع کریں اور دائیں پر ہی ختم کریں۔ چار سلائیاں دائیں آنکھ اور تین بائیں آنکھ۔ رات کو سوتے وقت لگائیں۔ ہر رات ایک ہی بار تین، پانچ یا سات مرتبہ لگائیں، ہر شب استعمال کر سکتے ہیں

آنکھوں کی بیماریاں Eye diseases

علاج

سرمہ اثمد، سرمہ کافوری، حجامت، روغن بنفشہ پایہ کنجد، مرکب تین، مرکب چار، داروی شافیہ، غذائیں، مرزنجوش، مشروم (کھمبی) کندر کھانا، پیاز کھانا۔

موتیابند Cataract

اس بیماری میں آنکھ کے لینس یا اس کے کیپسول یا دونوں ہی دھندلے ہوجاتے ہیں اور اس پر ایک پردہ سا آجاتا ہے۔

علامات

دھندلاہٹ اور مدہم پن کا بڑھنا، رنگوں کا مدہم پڑنا، متاثرہ آنکھوں میں دوہرا عکس، نظر میں کمزوری خاص کر رات کو، روشنی اور چکا چوند کے لئے حساسیت۔

علاج

سرمہ نشادر، سرمہ اثمد، سرمہ عنابی

آنکھوں کی کمزوری

علاج

سرمہ اثمد، داروی شافیہ 16 ماہ والا، سرمہ کافوری، داروی بلغم زدہ

Keratoconus

بعض لوگوں کے قرنیہ میں یہ کمزوری ہوتی ہے کہ درمیان میں سے پتلا ہونا شروع ہوجاتا ہے، جس سے قرنیہ کا مرکزی حصہ آہستہ آہستہ آگے کو اُبھرنے لگتا ہے اور قرنیہ کی شکل مخروطی ہوتی چلی جاتی ہے۔ قرنیہ کا مرکزی حصہ کئی لوگوں میں اس حد تک پتلا ہوجاتا ہے کہ بالآخر پھٹ جاتا ہے اور قرنیہ کے درمیان میں سوراخ ہوجاتا ہے۔

علامات

آنکھوں کا دھندلا پن، نظر مسلسل کمزور ہونا شروع ہوجاتی ہے اور تھوڑے ہی عرصے میں یہ حالت ہوجاتی ہے کہ کسی بھی عینک سے نظر پوری طرح صاف نہیں ہو پاتی۔ عینک کے نمبر کا بڑا حصہ سلنڈر کی قسم کا ہوتا ہے۔ جب بیماری کافی آگے بڑھ چکی ہو تو آنکھ میں درد محسوس ہونا شروع ہوجاتا ہے، پانی آنے لگتا ہے، اور آنکھ سرخ رہنا شروع ہوجاتی ہے۔

علاج

سرمہ کافوری، داروی شافیہ، سرمہ اثمد

Inflammation and watering the eye network

آنکھوں میں سوجن، درد اور پانی آنا

علاج

سرمہ اثمد، سرمہ کافوری

آنکھوں کا زرد ہو جانا Yellow eyes

علاج

مرکب تین، سرمہ اثمد

آنکھوں میں درد Eye pain

علاج

سرمہ اثمد، سرمہ عنابی، مرکب تین

Corneal roughness of the eye

علاج

سرمہ کافوری، سرمہ اثمد

آنکھوں میں خشکی Dry Eye

خشک آنکھ ایک ایسی حالت ہے جس میں کسی شخص کے پاس آنکھوں کو چکنا کرنے اور پرورش کرنے کے لئے اتنے معیار کے آنسو نہیں ہوتے ہیں۔ جتنے آنکھ کو چاہیے ہوتے ہیں۔ آنکھ کی اگلی سطح کی صحت کو برقرار رکھنے اور واضح وژن فراہم کرنے کے لئے آنسو ضروری ہیں۔ خشک آنکھ ایک عام اور اکثر دائمی مسئلہ ہے، خاص طور پر بوڑھے بندوں میں۔

علاج

سویق عدس، عدس، سرمہ کافوری

گلوکاما (کالا موتیا)

گلوکوما (کالا موتیا) وہ بیماری ہے جس میں پردہ بصارت سے دماغ کو معلومات منتقل کرنے والے اعصاب کام کرنا چھوڑ دیتے ہیں۔ آنکھ کے اندرونی حصوں کو خوراک فراہم کرنے کا کام خون میں موجود ایک مادہ سرانجام دیتا ہے۔ پانی جیسی شکل رکھنے والا یہ مادہ خوراک مہیا کرنے کے بعد پھر خون کا حصہ بن جاتا ہے۔ کالے موتیا کے دوران اس مواد کے

خون میں واپس جانے کے راستے میں رکاوٹ پڑ جاتی ہے اور وہ مواد آنکھ میں جمع ہونے لگتا ہے۔ جس سے آنکھ کا اندرونی دباؤ 22 ملی میٹر مرکری سے 40,50 اور بعض اوقات 100 تک پہنچ جاتا ہے۔

علامات

آنکھوں میں شدید درد متلی اور الٹی (آنکھوں کے شدید درد کے ساتھ)، اندھا ہو جانا، بصری خلل کا اچانک آغاز، اکثر کم روشنی میں، دھندلی نظر، آنکھ کا لال ہونا۔

علاج

سرمہ کافوری، سرمہ اثمد، داروی شافیہ

آنکھ میں دھبے جو پیدائش سے پیدا ہوتے ہیں

علاج

سرمہ کافوری، سرمہ اثمد

آنکھ کے نیچے داغ و حلقے

علاج

داروی قرص خون، داروی صاف کنندہ خون، روغن بنفشہ سے مالش کریں، آب زیرہ + بنفشہ ملا کر مالش کریں۔

اگر گردوں کیوجہ سے حلقے ہیں تو گردوں کا علاج کیا جائے۔

آپریشن کے بعد آنکھ سے خون آنا

علاج

داروی قرص خون، سرمہ کافوری، حجامت سر

آنکھوں کی پلکوں کا نیچے ہوجانا یا ڈھیلا ہوجانا Drooping eyelid

ڈھیلے ہوجاتے ہیں۔ جس سے پلک نیچے ہوجاتے ہیں اور بعض اوقات آنکھ کو بھی (Eye lid) آنکھوں کے پلک متاثر کرتے ہیں اور آنکھوں کے گرد تھکاوٹ اور تکلیف بھی ہوسکتی ہے۔

علاج

داروی بلغم زدہ، داروی تقویت عصب، سرمہ اثمد، سرمہ کافوری۔

لونگ دس گرام لے لیں۔ اس کو کسی بوتل میں بند کر کے دو دن سورج کی دھوپ میں رکھیں سردیاں ہیں تو دو دن اگر گرمیاں ہیں تو ایک دن۔ اس کے بعد اس کو بارش کے پانی کیساتھ ملا کر آنکھوں کے پلکوں کے ارد گرد لگائیں۔

آنکھ کے پپوٹے کا دانہ Stye,hordeolum

اس کے نکلنے کی وجہ ہماری آنکھ کے گلینڈ کا کسی بھی وجہ سے بلاک ہونا ہے۔ یہ دانہ نکلنے سے بعض اوقات خارش، درد، آنکھ سے پانی نکلنا اور آنکھ کا سوج جانا شامل ہے

علاج

سرمہ کافوری، داروی ثفا، اس پر نمک سے مالش کریں، جو اور بکری کا دودھ ملا کر اس کے اوپر لگائیں۔

انتہائی مفید چیز ہے-Aloe vera leaf آنکھ کے دانے کے لئے کوارگندل کا پتا یعنی کوارگندل کو کاٹ کر اس کے مادے کو آنکھ میں دانے والی جگہ پر لگائیں۔

آنکھوں کے اندر اور پیچھے خون کے جمے ہوئے لوتھڑے (Clot)

علاج

سرمہ عنابی، سرمہ کافوری، داروی لختہ خون

کان کی بیماریاں

کان سے بیماری کا بچاو

امام علی رضا علیہ السلام فرماتے ہیں جو چاہتا ہے اس کے کان میں کبھی درد نہ ہو وہ سوتے وقت کان میں روئی (کپاس) ڈال کر سوئے۔ بحارالانوار ج59ص324

نبی ﷺ نے فرمایا۔ جو چاہتا ہے سر اور کان اور کان کی بیماری میں کبھی مبتلا نہ ہو اسے جب چھینک آئے تو اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ وعَلَى كُلِّ حَالٍ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وآلِ مُحَمَّد پڑھے۔ طب النبیؐ ص32

تل(Sesame oil)+سرسوں(Mustard)

امام جعفر صادق علیہ سلام فرماتے ہیں۔ ایک مٹھی تل چھلکے کے ساتھ اور ایک مٹھی سرسوں لے لیں ہر ایک کو جدا جدا پیس لیں پھر ان کو آپس میں ملا لیں اور ان کا تیل نکالیں پھر اس تیل کو شیشی میں ڈالیں اور دھات کے ڈھکن کے سے بند کر دیں اور جب چاہیں استفادہ کریں۔

استعمال

پہلے دو قطرے کان میں ڈالیں پھر روئی کو کان میں ڈالیں اس کو کم سے کم تین دن تکرار کریں (کان درد کے لیے بہترین ہے)۔ طب لآئمہ علیہ السلام ص22

نبی ﷺ نے فرمایا سداب عقل و دماغ کو زیادہ کرتا ہے۔ منی کو بدبودار بناتا ہے۔ کان کے درد کا علاج ہے۔ مکارم الاخلاق ص180

کان کی بیماریوں کا اہم ترین علاج سداب ہے سداب سے استفادہ کے لیے زیتون کے تیل کو سداب پر ڈالیں پھر اس کو ہلکی آنچ پر رکھیں رات سے صبح تک رکھے پھر اس کو صاف کریں اور کان میں قطرے ڈالیں انشاءاللہ ٹھیک ہو جائیں گے۔ طب لآئمہؑ ص83

علاج

چنبیلی یا بنفشہ(Violet oil)

نبی ﷺ فرماتے ہیں چنبیلی کا تیل یا بنفشہ کے تیل پر سات بار اس آیت کو پڑھیں (إِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ أُولَٰئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُولًا) پھر تیل کو کان میں ڈالیں، کان میں درد ختم ہو جائے گا۔ بحارالانوار ج92 ص61

ایک شخص نے آئمہ (علیہ سلام) سے اس طرح شکایت کی کہ کان سے پیپ اور خون آتا ہے امامؑ نے فرمایا قدیم

ترین پنیر کو کوٹ لو پیس لو اور اسے نرم کرو پھر عورت کے دودھ کے ساتھ ملا لو اور ہلکی آگ پر رکھو پھر دودھ اور قطروں کو کان میں ڈالو اللہ کے اذن سے ٹھیک ہو جائے گا۔

تسبیح زہرا سلام اللہ علیہا

راوندی امام جعفر صادق علیہ سلام کے کچھ اصحاب سے اس طرح نقل کرتا ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ سلام سے کان کے بھاری پن کی شکایت کی تو امام علیہ سلام نے فرمایا تسبیح زہرا سلام اللہ علیہا پڑھو 34 مرتبہ اللہ اکبر، 33 مرتبہ الحمدللہ اور 33 مرتبہ سبحان اللہ پڑھو البتہ اس تسبیح کو لگاتار اور روزانہ پڑھنا لازم ہے تاکہ کان کے بھاری پن اور کم سننے کا علاج کرے۔ الدعوات ص198

امام باقر علیہ سلام فرماتے ہیں۔ گوشت کھانا سننے اور دیکھنے کی طاقت میں اضافہ کرتا ہے۔ بحار الانوار ج 59 ص 273

نبی ﷺ نے فرمایا جس کے کان سے بھنبھانے کی آواز آتی ہے وہ مجھ پر صلوات پڑھے۔

مَنْ ذَكَرَنِي بِخَيْرٍ ذَكَرَهُ اللّٰهُ بِخَيْرٍ (جو بھی نیکی وخوبی کے ساتھ مجھے یاد کرتا ہے اللہ بھی اسے نیکی کے ساتھ یاد کرے گا)۔ الاختصاص، شیخ مفید، ص160

نبی ﷺ فرماتے ہیں مرزنجوش کان کی گرفتگی کے لیے مفید ہے۔ بحار الانوار ج62 ص299

کان کا انفیکشن

ایک کان کا انفیکشن (جسے کبھی کبھی شدید اوٹائٹس میڈیا کہا جاتا ہے) درمیانی کان کا انفیکشن ہے، کان کے پیچھے ہوا سے بھری ہوئی جگہ جس میں کان کی چھوٹی ہل کمپن ہوتی ہے۔ بچوں میں کانوں میں انفیکشن ہونے کا امکان بالغوں سے زیادہ ہوتا ہے۔

علامات

چکر آنا یا گھومنا، متلی اور قے، توازن یا چلنے میں دشواری، ایک کان میں سماعت (یا آواز کی مقدار میں کمی) کی سماعت، کان میں درد، بخار (کبھی کبھی)

علاج

روغن سداب (فیجن) رات کو دو قطرے کان میں ڈالیں، پرانا پنیر+شیر زن، داروی شافیہ+آب بارش در کان، روغن خردل+کنجد۔

کان میں درد

کان میں رطوبت یا سیال مادے کا جمع ہو جانا، کان میں موجود ویکس کا سخت ہو جانا، ائیر ڈرم کو نقصان پہنچنا، کان میں

کوئی چیز پھنس جانا،،اس کے علاوہ بچوں میں دانتوں کا نکلنا بھی کان کے درد کا باعث بن سکتا ہے۔کان کا درد انفیکشن کی وجہ سے بھی ہوتا ہے۔اگر بیکٹیریا، وائرس کان کے کسی حصے میں داخل ہو جائے تو اس سے بھی انفیکشن کا خطرہ بڑھ جاتا ہے جو کافی تکلیف کا باعث بنتا ہے۔

علاج

روغن سداب،مومیائی+روغن سداب،روغن خردل و کنجد،روغن فیجن

کان میں خارش وسماعت میں کمی

علاج

روغن سداب(فیجن)رات کو دو قطرے کان میں ڈالیں، پرانا پنیر+شیرزن ،روغن خردل+کنجد،داروی شافیہ+آب بارش درکان،روغن فیجن ۔

پیدائشی بہرا پن Congenital deafness

پیدائشی بہرے پن ،یعنی پیدائش کے بعد کوئی آواز نہیں سنائی دیتی ، جو ایک کان یا دونوں اطراف میں مختلف ڈگریوں کے ساتھ ہوسکتی ہے۔اس کی دو اقسام ہیں۔

جینیاتی عوامل کی وجہ سے پیدائشی بہرا پن جبکہ دوسری حمل کی وجہ سے پیدائشی بہرا پن اس کے علاوہ بھی بعض اوقات آہستہ آہستہ بصارت پیدائش کے بعد ختم ہوجاتی ہے۔

علاج

داروی شافیہ+آب بارش،روغن سداب(فیجن)

کم سنائی دینا Deafness

بہرہ پن یا قوتِ ساعت میں کمزوری میں آواز کم سنائی دیتی ہے،اچھی طرح آواز سنائی نہیں دیتی،اونچی آواز سنائی دیتی ہے۔دوسرے افراد کی باتیں سننے میں دشواری، بالخصوص جہاں شور ہو۔دوسروں کے کہے کا غلط مطلب سمجھ لینا۔ لوگوں سے کہتے رہنا کہ وہ اپنی بات دہرائیں۔

علاج

داروی شافیہ+آب بارش،داروی امام جعفر صادق علیہ السلام،روغن فیجن(سداب)،تسبیح فاطمہ زہراؑ،گوشت زیادہ کھائیں۔

کان کے پردے کا پھٹ جانا Eardrum ruptured

کسی بھی وجہ سے کان کا پردہ پھٹ سکتا ہے،صفائی کرتے وقت کسی لکڑی سے کان کے پردے میں سوراخ ہو جائے ،بہت اونچی آواز،کان میں انفیکشن۔

علامات

درد جو جلدی ختم ہو سکے، کان سے بلغم کی طرح، پیپ بھرا ہوا یا خون آنا، متلی یا الٹی، سماعت کا نقصان کان میں گھنٹی بج رہی ہے (ٹنائٹس)، کنپٹی کی سنسنی (حرکت)

علاج

سرکہ کو گرم کر کے اس کی بھاپ لگائیں، پنیر+شیر زن، روغن فیجن (سداب)

کان کا بجنا Tinnitus

جسم کے حساس ترین عضو یعنی کان سے متعلق ایسا ہی ایک طبی مسئلہ (Tinnitus) کہلاتا ہے اس طبی پیچیدگی سے متاثرہ فرد کو اپنے کان میں مختلف آوازیں سنائی دیتی ہیں۔ اسے بھنبھناہٹ، کسی قسم کا شور یا جھنکار سنائی دیتی ہے اور یہ آوازیں تیز یا دھیمی بھی ہو سکتی ہیں۔ یہ شور مسلسل اور کبھی وقفے وقفے سے ہو سکتا ہے۔ ہم اسے عام طور پر کان بجنا کہتے ہیں۔

علاج

روغن زنبق، مومیائی + روغن سداب، روغن سداب+حلتیت، آب پیاز پئیں۔

سردرد

احادیث

تمام اقسام کے سردرد

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں نبی ﷺ کو جب بھی سر میں درد ہوتا تھا تل کا تیل دونوں ناک کے سوراخوں میں ڈالتے تھے۔ الکافی ج6 ص524

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔ بنفشہ کے تیل کی فضیلت ایسی ہی ہے جیسے ہماری فضیلت دوسرے مردوں پر ہے۔ قرب الاسناد ص118

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں بنفشہ کا تیل تیلوں کا سردار ہے۔ الکافی ج6 ص521

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ جب بھی سر میں درد ہوا اخروٹ لے لیں۔ باہر والے سخت چھلکے سمیت اسے گرم کرلیں۔ اندر سے جلے نہ پھر اتار کر گرم گرم کھالینا سردرد ختم ہوجائے گا۔ پیٹ میں بھی درد ختم ہوجائے گا۔ داروی تخصصی طب اسلامی۔

ادویات

روغن بنفشہ یا یہ کنجد، داروی انفیہ (سعوط)، اخروٹ نیم گرم،

علاج سردرد

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔ سر کی حجامت کرو۔ سردرد، جنون، جزام و پیسی سے محفوظ رہو گے۔ الخصال ص375

سردرد سردی کیساتھ

ایک شخص نے امام علی رضا (علیہ سلام) سے فرمایا مولا مجھے سر میں شدید سردی لگتی ہے اتنی تکلیف ہوتی ہے کہ شاہد غش کھا کر گر جاوں۔ آپؑ نے فرمایا کھانے کے بعد عنبر اور زنبق کو ملا کر سونگھیں۔ ہمان ص87

سردرد ہمراہ دندان درد و منہ کی سوجن

ایک شخص امام جعفر صادق (علیہ سلام) کے پاس آیا اور کہا مجھے سردرد ہے۔ اس کیساتھ آنکھوں و دانتوں میں بھی ہے اور منہ میں سوجن ہوجاتی ہے۔ امامؑ نے فرمایا کاسنی خرید لو اور اس میں گڑ (گنے سے بننے والا) ملالو اور اس میں پانی ملالو اور اسے پی لو۔ اس نے کاسنی + گڑ + پانی ملا کر پیا اور سوگیا صبح ٹھیک ہوگیا (اگر تازہ کاسنی نہیں ہے تو خشک کاسنی کو ابال کر استعمال کی جائے)۔ طب لآئمہؑ ص138

قبل از درد علاج

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں جب بھی غسل کر کے باہر نکلو خالی سر نہ باہر نکلو۔ اوپر کپڑا (ٹوپی) رکھ لو (کپڑا وغیرہ)۔ چاہے گرمیاں ہوں یا سردیاں اس سے کبھی سر درد نہیں ہوگا۔ مکارم الاخلاق ص55

نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم فرماتے ہیں روزہ گرم پانی سے افطار کرو۔ میگرن (شدید سر درد) کو برطرف کرتا ہے۔ ہمان ج2 ص153

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔ سر پر مہندی لگانا۔ میگرن کو ختم کرتا ہے۔ بینائی میں اضافہ کرتا ہے۔ جنسی قوت کو زیادہ کرتا ہے۔ طب النبیؐ ص30

نبی ﷺ فرماتے ہیں بارش کا پانی پیو۔ میگرن اور تمام اقسام کے دردوں سے آرام پہنچاتا ہے۔ مستدرک الوسائل ج17 ص36

نبی ﷺ فرماتے ہیں آب زم زم کو جس نیت سے بھی پیو گے اس سے شفا ہو گی۔ الدعوات ص159

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ کلونجی تمام بیماریوں کے لیے شفا ہے۔ بخار، میگرن، آنکھوں میں سوجن، پیٹ میں درد تمام اقسام کے دردوں کا علاج ہے۔ ہمان ص186

داروی شافیہ کو روغن بنفشہ یا روغن گلاب کیساتھ نصف ملا کر مسور کی دال کے دانے کے برابر ناک کے دونوں سوراخوں میں ڈالیں دو یا تین قطرے۔ طب الآئمہ ص126

امام علی رضا (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ کاسنی اور روغن بنفشہ یا یہ زیتون کو پیشانی پر لگائیں اس سے سر درد ختم ہو جاتا ہے۔

امام موسیٰ کاظم (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ روز جمعہ گل خطمی سے سر کو دھلائی کرو۔ سنت پیغمبر (علیہ سلام) ہے۔ رزق میں اضافہ ہوتا ہے۔ فقر دُور ہوتا ہے۔ بال صاف ہوتے ہیں۔ جلد شفاف ہوتی ہے اور انسان میگرن (شدید سر درد) سے محفوظ رہتا ہے۔ اصول السنۃ عشر ص55

نبی (علیہ سلام) فرماتے ہیں روغن بنفشہ یا یہ زیتون کو آبرو (Eye lid) پر لگائیں میگرن کا علاج ہے۔ مکارم الاخلاق ص33

سر درد کی اقسام

(1) سر درد صفرائی

درد پیشانی اور سر کے سامنے سے شروع ہوتا ہے۔ گرمی سے اور عطر سے زیادہ ہو جاتا ہے۔ پیشانی اور آنکھ بھی اس سے متاثر ہوتی ہے۔

علاج

داروی صفرابر، سرکہ انگبین، آب زرشک، آب لیموں، آب نارنج۔

تمام سردرد کا علاج

(reflexology)

اگر چہ طب اہلبیتؑ کا نہیں ہے لیکن چونکہ طب اہلبیتؑ میں مساج کی بہت اہمیت ہے اس لیے ہم یہ کہہ سکتے ہیں طب اہلبیت ع میں اس کی تائید موجود ہے۔

ہاتھ کے انگوٹھے کا آخری سرا سیدھے ہاتھ سے اس کو کسی چیز کی نوک سے دبائیں پنسل وغیرہ کی نوک سے ایک مخصوص جگہ زیادہ درد ہوگا اس کو تیس سکینڈ دبا کر رکھیں پھر اس جگہ کی مالش کریں اور دباتے جائیں دو سے تین منٹ میں درد بلکل ختم ہوجائے گا۔تیل وغیرہ سے مالش بھی کر سکتے ہیں۔بہت سے مریضوں پر میں نے ذاتی طور پر تجربہ کیا ہے۔

(2) سردرد دموی

پیشانی سے شروع ہوکر سارے سر میں پھیل جاتا ہے۔درد شقیقہ گرمی، غصہ وغیرہ سے زیادہ ہوجاتا ہے۔

علاج: سرکہ، حجامت، داروی صاف کنندہ خون

(3) سردرد بلغمی

سر کے پچھلے حصے اور گردن سے شروع ہوتا ہے۔ڈپریشن سے زیادہ ہوجاتا ہے۔

علاج

داروی بلغم زدہ، شیرہ انگور، روغن بنفشہ یا یہ کنجد، عطر کی خوشبو سونگھیں۔

اگر خواتین کو ہے تو شہد+سونف ایک گلاس پی لیں۔

(4) سردرد سودائی

یہ سردرد عام طور پر پورے سر پر اثر انداز ہوتا ہے۔عام طور پر کوئی بھی اس سردرد کا عذر پیدا ہوسکتا ہے (شور، غصہ، ہلچل، ٹریفک، تناؤ، فضائی آلودگی وغیرہ)

علاج: داروی سودابر، سرکہ انگبین ایک گلاس دیں، پاؤں کی مالش کریں، حجامت۔

سردرد

وجوہات

غلبہ صفرا، غلبہ خون، نزلہ وزکام، نظر کی کمزوری، سائنوسائٹس، نظر کی کمزوری، قبض، خون کی رگوں کا کمزور یا پتلا ہو جانا، خون کی رگوں میں رکاوٹ، ڈپریشن۔

علاج

روغن بنفشہ یا پیہ کنجد، حجامت سر، کاسنی + روغن بنفشہ یا پیہ زیتون مالش کریں، داروی سعوط، داروی انفیہ، داروی صاف کنندہ خون، غسل سے قبل پانچ چلو نیم گرم پانی سر پر ڈالیں۔

سردرد، میگرن درد Migraine

یہ درد عام طور پر سر کے ایک حصے میں ہوتا ہے۔ آدھے سر کا درد۔ بہت سخت سر درد ہوتا ہے۔

علامات

یہ درد عام طور پر 4 گھنٹے تک رہتا ہے لیکن بعض اوقات بڑھ کر 24 یا 36 گھنٹے تک بھی جا پہنچتا ہے۔

سر بھاری ہونا اور شدید سر درد، نظر دھندلانا، متلی کی کیفیت ہونا، چڑچڑاپن اور اکتاہٹ۔

وجوہات

آدھے سر کا درد خون کی شریانوں کے بڑھنے اور اعصاب سے کیمیائی مادوں کے ان شریانوں میں ملنے سے پیدا ہوتا ہے۔ اس کے دورے کے دوران ہوتا یہ ہے کہ کنپٹی کے مقام پر جلد کے نیچے رگ پھول جاتی ہے۔

علاج

روغن بنفشہ یا پیہ کنجد در ناک، خضاب کریں، کاسنی + روغن بنفشہ یا پیہ زیتون پیشانی میں ملا کر مالش کریں، حجامت سر، کلونجی کھائیں، سر کو کپڑے سے ڈھانپ کر رکھیں، گرم پانی سے روزہ افطار کریں، شافیہ (مسور کی دانے کے برابر) + روغن بنفشہ یا پیہ کنجد یا روغن گلاب میں حل کر کے تین قطرے ناک میں ڈالیں۔

شدید سر درد یا طولانی سر درد، 10 سالہ

علاج

روغن بنفشہ یا پیہ کنجد در ناک، حجامت سر، داروی سعوط، گرم پانی سے روزہ افطار کریں۔

دردشقیقہ (سر کی ایک طرف درد)

آدھے سر میں شدید درد ہوتا ہے اور آنکھیں شدید روشنی برداشت نہیں کر پاتیں۔ بعض اوقات سر درد کے ساتھ قے بھی ہونے لگتی ہیں۔

دردشقیقہ آدھے سر کے درد کو کہتے ہیں یہ درد کبھی آدھے سر میں ہوتا ہے اور بعض اوقات پورے سر میں بھی ہوتا ہے عام طور پر دردشقیقہ کنپٹی سے شروع ہو کر پیشانی تک جاتا ہے نیند کی کمی، نظام ہاضمہ میں خرابی، سائنوسائٹس سے یہ بیماری لاحق ہوسکتی ہے۔

علاج

روغن بساسہ، روغن بنفشہ پایہ کبد، شافیہ + روغن بنفشہ پایہ کبد، تازہ مچھلی کھائیں،
مرکب تین، غسل سے قبل سات چلو گرم پانی کے سر پر ڈالیں، حرز امام جوادؑ

سر کے چکر Vertigo,Dizziness

ورٹیگو میں ہمیں ایسے چکر آتے ہیں کہ ہر چیز گھومتی ہوئی محسوس ہوتی ہے اور ہمارا اٹھنا بیٹھنا یا کھڑے ہو کر توازن برقرار رکھنا مشکل ہو جاتا ہے۔ جبکہ ڈیزنس میں ہمیں ہلکے پھلکے چکر آتے ہیں یعنی چکروں کے دوران ہمارے معمولاتِ زندگی بھی جاری رہتے ہیں۔

چکر آنے کی بہت سی وجوہات ہوتی ہیں جو وجہ ہو اس کا علاج کیا جائے۔

جب اٹھیں تو سر چکرائے اور ساتھ آنکھوں میں دھندلا پن دکھائی دے تو اس کا مطلب ہے کہ خون کی کمی ہے

علاج

قرص خون، کرات، ترہ، جامعہ

اگر چکر آرہے ہیں اور دھندلا پن نہیں ہے تو اس کی وجہ ہو سکتی ہیں۔ بلڈ پریشر

علاج: داروی فشار خون (تسبیغ)، سفید مرچ

دوئم کان میں لیکوڈ کا جمع ہو جانا، گندگی

علاج: پاؤڈر سداب، روغن سداب

جب نیند سے بیدار ہوں تو چکر آئیں

وجہ: صفرا کا غلبہ ہے

علاج

صفرابر، خرفہ، مرکب دو، جامع + آب ترہ

حمل کے بعد چکر آنا

وجہ خون کی قلت

علاج: قرص خون، سویق

نظر کی کمزوری سے چکر آنا

علاج: سرمہ کافوری، سرمہ ثمد

خون کی خرابی

علاج

صاف کنندہ خون

عام علاج چکر کو ختم کرنے کے لیے

سداب، سویق عدس، چای بادرنجبویہ، روغن بنفشہ پای کنجد، گڑ،

Reflexology GB 10

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔ جو سداب کھا کر سوئے گا۔ وہ کالی کھانسی وسر کے چکر آنے سے محفوظ رہے گا۔
طب النبیؐ ص30

برین ٹیومر Brain tumor

برین ٹیومر دماغ میں یا اس کے قریب جمع ہو جانے والے مادے یا ابنارمل سیلز کی افزائش کی وجہ سے وجود میں آتا ہے۔
دماغ کا کوئی بھی سیل رسولی یا ٹیومر کی شکل اختیار کر سکتا ہے اس لئے مرض کی نوعیت کا زیادہ تر دارومدار ٹیومر کے سائز، جگہ اور قسم پر ہوتا ہے۔

ٹیومر دماغ میں سوزش کا باعث بنتا ہے اور دماغ کو نیورونز تباہ کرنے پر آمادہ کرتا ہے۔ اس طرح جسم میں ابنارمل حرکات ہونے لگتی ہیں جو دورے کا باعث بنتی ہیں۔ یہ دورے بھی کئی قسم کے ہوتے ہیں جو یا تو پورے جسم کو متاثر کرتے ہیں یا کچھ حصوں میں جھٹکوں کی صورت پیدا کرتے ہیں، سر میں مستقل درد آنکھوں کے سامنے دھندلا پن یا نظر کی کمزوری بھی ہو سکتی ہے، کمزوری یا سستی محسوس ہونا، ڈپریشن، غصے اور ہیجانی کیفیت کا شکار بھی ہو سکتا ہے۔ اس کا ذہن پریشان رہتا ہے یا اسے بات یاد نہیں آتی، توازن برقرار نہیں رہتا ہے۔

علاج

داروی ثفا، داروی شافیہ بآب مرزنجوش، داروی حضرت محمد ﷺ تیس گرام رائل جیلی+500 گرام شہد ان کو ملا کر ہر روز ایک چمچ نہار منہ سات دانے کلونجی کیساتھ استعمال کریں، داروی طریفل، روغن بنفشہ پای کنجد، دعا ورم۔

اگر ٹیومر باہر نظر آرہا ہے تو

السی کی بیج + سرکہ انگور ملا کر ٹیومر کے اوپر باندھ دیں رات کو اور صبح اتار دیں ایک ہفتہ تک اخروٹ کو باہر والے سخت چھلکے سمیت گرم کریں۔ اندر سے جل نہ جائے۔ اس کے بعد توڑ کر اندر سے مغز کھا لیں گرم گرم، سیب کے بیج کھائیں۔

Blood clot in the brain, or stroke

دماغ میں خون جم جانا، خون کے لوتھڑوں کا جم جانا اگر اس کا علاج نہ کیا جائے تو فالج میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

وجوہات

سخت سردی، بلغم، رگوں کا تنگ ہو جانا۔

علامات

اچانک سے سر درد شروع ہو جاتا ہے، الجھن، جسم کے ایک طرف کمزوری، جسم سر درد اچانک اور شدید، ایک بازو اور ٹانگ میں بے حسی اور اور لرزش کا ہلکا سے احساس ہونا، بصری پریشانی، چہرے کا ایک طرف مرجھا پن، تقریر کرنا اور سمجھنا مشکل یا ناممکن ہے، توازن اور مربوط نقل وحرکت کا کھو جانا۔

علاج

جامع بآب مرزنجوش، شافیہ بآب مرزنجوش، داروی باز کنندہ عروق، روغن بنفشہ پا یہ کنجد۔

Brain cysts

دماغی سسٹس (تھیلی یا گلٹی) سیال مادے سے بھرے ہوئے تھیلے ہیں جو دماغ میں بن سکتے ہیں۔ ان میں ارچنائڈ، کولائیڈ، نانسانسورس CSF، ڈرموائڈ، اپیڈرمائڈ، پائنل، متعدی اور ٹیومر سسٹ شامل ہیں۔

علامات

عام سر درد، متلی اور قے، چکر آنا، سماعت یا بینائی کے مسائل، توازن اور چلنے کے ساتھ مشکلات، چہرے میں درد، دورے (عام نہیں بلکہ خطرناک)۔

علاج

تباشیر+سداب+آب مرزنجوش، داروی شفا، داروی لختہ خون، داروی طریفل، داروی ورم۔

اسٹروک Stroke

اسٹروک دماغ کے سیلز کو خون کی با کثرت مقدار نہ پہنچنے کو کہتے ہیں۔ اس سے دماغ کو خون پہنچنا بند ہو جاتا ہے اور انسان کی موت کچھ منٹ میں متوقع ہو جاتی ہے۔ اسٹروک کی دو اہم اقسام ہیں:

اسکیمک، خون کے بہاؤ کی کمی کی وجہ سے، اور خون بہہ جانے کی وجہ سے۔ دونوں حالتوں میں دماغ اچھی طرح کام نہیں کرتا ہے۔

علاج

جامع بآب مرزنجوش، حجامت سر، شافیہ بآب مرزنجوش، داروی حضرت محمد ﷺ، مرکب چھار، داروی لختہ خون، داروی طریفل، داروی تقویت عصب، دنبے کا گوشت گائے کے دودھ میں پکا کر کھائیں، ٹانگوں کی زیتون+نمک سے مالش کریں۔

پرہیز

سبزیات، سرکہ، دودھ، مچھلی

سر پر چوٹ لگنا

علاج

جامع بآب مرزنجوش، روغن بنفشہ پایہ کنجد۔

سر میں خون کے داغ بن جانا

علاج

داروی لختہ خون، جامع بآب مرزنجوش

دماغ کی بیماریاں

دماغ کا چھوٹا ہوجانا Brain atrophy Little Brain

انسانی دماغ مختلف اعصاب خلیوں پر مشتمل ہوتا ہے جو مربوط ہوتے ہیں اور جسم کے دیگر اعضاء کے کام کو باقاعدہ کرنے میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں۔

فنکشن دماغ کے عصبی خلیوں یا نیورانوں پر منحصر ہوتا ہے جو آپس میں جڑے ہوتے ہیں۔اب، جب نیوران کے درمیان نیوران یا رابطے خراب ہوجاتے ہیں یا حتی کہ ضائع ہوجاتے ہیں تو، دماغ سکڑ سکتا ہے اور اپنی شکل بدل سکتا ہے۔ دماغ کے سائز کو سکڑنے کی اس حالت کو برین ایٹروفی کہا جاتا ہے۔

علامات

ڈمینشیا، اچانک بیماری کا حملہ، موٹر کنٹرول میں کمی، اور بولنے، سمجھنے یا پڑھنے میں دشواری شامل ہیں۔ڈیمینشیا، جو میموری میں کمی اور روزمرہ کی سرگرمیاں انجام دینے میں عدم اہلیت کی نشاندہی کرتا ہے۔

علاج

روغن بنفشہ پایہ کنجد، داروی عقل بخور مریمؑ، داروی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، جامع آب مرزنجوش

دماغ میں خون کی کمی Reduce blood flow to brain, Brain is chemia

اس بیماری میں خون دماغ تک بہت کم پہنچتا ہے۔دماغ میں خون کی کمی ہوجاتی ہے۔بلڈ سپلائی نہیں ہوتی۔

وجوہات

بلغم نالیوں میں جم جاتی ہے، نالیاں تنگ ہوجاتی ہیں، بعض اوقات آکسیجن کی کمی ہوجاتی ہے یا خون کی کمی، بعض اوقات خون کے لوتھڑے نالیوں میں یا دماغ میں جم جاتے ہیں۔

علاج

مقل ارزق (قرص خون)، داروی باز کنندہ عروق، داروی لختہ خون

ورم دماغ، سرسام Meningitis

دماغ کی ایک یا دو جھلیوں یا جو ہر دماغ یا ان سب میں ورم (سوجن) ہوجاتا ہے۔ریڑھ کی ہڈی کو ڈھکنے والی حفاظتی جھلی میں سوجن ہوجاتی ہے۔

وجوہات

(TB)،صدمہ دماغ، چوٹیں، نمونیہ، سل محرقہ، انفلوائز، کینسر، بلغم، دل و گردے کے امراض، استعمال ادویات وغیرہ کا یہ کانوں کو بھی متاثر کر لیتی ہے۔

علامات

متلی والٹیاں، شدید درد و تشنج، سر درد جو ختم نہیں ہوتا، بخار و سردی، روشنی کے لئے حساسیت، گردن توڑ بخار، دورے یا کوما بھی ہو سکتا ہے، گھبراہٹ، گردن کی سختی و سر درد، سرد ہاتھ و پاؤں، جلد پر دھبے، پٹھوں میں درد۔

طب اہل بیتؑ میڈیسن

روغن سداب (فیجن)، داروی شافیہ+گلاب در کان، روغن بنفشہ یا یہ کنجد در ناک، داروی طریفل، جامع آب مرزنجوش۔

Epidural abscess

ایک ایپیڈورل پھوڑا دماغ اور اسپائنل کارڈ کی بیرونی تہ اور کھوپڑی یا ریڑھ کی ہڈیوں کے درمیان پیپ اور جراثیم کا ایک مجموعہ ہے۔

علامات

پھوڑے کی وجہ سے علاقے میں سوجن ہوتی ہے، اس سے سر درد پریشان، شعور میں الجھن، بخار، کمزوری، ٹانگیں اور بازوؤں کی نقل و حرکت میں کمی یا مفلوج ہو جانا شامل ہے۔

علاج

جامع آب مرزنجوش، جامع آب شہد، سرمہ کافوری، داروی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

فالج Paralysis

فالج ایک ایسا مرض ہے جو چلتے پھرتے انسانی جسم کو مفلوج کر کے روزمرہ کے معمولات کو ادا کرنے سے قاصر کر دیتا ہے۔ اِس مرض میں شریانوں میں خون کا لوتھڑا جم جانے سے جب خون کا دباؤ بڑھتا ہے تو مریض پر فالج کا حملہ ہوتا ہے۔ فالج کا حملہ اس وقت ہوتا ہے جب دماغ کو خون پہنچانے والی کسی شریان میں خون اور آکسیجن بلاک ہو جائے۔ یا پھٹ جائے (Ischemic Stroke) (برین ہیمرج) اس سے مسلز کمزور ہو جاتے ہیں۔

فالج کی علامات میں شدید سر درد، سر چکرانا، بینائی میں تبدیلی یا دھندلاہٹ، بولنے میں مشکلات، جسم میں لہر دوڑنا وغیرہ شامل ہیں، کسی جگہ یا حصے کا سن (بے حرکت) ہو جانا۔ جسم کے کسی حصے کا مفلوج ہو جانا، تاہم چلتے چلتے اچانک گر جانا یا گردن میں درد بھی اس کی نشانی ہو سکتے ہیں۔

وجوہات

رات کو مچھلی کھانے سے، دماغ کے اندر خون جمنے سے، بلغم کے غلبہ سے، ٹھنڈی اور نمی والی زمین پر سونا، مچھلی کھانے کے فوراً بعد ٹھنڈا پانی پینے سے، صدمہ سے، صبح ناشتہ کے وقت خربوزہ کھانا، ابتدائی رات کو پیٹ بھرے ہوئے ہم بستری کرنا۔

قبل از بیماری علاج و بچاؤ

رات کو روزانہ آیت کرسی پڑھ کر سوئیں، نماز فجر کے بعد ذکر پڑھیں (لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْم)

فالج کا علاج طب اہلبیتؑ

جامع امام رضاؑ+مرزنجوش (رات کو تین ٹائم دو دو قطرے ناک میں ڈالیں)، آب نیسان، بخور مریمؑ، اخروٹ+اجوائن رات دو چمچ، شافیہ+مرزنجوش، داروی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، روغن بنفشہ پای کنجد، داروی طریفل، رات کو زیتون+دریائی نمک سے مالش، سویق گندم و جو، دنبے کے گوشت کو گائے کے دودھ میں پکا کر کھائیں، سنا، بہی۔

پرہیز

سبزیات، سرکہ، مچھلی، دودھ، ٹھنڈی غذائیں۔

Stroke Paralysis

علاج

جامعہ+مرزنجوش، روغن بنفشہ پایہ کنجد، داروی لختہ خون، مرکب چار، باز کنندہ عروق، سویق گندم+جو، داروی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، شافیہ 12 ماہ، طریفل، حجامت سر، ٹانگوں کی دریائی نمک اور زیتون کا تیل ملا کر رات مالش، تقویت عصب، اخرواٹ+اجوائن دو چمچ۔

فالج احادیث

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں سنا فالج سے بچاتی ہے۔ مکارم الاخلاق ص188

سویق گندم+جو

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔ رات کو مچھلی نہ کھائیں اس سے فالج ہو جاتا ہے۔ اگر مچھلی کھالی تو اوپر سے کھجور کھا لیں اس سے فالج نہیں ہوگا۔ المحاسن ج2 ص270

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کھانسی (ہلکی) فالج سے بچاتی ہے۔ سفینۃ البحار ج3 ص472

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں۔ جو شخص بھی ہر رات آیت الکرسی پڑھ کر سوئے گا اُس کو کبھی بھی فالج نہیں ہوگا۔ ثواب الاعمال ص105

نبی ﷺ فرماتے ہیں جو صبح اور عشاء کی نماز کے بعد اس ذکر کو دس دن پڑھے گا وہ فالج، پیپسی، جزام، جنون، برص سے محفوظ رہے گا۔ (بسم اللہ الرحمن الرحیم لاحول ولاقوت الا باللہ) بحار الانوار ج84 ص5

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔ اگر کوئی نماز فجر کے بعد تین بار (سبحان اللہ وبحمدہ، سبحان اللہ العظیم و بحمدہ ولا حول ولا قوۃ إلا باللہ) اس ذکر کو پڑھے گا۔ وہ جزام، کوڑھ، پیپسی، فالج سے محفوظ رہے گا۔ الخصال ص220

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔ آخری زمانے میں فالج ونگہانی اموات زیادہ ہوں گی۔ اصول کافی ج3 ص261

پرہیز واحتیاط

کوشش کریں مریض میں بلغم جمع نہ ہو بلغم سے فالج زیادہ ہوتا ہے، مچھلی، دودھ، سرکہ، ٹھنڈی غذائیں، صدمہ، سبزیات، رات کو مچھلی کے بعد پانی پینا، بھرے پیٹ ہم بستری، نمی والی اور ٹھنڈی زمین پر سونا، منہ نہار خربوزہ کھانا۔

Skull Tumors

ٹیومر دماغ کے اندر بڑھتے ہیں۔ لیکن کبھی کبھار باہر کیطرف بھی بن جاتے ہیں۔ اس کی علامات ٹیومر کی جگہ اور سائز پر منحصر ہے۔

علاج

داروی ثفا، داروی طریفل، روغن بنفشہ یا یہ کنجد سناکی

Hydrocephalus,CSF(cerebro spinal fluid)

دماغ میں پانی

ہائڈروسیفالس دماغ کی (وینٹیکلز) میں دماغی اسپنال سیال کی تشکیل ہے جس کی وجہ سے دماغ پھول جاتا ہے۔ عام طور پر، یہ دماغی نالی سیال دماغ اور ریڑھ کی ہڈی کے ذریعے بہتا ہے، پھر خون کی وریدوں کے ذریعے جذب ہوتا ہے۔ کچھ شرائط کے تحت، دماغ میں دماغی سیال مختلف چیزوں کی وجہ سے بڑھ سکتا ہے، بشمول دماغ یا ریڑھ کی ہڈی میں رکاوٹیں خون کی رگیں دماغی سیال جذب کرنے سے قاصر ہوں۔

دماغی نالی سیال پیدا کرتی ہے جو بہت زیادہ ہوتا ہے اسے خون کی وریدوں کے ذریعہ اسے مکمل طور پر جذب نہیں کیا جاسکتا ہے۔ اس سے سر درد و سر میں سوجن ہوجاتی ہے، بلڈ پریشر زیادہ ہوجاتا ہے۔

علاج

داروی طریفل، داروی سعوط، جامع آب مرزنجوش

رعشہ کی بیماری Parkinson's disease

وجوہات

اعصابی مرض ہے جس میں دماغ کا ایک کیمیکل ڈوپامین بنانے والے خلیے تباہ ہونا شروع ہوجاتے ہیں چونکہ ڈوپامین جسم کی حرکات وسکنات کے لیے بنیادی جز اوراہمیت کا حامل کیمیکل ہے۔اس سے اعضات کا کنٹرول ختم ہوجاتا ہے۔

علامات

روزمرہ زندگی کی حرکات وسکنات کا آہستہ ہوجانا، ہاتھوں کا بلاوجہ تھرتھرانہ، سختی یا اکڑ آجانا، جب آرام کررہے ہوں تو ہاتھ و پاؤں کی کپکپی، رعشہ کا پیدا ہونا، جسم کا کنٹرول ختم ہوجانا پٹھوں میں تناؤ، ہاتھ و پاؤں کا کانپنا، کمر کا جھکاؤ، چلنے میں دشواری پاؤں گھسیٹ کر چلنا چھوٹے چھوٹے قدم چلنا، قدم لڑکھڑانا، مستقل قبض، چہرہ کے تاثرات میں کمی، بے خوابی و ڈپریشن، حافظہ کی کمزوری۔

علاج

تقویت عصب، داروی حضرت محمد ﷺ، روغن بنفشہ یا پایہ کنجد، داروی عقل، بخور حضرت مریمؑ، قطرہ مرزنجوش جامع

خوراک

کشمش 21 دانے صبح نہار منہ، پیاز، بابونہ، شربت امام علی رضاؑ

Multiple sclerosis(MS ایم ایس)

یہ ایک عصبی بیماری ہے۔جس سے انسان کا مرکزی اعصابی نظام (Central nervous system) متاثر ہوتا ہے۔جس کا اثر حرام مغز و دماغ کو پڑتا ہے۔انسان کا مدافعتی نظام تباہ ہوجاتا ہے۔

وجوہات

عام کھانسی کا فوراً علاج کرنا کھانسی دو طرح کی ہوتی ہے ایک عام اور دوسری شدید وانفیکشن والی۔عام کھانسی کا علاج نہیں کرنا چاہیے فالج، ایم ایس سے بچاتی ہے۔

مچھلی کھانے کے فوراً بعد ٹھنڈا پانی پینا، حالت سیری میں اول شب ہم بستری کرنا، مچھلی کھانے کے بعد ٹھنڈا پانی سے غسل کرنا، ناشتہ میں کھجور برنی کھانا، ناشتہ میں خربوزہ کھانا۔

علامات

یاداشت کی کمزوری، ایک ٹانگ یا دونوں میں کمزوری یا سُن ہوجانا، چکر آنا، دوہری بصارت، آنکھوں میں درد و

دھندلا پن، اچانک سے کسی جگہ سے درد اٹھنا، مثانہ میں کمزوری، عصبی نظام کی خرابی، ہاتھ و پاؤں کا بے حس ہو جانا، آخری مراحل میں انسان اپاہج ومعزور ہو جاتا ہے (حرکت نہیں کرسکتا ہے)، شدید تھکاوٹ۔

علاج

جامع بآب مرزنجوش، داروی حضرت محمد ﷺ، سویق جو، بخور مریم علیہ السلام، روغن بنفشہ پا یہ کنجد، داروی شافیہ بآب مرزنجوش، داروی عقل، قطرہ سداب بآب سرکہ، داروی امام موسیٰ کاظمؑ، داروی تقویت عصب، دنبہ کا گوشت گائے کے دودھ میں پکا کر کھائیں، ہاتھ و پاؤں کی مالش روغن زیتون و نمک کیساتھ، اکیس دانے کشمش صبح نہار منہ، شہد+ سات دانے کلونجی۔

روایات

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔

رات کو مچھلی نہیں کھانا چاہے۔ اگر کسی نے کھالی تو اس کے بعد کھجور یا شہد کھالے ورنہ فالج، سکتہ مغزی (MS) میں مبتلا ہوسکتا ہے۔ المحاسن ص490

امام علی رضا (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ صبح ناشتہ میں خربوزہ نہیں کھانا چاہے ورنہ انسان فالج میں مبتلا ہوسکتا ہے۔ آگے چل کر سکتہ مغزی (MS) کا باعث بنتا ہے۔ المحاسن ج2 ص921

رسول ﷺ فرماتے ہیں۔ کھانسی کا فوراعلاج نہیں کرنا چاہے۔ فالج سے بچاتی ہے۔ الخصال ص210

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ کھجور برنی ناشتہ میں کھانا فالج کا باعث ہوسکتا ہے۔ متدرک الوسائل ج25 ص188

مچھلی کھانے کے بعد ٹھنڈا پانی سے غسل کرنا فالج کا باعث بنتا ہے۔ متدرک الوسائل (میزا حسین نوری) ج14 ص458

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔ قیامت آنے سے قبل نگھانی اموات، فالج کی کثرت ہوگی۔ الاصول الکافی ج ع ص119

جو شخص اول شب، شکم سیر ہو کر اپنی زوجہ کے پاس جائے گا۔ اس کو قولنج، فالج ولقوہ کی بیماری ہو جائے گی۔

پٹھوں کی کمزوری وسستی ودرد Muscles weakness and Pain

ادویات طب اہلبیتؑ

داروی تقویت عصب، داروی حضرت محمد ﷺ، داروی صاف کنندہ خون، قطرہ مرزنجوش جامع امام رضاؑ درناک، سویق گندم و جوشستہ ونشستہ، داروی شافیہ ایک چنا کے برابر بآب مرزنجوش، دُنبہ کا گوشت گائے کے گھی میں پکا کر کھائیں۔

خوراک

کشمش، دارچینی، چائے بادرنجبویہ، پاؤڈر بابونہ، پیاز، برگ چقندر، داروی بلغم زدہ۔

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے کشمش اعصاب کو مضبوط کرتی ہے۔ بیماری کو ختم کرتی ہے اور نفس کا پاکیزہ بناتی ہے۔ المحاسن ج2 ص522

(منقی)

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خدا کے نام سے کھانا شروع کرو، منقی کتنی اچھی غذا ہے کہ اعصاب کو مضبوط کرتی ہے۔ صفرا کو ختم کرتی ہے، بلغم کو ختم کرتی ہے ذہن کو محکم کرتی ہے رنجیدگی اور تھکن کو ختم کرتی ہے۔ بحار الانوار ج59 ص383

نبی ﷺ فرماتے ہیں زیتون استعمال کرو۔ سودا اور صفرا کو برطرف کرتا ہے اور اعصاب کو مضبوط کرتا ہے۔ صحیفہ الرضاؑ ص53

رسول ﷺ فرماتے ہیں۔ زیتون کا تیل کھاؤ اور بدن پر اس سے مالش کرو یہ ایک بابرکت درخت سے نکلتا ہے۔ وسائل الشیعہ ج17 ص73

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ پیاز کھاؤ، پیاز تھکاوٹ کو دور کرتا ہے، اعصاب کو مضبوط کرتا ہے، منی کو زیادہ کرتا ہے اور بخار کو دور کرتی ہے۔ المحاسن ج2 ص522

امام علی رضا (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ چقندر کے پتے ہر بیماری کے لیے فائدہ مند ہیں۔ اعصاب کو مضبوط کرتے ہیں۔ خون کی گرمی کو خاموش کرتے ہیں اور ہڈیوں کو مضبوط کرتے ہیں۔ مکارم الاخلاق ص181

قولنج Colic,Ulcerative colitis

درد قولنج ایک شدید قسم کا درد، جو جسم کے اندر پٹھوں اور عضلات کے ایک دم سکڑنے سے پیدا ہوتا ہے۔ یہ عام طور پر انتڑیوں میں ہوتا ہے۔ معدہ اور گردے میں بھی ہوسکتا ہے۔

علامات

کمر میں درد، آنتوں و معدہ میں درد، پٹھوں کا کھنچاؤ الٹیاں، بھوک نہ لگنا، پیٹ میں مروڑ و درد، آنتوں میں درد گیس،

اسباب

مچھلی+انڈہ اکھٹا کھانا، شکم سیر ہو کر اول شب ہم بستری، قارچ کھانا، ناشتہ میں خربوزہ کھانا، بھرے ہوئے پیٹ میں غسل کرنا۔

آنتوں کی وجہ سے

علاج

جامع بآب زیرہ، داروی طریفل، مرکب دو، داروی زحیر، سات کھجوررات پانی کے بغیر، کاسنی تازہ سات پتے رات کو، گاجر، انجیر، سمندری نمک، سنا مکی، ایک چمچ کلونجی، زال (Hawthorn) روزانہ چودہ عدد، تخم کتان (السی) ایک چمچ روزانہ (حاملہ ودودھ پلانے والی خواتین استعمال نہ کریں)

پرہیز

فاسٹ فوڈ، زیادہ کھانا، کافی وغیرہ

اگر مسلز میں اکڑاہٹ وکھنچاؤ ہے ساتھ درد

وجوہات

خون کی خرابی ورگوں کا مسئلہ ہے۔

علاج

داروی صاف کنندہ خون، داروی باز کنندہ عروق۔

اگر اعصاب کمزور ہیں تو

تقویت اعصاب

گردوں کی وجہ سے پٹھوں میں کھنچاؤ

علامات

پیشاب میں تکلیف، پیشاب میں خون، پیشاب میں زیادہ بدبو، الٹیاں، متلی۔

علاج

طریفل، مرکب دو، مرکب چھار، جامع بآب سفید مولی۔

بچوں میں مسلز کی اکڑاہٹ یا کھنچاؤ

علاج

ناف میں روغن زیتون لگائیں، مرکب دو، طریفل۔

احادیث

امام علی رضا (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ جو کوئی انڈہ اور مچھلی اکھٹے کھائے گا وہ نقرس، قولنج، بواسیر یا دانتوں کے درد میں مبتلا ہوگا۔

شہد+آب گرم+سات بار سورہ الحمد۔ مستدرک الوسائل ج14 ص359

جو کوئی پیٹ بھر کر غسل کرے گا۔ اُس کو قولنج ہوسکتا ہے۔ بحارالانوار ج59 ص321

امام باقر (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ جو کوئی اول شب حالت سیری میں اپنی زوجہ کے پاس جائے گا۔ اُس کو قولنج، فالج یالقوہ ہوسکتا ہے۔ بحارالانوار ج59 ص327

امام علی رضا (علیہ سلام) فرماتے ہیں ناشتہ میں خربوزہ کھانے سے قولنج اور فالج ہوتا ہے۔ مکارم الاخلاق ص175

امام علی رضا (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ انجیر کھاؤ۔ قولنج کے درد کے لیے مفید ہیں، ہڈیوں کو مضبوط کرتا ہے بالوں کو اگاتا ہے۔ طب الرضاؑ

رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔ سات دانہ کھجوررات کو کھانا قولنج سے محفوظ رکھتا ہے۔ طب المصطفیٰؐ

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ گاجر کھاؤ۔ بواسیر و قولنج کے لیے مفید ہے۔ اصول کافی ج6 ص371

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ کدو کا حلوہ کھاؤ۔ قولنج کے درد کے لیے مفید ہے۔ طب الآئمہ ص138

کپکپاہٹ، کانپنا، ہاتھ، سر، جسم

وجوہات

بلڈ گلوکوز کی کمی، بیماری کا انفیکشن، خوراک کی کمی، جسم میں پانی کی قلت، اعصاب کی کمزوری، ہاتھوں کا کانپنا (Hand tremor/Shaky hands)

علاج

(Chamomile) داروی تقویت عصب، کشمش، پیاز، دارچینی ابال کر، گل بابونہ۔

طب اہل بیتؑ میڈیسن

داروی تقویت عصب، داروی شافیہ

جسم کا کانپنا

علاج

داروی عقل، داروی تقویت عصب، جامع+مرزنجوش، بخور مریمؑ، مرکب چھار

سر کا کانپنا

علاج

داروی تقویت عصب، روغن بنفشہ پای کنجد، دارچینی ابال کر استعمال کریں، چائے بادرنجبویہ، پیاز، کشمش

کپکپی

علاج

داروی تقویت عصب، گل بابونہ، کشمش، پیاز، داروی عقل، دارچینی کو بال کر استعمال کریں، بخور مریمؑ۔

(Genetic diseases)وراثی امراض

(hereditary diseases)وراثتی یا موروثی امراض جیسا کہ نام سے ظاہر ہوتا ہے کہ ایسے امراض ہوتے ہیں کہ جو کسی بچے میں اس کے والدین کی جانب سے پیدائشی طور پر وراثت میں منتقل ہو کر آتے ہیں۔

علاج

داروی بخور مریمؑ، جامع آب مرزنجوش، داروی طریفل، داروی عقل، قطرہ سداب، سرکہ

خوراک: شلجم

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ شلجم کھاؤ جزام کی رگ کو ختم کرتا ہے اور ہر درد کو جسم سے باہر نکال دیتا ہے۔ المحاسن، ج2، ص333

بے ہوش ہوجانا Unconscious

علاج

قطرہ سرکہ سداب، بخور مریمؑ روغن بنفشہ یا ی زیتون سے ہاتھ و پاوں کی مالش کریں، حرز امیر المومنینؑ

غش آنا Vasovagal syncope

ایک بیرونی محرک عارضی طور پر خود مختاری اعصابی نظام کو صحیح طریقے سے کام کرنا بند کر سکتا ہے، جس کے نتیجے میں بلڈ پریشر اور بیہوش ہونا پڑتا ہے۔ محرک آپ کے دل کی دھڑکن کو کچھ سیکنڈ کے لئے روکنے اور رکنے کا سبب بن سکتا ہے، جس کے نتیجے میں دماغ کی خون کی فراہمی میں عارضی رکاوٹ پیدا ہوتی ہے۔ اسے واسوگل سنیکوپ کہتے ہیں۔

علاج

ایک گلاس میں پانی لے لیں اس پر سورہ الحمد اور آیت الکرسی پڑھ کر مریض کے چہرے پر پھینکیں، دو آنکھوں کے درمیان دبائیں، بخور مریمؑ

سر میں سردی

سر میں سردی کی دو وجوہات ہوتی ہیں۔ اول بلغم کی وجہ سے دوئم خون کی خرابی کیوجہ سے۔

علاج

داروی صاف کنندہ خون

جو چیزیں جسم میں سستی پیدا کرتی ہیں

الف۔ ناشتے میں گرما کھانا

امام رضا علیہ السلام فرماتے ہیں ناشتے میں گرما کھانا (خدا کی پناہ!) جسم میں سستی پیدا کراتا ہے۔طب الآئمہؑ

ب۔ مچھلی کھانے کے بعد ٹھنڈے سے پانی نہانا

امام رضا علیہ السلام فرماتے ہیں مچھلی کھانے کے بعد ٹھنڈے پانی سے غسل کرنا جسم میں سستی کا باعث ہے۔بحار الأنوار، ج62،ص321

امام علی (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ پیٹ بھر کر کھانے سے بچو،دل کو سخت کرتا ہے نماز میں سستی اور بدن کی تباہی کا باعث بنتا ہے۔غرر الحکم، ح2742

جو چیزیں جسم کو سستی سے بچاتی ہیں

الف۔ مچھلی کھانے کے بعد کھجور کھانا

سعید بن جناح سے نقل ہے کہ امام جعفر صادق (علیہ سلام) کے ایک رشتہ دار کہتے ہیں کہ امامؑ نے چند کھجور طلب کئے اور نوش فرمائے پھر فرمایا: ''اس وقت میرا کھجور کھانے کا دل نہیں چاہ رہا تھا لیکن کیونکہ مچھلی کھائی تھی اس لئے کھجور کھا لئے۔'' پھر فرمایا: جو کوئی مچھلی کھائے اور اس کے بعد چند کھجوریں یا تھوڑا شہد نہ کھائے اور سو جائے تو صبح تک اس کے جسم پر سستی چھائی رہے گی۔الکافی، ج6،ص323

ب۔ کھانسی

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں چار چیزوں کو برا نہ سمجھو............اور کھانسی کو، کیونکہ وہ فالج کے جراثیم کو جڑ سے اکھاڑ پھینکتی ہے۔طب الآئمہؑ

ج۔ دعا

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت انس سے مخاطب ہو کر فرمایا: کیا تمہیں ایسی دعا نہ سکھاؤں جو اگر تم ہر روز صبح کی نماز کے بعد تین دفعہ پڑھو تو خداوند عالم کوڑھ، برص، جسم کی سستی اور نابینائی کو تم سے دور کر دے؟ کہو" اے خدا اپنی بارگاہ سے مجھے راہنمائی عطا کر، اپنے فضل و کرم کی مجھ پر بارش برسا، اپنی رحمت سے مجھے نعمت سے سرشار کر دے اور اپنی برکتیں مجھ پر نازل فرما۔" طب الآئمہؑ

نفسیاتی امراض

غم وغصہ

غصہ ایک ایسی نفسیاتی کیفیت ہے جو انسان میں اس کے مزاج کے خلاف بات یا کام سے طاری ہوتی ہے۔ یہ ایک ہذیانی کیفیت ہے جو اس قدر تیزی سے پیدا ہوتی ہے کہ بدنِ انسانی کا تمام نظام درہم برہم ہوجاتا ہے، خاص طور پر نظامِ اعصاب اور نظامِ ہضم زیادہ متاثر ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ بدن میں کیمیائی اجزا کی مقدار بھی بڑھ جاتی ہے۔

غصے کے بارے میں روایات

مومن غضب ورضا میں بھی حد اعتدال میں رہتا ہے۔

صفوان بن مہران کا بیان ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا "مومن تو بس وہ ہے کہ جب اسے غصہ آئے تو اس کا غصہ اسے حق کی حدود سے باہر نہ نکالے اور جب وہ راضی ہو تو اس کی رضا اس کو باطل میں نہ لے جائے اور جب اسے قدرت حاصل ہو تو اپنے حق سے زیادہ مال نہ لے۔"
علامات شیعہ (شیخ صدوق)

پیامبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیشہ غم و غصے سے خدا کی پناہ مانگتے تھے۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیشہ نماز فجر کے بعد اس دعا کو پڑھتے تھے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَعُوذُ بِکَ مِنَ الھَمِ والحَزَنِ (خدایا میں غم و غصے سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔) (من لا یحضر الفقیہ ج۱، ص ۲۳۵، ح ۹۸۱)

امام علیؑ فرماتے ہیں غم وغصہ نصف بڑھاپہ ہے۔ نہج البلاغہ، ص ۱۳۵، ۱۴۳

ایک اور روایت میں ہے کہ زیادہ غم وغصہ کرنا جلد بوڑھے ہونے کا سبب ہے۔ (تحف العقول ص ۳۵۷)

رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں جو شخص زیادہ غم واندوہ میں رہتا ہے تو اسکا بدن مریض ہوجاتا ہے۔ (تحف العقول ص ۵۷)

غم وغصے کی وجوہات

روایات میں یہ تین چیزیں سب سے زیادہ غم وغصے کا باعث بنتی ہیں۔ (گناہ، دنیا سے محبت، حسد)

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں" جب انسان کے گناہ زیادہ ہوجاتے ہیں اور کوئی نیک عمل، اسکے گناہ کے کفارے کے لئے نہیں رہتا۔ تو خداوند متعال اسکو غم وحزن میں مبتلا کرتا ہے تا کہ اسکے گناہوں کا کفارہ ہو سکے"۔ (تحف العقول ص ۳۵)

رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں

بندہ مومن پر تھکاوٹ، بیماری، حتی کہ غم وحزن مسلط نہیں ہوتے مگر یہ کہ خداوند متعال اسکو انسان کے گناہوں کے کفارے کا حزن میں مبتلا کرتا ہے تا کہ اسکے گناہوں کا کفارہ ہو سکے۔ (تحف العقول ص ۳۸)

رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں دنیا کی طرف رغبت رکھنا، غصہ وحزن کا باعث ہے اور دنیا میں زہد وتقوی اختیار کرنا۔ دل اور بدن کے سکون کا باعث ہے۔

امام علیؑ فرماتے ہیں۔ غصہ ایک بُرا ساتھی ہے جو انسان کی خامیوں کو آشکار کر دیتا ہے۔ انسان کو بُرائی سے قریب اور نیکی سے دور کر دیتا ہے۔ مستدرک ج2 ص326

امام علیؑ فرماتے ہیں۔ غصہ سے بچو اس کی ابتدا جنون سے ہوتی ہے اور انتہا پشیمانی پر۔ مستدرک ج2 ص326

امام علیؑ فرماتے ہیں۔ غصہ سے بچو کہیں یہ تم پر مسلط نہ ہو جائے اور ایک عادت ہی نہ بن جائے۔ غرر الحکم ص809

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔ غصہ تمام برائیوں اور جرائم کی کنجی ہے۔ اصول کافی ج2 ص 303 (الخصال ص ۷۳)

غم وغصے کا علاج

خداوند متعال کا ذکر اور دعا

خدا فرماتا ہے۔ **الا بذکر اللہ تطمئن القلوب (بے شک خدا کا ذکر دلوں کو سکون بخشتا ہے۔)** (سورہ رعد آیت ۲۸)

لاحول ولاقوہ الا باللہ العلی العظیم کا ذکر کرنا۔

رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں جو شخص فقر میں مبتلا ہو وہ زیادہ ذکر لاحول ولاقوہ الا باللہ العلی العظیم کرے کیونکہ یہ بہشت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے اور 72 بیماریوں کا علاج ہے جس میں سے کمترین مرض غم وغصہ ہے۔ (امالی ص ۴۵۱)

انگور کھانا

امام صادق علیہ السلام سے نقل ہوا ہے کہ انبیاء علیہ السلام نے خداوند متعال سے غم وغصے کی شکایت کی تو خداوند متعال نے وحی کی کہ انگور کھاؤ۔ اصول کافی ج۶ ص۳۵۱، ح۴

غذا کھانے سے قبل وبعد وضو کرنا

امام صادق علیہ السلام سے نقل ہوا ہے کہ کھانا کھانے سے پہلے اور بعد میں وضو کرنا رزق میں اضافہ کرتا ہے۔ اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت ہے کہ (کھانا کھانے سے) پہلے وضو کرنا فقر کو دور کرتا ہے اور دوسری دفعہ وضو غم وغصہ کو ختم کرتا ہے۔ اصول کافی ج۶ ص۲۹۰، ح۵

صاف لباس پہننا

امیر المومنینؑ فرماتے ہیں کہ صاف لباس پہننا غم وغصہ کو ختم کرنے کا باعث ہے۔ (اصول کافی ج۶ ص۴۴۴، ح۱۴)

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں جو شخص چاہتا ہے اس کا غصہ کم ہو وہ تیتر کا گوشت کھائے۔فروغ کافی ج6 ص312

زرد جوتا پہننا

امام صادق علیہ السلام سے نقل ہوا ہے حنان بن سدیر کہتے ہیں کہ ایک دن میں امام صادق علیہ السلام کے پاس گیا اور میں نے سیاہ جوتا پہنا ہوا تھا۔آنحضرت نے فرمایا اے حنان تم نے سیاہ جوتے کیوں پہن رکھے ہیں کیا تو نہیں جانتا کہ سیاہ جوتا تین خصوصیات رکھتا ہے یہ قوت جنسی کو ضعیف کرتا ہے،اور غم وغصے کا باعث بنتا ہے، نیز یہ ستمگروں کا لباس ہے۔

پس میں نے پوچھا کہ میں کونسے رنگ کے جوتے پہنوں؟ آپؑ نے فرمایا زرد رنگ کا جوتا پہنو کہ یہ تین خصوصیات رکھتا ہے بینائی زیادہ کرتا ہے۔قوت جنسی کو تقویت دیتا ہے۔اور غم وغصہ کو دور کرتا ہے۔نیز یہ پیغمبروں کا لباس ہے۔ (اصول کافی ج٦،ص٤٦٥،ح٢)

مصیبت آنے پر صبر کرنا اور جزع وفزع (نہ گھبرانہ/شکوہ نہ کرنا)

امیر المومنینؑ فرماتے ہیں کہ جزع کرنے سے پرہیز کرو کیونکہ یہ آرزو وامید کو ختم کر دیتا ہے،اور عمل کو ضعیف کرتا ہے۔اور غم وغصے کا سبب بنتا ہے جزع سے چھٹکارا پانے کے لیے دو چیزیں ہیں اگر اس کا کوئی حل ہے تو اسی راستے کو اپنایا جائے اور اگر نہیں تو اس مصیبت پر صبر کیا جائے۔ص346،347

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں جب غصے آئے تو بیٹھ (زمین کو پکڑ لو) جاؤ۔کیونکہ ایسے کرنے سے شیطانی نجاست دور ہو جائے گی۔وسائل الشیعہ ج11 ص239

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔اگر تم میں سے کسی کو غصہ آئے کھڑا ہے تو بیٹھ جائے اگر بیٹھا ہے تو لیٹ جائے اگر اس سے بھی غصہ ختم نہیں ہوتا پھر ٹھنڈے پانی سے سر دھوئے یا ٹھنڈے پانی سے غسل کرے اس لیے آگ کو صرف پانی ہی بجھا سکتا ہے۔احیاء العلوم ج٢ ص١٥١

حضرت امام جعفر صادق علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا ہمارے شیعہ ہمارا جز وہیں ان کی خلقت ہماری فاضل مٹی سے ہوئی ہے جو چیز ہمیں تکلیف پہنچاتی ہے وہ انہیں بھی تکلیف پہچاتی ہے جو بات ہمیں مسرور کرتی ہے وہ انہیں بھی خوش کرتی ہے جو ہمارا تقرب حاصل کرنا چاہتا ہے اسے چاہیئے کہ ان کا قصد کرے کیونکہ یہ ہمارے اور عام لوگوں کے درمیان واسطہ ہیں۔حوالہ امالی شیخ طوسی جلد 1

خوشی ومسرت کے باعث بننے والے امور

سورہ یٰسین پڑھنا، زیر ناف بال صاف کرنا، گھڑسواری کرنا، ناخن کاٹنا، مومنین کی مدد کرنا، غسل کرنا، بدن کو صاف رکھنا، خوشبو لگانا، وضو کرنا، مسواک کرنا، داڑھی میں کنگھی کرنا، سبزہ دیکھنا، زرد رنگ کا جوتا پہننا، مومن کے دل سے غصہ

دور کرنا، انگور کھانا، پاکیزہ لباس پہننا، بیری کے پتوں سے سر دھونا، لاحولولاقوۃ الا باللہ کہنا، استغفار کرنا، یاروفُ یارحیم کا زیادہ سے زیادہ پڑھنا، امام حسینؑ کی زیارت کرنا، گوشت کھانا، زیتون کھانا، موسموں کے شروع ہونے پر ان موسموں کے پھل کھانا۔

مشکلگشائی

امام باقر علیہ السلام فرماتے ہیں۔ بہی کھائیں غم کو برطرف کرتا ہے۔ ہمان ص182

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔ خدانے اپنے انبیاءؑ پر وحی نازل کی اے فرزند آدم جس وقت تو غصہ میں آئے تو مجھ کو یاد کرتا کہ میں بھی تجھ کو غصے کے وقت یاد کروں اور تجھ کو ہلاک نہ کروں۔

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔ جو شخص آدمیوں پر غصہ نہ کرے خدا روزِ قیامت اس پر عذاب نہ کرے گا۔ معراج السعادۃ ص349

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔ کوئی اپنے غصّہ کو پی لےتو قیامت کے دن خدا اس کا دل خوشنودی ورضا سے بھر دے گا۔ معراج السعادۃ ص356

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔ اگر کوئی تجھ کو اس بدی کے سبب سے سرزش کرے جو تجھ میں موجود ہے تو تُو اُس کو اُس عیب کے سبب سے سرزش کر جو اُس میں ہے۔ معراج السعادۃ ص356

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔ بنی آدمؑ کئی قسم کے ہیں۔ بعض دیر سے غصّہ میں آتے ہیں۔ ان کا غصّہ جلدی دُور ہو جاتا ہے۔ بعض جلد غصّہ میں آتے ہیں۔ ان کا غصّہ جلد ختم ہو جاتا ہے۔ بعض جلد غصّہ میں آتے ہیں اور دیر میں غصّہ جاتا ہے۔ بعض دیر سے غصہ میں آتے ہیں اور دیر میں خوشنود ہوتے ہیں۔ ان میں وہ اشخاص بہتر ہیں جو دیر میں غضبناک ہوتے ہیں اور جلد خوشنود ہوتے ہیں اور بدتر وہ ہیں جو جلدی غضب میں آتے ہیں اور دیر سے راضی ہوتے ہیں۔ معراج السعادۃ ص358

امام موسیٰ کاظمؑ فرماتے ہیں۔ انسان کا نصف عیش وزندگانی نرمی ہے۔ معراج السعادۃ ص364

غصّہ سے انسان بداخلاق ہو جاتا ہے

ایک عورت کے بارے میں رسول ﷺ سے پوچھا گیا وہ دن کو روزے رکھتی ہے۔ رات کو عبادت کرتی ہے لیکن وہ بداخلاق ہے اور کج اخلاق سے ہمسایہ کو نقصان پہنچاتی ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا وہ اہل جہنم میں سے ہے۔

نبی ﷺ فرماتے ہیں بداخلاقی ساتویں طبقہ جہنم میں پہنچاتی ہے۔ بداخلاق کی توبہ قبول نہیں ہوتی۔ معراج السعادۃ ص368

خوش اخلاقی

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔ جوخوش اخلاق ہوتا ہے اس کا ایمان افضل ہوتا ہے۔

نبی ﷺ فرماتے ہیں مجھ کودوست رکھنے والا اور قیامت میں مجھ سے نزدیکی کرنے والا خوش اخلاق ہے۔

پھر فرمایا اخلاقِ حسن گناہوں کو اس طرح کم کرتا ہے جیسے آفتاب برف کو پگھلاتا ہے خوش اخلاق دنیا وآخرت کی خوبی حاصل کرتا ہے

نبی ﷺ فرماتے ہیں جو نیک ہوتا ہے وہ خوش اخلاق ہوتا ہے۔لوگ اطراف و جوانب سے اس کے پاس جمع ہوتے ہیں اُس کی مصاحبت ومحبت اختیار کرتے ہیں اور یہ اُن سے محبت کرتا ہے

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں خوش اخلاقی شہروں کو آباد اور عمر کو زیادہ کرتی ہے۔معراج السعادۃ ص369

غصہ ہر شر کی کنجی ہے۔وسائل الشیعہ ج11 ص237

رسول ﷺ فرماتے ہیں۔ جوشخص کسی مومن کے ایک رنج کو دُور کرے گا خدا اس سے آخرت کے 72 رنج اور دنیا کے 72 رنج کو دور کرے گا۔جن میں سے کم ترین رنج مغفرت کا ہے۔وسائل الشیعہ ج11 ص436

امام تقی علیہ السلام فرماتے ہیں جوشخص خدا پر بھروسہ کرتا ہے خدا اسے خوش کر دیتا ہے۔ جوخدا پر توکل کرتا ہے خدا اس کے تمام امور کی کفایت کرتا ہے۔خدا پر اطمینان ایک ایسا قلعہ ہے۔جس پر مومن امین کے علاوہ کوئی پناہ نہیں لیتا۔خدا پر توکل ہر برائی سے نجات اور ہر قسم کے دشمن سے نجات کا زریعہ ہے۔دعاؤں سے بلائیں دور ہو جاتی ہیں۔اعیان الشیعہ ج۲ ص۳۵

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں خوشبو، گھڑسواری شہد اور سرسبز مناظر کو دیکھنا خوشی ومسرت کا باعث بنتے ہیں۔بہار الانوار ج،73ص،141

غصے کے اسباب

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔غصہ کی ابتدا تکبر کرنے سے،اپنی بڑائی کرنے سے اور لوگوں کو حقیر جاننے سے ہوتی ہے۔الخصال

غصے کے نقصانات

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں غصّہ ایک حکیم ودانا آدمی کی عقل کو مٹانے والی چیز ہے۔فرمایا جوشخص اپنے غصہ پر کنٹرول نہیں کر سکتا وہ اپنی عقل پر کنٹرول نہیں کرسکتا۔وسائل الشیعہ ج11 ص238

غضب

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں غضب عقلمند کے دل کو ہلاک کرتا ہے۔جوکوئی اپنے قوۃ غضب کا مالک نہیں

ہے وہ اپنے عقل کا بھی مالک نہیں ہے۔

امام باقر علیہ السلام فرماتے ہیں۔غضب ایک شعلہ شیطانی ہے جو فرزند آدم کے باطن میں ہے۔جب کوئی شخص غضب ناک ہوتا ہے تو اُس کی آنکھیں سُرخ ہوتی ہیں۔رگیں پھول جاتی ہیں اور شیطان اس میں داخل ہوتا ہے۔معراج السعادۃ (احمد نراقی)

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔غصہ کی زلت سے بچو کیونکہ انسان کو معذرت کی زلت پر آمادہ کرتا ہے۔(کیونکہ غصہ میں انسان جھگڑا کرتا ہے یا کسی کو بری بات کہتا ہے بعد میں معذرت کرتا ہے)اصول کافی ج ۲ ص ۳۰۵

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں غصہ عقلمند کے دل سے نور کو زائل کر دیتا ہے۔جو شخص اپنے غصہ پر کنٹرول نہیں کر سکتا وہ اپنے عقل پر بھی کنٹرول نہیں کر سکتا۔اخلاق ونفیساتی مسائل ص ۱۴۱

امام علیؑ فرماتے ہیں جو شخص غصہ کی لگام کو آزاد کر دیتا ہے اس کی موت جلد آجاتی ہے۔غرر الحکم ص ۶۲۵

امام علیؑ فرماتے ہیں۔خبر دار غصہ نہ کرو اس کا اول جنون ہے اور آخر ندامت ہے۔

امام علیؑ فرماتے ہیں غصہ ایک بھڑکتی ہوئی آگ ہے جس نے غصہ پی لیا اس نے آگ کو خاموش کر دیا اور جس نے اس آگ کو نہ پیا تو اس آگ میں پہلا جلنے والا شخص وہی ہوگا۔اس سے بچنے کے لیے حلم و بردباری کا اسلحہ مہیا کرو۔غرر الحکم ص ۷۱،۱۳۲

امام باقر علیہ السلام فرماتے ہیں غصہ سے زیادہ کون سی چیز خطرناک ہے کبھی غصہ میں آ کر انسان کسی محترم نفس کو قتل کر دیتا ہے۔وافی ج ۳ ص ۱۴۷

جدید تحقیقات بتاتی ہیں غصہ کا اثر انسان کے سارے جسم پر ہوتا ہے۔دل، دماغ، معدہ، رگیں، غدود میں تغیر پیدا ہوتا ہے۔جلد و نظام انہضام خراب ہوتا ہے۔دل کا دورہ و ڈپریشن سارا جسم مفلوج ہو جاتا ہے۔اس سے stress hormones, such as adrenaline, noradrenaline, and cortiso نکل کر جسم کو تباہ کرتے ہیں۔

غصے کی آگ کو کیسے بجھائیں؟

بعض لوگوں کو بہت زیادہ غصہ آتا ہے اس غصّہ کی وجہ سے خود اپنے، دوسروں اور اہل خانہ کے لیے پریشانی کا سبب بنتے ہیں کئی طریقوں کے ذریعے غصہ کو کم کیا جا سکتا ہے

ا ھلیلج (صفرابر) یہ طب اہلبیتؑ کی دوا ہے

کیونکہ اکثر غیظ و غضب صفرا کے غلبہ کی وجہ سے ہوتا ہے اس لئے اس کا علاج کرنا چاہئے

چکور کا گوشت

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں جو چاہتا ہے کہ اسے غصہ کم آئے چکور کا گوشت کھائے (طب لآئمہ، ص 107)

ٹھنڈا پانی پینا

امام موسیٰ کاظم علیہ السّلام فرماتے ہیں ٹھنڈا پانی پینا معدہ میں غذا کو گھمانے اور ہاضمے کا سبب بنتا ہے، غصہ کو کم کرتا ہے۔ دماغ، عقل اور درک کرنے کی قوت کو زیادہ کرتا ہے، صفرا اور سودا کو خاموش کرتا ہے۔ (معتدل کرتا ہے)۔ محاسن، ج2، ص572، ح15

زمین پر ہاتھ رکھنا

امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں جب انسان پر غصہ کی حالت طاری ہو تو زمین کو پکڑے کیونکہ (یہ کام) شیطانی پلیدی کو اس سے دور کرتا ہے۔ کافی، ج2، ص304، ح12

بیٹھنا

امام باقر علیہ السلام فرماتے ہیں جو شخص بھی غضبناک ہو اگر کھڑا ہے تو فوراً بیٹھ جائے، کیونکہ بیٹھنے سے شیطانی پلیدی اس سے دور ہو جائے گی۔ کافی، ج2، ص302،

رشتہ داروں کیساتھ ہاتھ ملانا

روایت میں ہے جس پر رشتہ دار غصہ کرے وہ اس کے نزدیک ہو اور اپنے ہاتھ سے اسے مس کرے (مثلاً مصافحہ کرے) کیونکہ جب رشتہ دار آپس میں ملتے ہیں تو انکو آرام ملتا ہے۔ (کافی، ج2، ص302، ح2)

کدو کھانا

کدو کھانا انسان کو سکون دیتا ہے اور غصے کی آگ کو بجھا دیتا ہے۔ روایت میں ہے کہ حضرت یونس علیہ السلام نے کدو کھایا تو انکا قوم کے بارے میں غصہ ختم ہوا اور چونکہ کدو عقل کو زیادہ کرتا ہے اور جس کی عقل زیادہ ہوگی وہ غضب کی قوت پر غالب ہوگا۔

پیامبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں آپ کدو کھائیں کیونکہ عقل کو زیادہ اور دماغ کو بڑھاتا ہے۔ (شعب الایمان، ج5، ص102، ح5947)

نبی ﷺ فرماتے ہیں زیتون کھانا سودا اور صفرا کو برطرف کرتا ہے، بلغم کو کم کرتا ہے۔ انسان کو خوش کرتا ہے غم کو ختم کرتا ہے۔ عیون اخبار الرضا ج1 ص39

پاگل پن، دیوانگی، جنون Isanilty

جو چیزیں پیدائشی دیوانگی کا باعث ہیں

امام رضا علیہ السلام فرماتے ہیں ایک نزدیکی کے بعد دوسری نزدیکی جبکہ درمیان میں غسل نہ ہو بچے کی دیوانگی کا سبب ہے۔

مرد کے لئے مکروہ ہے کہ احتلام کے بعد عورت سے نزدیکی کرے مگر یہ کہ احتلام کے بعد غسل کر لے اور اگر غسل کے بغیر نزدیکی کرے تو بچہ پیدائشی دیوانہ ہوگا پھر اپنے علاوہ کسی کو ملامت نہ کرے۔ بحار الانوار ج59 ص321

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت علی علیہ السلام کو نصیحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اے علی مہینے کے آغاز میں، درمیان میں اور آخر میں اپنی بیوی سے نزدیکی نہ کرنا کیونکہ اس صورت میں دیوانگی، کوڑھ اور پاگل پن تمہاری بیوی اور بچے میں سرائیت کر جائے گی۔ اصول کافی ج5 ص499

جو چیزیں دیوانگی سے بچاتی ہیں

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا کہ اے علی کھانے کا آغاز اور اختتام نمک سے کرو، کیونکہ جو کوئی اپنے کھانے کا آغاز اور اختتام نمک سے کرتا ہے وہ (بہتر 72) طرح کی بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے جن میں دیوانگی، کوڑھ اور برص وغیرہ شامل ہیں۔ المحاسن ج1 ص196

نبی ﷺ فرماتے ہیں جو دسترخوان پر بچے ہوئی غذا کے ٹکڑے کھائے گا وہ جنون، جزام، پیسی و آب زرد (پیٹ میں زرد پانی جو جمع ہو جاتا ہے) اس سے محفوظ رہے گا۔ مکارم الاخلاق ص146

نرگس کے پھول سونگھنا

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں نرگس کے پھول کو سونگھا کرو، اگرچہ دن میں ایک بار ہی سہی، حتیٰ ہفتے میں ایک بار، حتیٰ مہینے میں ایک بار، حتیٰ سال میں ایک بار، حتیٰ اپنی ساری عمر میں ایک بار، کیونکہ دل میں دیوانگی، کوڑھ اور برص کا ایک بیج ہوتا ہے اور وہ نرگس کے پھول کو سونگھنے سے ختم ہو جاتا ہے۔ طب النبی، ابوالعباس جعفر بن محمد المستغفری، ص ۳۰ ج

ہر جمعہ کو مونچھیں اور ناخن تراشنا

ہر جمعہ کو تھوڑی سی مونچھیں اور ناخن چھوٹے کر لیا کرو، اگرچہ بہت کم بڑھے ہوں پھر بھی انہیں ہلکا سا تراش لیا کرو کیونکہ اس طرح دیوانگی، کوڑھ اور برص سے محفوظ رہو گے۔ طب الآئمہؑ

دیوانگی تعریف

اس مرض میں انسان کی عقل میں فتور آ جاتا ہے اور ذہن میں غلیظ خیالات آتے ہیں۔ مریض کی عادت بدل جاتی ہے۔ اخلاق میں خرابی آنے کی وجہ سے وہ فضول و غلیظ اور ناشائستہ حرکات و سکنات کرنے لگتا ہے۔ اس مرض کی بہت سی

اقسام ہیں عام طور پر چار بڑی اقسام ہیں

1) پرجوش جنون، جمون سبعی Mania

اس مرض میں مریض کی طبیعت میں جوش وغصہ بہت زیادہ ہوتا ہے۔ وہ خونخوار درندوں کی طرح لوگوں کو دیکھتا ہے اور کبھی کبھاران پر حملہ آور بھی ہوجاتا ہے۔

2) جنون کلبی، کتے کا جنون Cynanthropy

اس قسم کے جنون میں مریض کبھی تو غیض وغضب کا اظہار کرتا ہے اور کبھی کتوں کیطرح خوشامد چاپلوسی کرتا ہے۔

3) جنون قطرب، بھڑیے کا جنون Lycomania

اس قسم کے جنون میں مریض نہایت ترش رواور مغموم رہتا ہے۔ اسے کسی ایک جگہ قرار نہیں ہوتا لیکن وہ ہمیشہ آوارہ گردی کرتا رہتا ہے۔ سبک اور ناشائستہ حرکات کرتا رہتا ہے۔ عام طور پر لوگوں کو دشمن سمجھ کر ان سے چھپنے کی کوشش کرتا ہے۔ کبھی کبھی بھڑیے کی طرح حملہ بھی کرتا ہے

4) سرسام کا جنون Delirous Mania

اس قسم کا جنون سرسام صفرا کیساتھ ہوتا ہے۔ اس کی ابتدا میں مریض زیادہ تر جاگتا رہتا ہے اور بیقرار رہتا ہے۔ کبھی نیند میں ڈر کر جاگ جاتا ہے اس کی آنکھیں میں سرخی ہوتی ہے۔ وہ سوال کے مطابق جواب نہیں دیتا۔

علامات

معمولی معمولی باتوں پر گالیاں دینا لڑنے مرنے پر تیار ہوجانا، بے چینی ہونا، بہت زیادہ غصہ، گرمی وسردی معلوم نہ ہونا، آنکھیں سرخ ہوجانا اور شکل دیوانوں کی طرح ہوجانا، بداخلاق ہوجانا۔

علاج طب اہل بیتؑ

بخور مریمؑ، تقویت اعصاب، داروی صفرابر، داروی عقل، داروی مفرع، داروی طریفل، خطمی سے سر دھونا، حجامت سر، سنا مکی، داروی سودابر، جامع بآب انگور۔

ڈپریشن

ڈپریشن ایک نفسیاتی بیماری ہے۔ جو ہمارے مزاج اور رویے کو متاثر کرتی ہے۔ ڈپریشن کئی معاملات میں اثر انداز ہوتا ہے جزبات میں خالی پن، اداسی، مایوسی اور بے دلی کا غلبہ ہوتا ہے۔ کچھ لوگ چڑ چڑے ہوجاتے ہیں۔ ناامیدی و لاتعلقی محسوس ہوتی ہے۔ بے چینی وگھبراہٹ جیسی علامات محسوس ہوتی ہیں۔ کسی کام کی ابتدا نہیں کرنا چاہتا۔ انسان ہمت و برداشت کھودیتا ہے۔ سوشل میل جول سے کتراتا ہے۔ بلکل آسان کام بھی مشکل لگتا ہے۔ انسان کی سوچ وانداز متاثر ہو جاتا ہے۔ جسمانی یاذہنی کمزوری محسوس کرنا، بہت زیادہ تھکا تھکا محسوس کرنا۔ روزمرہ کے کاموں یاباتوں پہ توجہ نہ دے پانا

اپنے آپ کو اوروں سے کمتر سمجھنے لگنا، خود اعتمادی کم ہو جانا ماضی کی چھوٹی چھوٹی باتوں کے لیے اپنے آپ کو الزام دیتے رہنا، اپنے آپ کو فضول اور ناکارہ سمجھنا مستقبل سے مایوس ہو جانا خودکشی کے خیالات آنا یا خودکشی کی کوشش کرنا نیند خراب ہو جانا بھوک خراب ہو جانا غم وحزن۔

احادیث میں غم والم کا باعث بننے والے امور

سیاہ جوتے پہننا، دروازے کی دہلیز پر بیٹھنا، کھڑے ہو کر شلوار پہننا، بھیڑوں کے درمیان میں سے گزرنا، لباس کے دامن سے ہاتھ ومنہ صاف کرنا، دنیا سے راہ رغبت اختیار کرنا، داڑھی کے بال دانتوں میں لینا، ریت کے ساتھ کھیلنا، بائیں ہاتھ سے کھانا، دائیں ہاتھ سے طہارت، بندر کیساتھ تماشا کرنا۔ دارو بخانہمعنو یص ۱۹۲

امام علیؑ فرماتے ہیں جو چھوٹے اور معمولی مصائب کو عظیم سمجھتا ہے خدا اس کو بڑی مصیبت میں مبتلا کر دیتا ہے جب تم دیکھو خدا تم پر مسلسل بلا نازل کر رہا ہے تو سمجھو وہ تمہیں بیدار کر رہا ہے۔ مصیبت پر صبر کرو۔ جتنا مصیبت پر صبر ہوتا ہے اتنا ہی ثواب ملتا ہے۔ غرر الحکم ص95,796

امام علیؑ فرماتے ہیں بداخلاق کم عقل ہوتا ہے اس کی زندگی غم وآلام سے گھری رہتی ہے۔ غرر الحکم ص ج1 ص455

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں جب انسان کے گناہ زیادہ ہو جاتے ہیں اور کوئی عمل خیر اسکی تلافی نہیں کرتا تو خدا اسے غم میں مبتلا کر دیتا ہے۔ تاکہ اسکا کفارہ ہو جائے۔ کتاب الایمان والکفر ج5 ص47

حرص

امام علیؑ فرماتے ہیں۔ حرص ولالچ سے بچو کیونکہ حریص کی زندگی ہمیشہ بدبختی ورنج سے ملی ہوتی ہے۔ غرر الحکم ۱۳۵ ذ

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں مومن پر چالیس راتیں ایسی نہیں گزرتی جس سے اسے کسی نہ کسی بات سے غم ورنج پہنچے تاکہ اسے نصیحت حاصل ہو اور خدا کی یاد آئے۔ تہذیب آل محمدؐ ص207

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔

حرص والا آدمی سات آفتوں میں گرفتار رہتا ہے ایسے افکار وخیالات میں ہمیشہ رہتا ہے جو اس کے جسم کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ ایسی کوشش میں لگا رہتا ہے جو کبھی ختم ہونے والی نہیں ہوتی۔ ایسے غم ورنج میں مبتلا رہتا ہے جو موت سے پہلے ختم نہیں ہوتا بلکہ وہ راحت وآرام کے وقت بھی عذاب و شکنجے میں گرفتار رہتا ہے۔ خوف وہراس میں مبتلا رہتا ہے۔ ایسے خوف میں مبتلا رہتا ہے جو بغیر فائدہ زندگی کو اس کے لیے تلخ بنا دیتا ہے۔ اخلاقی ونفسیاتی مسائل ص ۱۸۸

امام علیؑ فرماتے ہیں بدگمان شخص کو تندرستی وآرام نصیب نہیں ہوتا۔ غرر الحکم ص، ۸۳۵

امام علیؑ فرماتے ہیں۔ دس چیزیں غم کا باعث بنتی ہیں

کھڑے ہو کر شلوار پہننا، بکریوں کے ریوڑ میں سے گزرنا، دانتوں سے داڑھی کے بال چبانا، دروازے کی چوکھٹ

پر بیٹھنا، بائیں ہاتھ سے کھانا، آستین سے منہ پونچھنا، انڈوں کے چھلکوں پر چلنا، دائیں ہاتھ سے کنکریوں سے کھیلنا۔ ہدایۃ الشیعہ

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں دس چیزیں خوشی کا باعث ہیں

سورہ یاسین کا پڑھنا، ناخن تراشنا، زیر بغل بال صاف کرنا، غسل کرنا، گھڑسواری کرنا، مسواک کرنا، اسلامی بھائیوں کی مدد کرنا، نوافل پڑھنا، غسل و وضو کے وقت داڑھی میں کنگھی کرنا، روزے رکھنا۔ ہدیۃ الشیعہ ص

امام تقیؑ فرماتے ہیں جو شخص لوگوں کیساتھ خوش رفتاری چھوڑ دے گا۔ رنج و ناگواری اس کے قریب آئے گی۔ بہار الانوار ج78 ص364

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں ہر غم کا علاج ہے سوا جہنم کے غم کے۔ بحار الانوار ج 71

امام علی نقیؑ فرماتے ہیں خدا نے دنیا کو مصیبتوں کا گھر بنایا ہے اور آخرت کو جزا کا (گھر) قرار دیا ہے اور دنیا کی مصیبتوں کو آخرت کے ثواب کا زریعہ قرار دیا ہے اور آخرت کے ثواب کو دنیا کی مصیبتوں کا عوض قرار دیا ہے۔ تحف العقول ص، ۴۸۱

جنون یعنی پاگل پن کی قسمیں

امام علیؑ فرماتے ہیں۔ غیض و غضب بھی پاگل پن کی ایک قسم ہے۔ کیونکہ غصہ کرنے والے کو شرمندگی اٹھانی پڑتی ہے اور وہ شرمندہ بھی نہ ہو تو مستقل پاگل ہو جاتا ہے۔ میزان الحکمت ج2 ص143

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں صحیح معنی میں پاگل وہ ہوتا ہے جو اکڑ اکڑ کر چلے، مٹک مٹک کر چلے (تکبر)۔ معانی الاخبار

امام علیؑ فرماتے ہیں کینہ (دل سے نفرت کرنا) بدترین عیب ہے۔ اچھائیوں کو روکنے والا اور غصّہ کو بھڑکانے والا ہے۔ حاسدوں کی عادت ہے، بڑی بیماری، گھٹیا اخلاق، وبائی مرض ہے۔ زیادہ غصہ کرنے سے کینہ پیدا ہوتا ہے۔ مسکرا کر ملنے سے کینہ دور ہوتا ہے۔ جو دل سے کینہ نکال دے اس کی عقل و دل سکون پاتا ہے۔ میزان الحکمت ج2 ص223

امام علیؑ فرماتے ہیں مومن کی اصل خوشی اطاعت خدا میں ہے اور مومن کا اصل غم گناہ کرنے پر ہے۔ خوشی صرف نرمی کیساتھ لوگوں کے ساتھ تعاون اور کام کرنے سے حاصل ہوتی ہے۔ میزان الحکمت ج3 ص104

امام علیؑ فرماتے ہیں رنج و غم آدھا بڑھاپا ہے۔ میزان الحکمت ج2 ص206

حضرت عیسیٰؑ فرماتے ہیں جس کے غم زیادہ ہوتے ہیں اس کا جسم بیمار ہو جاتا ہے۔ بحار الانوار ج72

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں دنیا سے بے حد محبت رنج کا سبب ہے اور دنیا سے بے نیازی قلب و جسم کی راحت ہے۔ بحار الانوار ج78

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔ چار چیزیں باعث غم ہیں۔

گھر کی دہلیز پر بیٹھنا، بکریاں کے ریوڑ سے گزرنا، کھڑے ہو کر کپڑے پہننا، عمامہ سے منہ و ہاتھ پونچھنا۔ الخصال ص122

رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں جو لوگوں کی طرف (لالچ) سے دیکھتا ہے اس کا غم دائمی ہو جاتا ہے۔ بحارالانوار ج73

امام علیؑ فرماتے ہیں میں نے حاسد سے بڑھ کر کوئی ظالم نہیں دیکھا جو مظلوم کی طرح ہمیشہ حیران پریشان و غمگین رہتا ہے بے صبری اور رنج و غم کے اظہار سے بچو۔ اس سے امیدیں کٹ جاتی ہیں۔ عمل کمزور ہو جاتا ہے۔ رنج کے سوا کچھ نہیں ملتا۔ میزان الحکمت ج2 ص207

رنج و غم دور کرنے والی چیزیں

امام علیؑ فرماتے ہیں۔ پکا مضبوط صبر اور خدا پر مضبوط یقین غموں کو دور کرتا ہے۔ میزان الحکمت ج2 ص207

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔ خدا کے قضا و قدر کے فیصلوں پر بھروسہ غم کو دور کر دیتا ہے۔ میزان الحکمت ج2 ص208

"جو ایمان لایا اور اس نے اپنی حالت کی اصلاح کر لی تو ایسے لوگوں پر نہ کسی طرح کا خوف طاری ہو گا اور نہ ہی وہ آرزو خاطر ہوں گے" سورہ الانعام آیت 48

امام موسیٰ کاظمؑ فرماتے ہیں۔ خدا کی مرضی پر راضی رہنا مومن کو غموں سے بچا لیتا ہے۔ بحارالانوار ج71

خدا نے تازگی و خوشی کو اپنے اوپر یقین اور خدا کے فیصلوں پر راضی رہنے میں رکھا ہے اور رنج و غم کو شک اور خدا کے فیصلوں پر ناراض ہونے میں رکھا ہے۔ بحارالانوار ج77

امام حسینؑ فرماتے ہیں تعجب ہے اُس پر جو موت پر یقین رکھتا ہے پھر کیونکر خوش رہتا ہے اور تعجب ہے اس پر جو خدا کے قضا و قدر کے فیصلوں پر یقین رکھتا ہے پھر کیونکر غمگین رہتا ہے۔ بحارالانوار ج73

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں جو شخص کثرت سے استغفار پڑھتا ہے۔ خدا اسے ہر غم و وہم سے کشائش و آسائش فرمائے گا (غم دور کر دے گا)۔ ہر تنگی سے نکلنے کا راستہ کھول دے گا اور وہاں سے روزی دے گا جہاں سے اسے گمان بھی نہ ہو گا وسائل الشیعہ ج4 ص475

رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔ جو زیادہ استغفار کرے گا (دل سے خدا سے اپنے گناہوں کی معافی مانگے) خدا اسے ہر غم و تنگی سے نکال دے گا اور وہاں سے عطا کرے گا جہاں سے اس کا گمان تک نہ ہو۔ بحارالانوار ج77

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔ کپڑے دھو کر صاف کپڑے پہننا اور سر کا دھونا (نہانا) غم کو دور کرتا ہے۔ بحارالانوار ج76

امام علیؑ فرماتے ہیں جو آخرت کا غم کرتا ہے خدا دنیا کے غم سے اسے آزاد کر دیتا ہے۔ جو اپنے پوشیدہ کاموں کی

اصلاح کرتا ہے خدا اس کے اعلانیہ کاموں کی اصلاح کر دیتا ہے۔ جو خدا اور اپنے درمیان کے معاملات کو ٹھیک کر لیتا ہے۔ خدا لوگوں سے اس کے تعلقات ٹھیک کر دیتا ہے۔ ثواب الاعمال وعقاب الاعمال ص63

غم کہاں کریں؟

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں ہم (محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے غم میں غمگین انسان کی ایک آہ تسبیح ہوتی ہے اور اس کا ہم پر غم کرنا خدا کی عبادت ہوتا ہے۔ بحار الانوار ج75

امام علیؑ فرماتے ہیں۔ خوش گمانی دل کی راحت اور بدن کی سلامتی ہے۔ شرح غرر الحکم، ج3، ص384۔

امام جعفر صادقؑ نے فرمایا اپنے (دینی) بھائیوں کے بارے میں اپنے گمانوں کو نیک بنا دو (اور ان پر خوش گمانی کرو) کیونکہ اس کے نتیجے میں دل کا سکون اور طبیعت کی پاکیزگی ملتی ہے۔ محمد باقر مجلسی، بحار الانوار، ج5، ص196۔

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں نماز شب چہرے کو نورانی کرتی ہے رنج وغم کو برطرف کرتی ہے اور بینائی کو تیز کرتی ہے۔ تہذیب الاحکام ج2 ص122

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کھانے کے بعد اور قبل ہاتھ دھونا، فقیری کو ختم کرتا ہے اور پریشانی سے نجات دلاتا ہے۔ اصول کافی ج6 ص290

پریشانی، ڈر وخوف کے لئے انیس کلمات

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امام علیؑ کو انیس کلمات بتائے اور کہا کوئی دل سوختہ، پریشان، غمگین، رنجور شخص، چوری یا آگ لگنے کے خوف سے یا کوئی بندہ کسی بادشاہ سے خوفزدہ ہو۔ وہ ان کلمات کو پڑھے اسے اس پریشانی سے نجات مل جائے گی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

(يَا عِمَادَ مَنْ لَا عِمَادَ لَهُ، وَيَا ذُخْرَ مَنْ لَا ذُخْرَ لَهُ، وَيَا سَنَدَ مَنْ لَا سَنَدَ لَهُ، وَيَا حِرْزَ مَنْ لَا حِرْزَ لَهُ، وَيَا غِيَاثَ مَنْ لَا غِيَاثَ لَهُ، وَيَا كَنْزَ مَنْ لَا كَنْزَ لَهُ، وَيَا عِزَّ مَنْ لَا عِزَّ لَهُ، يَا كَرِيمَ الْعَفْوِ، يَا حَسَنَ التَّجَاوُزِ، يَا عَوْنَ الضُّعَفَاءِ، يَا كَنْزَ الْفُقَرَاءِ، يَا عَظِيمَ الرَّجَاءِ، يَا مُنْقِذَ الْغَرْقَى، يَا مُنْجِيَ الْهَلْكَى، يَا مُحْسِنُ، يَا مُجْمِلُ، يَا مُنْعِمُ، يَا مُفْضِلُ، أَنْتَ الَّذِي سَجَدَ لَكَ سَوَادُ اللَّيْلِ وَنُورُ النَّهَارِ وَضَوْءُ الْقَمَرِ، وَشُعَاعُ الشَّمْسِ، وَحَفِيفُ الشَّجَرِ وَدَوِيُّ الْمَاءِ، يَا اللهُ يَا اللهُ يَا اللهُ، لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيكَ لَكَ، يَا رَبَّاهُ يَا اللهُ، صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَافْعَلْ بِنَا مَا أَنْتَ أَهْلُهُ) پھر اپنی حاجت بیان کرو۔ الخصال شیخ صدوق ص310

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔ مصیبت زدہ و پریشان حال کے لیے یہ دعا ہے۔ جمعہ کی رات نماز عشاء کے بعد پڑھیں:

(لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِين) اس کی کثرت سے تلاوت کی جائے ڈپریشن ختم جاتا ہے۔ کسی

بھی وقت خاص کر سجدہ میں اس آیت کی تلاوت کثرت سے کریں آل محمدؑ پر صلواۃ بھیجیں۔
امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں
جو شخص (لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ) پڑھے وہ 70 اقسام کی بیماریاں جن میں کم ترین جنون ہے ان سے محفوظ رہے گا۔ طب لآئمہ ص9
امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔
نماز فجر اور مغرب کے بعد سات دفعہ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ پڑھے گا خدا اسے ستر اقسام کی بیماریاں سے محفوظ رکھے گا جس سے کم ترین بیماری پیسی وجنون ہے۔ المحاسن ج2 ص 487
مومن کی مثال ترازو کے دو پلڑوں کی مانند ہے جوں جوں ایمان زیادہ ہوتا جائے گا خدا کی طرف سے اس کا امتحان بھی سخت سے سخت تر ہوتا جائے گا۔ تحف العقول ص379

بخور مریم علیہ السلام

امام باقر علیہ اسلام فرماتے ہیں۔ بخور مریم روحانی بیماریاں (جنات۔ شیاطین وروحانی) سی پی، مرگی، ودیگر روحانی بیماریاں (ڈپریشن، غم، غصہ، صدمہ)، دیوانگی بیماریاں کے لیے مجرب ومفید ہے۔ طب الائمہ، ابن سابور الزیات، ص ۱۱۲
بخور مریمؑ ڈپریشن وتمام نفسیاتی امراض، جنات وجادو وغیرہ کے لیے انتہائی مفید ہے شرط یہ ہے دعا وطریقہ سے استعمال کیا جائے۔

میڈیسن: دار وی سودابر، جامع رضا آب انگور، داروی شافیہ

عقل کو کم کرنے والی عادات وغذائیں

زیادہ مزاق کرنا، کھڑے پانی میں پیشاب کرنا، چالیس دن گوشت نہ کھانا، پنیر کھانا، گوشت بہت زیادہ کھانا، تجارت سے ہاتھ کھینچ لینا، دھنیا وکھٹا سیب کھانا، ناخن بڑے رکھنا، جنابت کی حالت میں غذا کھانا، آلہ تناسل سے کھیلنا، تکبیر کے بغیر ذبیحہ کا گوشت کھانا، پشت کی گولائی سے بال اتروانا، سر کے پیچھے کی حجامت۔

رسول اکرم صلی علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں دس چیزیں نسیان آور ہیں۔ نسیان (کسی چیز کا یاد نہ رہنا)

پنیر کھانا، چوہے کا بچا ہوا کھانا، کھٹا سیب کھانا اور ہرا دھنیا کھانا، کچی نیند، سر کے پچھلے حصّے کی حجامت، دوخواتین کے درمیان میں چلنا، پھانسی پر چڑھے شخص کو دیکھنا، قبر کے کتبے پڑھنا۔ بحار الأنوار، ج26، ص295
امام باقر علیہ السلام فرماتے ہیں۔ ناخن کاٹا کرو کیونکہ ناخن شیطان کی پناہ گاہ ہے اور نسیان کا سبب بنتا ہے۔ الکافی ج6 ص490
امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔ جھوٹ بولنے والے پر اللہ نسیان کو غالب کر دیتا ہے۔ اصول کافی ج4 ص299

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں خدا نے شراب کو اس لیے حرام کیا ہے اس سے عقل تباہ ہوتی ہے۔عیون اخبار الرضا ج2 ص98

امام علیؑ فرماتے ہیں جو شخص نادان لوگوں کیساتھ رہتا ہے اس کی عقل کم ہوجاتی ہے۔کنز الفوائد ج1 ص199

امام علیؑ فرماتے ہیں جو شخص بیہودہ گفتگو زیادہ کرتا ہے اس کی عقل تباہ ہوجاتی ہے۔غرر الحکم ص222

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں ترک تجارت سے عقل کم ہوتی ہے۔الکافی ج5 ص148

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں۔وحشی جانوروں کا اور گائے کا گوشت زیادہ کھانا عقل کی تباہی، چہرے کی بے رونقی، کند ذہنی اور نسیان کا باعث ہے۔مستدرک الوسائل ج16 ص148

امام علیؑ فرماتے ہیں۔تکبر عقل کو برباد کرتا ہے۔غرر الحکم ص۲٦

عقل کو بڑھانے والی عادات

مسواک (پیلو کا مسواک جس کو اراک کہتے ہیں) کرنا،خوشبو لگانا،تجارت کرنا،سفر کرنا۔

عقل کو بڑھانے والی غذائیں

سرکہ کھانا، ترنج کھانا، بہی کھانا، چقندر کھانا، میتھی کھانا، کندر کھانا، کدو کھانا، کلونجی کھانا، زعفران، شہد اور ادرک کھانا، کرفس کھانا، سداب، قلفہ سبزی۔

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔سداب عقل میں اضافہ کرتی ہے۔دماغ میں زیادتی کرتی ہے۔منی کو بدبودار کرتی ہے۔اصول کافی ج6 ص1009

امام حسینؑ فرماتے ہیں تجربے کے زیادہ ہونے سے انسان کی عقل و شرف وتقویٰ میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ بحار الانوار ج87 ص128

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں تجارت کرو اس سے عقل زیادہ ہوتی ہے۔اصول کافی ج5 ص148

نبیؐ فرماتے ہیں دنیا میں اگر کوئی چیز عقل میں اضافہ کرتی ہے تو قلفہ سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں ہے۔حمان ص520

امام باقر علیہ السلام فرماتے ہیں مسواک اراک سے دانت صاف کرو اس سے عقل زیادہ ہوتی ہے اور بلغم ختم ہوتی ہے۔ثواب الاعمال ص18

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں تین دانے ھلیہ سیاہ اور سرخ شکر ملا کر کھائیں اس سے عقل زیادہ ہوتی ہے۔طب الائمہ ص139

یاداشت وحافظہ تیز کرنے والے امور

مسواک کرنا، حجامت کروانا، کندر کھانا، ناخن سموار کو کاٹنا، شہد و کندر کھانا، زعفران و شہد و سعد کھانا، میتھی کھانا، کرفس

کھانا، روزے رکھنا، قلفہ سبزی کھانا، اکیس دانے کشمش نہار منہ، آیت الکرسی۔

امام علیؑ فرماتے ہیں عقل ایک غریزہ ہے جو علم و تجربہ سے زیادہ ہوتا ہے۔ عیون الحکم والمواعظ ج52 ص17

امام علیؑ فرماتے ہیں زیادہ سوچنے سے حکمت و عقل زیادہ ہوتی ہے۔ تحف العقول ص364

نبیؐ فرماتے ہیں کدو کا سالن زیادہ کھاؤ اس سے مغز کی رشد اور عقل میں اضافہ ہوتا ہے۔ مکارم الاخلاق ص176

امام علیؑ فرماتے ہیں حجامت صحت بدن کا سبب ہے اور قوت عقل کا باعث ہے۔ الخصال ج2 ص611

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں جو دن کا آغاز خوشبو سے شروع کرے تو اس کی عقل رات تک اس کیساتھ ہو گی۔ مفاتیح الحیات ص108

امام علیؑ فرماتے ہیں۔ زعفران، شہد اور سعد ملا کر روزانہ دو چمچ کھائیں۔ حافظہ اتنا زیادہ ہو جائے گا۔ لوگوں جادوگر کہیں گے۔ المصباح الکفعمی ص200

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں سرکہ کھانے سے ذہن تیز ہوتا ہے اور عقل میں اضافہ ہوتا ہے۔ الکافی ج6 ص329

نبی ﷺ فرماتے ہیں ۔ کشمش کھایا کرو۔ صفرا کا زور توڑتی ہے، بلغم کو ختم کرتی ہے، اعصاب کو مضبوط کرتی ہے، حُسن اخلاق کا سبب ہے، نفس کو پاکیزہ بناتی ہے اور غم کو دور کرتی ہے۔ الخصال شیخ صدوق ص178

امام علی رضا علیہ السلام فرماتے ہیں۔ شہد ہر درد کا علاج ہے ہر کسی کو صبح نہار منہ ایک چمچ شہد کھانا چاہے۔ بلغم کو ختم کرتا ہے، صفرا کو ختم کرتا ہے اور سودا کو کم کرتا ہے۔ ذہن کو تیز کرتا ہے۔ اگر کندر کیساتھ کھایا جائے حافظہ کو تیز کرتا ہے۔ بحار الانوار ج66 ص293

نبی ﷺ فرماتے ہیں قیلولہ (نماز ظہر سے قبل آدھا گھنٹہ کے لیے سونا) سے حافظہ زیادہ ہوتا ہے۔ من لا یحضرہ الفقیہ 5031

رسول ﷺ فرماتے ہیں۔ زنا سے بچو اس سے تین دنیا میں اور تین آخرت میں نقصان ہیں۔ دنیا میں خوشی نہیں ملے گی، تنگ دستی ہوگی، عمر کم ہوگی۔ آخرت میں خدا کی ناراضگی، بُرا حساب، ہمیشہ دوزخ میں رہے گا۔ الخصال ص167

امام علی علیہ السلام فرماتے ہیں۔ پانچ چیزیں حافظہ کو زیادہ کرتی ہیں۔ فراموشی کو کم کرتی ہیں۔

بلغم کو ختم کرنا، مسواک کرنا، روزہ رکھنا، تلاوت قرآن، کندر و شہد کھانا (چھوٹی چمچ شہد و کندر ملا کر نہار منہ کھائیں) مستدرک الوسائل ج16 ص374

کرفس کھائیں کیونکہ یہ حضرت الیاس، یسع اور یوشع علیہم السلام کی غذا ہے۔ حافظہ کو قوی اور دل کو تیز کرتی ہے۔ بحار ج59 ص284

امام علیؑ فرماتے ہیں۔ زعفران (خالص) اور سعد کو مساوی مقدار میں لیں اور ان کے ساتھ (ان دونوں کی مقدار کے دو برابر) شہد اضافہ کریں اور ایک دن میں دو مثقال کھائیں یہ دوا اس قدر قوی ہے کہ اس بات کا خوف ہے کہ کہیں آپ جادوگر نہ ہو جائیں یا مر نہ جائیں۔ بحار، ج59، ص372

زعفران کی شاخیں اور قلمیں مراد ہیں (استاد تبریزیان)

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔ کنگھی کرو اس سے عقل میں اضافہ ہوتا ہے، مادہ تولید زیادہ ہوتا ہے، بلغم ختم ہوتی ہے، روزی ملتی ہے، بالوں کو خوبصورت بناتی ہے، نبی ﷺ داڑھی کے نیچے چالیس بار اور اوپر سات بار کنگھی کیا کرتے تھے۔ الخصال ص143

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں انار کو اندر والی جھلی کیساتھ کھاؤ۔ معدہ کو پاک کرتا ہے اور ذہن کو تقویت پہنچاتا ہے۔ الکافی ج6 ص354

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔ کندر کھاؤ۔ دل کی گرمی کو ختم کرتا ہے، نظر کو تیز کرتا ہے اور فراموشی کو ختم کرتا ہے۔ بحارالانوار ج62 ص294

نماز فجر کے بعد یا حی یا قیوم ہر روز پڑھنا حافظ کو زیادہ نسیان کو کم کرتا ہے۔ المصباح لکفعمی 199

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔ صبح کا آغاز (نہار منہ) اکیس دانے کشمش (مویز) سے کرو۔ اعصاب کو تقویت دیتی ہے۔ حافظہ کو تیز کرتی ہے موت کے سوا ہر بیماری کا علاج ہے۔ المحاسن، ج2، ص363

حافظہ کی تقویت کی دعا

ہر نماز کے بعد یہ دعا بھی پڑھیں جو پیغمبر اکرمؐ نے امیر المومنین امام علیؑ کو حافظہ کی تقویت کیلئے تعلیم فرمائی۔

(سُبْحَانَ مَنْ لاَ يَعْتَدِي عَلَى أَهْلِ مَمْلَكَتِهِ سُبْحَانَ مَنْ لاَ يَأْخُذُ أَهْلَ الْأَرْضِ بِأَلْوَانِ الْعَذَابِ سُبْحَانَ الرَّؤُوفِ الرَّحِيمِ اللَّهُمَّ اجْعَلْ لِي فِي قَلْبِي نُوراً وَ بَصَراً وَ فَهْماً وَ عِلْماً إِنَّكَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ)۔ مفاتیح الجنان

میڈیسن طب اہلبیتؑ

داروی عقل، داروی ابن مسعود، روغن بنفشہ پایہ کنجد، شربت امام علی رضا، تقویت حافظہ

داروی مفرح طب اسلامی، شافیہ ۱۹ ماھہ با حنظل، جامع بآب کدو

وسواس

وجوہات

دانتوں سے داڑھی کے بال نوچنا، مٹی کھانا، ناامیدی، گناہوں کی کثرت،

امام موسیٰ کاظمؑ فرماتے ہیں۔ چار کام وسواس پیدا کرتے ہیں۔

مٹی کھانا، مٹی کے ڈھیلوں سے کھیلنا، دانتوں سے ناخن کاٹنا، داڑھی چبانا۔ الخصال ص120

امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے ایک شخص نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا اور کہا اے رسول خدا مجھے بہت زیادہ وسوسہ ہوتا ہے اور میں مقروض اور اہل وعیال والا اور تنگ دست ہوں کیا کروں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ ان کلمات کی تکرار کر

"تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِي لَا يَمُوتُ وَ الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي لَمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَ لَا وَلَداً وَ لَمْ يَكُنْ لَهُ شَرِيكٌ فِي الْمُلْكِ وَ لَمْ يَكُنْ لَهُ وَلِيٌّ مِنَ الذُّلِّ وَ كَبِّرْهُ تَكْبِيراً" کلینی، محمد بن یعقوب، کافی، محقق، غفاری، علی اکبر، آخوندی، محمد، ج ۲، ص ۵۵۴، ۵۵۵، تھران، دار الکتب ال اسلامیۃ، چاپ چھارم، ۱۴۰۷ق، الکافی ج2 ص555

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں جب وسواس زیادہ ہوں تو "لا الا اللہ" پڑھو۔ کتاب الایمان

وسواس وخیالات در احادیث

مِن شَرِّ الوَسوَاسِ الخَنَّاسِ (سورۃ الناس 4)

ترجمہ: "پس پردہ رہ کر وسوسہ ڈالنے والے (ابلیس) کے شر سے"

وسوسے کے معنی یہ ہیں کہ غیر محسوس طریقے سے کسی کے دل میں بری بات ڈال دی جائے۔ مثلاً شیطان دلوں میں یہ خیال ڈال دیتا ہے کہ چھوٹے گناہ کا مرتکب ہونے میں کوئی مضائقہ نہیں یا یہ کہ فلاں بات سرے سے گناہ ہی نہیں۔ مثلاً لوگوں سے جب یہ کہا جاتا ہے کہ اسلام کے اصولوں پر سختی سے عمل کرنا چاہیے تو عام طور پر لوگ کہتے ہیں کہ اسلام اس قدر سختی نہیں کرتا۔ حالانکہ کسی بھی قانون پر عمل کرنا ضروری نہیں ہے تو وہ سرے سے قانون ہی نہیں رہتا۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس بات سے بچائے کہ ہم اس کی بارگاہ میں بیٹھ کر اسی کی نافرمانی کریں۔

فَوَسوَسَ اِلَيهِ الشَّيطٰنُ قَالَ يٰۤاٰدَمُ هَل اَدُلُّكَ عَلٰى شَجَرَةِ الخُلدِ وَ مُلكٍ لَّا يَبلٰى (سورۃ طٰہٰ ۱۲۰)

ترجمہ: "پھر شیطان نے ان کے دل میں وسوسہ ڈالا اور کہا: اے آدم! کیا میں تمہیں ہمیشگی کے درخت اور لازوال سلطنت کے بارے میں بتاؤں؟"

الَّذِی يُوَسوِسُ فِی صُدُورِ النَّاسِ (سورۃ الناس ۵)

ترجمہ: "جو لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالتا ہے"

احادیث

امام موسیٰ کاظمؑ فرماتے ہیں بدہضمی اور زیادہ کھانا وسواس پیدا کرتا ہے۔ محمد بن یعقوب کلینی، پیشین، ج1، ص11

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں انار کھاؤ۔ کیونکہ اگر انار کا ایک دانہ بھی تمہارے معدہ میں جاتا ہے بدن سے ایک بیماری کو زائل کرتا ہے۔ شیطانی وسواس کو ختم کرتا ہے۔ غذا کو ہضم کرتا ہے۔ بحار الانوار ج66 ص164

امام علیؑ فرماتے ہیں جو شخص روز جمعہ کو نہار منہ انار کھائے گا۔ خدا اس کے دل کو چالیس دن تک نورانی رکھتا ہے اگر دو

کھائے تو ایک سوبیس دن تک نورانی رکھتا ہے اگر تین کھائے تو ایک سواسی دن اس سے وسواس شیطانی کو دور رکھتا ہے۔
اصول کافی ج6 ص974

امام باقر علیہ السلام فرماتے ہیں۔ جب آپ جاگیں تو اس ذکر کو پڑھیں" اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعالَمِينَ وَاِلٰهِ الْمُرْسَلِينَ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي يُحْيِي الْمَوْتَىٰ وَيَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُور "شیاطین کی نجاست ووسواس سے دور رہیں گے۔علل الشرائع، ج ۲،ص ۳۶۵

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔ خضاب کے چودہ فوائد ہیں۔جس میں کم ترین فائدہ وسواس شیطانی سے نجات ہے۔
ہمان،ص ۵۴۴، روضۃ الواعظین ص475

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔مسواک کرنا شیطانی وسواس کو ختم کرتا ہے۔طوسی، محمد بن حسن، امالی، ص ۶۶۷ قم، دار الثقافۃ، چاپ اول، ۱۴۱۴ق

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔سدر سے سر دھونے سے خدا ستر دن وسواس کو دور رکھے گا۔من لایحضرہ الفقیہ، ج ا،ص ۱۲۵

غذائیں

کندر، انار، سیب، کھجور، اسپند، سدر سے سر دھونا، بالوں پر مہندی لگانا، قرآن پڑھنا، روغن زیتون سے مالش کرنا۔

اہلبیتؑ میڈیسن

داروی سودابر، جامع بآب انگور، تقویت اعصاب، داروی شافیہ

خیالات ووسواس Obsessive compulsive disorder(OCD)

اس بیماری میں انسان کو وسواس ہوتے ہیں۔ ہر چیز پر شک ہوتا ہے۔انسان کو برے خیالات آتے ہیں۔

اقسام

آبسیسو کمپلسو ڈس آرڈر (او سی ڈی) میں بنیادی طور سے دو طرح کی علامات ہوتی ہیں۔

ا۔ وہم کے خیالات۔(آبسیشنز)

۲۔ ایسے کام جن کو بار بار کرنے کے لیے مریض اپنے آپ کو مجبور پاتا ہے۔(کمپلشنز)

ا۔وہم کے خیالات۔(آبسیشنز)

مریضوں کے ذہن میں بار بار کچھ خیالات، وہم، شک اور وسوسے آتے ہیں جو گھنٹوں تک آتے رہتے ہیں۔مریض ہر جگہ شک کرنے لگتا ہے چاہے نماز ہو یا اصول دین ہوں یا فروع دین ہوں یا پھر دوسرے مسائل ہوں۔مریض کو پتہ ہوتا ہے کہ یہ فضول خیالات ہیں۔مریض ان کو بار بار اپنے ذہن میں آنے سے روکنے یا ان کو ذہن سے جھٹکنے کی کوشش کرتا ہے

لیکن یہ خیالات ذہن سے نہیں نکلتے۔ مریض کو پتہ ہوتا ہے کہ یہ اس کے اپنے ہی خیالات ہیں لیکن یہ اس کی مرضی کے خلاف ذہن میں آتے رہتے ہیں۔ بعض دفعہ لوگوں کو بار بار اس طرح کے خیالات آتے ہیں کہ وہ کسی کو مار دیں یا برا بھلا کہیں۔ حالانکہ لوگ ان خیالات کو صحیح نہیں سمجھتے اور ان پر عمل نہیں کرتے لیکن یہ خیالات بہت ہی تکلیف دہ ہوتے ہیں۔ بعض دفعہ مریضوں کو دن بھر اس طرح کے خیالات آتے رہتے ہیں کہ وہ جراثیم یا گرد سے آلودہ ہیں یا ان کو کوئی بڑی بیماری مثلاً کینسر یا ایڈز لگ جائے گی۔

(2) کمپلشنز (بار بار کوئی کام بلا وجہ دہرانا)

اس بیماری کے بہت سے مریض بعض کام بے شمار دفعہ دہراتے ہیں، مثلاً بعض لوگ ایک ایک گھنٹے تک ہاتھ دھوتے رہتے ہیں، یا پچاس پچاس دفعہ چیک کرتے ہیں کہ دروازہ کہیں کھلا تو نہیں رہ گیا۔ اکثر مریضوں کو پتہ ہوتا ہے وہ یہ کام کر چکے ہیں اور اسے دوبارہ کرنا فضول کام ہے اور بیکار ہے، مثلاً ہاتھ صاف ہیں یا دروازہ کھلا ہے لیکن ان کے دل میں اس کام کو پھر کرنے کا شدید تقاضہ پیدا ہوتا ہے اور اگر وہ اس کام کو پھر نہ کریں اور اس سے رکنے کی کوشش کریں تو شدید گھبراہٹ ہونے لگتی ہے۔ بعض دفعہ مریض اس طرح کے کام بار بار اس لیے کرتے ہیں کیوں کہ انھیں لگتا ہے کہ اگر وہ یہ کام نہیں کریں گے تو ان پر یا ان کے گھر والوں پہ کوئی بڑی مصیبت آجائے گی۔

وجوہات

گناہوں میں مبتلا، توکل خدا میں کمی و نا امیدی، مٹی کھانا، طویل خواہشات، بین طلوع عین سونا، سودائی مزاج کا غلبہ

علاج

داروی سودابر، شافیہ بآب گل سرخ، انار کھائیں، شیمپو گل خطمی سے سر دھوئیں، داروی شافیہ کو انڈے کی سفیدی و سرکہ کیساتھ کھائیں ایک مسور کی دال کے برابر، روزہ رکھیں، سر پر مہندی لگائیں، مسواک اراک استعمال کریں، لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ذکر کثرت سے کریں۔

روایات

نماز

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کوئی بھی مومن چالیس دن نہیں گزارے گا جب تک کہ وہ وسواس میں مبتلا نہ ہو اس کو دور کرنے کے لیے تو دو رکعت نماز پڑھو اور اس سے اللہ کی پناہ مانگو۔ مکارم الاخلاق ص ۳۲۸

وہم و وسواس Melancholia

اس مرض میں مریض کے خیالات فاسد و پریشان ہوجاتے ہیں۔ یہ جنون کی ہلکی قسم ہے۔ انسان حیران و پریشان رہتا ہے۔ ہر ایک چیز سے ڈرتا ہے۔ خیالات خراب ہوجاتے ہیں۔ وہ خودکشی کی طرف مائل ہوجاتا ہے۔ کھانا پینا چھوڑ دیتا

ہے۔مریض اس قدر وہمی ہو جاتا ہے خود کو مٹی یا پانی کا انسان سمجھتا ہے۔ ہر وقت کوئی نہ کوئی خیال وہم میں رہتا ہے۔

وجوہات

بہت صدمہ اور غم، زیادہ دیر جاگے رہنے سے، کثرت منشیات

علاج طب اہلبیتؑ

داروی سودابر، داروی شافیہ، وہی وسواس والی میڈیسن وغذائیں۔

Mental disorders or Psychiartic disorders or mental disease

نفسیاتی امراض، دماغی امراض

ایک نفسیاتی عارضہ ایک ذہنی بیماری ہے جس کی تشخیص ذہنی صحت کے پیشہ ور افراد کے ذریعہ ہوتی ہے جو آپ کی سوچ، مزاج، اور طرز عمل کو بہت پریشان کرتی ہے اور آپ کی معذوری، درد، موت، یا آزادی کے نقصان کے خطرے کو سنجیدگی سے بڑھاتی ہے۔

علامات

مزاج میں تبدیلی ہونا جیسے (اداسی، مایوسی، غصہ، چڑچڑاہٹ، بے زاری، عدم توجہی وغیرہ، منفی خیالات کا دماغ پر حاوی ہو جانا) ڈپریشن شدید ہونے کی صورت میں خودکش خیالات بھی آنے لگتے ہیں اور مریض اپنی زندگی کے خاتمے کے بارے میں سوچتا ہے موڈ میں تبدیلیاں لانے والے ایک اور مرض بائی پولرڈس آرڈر کے پھیلاؤ میں بھی اضافہ ہوتا ہے

علامات

ذہنی الجھن وتھکاوٹ، کھانے و پینے میں تبدیلی، سوچنے کی صلاحیت کم یا ختم ہو جانا، بہت زیادہ غصہ آنا، دشمنی، بہت زیادہ خوف و پریشانی، جنسی سرگرمیوں کا متاثر ہونا، کسی شخصیت کو پہچاننے میں دشواری، وسواس وخیالات، کام کرنے میں مشکلات ذہنی دباؤ۔

اقسام

Psychotic disorder

ایسی ذہنی بیماریاں عرفِ عام میں پاگل پن کہلاتی ہیں۔ان کی مثالیں شائزوفرینیاSchizophrenia اور BIPOLAR DISORDERبائی پولرڈس آرڈر ہیں۔ایسی بیماریوں کے شکار مریض غیبی آوازی(Hallucination) سننا شروع کر دیتے ہیں اور انہیں مختلف قسم کے توہمات (Deusions) گھیر لیتے ہیں جو انہیں بہت پریشان رکھتے ہیں۔

Neurotic Disorder

ایسی نفسیاتی بیماریوں کے مریض ڈیپریشن اور اینزائٹی (Anxiety) کا شکار ہو جاتے ہیں۔ ڈیپریشن کے مریض اداس رہتے ہیں اور بعض دفعہ خودکشی کے بارے میں سوچتے ہیں۔ اینزائٹی کے مریض دن بھر پریشان اور رات بھر بے خوابی کا شکار رہتے ہیں۔

Personality Disorders

ایسے ذہنی مریضوں کی شخصیت میں کجی پیدا ہو جاتی ہے اور وہ زندگی کے بارے میں غیر دانشمندانہ فیصلے کرتے ہیں۔ وہ ایسے تضادات کا شکار ہوتے ہیں کہ ان کی زندگی بہت مشکل ہو جاتی ہے۔ ایسے مریضوں میں سے بعض منشیات کا استعمال شروع کر دیتے ہیں جن سے وہ قانونی مسائل کا بھی شکار ہو جاتے ہیں۔

Relationship Problems

ایسے مریض صحتمند رشتے قائم نہیں کر سکتے اس لیے وہ ازدواجی' خاندانی اور سماجی مسائل کا شکار ہو جاتے ہیں۔ جدید سائنس نے ہمیں بایوسائیکوسوشل BIO-PSYCHO-SOCIAL موڈل کا تحفہ دیا ہے۔ یہ موڈل ہمیں بتاتا ہے کہ ذہنی امراض اور نفسیاتی مسائل کی وجوہات کو ہم تین حصوں میں بانٹ سکتے ہیں۔

Biological Factors(1

ذہنی بیماریوں میں حیاتیاتی اور موروثی اثرات بھی ہوتے ہیں۔ اگر ماں باپ ذہنی بیماری کا شکار ہوں تو ان کے بعض بچے بھی اس کا شکار ہو سکتے ہیں۔ شائزوفرینیا اور بائی پولر ڈس آرڈر جیسی ذہنی بیماریاں، بعض جسمانی بیماریوں کی طرح نسل سے دوسری نسل میں منتقل ہو سکتی ہیں۔

Psychological Factors(2

اگر بچوں کی اپنے خاندان اور سکول میں صحتمند طریقے سے تربیت نہ ہو تو ان کی عزتِ نفس مجروح ہوتی ہے' ان کی خود اعتمادی میں کمی آتی ہے اور وہ شخصیت میں کمزوری کی وجہ سے نفسیاتی مسائل کا شکار ہو جاتے ہیں۔

Factors Social(3

وہ لوگ جو غیر صحتمند معاشروں میں رہتے ہیں جہاں انہیں تعصب اور جہالت، نفرت اور تشدد کا سامنا کرنا پڑتا ہے وہ ایسے ماحول سے نفسیاتی طور پر متاثر ہوتے ہیں اور سماجی مسائل کا شکار ہو جاتے ہیں۔

چونکہ ذہنی مریضوں میں حیاتیاتی' نفسیاتی اور سماجی وجوہات مل کر نفسیاتی مسائل پیدا کرتے ہیں اس لیے ان کا علاج بھی ان ہی خطوط پر کیا جاتا ہے۔ مریضوں کے علاج میں ان ہی عوامل پر توجہ دی جاتی ہے۔

علاج

داروی سودابر/صفرابر، داروی شافیہ، داروی عقل، داروی تقویت اعصاب، بخور مریمؑ، جامع رضاؑ بآب بہی، روغن بنفشہ پای کنجد

جنون Mania

جنون کو طب نفسی میں ایک شدید مزاجی مرض کی حیثیت سے تسلیم کیا جاتا ہے اور اس مرض کی نمایاں علامات فرط (hyperecitability) فرط ہیجان (agitation) اشتعال (elation) میں انشرح روانی کے ساتھ گفتار و کلام میں تیزی جیسی کیفیات شامل ہوتی ہیں۔ خیالات و گفتار میں تیزی و بچپنی کو علم طب میں پروازِ افکار جیسی اصطلاح کے نام سے یاد کیا جاتا ہے اس سے اسم صفت، مجنون کی جاتی ہے۔

روایات

نبی ﷺ فرماتے ہیں نرگس کے پھول کی خوشبو سونگھو دن میں ایک بار اگر ایسا ممکن نہیں تو ہفتہ میں ایک بار یا مہینہ میں ایک بار یا پھر سال میں ایک بار یا زندگی میں ایک بار لازمی سونگھو اس سے پیسی، برص و جنون سے محفوظ رہو گے۔ بحار الأنوار، ج62، ص299۔

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں جمعہ کے دن ناخن و مونچھیں کاٹو اس سے جنون پیسی و جزام سے محفوظ رہو گے۔ مکارم الأخلاق، ج1، ص152

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں روز جمعہ کو گل خطمی سے سر دھونے سے دیوانگی و پیسی سے انسان محفوظ رہتا ہے۔ بحار الأنوار، ج76

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں لوگوں کو اگر سنا کے فوائد کا علم ہو جائے اسے سونے کے بھاؤ پر خریدیں۔ سنا جزام، پیسی جنون ولقوہ سے محفوظ رکھتی ہے۔ اس کو سرخ گلاب کیساتھ استعمال کرنا چاہیے۔ مکارم الأخلاق، ج 1، ص 409،

نبی ﷺ فرماتے ہیں کرفس سبزی دل کو پاک کرتی ہے۔ جزام دیوانگی و پیسی کو دور کرتی ہے۔ بحار الأنوار ج59، ص:284

امام موسیٰ کاظمؑ فرماتے ہیں سیب بہت سے فوائد کا حامل ہے۔ زہر کے مقابلے میں فائدہ مند ہے۔ جادو، پاگل پن، جنون اور امراض بلغم میں نفع دیتا ہے۔ بطور علاج اس سے زیادہ تیز اور جلد فائدہ دینے والی کوئی چیز نہیں ہے۔ بحار الأنوار، ج66، ص174

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں ایک جماع کرنے کے بعد غسل کرنے سے پہلے جماع نہ کرو۔اس سے جو حمل ٹھہرے گا وہ بچہ دیوانہ پیدا ہوگا۔بحارالانوار ج59 ص321

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں اے علیؑ اسلامی ماہ کی اول درمیان وآخر رات کو اپنی زوجہ سے ہم بستری نہ کرنا کیونکہ جو ایسا کرتا ہے گمان ہے اس کا بچہ جنون میں مبتلا ہوگا۔اصول کافی ج5 ص499

غم کسی کمی کے لیے ایک کثیر جہتی ردعمل ہے، خاص طور پر کسی شے کے کھونے یا کسی شخص کے مرنے، جس سے ایک پیار کا رشتہ استوار تھا۔اگرچہ روایتی طور پر یہ محرومی کے جذباتی ردعمل پر مرکوز ہے تاہم اس کی جسمانی، علمی، رویے، سماجی اور فلسفیانہ جہتیں بھی ہیں۔

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کھانے کا آغاز نمک سے کرو۔ستر بیماریاں کا علاج ہے جس میں کم ترین بیماری پیسی، جنون و جزام ہے۔بحارالانوار ج75 ص101

اضطراب ذہنی Anxiety

یہ ایک تکلیف دہ جذباتی کیفیت ہے، جس میں ذہنی اضطراب اور جسمانی بے چینی، ڈر اور خوف کے ساتھ ہوا کرتی ہے۔اکثر وبیشتر صورتوں میں تکلیف اٹھانے والے کو اس کی وجہ سمجھ نہیں آتی لیکن اس کے اثرات اس کے جسم پر مرتب ہو کر اس کو بہت خوف زدہ کر دیتے ہیں۔دل کی حرکت تیز ہو جاتی ہے، سانس تیز تیز چلنے لگتا ہے، حلق سوکھ جاتا ہے، وغیرہ۔ یہ کیفیت کسی نا کسی وجہ سے شروع ہوتی ہے تو چند منٹوں سے لے کر گھنٹوں تک جاری رہتی ہے۔جب کسی خوف انگیز حالات کا سامنا ہوتا ہے تو یہ کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔

اضطراب عقلی (Mental disorder)

اضطراب عقلی کو عام الفاظ میں نفسیاتی امراض، ذہنی امراض اور یا پھر پاگل پن وجنون بھی کہہ دیا جاتا ہے۔علم نفسیات وطب میں یہ ایک ایسی اصطلاح ہے جو کسی بھی ایسے اضطراب کے لیے اختیار کی جاتی ہے جس میں عقل اور ادراک اپنی فطری حالت سے ہٹ گئے ہوں اور انکا یہ ہٹاؤ کم از کم اس معاشرے اور ماحول کے اعتبار سے عیاں اور قابل شناخت ہو جس میں وہ متاثرہ شخصیت رہ رہی ہوں۔

تہمت ازالہٴ

حیثیت عرفی جرائم کی قسمیں ہیں۔اور یہ ہرسہ جرائم باہم ملتے جلتے ہیں۔ازالہ عرفی ایک جامع اصلاح ہے جو توہین اور تہمت پر حاوی ہے۔ان ہرسہ جرائم کا مفہوم ہے کسی کی رسوائی کرنا یا اس کی نیک نامی پر دھبا لگانا یا محض کسی پر الزام لگانا۔

اداسی یا ناامیدی

ایک ایسی پست موڈ اور فعالیت سے گریز کی کیفیت ہے جو ایک شخص کے خیالات، اس کے رویے، رجحات، جذبات

اورخوشحالی کے احساس پر اثر انداز ہوسکتی ہے۔ اداسی بھرا موڈ ایک عام عارضی ردِ عمل ہے جو کچھ ایسے زندگی کے واقعات کے دوران دیکھا جاتا ہے جیسے کہ کسی عزیز کا انتقال یا اہل خانہ میں کسی کی لمبے عرصے تک گھر سے دور رہنے کے وقت ہوسکتا ہے۔ یہ کبھی کبھی کسی جسمانی مرض کی علامت بھی ہوسکتی ہے اور کبھی کبھی طبی علاج ومعالجہ کے دوران کسی ڈرگ کا منفی اثر بھی ہوسکتی ہے۔ اداسی کا موڈ کچھ موڈ کی بدنظمیوں کی وجہ سے بھی ممکن ہے جن میں اہم اداسی کی بدنظمی یا ڈیستھا ئیمیا بھی ممکن ہے۔

جدید تحقیق سے یہ بھی پتہ چلا ہے کہ خوشی اور اداسی کی کیفیات کا تعلق غذا سے بھی ہوسکتا ہے۔ چنانچہ برطانیہ کے ماہر محققین صحت کہتے ہیں کہ جو لوگ زیادہ میٹھا کھانے کے عادی ہوتے ہیں وہ اوسط اور کم مقدار میں میٹھا کھانے والوں کے مقابلے میں زیادہ اداس رہتے ہیں۔

کینہ پروری برائی (To Hate)

علامات

عداوت، بدنیتی، بُرادل، بُری نیت، خُبث، بدباطنی، ستم ظریفی، شرارت، نقصان پہنچانے کی خواہش، انتقامی، عناد، دوسروں کو نقصان پہنچانے والے غلط کام کے مرتکب کی بدنیت، بدخواہی۔

غضب

طبیب پیغمبرِ اسلام نے اسکا علاج یوں ارشاد فرمایا ہے۔

"اگر کوئی شخص اپنے اندر آثارِ غضب دیکھے تو اگر وہ کھڑا ہے تو بیٹھ جائے۔ بیٹھا ہے تو لیٹ جائے۔ اگر پھر بھی اَثر رہے تو ٹھنڈے پانی سے وضو اور غُسل کرلے، کیونکہ پانی آگ کو بُجھا دیتا ہے"۔

ارشادِ امؑام ہے کہ

ہر شر اور بلا کی کُنجی (چابی) غضب ہے اور اگر کوئی بُردبار نہیں، پھر بھی بُردباری اور تحمل کی کوشش کی جائے۔ غضب مردِ دانا کے دل کو ہلاک کر دیتا ہے۔ بُردباری اِسکا بہترین علاج ہے

امام علیؑ فرماتے ہیں۔

خبردار عورتوں سے عشق ومحبت کرنے یا دنیا کی لذت سے بچو کیونکہ عورتوں سے عشق ومحبت غم ورنج کا باعث بنتا ہے اور دنیا کی لذتوں کا فریضہ زلیل وخوار کرتا ہے۔ غرر الحکم

امام علیؑ فرماتے ہیں

خبردار خواہشوں کی فرمانبرداری نہ کرنا اس کی ابتدا فتنہ اور انتہا رنج وغم ہے۔ خواہش عقل کی آفت ہے۔

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں۔ شلوار کھڑے ہوکر نہ پہنو۔ اس سے غم ورنج ہوتا ہے۔ بلکہ بیٹھ کر پہنو۔ تہذیب آلِ محمدؐ ص38

بے چینی و پریشانی

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔گلاب کا پانی چہرے پر ڈالنے سے عزت بڑھتی ہے اور پریشانیاں دور ہوجاتی ہیں۔طب عارفان ص135

غم والم کا باعث بننے والے اُمور

دروازے کی دہلیز پر بیٹھنا،کھڑے ہوکر شلوار پہننا،لباس کے دامن سے ہاتھ و منہ صاف کرنا،دنیا سے محبت،کم ظرفی یا غصہ میں آپے سے باہر ہوجانا زندگی کو غمگین ورنجیدہ بنادیتا ہے۔غررالحکم ج2 ص27

الزائمر Alzheimers Disease, Alzheimer Disease

الوئیس الزائمر نے 1966 (Pscychatrist) یہ ایک دماغی مرض ہے جو سب سے پہلے جرمن طبیب نفسی میں دریافت کیا اور اسی مناسبت سے اس مرض کا نام الزائمر مشہور ہوگیا۔

وجوہات

بلغم کی زیادتی،مکروہات،گائے کا گوشت کھانا،سودا کی زیادتی،ڈپریشن وصدمہ وغصہ،دھنیا کھانا،گناہ حسد،کھٹا سیب کھانا،قبر کی تختیاں پڑھنا،سر کے پچھلے حصہ کی حجامت۔

علامات

الزائمر کی ابتدائی علامات میں یادداشت کی کمزوری ورزمرہ سرگرمیوں کا بھول جانا ہے۔
کھانا کھانا کپڑے تبدیل کرنا سمیت بچوں وقریبی رشتہ داروں کے نام تک بھول جاتا ہے۔
بے خوابی کی شکایت صبح اٹھ کر سر میں درد کاموں کے انجام دینے میں مشکلات۔
اظہار کرنے میں مشکلات وقت وجگہ کا صحیح احساس نہ ہونا فیصلہ کرنے میں مشکل پیش آنا۔
سوچنے سمجھنے میں مشکلات چیزیں رکھ کر بھول جانا شخصیت میں تبدیلی کسی کام کو شروع کرنے میں ہچکچاہٹ۔

علاج طب اہلبیتؑ

داروی تقویت عقل،داروی ابن مسعود،روغن بنفشہ پایہ کہد،فلفل سیاہ با سنامکی با زعفران،قلفہ سبزی،حنا سر پر لگائیں،داروی تقویت حافظہ،قرات قرآن،حجامت عام،شہد۔

بھولنے کی بیماری Dementia

یہ ایک دماغی بیماری ہے جس میں دماغ کے خلیے تیزی سے غیر فعال ہونا شروع ہوجاتے ہیں۔اس میں انسان کی سوچ،انسان کی روزانہ کی سرگرمیاں متاثر ہوجاتی ہیں۔اس بیماری میں انسان کی یادداشت آہستہ آہستہ بہت کمزور ہوجاتی ہے۔یہ الزائمر سے ملتی جلتی ہے الزائمر بھی اس کی ایک قسم ہے۔

وجوہات

خون کی شریانوں کو معمولی اسٹروک یا دیگر شریانی بیماریاں سے نقصان پہنچتا ہے۔جس کی وجہ سے دماغی فعالیت مرحلہ وار کم ہونا شروع ہوجاتی ہے۔ڈپریشن،منشیات کا استعمال،تل کھانا،بلغم کا غلبہ،دھنیا وکھٹا سیب کھانا،پنیر کھانا،جھوٹ وگناہ۔

علامات

یاداشت میں کمزوری خاص کر حالیہ واقعات یاد نہ رہنا ذہنی حالت جس کا حقیقت سے تعلق نہیں ہوتا،انسان کے مزاج وشخصیت میں تبدیلی کسی بھی کام کو کرنے میں ہچکچاہٹ و پریشانی،پریشانی وغصہ بہت زیادہ گوشت کھانا وگائے کا گوشت،سوچنے وسمجھنے کی صلاحیت میں کمی ہوجانا۔

علاج طب اہلبیتؑ

(اگر بلغم ہے پہلے بلغم کو ختم کرنے کے لیے ادویات دیں داروی بلغم زدہ وشافیہ)،داروی عقل،داروی تقویت حافظہ، داروی ابن مسعود،داروی مفرح،روغن بنفشہ یا پیہ کنجد در ناک،کندر+لونگ+شہد کھانا،کدو وقلفہ کھائیں،اجوائن کنگھی کرنا،اسپند،کشمش،مسواک وروزہ،قرآت قرآن،قیلولہ کرنا۔

ایک شخص امام حسنؑ کے پاس آیا اور کہا انسان کیسے چیزوں کو بھول جاتا ہے اور کیسے یاد آتی ہیں۔آپ نے فرمایا انسان کا دل ایک ظرف اور اس پر پردہ پڑا ہوا ہے۔پس اگر کوئی انسان محمد وآل محمدؑ پر مکمل صلوات پڑتا ہے تو اس سے وہ پردہ ہٹ جاتا ہے تو انسان کا دل منور ہوجاتا ہے اور انسان بھولی ہوئی چیز کو یاد کر لیتا ہے یا بھولی ہوئی چیز انسان کو یاد آجاتی ہے۔اگر اس نے صلواۃ نہیں پڑھی یا ناقص صلواۃ پڑی تو وہ پردہ اس ظرف سے نہیں ہٹتا اور دل تاریک ہوجاتا ہے۔جوکہ اسی شے کا سبب انسان کو جو چیزیں یاد بھی ہوتی ہیں وہ بھول جاتا ہے۔الوسائل 38 باب صلواۃ۔

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔خدا جھوٹ بولنے والے کو نسیان میں مبتلا کر دیتا ہے۔وسایل الشیعہ ج 12 ص 243

نیند میں ڈرنا Nightmare disorder, dream anxiety disorder

اس مرض میں مریض کو ڈراؤنے خواب آتے ہیں۔ایسا معلوم ہوتا ہے اس کا دم گھٹا جا رہا ہے۔

وجوہات

بدہضمی،اعصاب کی کمزوری،سودائی مزاج کا غلبہ،میڈیسن کا زیادہ استعمال،ری آئی ایم پوری نہ ہونا۔

علاج

داروی سودابر،داروی بخور مریم،حرز بخور مریم۔

نیند نہ آنا Sleeplessness,Insomnia

تیز حرکتِ چشم نیند(movementRapid eye) پزیر ہوتی یہ رات بھر میں کئی مرتبہ وقوع اور تقریباً ہماری نیند کے دورانیے کا پانچواں حصہ ہوتی ہے۔ آر ای ایم نیند کے دوران ہمارا دماغ کافی مصروف ہوتا ہے اور ہمارے پٹھے بالکل ڈھیلے پڑ جاتے ہیں۔ ہماری آنکھیں تیزی سے دائیں بائیں حرکت کرتی ہیں اور ہم خواب بغیر تیز حرکت چشم نیند کے دماغ خاموش ہوجاتا ہے لیکن ہوسکتا ہے جسم میں کچھ حرکت ہو جسم میں دیکھتے ہیں۔

ہارمون یا غدودی مائعات شامل ہوتے ہیں اور ہمارا جسم دن بھر کی شکست وریخت کے بعد اپنی مرمت کرتا ہے۔
نان آر ای ایم نیند کے چار مراحل ہیں اس میں مریض کو نیند نہیں آتی یا پھر کم آتی ہے یا تھوڑے دیر بعد جاگ جاتا ہے۔

وجوہات

ڈپریشن، خوف، پریشانی، مزاج میں خلل، خون کی کمی، خون کی خرابی، کیلشیم کی کمی۔

علاج طب اہلبیتؑ

قرص خون (خون کی کمی)، داروی خونساز (خون کی کمی)، صاف کنندہ (خون خراب ہوتو)، داروی خواب آور، داروی سودابر (ڈپریشن ہوتو)، داروی فرح السماء (نشہ وڈپریشن)، مرکب ایک۔

دعا

حضرت فاطمہ زہراؑ نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نیند نہ آنے کی شکایت کی تو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو ایک دعا بتائی۔

"مُسَكِّنَ العُروقِ الضَّارِبَةِ وَيَا مُنَوِّمَ العُيونِ السَّاهِرَةِ سَكِّن عُروقَ الضَّارِبَةَ وَأَدِن لِعَينِي نَوماً عَاجِلاً"
اس کے علاوہ جن کو نیند نہیں آتی وہ سورہ اعراف کی آیت نمبر 56,55,54 پڑھ کر سوجائیں۔ نیند کی نیت سے انشاء اللہ نیند آجائے گی۔

غذائیں

چقندر کے پتے کاھو کے پتے پنیر اور اخروٹ ملا کر کھائیں، اسفنج کھیرا، چائے مولاعلیؑ

احادیث

امام علیؑ فرماتے ہیں ذیادہ کھانے سے پرہیز کرو اس سے نیند میں خلل آتا ہے۔ عیون الحکم والمواعظ ص96،
امام علی رضاؑ فرماتے ہیں چقندر کے پتے کھاؤ سکون سے نیند آتی ہے سودا کو خاموش کرتا ہے۔ مکارم الاخلاق، ج1،ص392

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کاھو کھاؤ نیند کو زیادہ اور غذا کو ہضم کرتے ہیں۔ بحارالانوار ج66 ص239
نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں: پنیر کھاؤ، غذا کو ہضم کرتا ہے اور نیند لاتا ہے (پنیر اکیلا نقصان دہ ہے ساتھ اخروٹ

کھائیں) مستدرک الوسائل، ج16، ص376،

امام علی نقیؑ فرماتے ہیں۔ شب بیداری (خدا کی عبادت میں) نیند کو لذیذ بنا دیتی ہے اور بھوک غذا کو لذیذ بنا دیتی ہے۔ اعیان الشیعہ ج۲ ص۳۹

جلدی امراض و چہرے کی خوبصورتی

امام علیؑ فرماتے ہیں۔ اللہ خوبصورت ہے اور خوبصورتی کو پسند کرتا ہے اور اپنے بندے میں نعمت کا اثر دیکھنا چاہتا ہے۔ اصول کافی ج8 ص8

نبی ﷺ فرماتے ہیں بُراترین بندہ وہ ہے جو گندہ رہے۔ اصول کافی ج8 ص10

چہرے کے نور کو ختم کرنے والی چیزیں

زنا

نبی ﷺ نے فرمایا زنا کے پانچ نقصانات ہیں۔ چہرے کا نور چلا جاتا ہے۔ انسان فقر میں مبتلا ہو جاتا ہے، خدا کے غضب میں گرفتار ہوجاتا ہے اور آخرت میں آگ میں جلے گا۔ اصول کافی ج3 ص573

زیادہ مزاق

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔ زیادہ مزاق نہ کریں اس سے چہرے کی نورانیت ختم ہو جاتی ہے۔ اصول کافی ج2 ص445

جھوٹ: نبی ﷺ فرماتے ہیں جھوٹ نہ بولو اس سے چہرے کا نور چلا جاتا ہے۔

زیادہ ہنسنا

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔ زیادہ نہ ہنسیں اس سے چہرے کی نورانیت ختم ہو جاتی ہے۔ اصول کافی ج2 ص446

چہرے کی نورانیت زیادہ کرنے والی چیزیں

تہجد

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔ تہجد کی نماز پڑھا کرو اس سے چہرے میں نورانیت آتی ہے۔

ذکر: چہرے کی نورانیت کے لیے ذکر (یا حی یا قیوم یا من لا الہ الا انت)

چہرے کو خراب کرنے والی چیزیں

کپڑے سے چہرہ صاف کرنا

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔ کپڑے سے چہرے کو صاف نہ کریں اس سے شادابی و تازگی ختم ہوجاتی ہے۔ اصول کافی ج5 ص118

پیراہن

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔منہ کو بالنگ (قمیض کے آگے کا حصّہ) سے منہ خشک نہ کریں۔اس سے چہرہ خراب ہوتا ہے۔مستدرک الوسائل ج 1 ص 233

شکم سیر (زیادہ کھانا)

حضرت عیسیٰ فرماتے ہیں۔شکم سیر ہوکر کھانے سے چہرے کی رنگت خراب ہوجاتی ہے۔الخصال ص 249

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔سورج رنگ کو خراب کرتا ہے، بیماری و درد کا باعث ہے (سورج کی طرف چہرہ کر کے نہ بیٹھیں پشت کر بیٹھیں)۔الخصال ص 449

امام علیؑ فرماتے ہیں۔جب بھی سورج کی روشنی میں بیٹھو تو سورج کی طرف پشت کر کے بیٹھو چہرہ کر کہ نہ بیٹھو۔ورنہ درد میں مبتلا ہوجاؤ گے۔مستدرک الوسائل ج 12 ص 575

لڑائی کرنا

لڑائی نہ کریں اور زیادہ مزاق نہ کریں اس سے انسان کی شخصیت کم ہوجاتی ہے۔اصول کافی ج 2 ص 445

انڈے کھانا

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں۔زیادہ انڈے کھانے سے چہرے پر داغ و دھبے (Frenckles) نکلتے ہیں۔

غرور کرنا

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔غرور خوبصورتی کے لیے آفت ہے۔بحار الأنوار: 77/59/3۔

چہرے کو خوبصورت کرنے والی چیزیں

ناک سے بال صاف کرنا

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔ناک سے بال صاف کرنا چہرے کو خوبصورت بناتا ہے۔الکافی ج 6 ص 488

مہندی لگانا

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں مہندی لگانا بدن کی بدبو کو ختم کرتا ہے، چہرے کو چمکدار و شفاف بناتا ہے۔الکافی ج 6 ص 484

شیمپو گل سرشور

امام موسیٰ کاظمؑ فرماتے ہیں سر کو گل سرشور (Fuller earth) سے دھلائی کریں اس سے چہرہ خوبصورت ہوتا ہے۔علل الشرائع، ج 1، ص 292

ناشپاتی

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں ناشپاتی کھاؤ چہرے کو خوبصورت کرتی ہے۔ بحار الانوار ج63 ص170

کاسنی کھانا

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔ کاسنی کھاؤ۔ چہرے کو خوبصورت کرتی ہے۔ بحار الانوار ج63 ص208

ہاتھوں کی تری

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کھانے کے بعد ہاتھ منہ پر مل لیں۔ چہرہ خوبصورت رہے گا دھاریاں Wrinkles نہیں پڑیں گی۔ طب امام جعفر صادق علیہ السلام

وضو کا پانی

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔ وضو کرنے کے بعد وضو کے پانی سے منہ صاف کرلیں اس سے داغ دھبے ختم ہو جائیں گے۔

تیل سے مساج

امام باقر علیہ السلام فرماتے ہیں تیل سے مساج کرنا (ابرو و کف سر) چہرہ کو خوبصورت بناتا ہے۔

نمک سے کھانے کا آغاز

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کھانے کا آغاز نمک سے کرو۔ اس سے چہرے پر تل نھیں نکلیں گے۔ المحاسن ج2 ص553

گلاب

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔ گلاب سے (مساج کرواور کھاؤ) چہرے کی چمک میں اضافہ کرتے ہیں۔ مکارم الاخلاق ج6 ص519

بہی (Quience)

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔ ناشتہ میں بہی کھائیں چہرے کو خوبصورت بناتی ہے۔ المحاسن ج2 ص549

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں چار چیزیں چہرے کو نورانی و خوبصورت کرتی ہیں۔ خوبصورت چہرہ دیکھنا، بہتا ہوا پانی دیکھنا، سبزہ دیکھنا اور سوتے وقت سرمہ لگانا۔ الخصال ص237

پیاز

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں پیاز کھانا منہ کو خوشبودار بناتا ہے، منی کو زیادہ کرتا ہے جلد کو نرم و چمکدار بناتا ہے۔ الکافی ج6 ص374

کدو

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کدو کھاؤ چہرے کی شادابی میں اضافہ کرتے ہیں۔

خربوزہ

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں خربوزہ کھاؤ۔ چہرے کو صاف کرتا ہے (ناشتہ میں استعمال نہ کریں) تخصصی طب اسلامی

ازکار و آیات خوبصورتی کے لیے

اگر چہرہ بے رونق ہو جائے یا چہرہ کا رنگ سیاہی مائل ہو جائے تو ہر نماز کے بعد ایک سو گیارہ مرتبہ درج ذیل اسمائے حُسنیٰ کو اول و آخر صلوات کیساتھ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے چہرے پر پھیریں تو انشاء اللہ بدصورتی ذائل ہو جائے گی۔ اَللّٰہُ الْمُصَوِّرُ الْمَالِکُ

چھائیوں کے لیے

انجیر کو دودھ اور جو کے آٹے میں ملا کر لیپ لگائیں۔ چھائیاں ختم ہو جائیں گی۔ مجمع الدعوات

چہرے پر چھائیاں کی جگہ انگلیاں پھیرتے ہوئے یہ آیات تین مرتبہ پڑھے تو چند دنوں میں چہرہ نکھر کر صاف و شفاف ہو جائے گا۔ مکارم الاخلاق

رنگ گورا

اگر کوئی یہ آیت وَ اَمَّا الَّذِینَ ابیَضَّت وُجُوهُهُم فَفِی رَحمَةِ اللّٰهِ هُم فِیهَا خٰلِدُونَ ۱۰۷

"اور جن کے چہرے روشن ہوں گے وہ اللہ کی رحمت میں ہوں گے، جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے (آل عمران 107)"

کو اول و آخر صلوات کے ساتھ گیارہ بار پانی پر پڑھ کر وضو یا غسل کرے تو اس کا رنگ انشاء اللہ گوار ہو جائے گا۔ نوائے صالحین ص336

چہرے کی زردی

خون کھانا

جو شخص خون کھائے گا۔ اس کا چہرہ زرد و سیاہی رنگ کا ہو جائے گا، بداخلاق اور سخت دل والا ہوگا (جب بھی گوشت پکائیں اچھی طرف صاف کر لیں تاکہ خون نہ رہ جائے)۔ مستدرک الوسائل ج14 ص359

سورج نکلتے وڈوبتے وقت سونا

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔ صبح کے وقت سونا روزی کو کم کرتا ہے۔ رنگ کو زرد کرتا ہے اور سخت نحوست کا سبب ہے۔ (بین الطلوعین سورج نکلتے وقت اور ڈوبتے وقت سونا بیماری کا موجب ہے اور نحوست کا سبب ہے)۔ مستدرک الوسائل ج4 ص853

مٹی کھانا

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔ مٹی نہ کھائیں اس کے تین نقصان ہیں۔ چہرے کا رنگ زرد کرتی ہے، بیماری کو لاتی ہے اور پیٹ کو بڑا کرتی ہے۔

اُشنان کھانا

امام باقر علیہ السلام فرماتے ہیں اشنان سے ہاتھ نہیں دھونا چاہئیں۔ اس سے چہرے کا رنگ زرد ہوتا ہے، گھٹنے ضعیف ہوتے ہیں دھان بدبودار ہوتی ہے(اس کو کھانے سے بھی منع کیا گیا ہے)۔ بحارالانوار ج59 ص234

چہرے کی زردی ختم کرنے والی چیزیں

کاسنی+کھیرا+ساقہ

کاسنی+گڑان کو ابال کر استعمال کریں (Peduncle) امام حسن عسکریؑ فرماتے ہیں۔ کھیرا (دیسی) کا چھلکا+ ساقہ

تخصصی طب اسلامی

گوشت کو پکا کر کھائیں

حضرت عیسیٰؑ فرماتے ہیں۔ گوشت کو پکانے سے قبل (اچھی طرح صاف) دھلائی نہ کر کے کھانے سے چہرہ زرد ہو جاتا ہے اور چھی طرح دھلائی کر کے کھانے سے چہرے کی زردی ختم ہو جاتی ہے۔

تخصصی طب اسلامی

کباب+ترہ

امام موسیٰ کاظمؑ فرماتے ہیں چہرے کی زرد رنگت خون کی کمی کیوجہ سے بھی ہوتی ہے۔ خون کی کمی کو دور کرنے کے لیے کباب اور ترہ زیادہ کھائیں

سیاہی صورت

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں پیاز زیادہ کھاؤ۔ چہرے کی سیاہی کو ختم کرتا ہے

چہرے پر سوجن

حضرت عیسیٰؑ فرماتے ہیں۔ رات کو سوتے وقت منہ بند رکھنے سے چہرے میں سوجن آ جاتی ہے (کیونکہ آکسیجن نہیں پہنچتی)

گڑ اور کاسنی

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔ چہرے کی سوجن کے لیے گڑ اور کاسنی کو ابال کر استعمال کریں۔

چہرے کی بدصورتی وداغ دھبے، جھریاں

وجوہات

زیادہ انڈے کھانا، کپڑے سے چہرہ صاف کرنا، قمیض کے دامن سے منہ صاف کرنا، شکم سیری (زیادہ کھانا)، ناک میں بال بڑھانا، سورج کی طرف چہرہ کرکے، بیٹھنا، غرور کرنا، سودائی مزاج کا غلبہ، خون کی خرابی۔

علاج

گلاب کھانا، کھانے کا آغاز نمک سے کرنا، ناشتہ میں بہی کھانا، گلاب سے مساج کرنا، ناک سے بال صاف کرنا، مہندی لگانا، کدو کھانا، کھانے کے بعد ہاتھوں کی تری منہ پر لگانا، کاسنی کھانا، برگ چقندر، تخم کاھو، سر کو گل سرشور سے دھلائی کرنا، ناشپاتی کھانا، پیاز زیادہ کھانا، سرکہ+مورد، وضو کرنے کے بعد اسی وضو والے پانی سے ہاتھ منہ پر پھیرنا، انار کا جوس پینا خربوزہ کھانا (ناشتہ میں نہ کھائیں)

میڈیسن طب اہل بیتؑ

صاف کنندہ خون، داروی صفرابر، مرکب دو، کریم گیاہی۔

منہ وجلد پر خشکی

علاج

داروی سودابر، غسل سے پہلے تیل سے مساج روغن بنفشہ یای زیتون رات کو ناف میں لگائیں روغن بنفشہ یا یہ کنجد زیتون رات کو ناف میں لگائیں۔

منہ میں سوجن وجوہات

رات سوتے وقت منہ بند رکھنا۔

علاج

کاسنی، گڑ اور کاسنی کو ابال کر استعمال کریں۔

چہرے کی زرد رنگت

وجوہات

خون کی کمی، خون کھانا (گوشت وغیرہ اچھی طرح صاف نہ کرکے کھانا)، مٹی کھانا، سورج نکلتے وڈوبتے وقت سونا، اُشنان کھانا یا اس سے ہاتھ دھونا

علاج

خونی کی کمی ہے تو کباب+ترہ۔

گوشت اچھی طرح صاف کر کے کھانا، کھیرا کا چھلکا+ کاسنی+ ساقہ+ گڑان کو ابال کر پی لیں

طب اہل بیتؑ میڈیسن

مرکب ایک مرکب چھار، قرص خون،: سویق جو، سویق گندم، مرکب دو، داروی صاف کنندہ خون، سید الادویہ، روغن زیتون۔

چہرے کی بے رونقی (چہرے میں نورانیت نہ ہونا)

وجوہات

زیادہ ہنسنا، جھوٹ بولنا، زنا کرنا، لڑائی کرنا، زیادہ مذاق کرنا۔

علاج

استغفار، نماز تہجد، مستحبات پر عمل کریں، تلاوت قرآن، ترک مکروہات، ذکر خدا۔

آنکھوں کے نیچے سیاہ حلقے وسوجن

وجوہات

گردوں کی خرابی

علاج

مرکب چھار، اخروٹ+ اجوائن

آنکھوں کے گرد سیاہی و چہرے کے داغ

سرکہ انگور میں شہد ڈال کر رات کو لگا دیں چہرہ پر صبح اتار دیں۔ (سرکہ و شہد خالص ہو)

جلد کی بیماریاں

وجوہات

جگر کی گرمی، خون کی خرابی، سودا یا صفرا کی زیادتی، خون کا غلبہ۔

علاج

داروی حنا، سید الادویہ، مونگ کی دال کا سوپ، سویق عدس، نورہ طبیعی، داروی ابن بسطام، داروی صاف کنندہ خون، داروی صفرابر۔

ممنوعات

گرم غذائیں، پلاسٹک کے برتن، چکنائی والی غذائیں و مصالا جات۔

داغ، دھبے، چھائیاں، چہرے کی رنگت وخوبصورتی کے لیے

علاج

داروی صاف کنندہ خون، کریم گندم، کریم گلاب، کریم رائیل جیلی، عرق گلاب+کنجد+سرکہ۔

ایگزیما Eczema

اس جلدی بیماری میں جلد پر خارش، سوزش اور جلد پر سرخ دانے نمودار ہوجاتے ہیں۔

علامات

جلدی سوزش، خون کا رسنا، جلد کا پھٹنا، جسم پر سرخ داغ نمودار ہونا، خشکی، خارش۔

وجوہات (طب اہلبیتؑ)

اس کی دو اقسام ہیں۔

جب صفرا کی زیادتی کی وجہ سے ہوتا ہے تو عموماً گرمیوں میں ہوتا ہے۔

جب سودا کی زیادتی کی وجہ سے ہوتا ہے تو سردیوں میں زیادہ ہوتا ہے۔ پلاسٹک کے برتن میں کھانا، لیدر کے کپڑے یا جیکٹ، جگر کی خرابی، خون کی خرابی۔

علاج (طب اہلبیتؑ)

مرکب 1 (ابن بسطام)، حنا+نورہ طبیعی، پاوں کی حجامت تین بار، مرکب دس، داروی صاف کنندہ خون، روغن بادام با آب کشک، کھویا۔

تیل جو جلد پر لگانے ہیں

(Galangal) سرکہ سیب، روغن بان، روغن کوشنہ و روغن کندران کو جلد پر لگائیں۔

نکات لازم

سبزی کاسنی کھائیں، قبل از شام 7 عدد آلو بخارا خشک کھائیں، نہار منہ بہی کھائیں، نارنجی کا جوس پئیں، کاہو کھائیں، دو لیموں چھلکے سمیت لے لیں۔ ان کو چھلکے سمیت پانی میں ابال لیں۔ اس پانی سے غسل کریں۔ تین سے چھ دن۔

مفید غذائیں

انار، کاسنی، برگ چقندر، کاہو، شہترہ، عناب، عناب کے پتوں کا جوشاندہ بنا کر پینا بھی اس بیماری کے لیے مفید ہے، نارنجی، بہی۔ طب المفید ص35

احتیاط

انڈے، زیادہ چکنائی والی غذائیں، پکوڑے سموسے وغیرہ، مٹی، دھول، پولن، عام شیمپو+صابن، لیدر، پرانا خراب پانی، پلاسٹک۔

لیموں لے لیں کھال سمیت کاٹ کر پانی میں ابال لیں اس پانی سے غسل کریں۔

جل جانا

اگر سورج کی دھوپ یا گرم پانی سے جل جائیں تو سرکہ کا محلول+گلاب+دال عدس (مسور کی دال) سرخ مسور کے دانوں کو پیس لیں۔ سرکہ اور گلاب کا پانی ملا لیں اور جلنے والی جگہ پر لگائیں۔ اگر پھپھوندی ہو جائے تو جامعہ امام علی رضا علیہ السلام بہترین دوا ہے۔ اگر داغ بیس، تیس سال پرانے ہیں تو سرخ گلاب اور طبیعی سرکہ اس میں شامل کریں اور جدھر نشان ہے ادھر لگائیں۔

تل Moles

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔ جو کھانے کی ابتدا نمک سے کرے۔ اس کو جسم پر تل نہیں نکلیں گے۔

علت

اگر تلوں کا رنگ سیاہ یا قہوے کی طرح ہے تو اس کا مطلب ہے۔ سودائی مزاج کا غلبہ ہے۔

علاج (طب اہل بیتؑ)

داروی سودابر (افتیمون)، نورہ طبیعی، مرکب ایک، صاف کنندہ خون، روغن بنفشہ یا پایہ زیتون+نورہ+حنا تل کے اوپر پیسٹ بنا کر لگائیں، جامع+شہد+کلونجی۔

اگر تل سیاہی یا قہوے مائل نہیں تو خون کی خرابی ہے

علاج (طب اہل بیتؑ)

داروی صاف کنندہ خون، داروی حنا، داروی سید الادویہ، جامع +شہد+کلونجی

دیگر علاج (طب سنتی ویونانی)

لہسن+سرکہ سیب+نمک اس کا پیسٹ بنا کر رات کو لگا دیں اوپر کپڑے کا ٹیپ لگا دیں۔

ایلو ویرا+کوکونٹ آئل (ناریل کا تیل) اس کا پیسٹ بھی لگا سکتے ہیں۔اس سے بھی تل ختم ہو جاتے ہیں۔دو سے تین ہفتہ میں روزانہ لگانے سے کیلے کے چھلکے ملنے سے بھی تل نرم پڑ جاتے ہیں۔

بیکنگ سوڈا+کیسٹر آئل بیس دن ان کا پیسٹ لگائیں۔

خوراک

سیب کا سرکہ+شہد، کیویز، بینگن، کریلے، آب لیموں، روغن (بادام، تل، زیتون)

چنبل Psoriasis

وجوہات

جگر کی خرابی، ڈپریشن، جگر کی گرمی، سودائی مزاج کی زیادتی

علاج

مرکب ایک، صاف کنندہ خون، حنا، سید الادویہ، نورہ طبیعی، شہتوت کھائیں، گائے کا تازہ دودھ اور شہد گوند صبح ناشتہ میں کھائیں، شکنجی پئیں، رات کو روغن قندق کھائیں، سیب کا جوس اور شہد ملا کر پئیں، ایک کپ پانی میں دو چمچ شہد اور ایک لیمو صبح ناشتہ میں پی لیں، صعتر فارسی ان کو ملا کر ہر آٹھ گھنٹے بعد مالش کریں+eucalyptus+chamomile

پرہیز

کیچ اپ، فاسٹ فوڈ، آم، کیلے، آڑو، بینگن ٹماٹر پلاسٹک کے برتن، کیوی، مرغی کے انڈے، روغن جامد۔

برص، پھلبہری Vitiligo

وجوہات

نبی ﷺ فرماتے ہیں جو شخص سورج کے نیچے گرم کیے ہوئے پانی سے غسل کرے گا، وضو کرے گا یا پیئے گا۔وہ برص میں مبتلا ہو سکتا ہے۔الکافی ج3 ص15

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔رات کو سبزی شاہی کھانا برص و پھلبہری میں مبتلا ہو سکتا ہے۔مستدرک الوسائل ج16 ص422

پیٹ بھرے ہوئے دوبار کھانا، صبح ناشتہ میں خربوزہ کھانا، حیض میں جماع کرنا، سورج کے دھوپ سے گرم کیا ہوا پانی پینا، غسل یا وضو، مچھلی و دودھ اکھٹا کھانا، سرکہ+دودھ اکھٹا کھانا، قوت مدافعت میں کمی، شدید ڈپریشن، جگر کی خرابی، بلغم

علاج

چقندر گائے کے گوشت میں پکا کر تین دن میں ایک بار، کرفس، آب نسیان، بینگن، برگ سنا، حجامت سر، خاک شفا، سرکہ انگبین، جمعہ کے دن ناخن کاٹنا، جمعہ کے دن شیمپو گل خطمی سے سر دھونا، آب شاہترہ دو ہفتہ دیں، سوپ ماش دو ہفتہ، تین دن میں ایک دفعہ برگ چقندر با گوشت دنبہ۔

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں جو کھانے کی ابتدا نمک سے کرے گا وہ ستر بیماریاں سے محفوظ رہے گا جس میں کم ترین بیماریاں پیسی، برص وجنون ہے۔عیون اخبار الرضاؑ 1 ص 46

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔جو شخص گل خطمی سے جمعہ کے دن سر دھوئے گا وہ برص، پیسی، برص وجنون ہے جنون اور جذام سے محفوظ رہے گا۔الکافی ج 3 ص 418

امام موسیٰ کاظمؑ فرماتے ہیں۔سویق خشک اور گائے کا گوشت ملا کر کھانے سے پیسی و برص ختم ہو جاتی ہے۔مکارم الاخلاق ص 484

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔چقندر کے پتے گائے کے گوشت میں پکا کر کھانے سے سفید داغ (برص) ختم ہو جاتے ہیں۔الکافی شیخ ج 12 ص 592

قوم بنی اسرائیل سفید داغ والی بیماری میں مبتلا ہو گئے۔خدا نے حضرت موسیٰؑ پر وحی نازل کی گائے کا گوشت اور چقندر اکھٹے پکا کر کھاؤ۔اس سے ان کی بیماری ختم ہوگئی۔الکافی ج 6 ص 310

گائے کا گوشت اور چقندر ملا کر پکائیں ان کے ساتھ میتھی وترہ کا بھی اضافہ کرلیں ایک ہفتہ میں دوبار استعمال کریں۔

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔اگر کوئی نماز فجر کے بعد تین بار سبحان اللہ وبحمدہ، سبحان اللہ العظیم وبحمدہ ولاحول ولاقوۃ الا باللہ، اس ذکر کو پڑھے گا تو وہ جذام، کوڑھ، پیسی، فلج سے محفوظ رہے گا۔الخصال ص 220

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں ریحان انبیاءؑ کی سبزی ہے۔اس میں آٹھ خصوصیات ہیں جس میں سے ایک یہ جذام سے محفوظ رکھتی ہے۔الکافی ج 6 ص 364

طب اہل بیتؑ ادویات

ابن بسطام، حنا، سید الادویہ، صاف کنندہ خون شافیہ، نورہ طبیعی، جامع امام رضاؑ یا روغن بادام تلخ یا روغن صنوبر، گل خطمی سے سر دھلائی کرنا۔

دعا

ہر نماز کے بعد تسبیح فاطمہ زہراؑ پڑھنا برص سے محفوظ رکھتا ہے۔
(ہر روز دس بار اللہ الرحمن الرحیم لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم)
امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔ دو رکعت نماز پڑھو اس کے بعد یہ دعا پڑھو۔

يَا اللهُ يَا رَحْمَانُ يَا رَحِيمُ يَا سَمِيعُ وَيَا سَامِعَ الدَّعَوَاتِ يَا مُعْطِيَ الْخَيْرَاتِ أَعْطِنِي خَيْرَ الدُّنْيَا وَ خَيْرَ الْآخِرَةِ وَ قِنِي شَرَّ الدُّنْيَا وَ شَرَّ الْآخِرَةِ وَ أَذْهِبْ عَنِّي مَا أَجِدُ فَقَدْ غَاظَنِي الْأَمْرُ وَ أَحْزَنَنِ ۔طب الآئمہؑ ص102
یونس بن عمار امام صادق علیہ السلام کے پاس گئے اور برص کی بیماری کے بارے میں شکایت کی امام علیہ السلام نے فرمایا نماز صبح کے قریب وضو کرو اور نماز شب پڑھو اور دوسری رکعت کے آخری سجدے میں یہ ذکر پڑھو (یا عَلِیُّ یا عظیمُ، یا رحمنُ یا رحیمُ، یا سامِعَ الدَّعوات، یا مُعْطِیَ الخَیْراتِ، صَلِّ علی مُحَمَّدٍ و آلِ مُحَمَّدٍ و أعْطِنی مِنْ خَیْرِ الدُّنیا و الاخِرَةِ ما أنْتَ اَهْلُهُ و اصْرِفْ عَنّی مِنْ شَرِّ الدُّنیا و الاخِرَةِ ما أنْتَ اَهْلُهُ أذْهِبْ عَنّی هذا الْوَجَعَ) اس کے بعد بیماری کا نام لو فَإنَّهُ قَدْ غاظَنی وَ اَحْزَنَنی) اس کے بعد آہ و بکا اور دعا کرو۔
راوی کہتا ہے میں نے جیسا امام نے فرمایا ویسا ہی کیا اور میں ابھی کوفے میں نہیں پہنچا تھا کہ میری بیماری دور ہو گئی۔ حلیۃ المتقین، ص124

نماز، روزہ، زیارت عاشورا، رجب کے چار روزے رکھنا، زیارت خانہ کعبہ کرنا، حجامت 17، 19، 21 اسلامی ماہ کی کروانا، مومن کی حاجت پوری کرنا۔

ممنوعات

سورج کی گرمی میں کیا ہوا گرم پانی سے غسل، وضو، جنابت کے دوران عورت کے پاس جانا، رات کو شاہی کھانا، کشمش اور دودھ اکٹھا پینا، سرکہ اور مسور اکٹھا کھانا، بدھ کے دن حجامت، حنا (مہندی) جمعہ اور بدھ کے دن لگانا، صبح ناشتہ میں خربوزہ کھانا، دہی، حلیم، مچھلی + دودھ۔

چہرے پر فالتو بال Hirsutism

چہرے پر یا جسم کے کسی بھی حصہ پر فالتو بال ہو جاتے ہیں۔

وجوہات

اینڈروجن ہارمون کی زیادتی، بچہ دانی کی رسولی (PCOS)، سودائی مزاج کی زیادتی۔

علاج

داروی سودابر، عرق سونف، روغن مورچہ، نورہ + سرکہ انگور، داروی گل سرخ (سنا + گلاب) دو ماہ استعمال کریں،

(اس سے موشن بھی لگتے ہیں، گھبرانے کی ضرورت نہیں سارا پیٹ صاف ہو جاتا ہے)، بالوں کی تھریڈنگ کر کے باقلا کی چھال سے مساج کریں، دن میں چار سے پانچ بار ہلدی و آب لیموں کو ملا مساج کریں (طب سنتی)، کدو کے بیج استعمال کریں۔

پرہیز

مرغی کا گوشت، ترش اشیاء، گائے کا گوشت، فاسٹ فوڈ، ہوٹلوں کے کھانے، مٹھائی وغیرہ

جسم سے بدبو آنا Bromhidrosis

وجوہات

پسینہ پیدا کرنے والے گلینڈ میں خرابی، جسم کو گندہ رکھنا، اس بیماری سے جب بھی پسینہ آتا ہے یا ویسے بھی جسم سے بدبو آتی ہے، خاص کر پاؤں، بغل اور پیٹ سے نیچے والے حصے سے۔

علاج

داروی صعتر، سرخ گلاب کھائیں، لائچی چبا چبا کر کھائیں غسل، داروی بوی بدن (ورد) غسل کرنے سے قبل، سرکہ سیب سے مساج کریں، جب خشک ہو جائے، تو حنا لگا دیں۔

کھجلی، خارش Scabies

اس کا سبب زیادہ تر ایک چھوٹا کیڑا ہے۔ جسے (Sarcoptes scabiei) کہتے ہیں جو نما کیڑے کے جلد میں جانے اور اسکے انڈے دینے کے باعث ہوتی ہے اور اگر وہ جلد میں جا کر انڈے دے دیتا ہے تو جلد پر دانے نمودار ہونے لگتے ہیں۔ جن میں شدید خارش ہوتی ہے۔ یہ خارش اگر گھر میں کسی بھی فرد کو ہو جائے تو اس فرد سے گھر کے باقی افراد تک آسانی سے پھیل جاتی ہے

وجوہات

چھوٹے سے کیڑے کے جسم میں داخل ہونے سے ہوتا ہے۔ یہ کیڑا حیوانات یا براہ راست انسانوں سے منتقل ہو سکتا ہے، طب اسلامی میں بخار کبد یعنی جگر کی گرمی بتایا گیا ہے، غلبہ خون۔

علامات

بالوں کا رنگ بھورا ہو جاتا ہے وہاں سے اکثر بال گر جاتے ہیں، تمام جسم پر خارش ہوتی ہے خارش کبھی تر اور کبھی خشک ہوتی ہے۔ زیادہ تر انگلیوں کے درمیان، کلائی، رانوں کے اندر، خارش سے مریض بے چین ہوتا ہے اکثر رات کے وقت زیادہ ہوتی ہے۔ کھجلانے سے جلد پر آبلے یا پھنسیاں بن جاتی ہیں۔

علاج

مرکب ایک، داروی صاف کنندہ خون، داروی حنا، روغن بادام+آب کشک، پاؤں کی حجامت تین بار، مرکب دس، دائیں پاؤں سے فصد(خون نکالنا)، شاہترہ، عناب، آلو بخارا، کاہو، انار، برگ چقندر، کاسنی کھائیں، مونگ کی دال کو ابال کر سوپ پی لیں، سویق عدس۔

پرہیز

مچھلی، سرکہ، انڈے وترش غذائیں، پلاسٹک کے برتن میں کھانے سے پرہیز کریں۔

روایات

ایک شخص نے امام موسیٰ کاظمؑ کے پاس آیا اور آپ سے خارش کی شکایت کی آپؑ نے فرمایا جگر کے بخار(جگر کی گرمی) کی وجہ سے ہوتی ہے۔آپؑ نے فرمایا۔دائیں پاؤں پر فصد کریں۔ساڑھے چھ گرام روغن بادام شیریں لے لیں اس میں آب کشک(دہی، کھویا، احتمال ہے بعض آب جو کہتے ہیں) ملالیں اس کو استعمال کرو مچھلی و سرکہ سے پرہیز کریں۔ مکارم الاخلاق ص77

ایک شخص امام جعفر صادق علیہ السلام کے پاس آیا اور خارش کی شکایت کی آپؑ نے فرمایا۔ایک پاؤں اور ایڑی کی یا دونوں پاؤں کی حجامت کراؤ۔مکارم الاخلاق ص77

ایک شخص نے امام علی رضاؑ سے جسم کے دھبوں کی شکایت کی آپ نے فرمایا۔مونگ کی دال کا سوپ پی لو(تمام جلدی امراض کے لیے بہتر ہے) مکارم الأخلاق، ج1،ص406

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں

جو چھینک آنے کے بعد ایک دفعہ سورہ الحمد ہاتھوں پر دم کر کے چہرے پر پھیر لے گا۔وہ جزام، بھک، برص، آنکھوں میں درد اور جسم میں خارش،میگرن، موتیا اور چہرے پر سیاہ داغوں سے محفوظ رہے گا۔مستدرک الوسائل(نوری) ج8 ص388

ایک شخص امام جعفر صادق علیہ السلام کے پاس آیا اور خارش کی شکایت کی۔آپؑ نے فرمایا۔فصد نکالو(رگ سے خون نکالنا) مکارم الاخلاق ص77

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں جو شخص بھی آب آسمان پیتا ہے۔وہ بواسیر،شقاق و خارش و چیچک سے محفوظ رہتا ہے۔زاد المعاد ص329

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں غلبہ خون کی چار علامات ہیں(جسم میں خارش،غنودگی، دانے نکلنا اور سر میں چکرانا) الخصال ج1 ص250

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں حجامت کے بعد نمکین گوشت و مچھلی کھانے سے جسم پر خارش ہو جاتی ہے۔طبّ الإمام

الرضا صَلَوَاتُ اللّٰہِ عَلَیہ ،ص64

امام باقر علیہ السلام فرماتے ہیں مٹی کھانے سے جسم میں خارش پیدا ہوتی ہے، بواسیر ہوتی ہے، بُرائی اس کے اندر بھڑک اٹھتی ہے۔ عبادت اس کی کم ہوجاتی ہے۔ انسان کمزور ہوجاتا ہے۔ المحاسن، ج2، ص388،

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں جو شخص خارش سے بچنا چاہتا ہے وہ حمام میں جا کر بدن پر روغن بنفشہ ملا کرے۔

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں نمک لگا کر سکھایا ہوا گوشت اور ایسے ہی مچھلی کھانے سے خارش پیدا ہوتی ہے۔ طب الرضاؑ

پھنسی، پھوڑا Boil Abscess

اکثر موسم برسات یا موسم گرما کے آخر میں پھوڑے یا پھنسیاں نکل آتی ہیں

وجوہات

خون کی خرابی

علامات

پھنسی کی صورت میں جلد پر سوجن ہوتی ہے پھنسی والی جگہ سرخ اور گرم ہوتی ہے۔ ورم میں درد بھی ہوتا ہے۔ پیپ پڑ کر نرم ہوجاتی ہے۔ پھوڑے کی نشانی یہ ہے اس کو ایک طرف ہاتھ جما کر رکھیں اور دوسری طرف ایک یا دو انگلیاں سے ٹکرائیں تو ایک لہر محسوس ہوتی ہے۔ یہ لہر رسولیاں و ورموں میں نہیں ہوتی ہے۔

علاج

داروی صاف کنندہ خون، سودابر/صفرابر، شاہترہ، کاسنی، کاہو، چقندر کے پتے، عناب کھائیں۔

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں جب تمہارے جسم پر پھنسیاں آجائیں تو اس پر شہادت کی انگلی رکھ کر یہ دعا سات بار پڑھو لَا إِلٰہَ إِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیمُ الْکَرِیمُ پڑھنے کے دوران پھنسی کے اطراف پر ہاتھ گھماتے رہو اور زور سے سات مرتبہ دباؤ۔ طب الائمہؑ ص60

خشک جلد Dry skin

انسان کے جسم و ہاتھ پاؤں میں خشکی ہوجاتی ہے۔

وجوہات

صفرا کا غلبہ یا سودا کا غلبہ

علاج

اگر مزاج گرم ہے تو صفرا کا غلبہ ہے پھر داروی صفرابر، تخم قلفہ، سنا+گلاب، سبزی قلفہ، زیتون آبرو ناف میں لگائیں۔

اگر مزاج سرد ہے تو پھر سودائی مزاج کا غلبہ ہے پھر داروی صاف کنندہ خون، داروی سودابر، خرما برنی کھائیں،

سر وآبرو پر روغن بنفشہ یا یہ زیتون کی مالش کریں اور رات کو ناف میں لگائیں۔

مسے، گومڑ Warts

عمومی طور پر مسے جسم کے کسی بھی حصے پر نکل آتے ہیں لیکن عموماً گردن اور اطراف میں پائے جاتے ہیں۔ مسوں کا صحت پر کوئی مضر اثر نہیں پڑتا البتہ ان کی جسم پر موجودگی دیکھنے میں بُری لگتی ہے۔ عام طور پر وائرس papillomavirus سے ہوتا ہے۔

علاج

انجیر کا دودھ یا خرفہ کا دودھ اوپر لگائیں، سرکہ انگور اور ایلو ویرا کو ملا لیں رات کو لگا لیں صبح اتار لیں، ایک پیاز لیں اس میں سمندری نمک ڈال لیں پوری رات اس کے اوپر باندھ دیں صبح اتار لیں، جو کے دانے کو اس کے ارد گرد گھمائیں جب سبز ہو جائے تو مسے اتار لیں، چنا کے درخت کو جلا کر اس کی راکھ ملیں اس سے بھی مسے ختم ہو جاتے ہیں۔

Hordeolum

آنکھ کی پلکوں کے اوپر یا نیچے دانہ نکل آتا ہے۔ جو زیادہ تکلیف دے تو نہیں ہوتا البتہ چہرہ کو بدنما کر دیتا ہے۔ جو آنکھوں کے گلینڈ کی خرابی سے ہوتا ہے۔ آنکھ میں درد و سوجن بھی ہو سکتی ہے۔

علاج

سرکہ انگور + شربتی (تخم ملنگا) ان کا خمیر بنا کر آنکھ پر لگائیں۔

گرمی والے دانے Heat Rash

جسم پر چھوٹے چھوٹے دانے نکل آتے ہیں سرخ رنگ کے۔

وجوہات

تنگ کپڑے پہننے سے ہوا کا اخراج رک جاتا ہے اس سے ہو سکتے ہیں پسینے کے گلینڈ میں خرابی کیوجہ سے پسینہ بند ہو جاتا ہے پسینہ باہر نہیں نکل رہا ہوتا ہے۔ بہت گرم چیزیں کھانے سے یا خون کی خرابی یا سودائی مزاج کی زیادتی یا سے پانی زیادہ پینے سے۔

علامات

جسم پر سرخ رنگ کے دانے نکل آتے ہیں، جلن ہوتی ہے، جلد پر سوجن ہو جاتی ہے، ٹانگوں پر بھی دانے نکلتے ہیں۔

علاج

دال عدس اور سرکہ + گلاب ملا کر اوپر لگائیں، حنا لگائیں، سویق عدس کھائیں، داروی صاف کنندہ خون، داروی صفرابر، داروی طریفل، پانی کیساتھ کھجور کھائیں، مورد سے مالش کریں۔

پیدائشی نشان Birthmarks

برتھ مارک ہونے کی بڑی وجہ جلد کے کسی حصے میں خون کی شریانیں زیادہ ہونا بھی ہوتا ہے۔ برتھ مارک پیدائشی طور پر بچوں کے جسم میں کسی مخصوص جگہ پر موجود ہوتے ہیں۔ چہرے یا جسم کے کسی بھی حصے پر پیدائشی نشانات یا برتھ مارک ہونے کی وجہ اضافی پگمنٹس سیلز کا ہونا ہے۔ جلد کے کسی حصے میں جہاں پگمنٹ سیلز کی زیاتی ہو، وہاں پر پیدائشی نشانات کے ہونے کے چانس ہوتے ہیں۔ وہ پیدائشی نشان جو پگمنٹ کی وجہ سے ہوتے ہیں، ان کو پگمنٹڈ برتھ مارک کہا جاتا ہے۔ یہ برتھ مارک کے جسم میں کسی مخصوص جگہ پر موجود ہوتے ہیں۔ چہرے یا جسم کے کسی بھی حصے پر پیدائشی نشانات یا برتھ مارک ہونے جلد کے رنگ سے مختلف ہوتے ہیں، جس کے باعث یہ جلد پر الگ سے نمایاں ہوتے ہیں۔ اکثر برتھ مارک وقت کے ساتھ ساتھ تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔ کچھ پیدائشی نشان جلد کے ساتھ ہی موجود ہوتے ہیں۔ جلد کا ایک حصہ اپنے رنگ سے زیادہ گہرا ہوتا ہے۔ جن افراد کی رنگت تھوڑی گوری ہوتی ہے، ان کا پیدائشی نشان اکثر بھورے رنگ کا ہوتا ہے۔ وہ افراد جن کی رنگت تھوڑی سانولی ہوتی ہے، ان کا پیدائشی نشان کالے رنگ کا ہوتا ہے۔ اس کا رنگ سیاہ، بھورا یا سرخ ہوتا ہے۔

علاج

داروی حنا، نورہ۔

لاکڑا کاکڑا Chickenpox(Varicella)

جس کو واریسیلا بھی کہا جاتا ہے ایک ایسی بیماری ہے جو وارسیلا زوسٹر وائرس (VZV) کی وجہ سے ہوتا ہے۔ واریسیلا دنیا بھر میں واقع ہوتی ہے۔

یہ بیماری کیسے پھیلتی ہے؟

یہ وبائی بیماری ہے۔ جو وائرس سے پھیلتی ہے۔ ایک شخص سے دوسرے میں۔ یہ بیماری اس سے متاثرہ لوگوں کے چھینکنے، کھانسنے، اور کھانا یا پینے کی چیزیں شیئر کرنے سے، ہاتھ ملانے یا تھوک سے بھی پھیلتی ہے۔

علامات

دانے ظاہر ہونے سے پہلے (طبیعت اندر سے خراب ہوتی محسوس ہوتی ہے، بخار، جو بڑوں میں زیادہ تیز ہوتا ہے، پٹھوں میں درد بھوک نہ لگنا، متلی محسوس ہونا)

دانے ظاہر ہونے کے بعد ابتداء میں جسم پر چند دھبے نمودار ہوتے ہیں جو دانوں کی شکل اختیار کر کے پورے جسم پر پھیل جاتے ہیں۔

یہ دانے گچھوں کی شکل میں نمودار ہوتے ہیں جو چہرے، ٹانگوں، سینے اور پیٹ پر پھیل جاتے ہیں۔ یہ چھوٹے

چھوٹے دانے سرخ اور خارش زدہ ہوتے ہیں۔ اکثر دانے چھالوں کی شکل اختیار کر لیتے ہیں جو زیادہ تکلیف دہ ہوتے ہیں۔ گھنٹے گزرنے کے بعد ان چھالوں پر خشکی آنا شروع ہو جاتی ہے اور کھرنڈ بن جاتے ہیں اور خارش زدہ ہوتے ہیں۔ دس دن کے اندر ہی یہ کھرنڈ خود ہی جھڑ جاتے ہیں۔ ان دس دنوں میں نئے دانے بھی نکلتے رہتے ہیں۔

علاج (طب اہل بیتؑ)

داروی صاف کنندہ خون، جامع رضا بآب شہد+آب غسل، مرکب 10 (سیدالادویہ)، داروی امام موسیٰ کاظمؑ۔

نوٹ: جن کو یہ بیماری ہو جائے ان کے ساتھ جو بچے ہیں یا گھر والے وہ داروی امام موسیٰ کاظم کھالیں۔ اس سے ان کا قوت مدافعت زیادہ ہو جائے گی۔ اس سے اُن کو یہ بیماری نہیں لگے گی۔

Herpes Zoster

ہرپس زوسٹر بھی چکن پاکس کا وائرس ہے مگر اس سے جسم کا زیادہ تر کوئی ایک حصہ متاثرہ ہوتا ہے۔ جلد پر کسی ایک جگہ دانوں کا جھرمنڈ بن جاتا ہے۔ اس سے خارش ہوتی ہے جلن ہوتی ہے بعض دفعہ بخار بھی ہو جاتا ہے۔ لیکن یہ زیادہ تر ایک مریض سے دوسرے مریض میں منتقل نہیں ہوتا ہے۔

علاج

داروی سیدالادویہ، داروی صاف کنندہ خون، جامع رضا بآب شہد، داروی حنا مالیدنی۔

مقعد کے قریب پھوڑا Pilonidal Sinus Disease(PNS)

ایک پیلیو نائڈل سسٹ ایک انوکھا قسم کا پھوڑا ہے جو کولہوں کے کریز میں یا اس کے اوپر ہوتا ہے۔ پیلونیڈل سسٹ اکثر جلد کے اس حصے کی بنیاد میں سوجن کے چھوٹے چھوٹے علاقوں کے طور پر شروع ہوتا ہے جہاں سے بال بڑھتے ہیں (ہیئر پٹک) براہ راست دباؤ سے جلن کے ساتھ، وقت گزرنے کے ساتھ سوجن والا علاقہ مضبوط، تکلیف دہ، ٹینڈر نوڈول بننے میں توسیع کرتا ہے۔

وجوہات

جلد میں زخم وغیرہ سے پھوڑے میں بال زیادہ ہو جاتے ہیں، انفیکشن ہو جاتا ہے، زیادہ سفر و زیادہ وزن، بہت دیر تک ایک جگہ بیٹھے رہنے سے بھی۔

علامات

بیٹھتے اور اٹھتے وقت تکلیف ہوتی ہے، رسولی سوج جاتی ہے۔ بعض اوقات اس میں پیپ پڑ جاتی ہے اور خون بھی بہتا ہے، جلد میں سوراخ بھی ہو جاتے ہیں۔

علاج

جامع رضا+شہد اس سے مساج کریں۔

اگر سسٹ اندراوور ی یا یوٹرس میں چلی گئی ہے تو حنالگا کر بیٹھ جائیں

Desquamation of fingers

اس میں جلد خراب ہوجاتی ہے، جلد پر خشکی ہوجاتی ہے. جلد اترنے لگتی ہے۔

علاج

روغن بنفشہ یا یہ زیتون ناف، داروی سوداابر/صفراابر، جامع رضا آب شہد، اگر زخم ہے تو شہد و جامع لگائیں۔

گنجاپن Alopecia

ایلوپسیہ یا گنجے پن کے نام سے جانا جاتا ہے ایک ایسی حالت ہے جس میں بالوں کے جھڑنے کی تعداد بڑھتے بالوں سے زیادہ ہوتی ہے۔ عام حالات میں، اوسط انسانی بال فی دن 50-100 تاروں سے نکل سکتے ہیں۔ گنجاپن اس وقت ہوتا ہے جب بال گرنے کا عمل ایک دن میں 100 سے زیادہ اسٹینڈرز ہوتا ہے۔ علامات اور بیماری پر منحصر ہے، گنجاپن کو 3 اقسام میں تقسیم کیا گیا ہے، یعنی۔

(1) ایلوپسیہ اریٹا: صرف سر پر کچھ مقامات پر گنجے بال۔

(2) ایلوپیا کلیس: گنجی کے بالوں کی وجہ سے تمام کھوپڑی پر یکساں طور پر تقسیم ہوتا ہے۔

(3) ایلوپیسیا عالمگیر: جسم کے تمام بال کھوئے ہیں، کسی جگہ سے بلکل بال ختم ہوجاتے ہیں سر کی جلد سفید نظر آجاتی ہے جیسے کبھی بال تھے بھی نہیں۔

علاج

گل خطمی سے سر دھوئیں، سر کا مساج کریں داروی پوستی مالیدنی سے، سمندری نمک کھائیں، روغن بنفشہ یا یہ زیتون سر پر لگائیں، داروی صاف کنندہ خون کھائیں، جگر و خون کی اصلاح کریں، سمندری جھاگ استعمال کریں، شیمپو و تیل ریزش سکہ ای موی سر استعمال کریں، شیمپو مورد، تقویت مو، رویش معجزہ مو، جامع آب انجیر۔

(طب سنتی میں شیمپو معجزہ گیاہی)

سرد زخم Herpes Simplex

ہرپس ایک متعدی بیماری ہے جو ہرپس کے وائرس کی وجہ سے ہے۔ آٹھ قسم کے ہرپس وائرس ہیں، لیکن دو سب سے عام ہیں جسم کے مختلف حصوں میں پھوڑے کی شکل میں نکلتا ہے مگر زیادہ تر ہونٹوں اور مقعد پر ظاہر ہوتا ہے. اس سے بخار اور بہت زیادہ سردی سے بھی ہونٹوں پر یا چہرہ پر زخم نکل آتا ہے. سردی کے زخم چھوٹے، دردناک، مائع سے بھرے

ہوئے چھالے ہیں جو عام طور پر ہونٹوں، انگوٹھے یا منہ کی چھت پر ہوتی ہیں۔

علامات

جہاں پر نکلتا ہے وہاں جلن، خارش، چبھن سی محسوس ہوتی ہے، منہ کا دکھنا، پیشاب میں انفیکشن وبعض اوقات آنکھوں میں بھی درد ہوتا ہے، سوجن وغیرہ بھی ہوجاتی ہے۔

ایچ ایس وی ون، جو زبانی ہرپس کے نام سے جانا جاتا ہے، منہ اور چہرے کے گرد چھالوں اور چھالوں کا سبب بن سکتا ہے۔ جینیاتی ہرپس گروپ (جننانگ) سے تعلق رکھتا ہے اور عام طور پر باہر کے تناسب اور مقعد کے آس پاس کے HSV-2 علاقے پر ظاہر ہوتا ہے۔

علاج

داروی امام موسیٰ کاظمؑ، روغن بنفشہ یا یہ زیتون سے مالش کریں، پانی وزبان اس کے اوپر نہ لگائیں۔

بیماری پروانہ ای Epidermolysis Bullosa(EB)

ایپیڈرمولیس بلسو ایک غیر معمولی موروثی بیماری ہے جس کی خصوصیت ہوتی ہے نزاکت جلد۔ ماخذ ایک جینیاتی مسئلہ ہے جو کولیجن اور کیریٹن، پروٹین کی تیاری میں مداخلت کرتا ہے جو خلیوں کو جلد کی بیرونی اور اندرونی تہوں سے باندھتے ہیں۔ کیراٹین، جو استحکام دیتے ہیں اور غنڈہ ایپیڈرمولیسس والے افراد کی کمی کی وجہ سے بہت نازک جلد ہوتی ہے کولیجن جو جلد کی سالمیت کی ضمانت دیتے ہیں۔ اس کے نتیجے میں، جلد کی تہیں آسانی سے کم سے کم رگڑ کے ساتھ چھلکتی ہیں، جس کے نتیجے میں تکلیف دہ چھالے ہوتے ہیں جو تھرڈ ڈگری جلنے والے جیسے ہوتے ہیں۔

علامات

چھلکنے والے ایپیڈرمولیسس چھالے رگڑ، معمولی صدمے، حرارت یا بے ساختہ بھی تشکیل دے سکتے ہیں۔ جب وہ ٹوٹ جاتے ہیں تو وہ تشکیل دیتے ہیں زخموں کو ٹھیک کرنا مشکل ہے، خاص طور پر جب مناسب سلوک نہ کیا جائے۔ بالوں کا گرنا، آنکھوں اور ناک کے گرد چھالے، پیدائش کے وقت موجود بلبلے، منہ اور گلے میں یا اس کے آس پاس چھالے جو کھانے اور نگلنے میں دشواری کا باعث بنتے ہیں۔ معمولی چوٹوں یا درجہ حرارت کی تبدیلیوں کی وجہ سے جلد کے چھالے، خاص طور پر پیروں میں۔ کیریوں کو کھرچنا رونا، کھانسی یا سانس کے دیگر مسائل، جلد پر چھوٹی سفید گیندیں۔

علاج

داروی مقل ارزق، داروی حضرت محمدؐ، صاف کنندہ خون، سیدالادویہ، حنا، شربت امام رضاؑ، جامع بآب شہد، جامع با شہد زخم پر لگائیں، دونوں پاؤں کی حجامت کروائیں۔

Pityriasis Lichenoides Chronica(PLC)

یہ ایک جلدی بیماری بھی ہے۔جس سے جلد میں چھوٹے چھوٹے داغ نکل آتے ہیں جو زخم ہو کر سیاہ ہو جاتے ہیں بعد میں سفید داغ جسم پر ہو جاتے ہیں، پہلے گلابی ہوتے ہیں بعد میں کھر دار اور بھورے رنگ کے ہو جاتے ہیں۔یہ داغ مہینوں سے لیکر سالوں تک رہ سکتے ہیں۔

علاج

داروی سیدالادویہ، صاف کنندہ خون، نورہ+حنا، داروی ابن بسطام، مقل ارزق، جامع بآب شہد، داروی موسیٰ کاظمؑ

کوڑھ، جزام Leprosy

جذام جس کو عام زبان میں کوڑھ بھی کہا جاتا ہے ایک متعدی یا چھوت کا یا ایک سے دوسرے کو لگنے والا مرض (infectious disease) ہے جو ایک جراثیم، جس کو مائیکو بیکٹیریم جذام (Mycobacterium lepraee) کہتے ہیں اس کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے۔کوڑھ کے مرض میں مریض کا جسم گلنا شروع ہو جاتا ہے، جسم میں پیپ پڑ جاتی ہے اور اس کے ساتھ ہی انسان کا گوشت ٹوٹ ٹوٹ کر نیچے گرنے لگتا ہے۔کوڑھی کے جسم سے شدید بو بھی آتی ہے کوڑھی اپنے اعضاء کو بچانے کے لیے ہاتھوں، ٹانگوں اور منہ کو کپڑے کی بڑی بڑی پٹیوں میں لپیٹ کر رکھتے ہیں۔جذام کا جراثیم عدوی پیدا کر کے جاندار کے جسم کی جلد، چہرے اور دیگر حصوں پر بدنمائی اور خراب شکلی کا موجب بنتا ہے جو جذام کا انسانی ذہن پر سب سے زیادہ خوف پیدا کرنے والا پہلو ہے۔جذام کا موجب بننے والے نے کیا اور اسی کی مناسبت سے جذام کو (Gerhard Aramauer Hansen) جراثیم کا انکشاف سب سے پہلے ہانسین بیماری بھی کہا جاتا ہے۔

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں ریحان انبیاءؑ کی سبزی ہے۔اس میں آٹھ خصوصیات ہیں جس میں سے ایک یہ جزام سے محفوظ رکھتی ہے۔الکافی ج6 ص364

امام موسیٰ کاظمؑ فرماتے ہیں چقندر کے پتے کھاؤ۔یہ نیند کو آرام دہ بناتے ہیں، جزام کی رگ کو ختم کرتے ہیں، بہترین سبزی ہے۔الکافی ج6 ص369

کرفس (ایک قسم کی سبزی)

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کرفس بندشوں کو کھولتا ہے، دل کو تر و تازہ کرتا ہے، حافظے کے لئے مفید ہے اور دیوانگی، کوڑھ، برص اور ڈر کو دور کرتا ہے۔الدروس

کرفس حافظے کو تیز کرتا ہے، شادابی کا باعث ہے اور دیوانگی، جذام اور برص سے بچاتا ہے۔بحار الانوار ج63، ص 239

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔ہر جمعہ کو تھوڑی سی مونچھیں اور ناخن چھوٹے کر لیا کرو، اگر چہ بہت کم بڑھے

ہوں پھر بھی انہیں ہلکا سا تراش لیا کرو کیونکہ اس طرح دیوانگی، کوڑھ اور برص سے محفوظ رہو گے۔ الکافی ج3 ص418

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں اے علی کھانے کا آغاز و اختتام نمک سے کیا کرو خدا ستر بیماریوں سے امان میں رکھے گا جس میں کم ترین جذام ہے۔ المحاسن ج2 ص593

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔ آبرو کو کنگھی کیا کرو جذام سے بچاتی ہے۔ طب لآئمہ ص19

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔ سنا مکی جذام، پیسی، بھک و جنون سے بچاتی ہے۔ مکارم الاخلاق ص، 188

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں:

اگر کوئی نماز فجر کے بعد تین بار سبحان الله وبحمده، سبحان الله العظيم وبحمده ولا حول ولا قوة إلا بالله' اس ذکر کو پڑھے گا۔ وہ جزام، کوڑھ، پیسی، فلج سے محفوظ رہے گا۔ الخصال ص220

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں شلجم کھاؤ جزام کی رگ کو ختم کرتا ہے اور ہر درد کو جسم سے باہر نکال دیتا ہے۔ المحاسن، ج2، ص333

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔ زکام جذام سے امان میں رکھتا ہے۔ طب لآئمہ ص108

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں مدینہ کی مٹی جزام کو دور کرتی ہے۔ طب لآئمہ ص64

امام علیؑ فرماتے ہیں غدود کھانے سے بچو کیونکہ وہ جذام کو حرکت دیتے ہیں۔ المحاسن ج2 ص564

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں غسل کیے ہوئے پانی سے دوبارہ غسل کرنا جذام کا سبب بنتا ہے۔ الکافی ج6 ص503

علاج

داروی شافیہ، تربت امام حسینؑ، جامع آب شلجم، سنا مکی، چقندر

بچوں کی بیماریاں

پیدائش سے قبل بیماریوں کی وجوہات

احادیث

پیدائش سے قبل علاج

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علیؑ کو وصیت کی

(جزام، سی پی، جنون سے بچاؤ)

اے علیؑ اپنی زوجہ سے پہلی تاریخ، وسط اور آخری (اسلامی ماہ کی) کو ہم بستری نہ کرنا اس سے جو اولاد پیدا ہوگی۔ ہوسکتا ہے وہ جنون، جزام و سی پی میں مبتلا ہوگی۔ اے علیؑ مباشرت کرتے وقت بولنا نہیں۔

نامرد

یا علیؑ بعد از نماز ظہر مباشرت ممنوع ہے کیونکہ اس سے حمل ٹھہرے تو وہ نامرد ہوگا۔

گونگا

اے علیؑ ہم بستری کرتے وقت باتیں نہ کرنا اس دوران اگر بچہ پیدا ہو تو وہ گونگا پیدا ہوگا۔

جلاد و ظالم

اے علیؑ درخت کے سایہ کے نیچے مباشرت نہ کرنا اس سے جو اولاد پیدا ہوگی وہ جلاد (ظالم) بنے گی۔

قاتل

اے علیؑ اذان و اقامت کے دوران مباشرت نہ کرنا اگر اس سے اولاد پیدا ہوگی تو وہ قاتل بنے گی۔

اندھا

اے علیؑ مباشرت کرتے وقت شرم گاہ کو نہ دیکھنا اس دوران اگر بچہ پیدا ہوا تو وہ اندھا ہوگا۔

خنثیٰ و بھانج

اے علیؑ مباشرت کرتے وقت کسی نامحرم کا خیال نہ آنے پائے مجھے خوف ہے اس موقع پر اگر کوئی بچہ پیدا ہوا بیٹا ہوا تو خنثیٰ اگر بیٹی ہوئی تو بھانج ہوگی۔

بستر میں پیشاب کرنا

اے علیؑ کھڑے ہو کر مباشرت نہ کرنا اس دوران اگر کوئی بچہ پیدا ہوا تو وہ بستر میں پیشاب کرنے کی عادت میں مبتلا

ہو گا۔

چار انگلیاں یا زیادہ انگلیاں

اے علیؑ عید قربان کی رات کو مباشرت نہ کرنا اس دوران اگر بچہ پیدا ہوا تو اس کی چار انگلیاں ہوں گی۔

کنجوس و سیاہ داغ

نیمہ شعبان کے دن کوئی زوجہ سے مباشرت کرے گا اس سے جو بچہ پیدا ہو گا وہ کنجوس ہو گا اور اس کے چہرہ پر سیاہ داغ ہوں گے۔ من لا یحضر ج 3 ص 129

اندھا پیدا ہونا

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا نشہ کی حالت میں بیوی سے مباشرت نہیں کرنا ہوسکتا ہے اس سے جو اولاد پیدا ہو وہ اندھی ہو۔

زانی یا زانیہ

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔ جو شخص اپنی بیوی کیساتھ مباشرت کرے اور اس کمرے میں چھوٹا بچہ جاگ رہا ہو اور انہیں دیکھ رہا ہو اور انکی باتیں و سانس کی آواز کو سن رہا ہو تو کبھی بھی وہ نیک اولاد نہیں ہو گی اگر بچہ بیٹا ہوا تو زانی ہو گا اگر بیٹی ہوئی تو زانیہ ہو گی۔ وسائل الشیعہ ج 2 ص 133

جادوگر

اے علیؑ رات کی ابتدائی حصہ میں مباشرت نہ کرنا اس سے ہوسکتا ہے جو بچہ پیدا ہو وہ جادوگر ہو۔

حافظ قرآن و عادل

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علیؑ سے فرمایا: یا علیؑ پیر کی رات کو زوجہ سے مباشرت کرنا اس سے جو بچہ پیدا ہو گا وہ حافظ قرآن اور خدا کی تقسیم پہ راضی رہنے والا ہو گا۔

شجاع و رحمدل

اے علیؑ منگل کی شب کو زوجہ سے ہم بستری کرنا اس سے جو بچہ پیدا ہو گا اس کا منہ خوشبودار، رحم دل، شجاع و بہادر ہو گا اور زبان غیبت سے پاک ہو گی

شریعت کے احکام کا تابع (عالم)

اے علیؑ جمعرات کی شب زوجہ سے مباشرت کرنا اس سے جو بچہ پیدا ہو گا وہ شریعت کا پابند ہو گا. علماء کرام میں سے ایک عالم ہو گا

شیطان سے دور

اے علیؑ جمعرات کو دن کے وقت جب سورج آسمان کے بلکل درمیان میں ہو زوجہ سے مباشرت کرنا اس سے جو

فرزند عطا ہوگا اس کے بڑھاپے تک اس کے نزدیک بھی شیطان نہیں پھٹکے گا اور اللہ اس کو دین و دنیا کی بھلائی کے ساتھ رزق عطا کرے گا۔

خطیب

اے علیؑ شب جمعہ بیوی سے مباشرت کرنا اس سے جو اولاد پیدا ہوگی خطیب وشاعر ہوگی۔

دانا وعقلمند

اے علیؑ جمعہ کے دن عصر کے بعد زوجہ سے مباشرت کرنا اس سے جو اولاد پیدا ہوگی وہ بچہ دانا اور لوگوں میں سے معروف ہوگا۔ من لایحضر ج3 ص552

پیدائش سے قبل علاج (غذائیں)

کندر

نبی پاک ﷺ نے فرمایا اپنی حاملہ خواتین کو کندر غذا دیں کیونکہ اولاد کو ماں کے شکم میں کندر غذا دی جائے تو اس کا دل مضبوط اور عقل زیادہ ہوگی اگر بیٹا ہوگا تو شجاع ہوگا اور اگر بیٹی ہوگی تو بڑے صبر والی ہوگی اور شوہر کے نزدیک خوش اقبال ہوگی (شوہر اس کو پسند کرے گا) اصول کافی ج6 ص23

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں حاملہ خواتین کو بہی کھلائیں شکم مادر میں بچے کو خوبصورت کرتا ہے۔ الکافی ج6 ص23

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں حاملہ خواتین کو ناشپاتی کھلائیں شکم مادر میں بچے کو خوبصورت کرتا ہے۔ طب لآئمہؑ ص88

دودھ

نبی ﷺ فرماتے ہیں اپنی حاملہ خواتین کو دودھ پلاؤ وہ بچے کی عقل کو زیادہ کرتا ہے۔ بحارالانوار ج59 ص294

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں ماں بچے کو دونوں چھاتیوں سے دودھ پلائے کیونکہ ایک میں غذا اور دوسرے میں پانی ہوتا ہے۔ تہذیب آل محمدؐ ص140

بچوں کا ڈرنا

رسول ﷺ فرماتے ہیں بچوں کو آلودگی سے صاف ستھرا رکھو کیونکہ شیطان آلودگی کو سونگھتا ہے اور بچہ خواب میں ڈرتا ہے اور بچے کیساتھ فرشتوں کو بھی تکلیف ہوتی ہے۔ مفاتیح الحیات

اولین غذا

نہر فرات، کھجور کا تھوڑا سا شیرہ، تھوڑی سی خاک شفا دیں (سب ملا کر تھوڑی سی)

امام علیؑ فرماتے ہیں بچہ کو اولین غذا کھجور دو جیسا نبی ﷺ نے امام حسنؑ و حسینؑ کو دی تھی۔ تحف العقول ص124

جاوشیر(Opopanax chironium)

اسلامی ویکسین (پیدائش کے وقت)

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں

جب بچہ پیدا ہوتو تھوڑی سی مقدار میں جاوشیر لو اس کو پانی میں حل کرو، پھر دو قطرے دائیں ناک میں اور ایک قطرہ بائیں ناک میں ڈالیں۔ اس کے دائیں کان میں اذان اور بائیں میں اقامت کہو یہ اس کی ناف کاٹنے سے پہلے کرو اس طرح یہ کبھی خوف زدہ نہیں ہوگا اور بچوں کی بیماریوں سے محفوظ رہے گا۔ الکافی ج6 ص23

امام جعفرؑ صادق فرماتے ہیں بچہ کو سب سے پہلے تربت امام حسینؑ دو بیماریوں سے محفوظ رہے گا۔ تہذیب الاحکام ج7 ص436

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔ بچہ کو سب سے پہلے نہر فرات کا پانی اور خاک شفا دیں، اگر نہر فرات کا پانی نہیں تو بارش کا پانی دے دیں۔ تہذیب الاحکام ج6 ص74

نبی ﷺ فرماتے ہیں بچوں کو سویق دو اس سے ان کی ہڈیاں مضبوط ہوتی ہیں۔ سویق گوشت کو اگاتا ہے۔ المحاسن ج2 ص489

امام علیؑ فرماتے ہیں اپنے بچوں کو انار کھلاؤ تاکہ جلدی جوان ہو جائیں۔ المحاسن ج2 ص546

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں ساتویں دن مولود کا عقیقہ کرو اور اس کے بال مونڈو اور اس کے بالوں کے برابر چاندی صدقہ دو۔ اصول کافی ج6 ص70

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں اپنی اولاد کا ختنہ ساتویں روز کرو کیونکہ یہ پاکیزہ اور گوشت اگنے میں جلدی کرنے والا ہے۔ زمین جس کا ختنہ نہ ہوا ہو اس کے پیشاب سے کراہت کرتی ہے۔ دعائم الاسلام ج1 ص475

بچوں کا گریہ کرنا و رونا

امام جعفر صادق علیہ السلام اپنے شاگرد مفضل سے مخاطب ہو کر فرماتے ہیں

اے مفضل غور کرو بچوں کے رونے میں کیا فائدہ ہے۔ ان کے دماغ میں رطوبت ہوتی ہے اگر وہ رطوبت ان دماغوں کے اندر رہے تو بڑی بڑی نئی بیماریاں پیدا ہو جائیں۔ بچے اندھے ہو جائیں رونا اس رطوبت کو سر سے بہا دیتا ہے اس کے بعد ان کے بدن میں صحت سلامتی اور آنکھوں میں سلامتی آ جاتی ہے۔ رونا اس کے لیے مفید ہے۔ اسی طرح اس کے منہ سے جو لعاب نکلتی ہے وہ بھی رطوبت کو باہر نکال لیتی ہے۔ اگر رطوبت کم نکلے تو جنون، اختلافات عقل اور کم عقل ہو جائے۔ اس لیے رطوبت بہتی ہے تاکہ یہ صحت مند رہے۔ توحید المفضل ج1 ص10

نبی ﷺ فرماتے ہیں بچوں کو رونے پر نہ مارو اس لیے کہ چار ماہ تک رونا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کی گواہی دیتا ہے اور اس

کے بعد چار ماہ کا رونا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجتا ہے اور اس سے اگلے چار ماہ کا رونا والدین کے لیے دعا کرتا ہے۔علل الشرائع ج1 ص62

پیٹ کے کیڑے

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں جو سوتے وقت سات دانے عجوہ کھجور کے کھائے گا اس کے پیٹ کے کیڑے مرجائیں گے۔اصول کافی ج6 ص307

دودھ پلاتے وقت بچے کا قے کرنا

قے ہونا وہ عمل ہے جب معدے میں بہت مضبوط سکڑاؤ واقع ہوتا ہے، جو معدے کے اندر مادے کو نگلنے والی نلکی (ایسوفیگس) کے طرف واپس دھکیلتا ہے اور منہ یا ناک کے ذریعے باہر پھینکتا ہے۔

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں ماں کو چاہے دونوں طرف سے بچے کو دودھ پلائے ایک میں غذا اور دوسرے میں پانی ہوتا ہے۔تہذیب الاً حکام، ج8، ص108

علاج طب اہلبیتؑ

سیب کا جوس دیں، بہی کا جوس دیں، دونوں اطراف سے دودھ پلائیں۔

آٹزم Autism(ASD)

آٹزم سپیکٹرم ڈس آرڈر (اے ایس ڈی) مخصوص رویوں اور نشونما کے مسائل اور مشکلات کا سیٹ ہے۔اے ایس ڈی بچے کی ترسیل، سماجی اور کھیلنے کی مہارت کو متاثر کرتا ہے۔

اے ایس ڈی میں لفظ اور اسکی اپنی خصوصیات ہیں۔یہ خصوصیات مل کر اسکو ایک مخصوص ترسیل اور رویوں سپیکٹرم کی پروفائل دیتی ہیں۔جیسے جیسے آپکا بچہ بڑا ہوگا اور نشونما پائے گا اسکی مشکلات کی نوعیت تبدیل ہوتی جائے گی۔عموماً اے ایس ڈی والے فرد میں پوری زندگی کیلئے سماجی اختلافات یا اور رویوں کے اختلافات پائے جاتے ہیں۔

وجوہات طب اسلامی

مخصوص ایام میں عورت سے ہمبستری، اسلامی ماہ کی اول، درمیان و آخر والی تاریخ میں زوجہ سے ہم بستری۔

علامات

بچوں کا دیر سے بولنا

اگر آپ اپنے بچے کا نام لیں تو وہ بہت کم ردِعمل ظاہر کرے، خاص طور پر اگر وہ پری اسکول میں ہو، ممکن ہے کہ جب دوسرے لوگ اس سے کرنے یا اس کے ساتھ کھیلنے کی کوشش کریں تو وہ کوئی ردِعمل نہ ظاہر کرے۔دوسروں کی توجہ حاصل کرنے میں بہت کم دلچسپی دکھائے۔کسی چیز میں اپنی دلچسپی ظاہر کرنے کیلئے شہادت کی انگلی سے اشارہ نہ کرے۔کھلونوں

میں عدم دلچسپی ظاہر کرے یا ان سے غیر معمولی طریقے سے کھیلے۔ ممکن ہے کہ وہ بہت ہی تنگ مزاج، چڑچڑا یا سست نظر آئے۔ سونے اور سمجھنے میں مشکلات، ممکن ہے کہ وہ اچانک سے تھوڑی دیر کیلئے سست سے چڑچڑا ہو جائے، ممکن ہے کہ اسکو سماجی حالات میں صحیح طرح سے اپنی نظر جما کر دیکھنے میں مشکل پیش آئے۔

سردی ہو یا گرمی انہیں اس کا احساس نہیں ہوتا، آٹزم میں مبتلا بچے کسی کو اپنے کھیل میں شریک نہیں کرتے، تاہم ہجوم کی جگہوں پر ان کا رویہ بگڑ جاتا ہے۔ کھانے میں انہیں بہت سے ذائقے پسند نہیں آتے جو عموماً عام بچے پسند کرتے ہیں۔

علاج طب اہلبیتؑ

بخور حضرت مریمؑ، داروی عقل، روغن بنفشہ پایہ کنجد درناک، داروی تقویت عصب، داروی طریفل، روغن سداب سرکہ درناک (ناک میں ڈالے)، جامع امام رضا علیہ السلام + یا آب انار۔

سیریبرل پالسی (Cerebral Palsy)

فالج کی ایک قسم ہے، اس کو دماغی فالج سے فرق سمجھنے کے لئے آپ اعصابی فالج بھی کہہ سکتے ہیں۔ یہ اعصابی نظام کی ایسی خرابی ہے جس میں ہمارے دماغ اور حرام مغز کا آپس میں رابطہ خراب ہو جاتا ہے۔

ہمارے دماغ سے دو طرح کے نیوروٹرانسمٹرز یعنی خاص قسم کے کیمیکلز جو اعصابی نظام میں پیغامات پہنچانے کا کرتے ہیں، نکلتے ہیں۔ ایک وہ جن کا کام دوسرے اعصاب کو تحریک دینا ہوتا ہے۔

سیر بیرل پالسی اور عام فالج میں فرق یہ ہے کہ فالج میں دماغ کے کچھ ٹشوز (مثلاً شوگر کی وجہ سے) مناسب طریقے سے خون اور غذائیت نہ ملنے کی وجہ سے مردہ ہو جاتے ہیں جبکہ پالسی میں خرابی دماغ اور حرام مغز کو ملانے والے اپر موٹر نیوران میں ہوتی ہے

علامات

پٹھوں میں کمزوری، سر کو نہ تھام سکنا، کمزوری

علاج طب اہلبیتؑ

بخور حضرت مریمؑ، حرز امام علیؑ، قطرہ سداب سرکہ، جامع امام رضاؑ + آب انار، طریفل، داروی عقل، داروی تقویت عصب، روغن بنفشہ پایہ کنجد، داروی پیامبر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بچوں کا زرد ہو جانا (یرقان) New born jaundice

بچاؤ

روایات میں ہے حاملہ خواتین سویق کھائیں، سویق عدس کھائیں کندر نر کھائیں، (خربوزہ + پنیر) ملا کر کھائیں، بہی

کھائیں اس سے بچہ صحت منداور خوبصورت پیدا ہوگا۔

علاج

مرکب دو، ابن بسطام، ایک چمچ سنا مکی ابال کر بچہ کو پلائیں (صاف کر کے)۔

قد میں کمی Short stature

اس بیماری میں بچہ کا قد معمول سے کم ہوتا ہے۔ والدہ کی خوراک کی قلت کی وجہ سے ہڈیاں کمزور ہوتی ہیں بچہ کمزور ہوتا ہے یا پھر صحیح وسلامت نہیں ہوتا۔

بچاؤ

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں اگر حاملہ خواتین حمل کے دوران سویق گندم و جو کھائیں تو فرزند صحت مند پیدا ہوگا اور اسکی ہڈیاں مضبوط ہوں گی۔

علاج

سویق گندم، سویق جو، سویق سنجد، داروی استخوان ساز، حجامت (کمر کے گوشت کی)، برگ چقندر۔

بچوں کا ناخن چبانا Nail-Biting Babies

ناخن چبانا دراصل پریشانی، خوف یا ذہنی دباؤ کی علامت ہے۔ بچے اپنے ناخن چباتے ہیں۔ جس سے انفیکشن بھی ہوجاتا ہے۔

علاج

ایلو ویرا کو بچہ کے ناخن پر لگالیں، ایلو ویرا بہت کڑوا ہوتا ہے اس سے بچہ آہستہ آہستہ ناخن چبانا چھوڑ دے گا۔

بچوں کی بے چینی واضطراب Restless Legs Syndrome(RLS)

اس بیماری میں بچہ بے چین واضطراب میں رہتا ہے، اس کو سکون نہیں ہوتا بچہ ٹانگیں مارتا ہے اسے سکون نہیں ہوتا نیند میں بھی خلل آجاتا ہے۔

وجوہات

آنتوں کا مسئلہ، معدہ کی خرابی، قولنج

علاج

سنا مکی آدھی چمچ ابال کردیں، مرکب دو

نکسیر پھوٹنا Nosebleeds

بچوں کی نکسیر پھوٹنے کے اسباب میں سر یا ناک پر چوٹ لگنا یا فریکچر بھی ہوسکتا ہے یا پھر بچوں کی عادت ہوتی ہے وہ

ناک میں بار بار انگلی ڈالتے رہتے ہیں، جس کے باعث ناک میں زخم اور سوجن آسکتی ہے۔

وجوہات

صفرا، سودا یا خون کا غلبہ، ناک کی خشکی، ناک کی رگوں کا کمزور ہو جانا۔

علاج

روغن بنفشہ یا پایہ کنجد در ناک، قرص خون، سویق سیب

بچوں کے دل کا وال بند ہو جانا

علاج: قرص خون

پپوٹے کا ڈھیلا ہو جانا ptosis

اس بیماری میں اوپر والا پپوٹا (Eye lid) ڈھیلا ہو جاتا ہے، بہت زیادہ جاگنے سے بھی اکثر یہ ہو جاتا ہے اور اعصاب کی کمزوری ہو جاتی ہے۔

علاج

داروی تقویت عصب، سرمہ اثمد، اگر نظر کی کمزوری کا مسئلہ ہے تو (سرمہ کافوری)۔

کن پیڑے Mumps

ایک ایسی بیماری جو کہ پیراونکسو وائرس کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے۔ کن پیڑے ایک شدید (اچانک) لگنے والا مرض ہے جس کا باعث ایک وائرس ہوتا ہے جسے پیرامائکسو وائرس کہتے ہیں۔ یہ کان کے پاس واقع لعابی غدودوں پر سوجن کا باعث بنتا ہے، یہ غدود تھوک تیار کرتے ہیں۔ یہ ہر کان کے سامنے اور نیچے اور نچلے جبڑے کے پاس واقع ہوتے ہیں۔

علامات

منہ میں واقع تھوک بنانے والے غدود میں سے کسی ایک یا ایک سے زیادہ میں سوجن، کان کے مقابل واقع جبڑے کے کونے کو کراس کرنے والے کسی ایک یا دونوں لعابی غدود میں سوجن، نظام تنفس سے متعلقہ علامات، جیسے کھانسی یا ناک بہنا، کسی سوجن کے بغیر پھیپھڑوں کی انفیکشن، غیر مخصوص علامات جیسے سر درد، بے چینی، اور ہلکے درجے کا بخار۔

علاج

جامع امام رضاؑ بآب شہد، داروی کاظمؑ، کلونجی+شہد، مرکب ایک

پیشاب کی تکلیف کی وجہ سے بچہ کے پاؤں کا جلنا

علاج

سویق عدس+سرکہ انگور اور گلاب ملا کر اس سے مالش کریں۔

بچے میں کیلشیم کی کمی

علاج

داروی استخوان ساز، سنجد، برگ چقندر

وٹامن ڈی کی کمی

علاج

دودھ+ انڈے دیں، دھوپ میں پشت کر کے رکھیں، داروی صاف کنندہ خون، داروی استخوان ساز، سویق۔

Cryptor chidism

خصیوں (testes) کا باہر نہ نکلنا بھی ایک بیماری ہے۔ عام طور بچے کے پیدا ہونے سے پہلے، خصیے سکروٹم (خصیوں کی تھیلی) میں چلے جاتے ہیں۔ کبھی کبھار، اگر یہ ایک یا دونوں ہی خصیے تھیلی میں جانے کی بجائے، جسم کے کسی خانے میں رہ جاتے ہیں۔ اسے بغیر اُترے ہوئے خصیے یا کرپٹورکڈازم کہا جاتا ہے جس کا مطلب ہے چھپا ہوا خصیہ۔

علاج

بچے کو زیتون+ مرغی کا انڈہ پیاز تینوں اکٹھے پکا کر دیں، کاسنی زیادہ کھائے، روغن زیتون اور خولنجان ملا کر (testes) پر مالش کریں۔

لعاب دہن کا زیادہ ہوجانا Hyper salivation

اس بیماری میں بچوں کے منہ سے رال زیادہ بہتی ہے۔ منہ میں پانی کی زیادتی ہوجاتی ہے۔ سر میں رطوبت زیادہ ہو جاتی ہے۔ اگر رطوبت بہت زیادہ ہوجائے اس سے بچوں میں فالج بھی ہوسکتا ہے۔

علاج

حجامت قفا (گردن کا پچھلا حصہ)، داروی طریفل۔

بچوں کے سر پر دانے

خون کا غلبہ ہوتا ہے یا خون خراب ہوتا ہے جس کی وجہ سے سر میں یا جسم میں دانے نکل آتے ہیں۔

علاج

داروی صاف کنندہ خون، حجامت قفا

بچوں کی آنکھوں میں انفیکشن eye infection

اس بیماری میں بچوں کی آنکھیں خراب ہوجاتی ہیں ان سے پانی بہتا ہے یا سرخ ہوجاتی ہیں۔ آنکھوں میں درد ہو جاتا ہے۔

علاج

سرمہ کافوری، سرمہ اثمد

Diarrhea

اسہال یا دست (ڈائریا) ایسی حالت ہے جس میں روزکم سے کم تین بار آنتوں سے پتلا یا سیالی فضلہ آتا ہے۔ یہ اکثر کچھ روز تک رہتا ہے اور مائع کی کمی کے نتیجے میں ڈیہائڈریشن ہوسکتا ہے۔ ڈیہائڈریشن اکثر جلد کی طبعی لچک میں کمی اور شخصیت میں بدلاؤ کے ساتھ شروع ہوتا ہے۔ اگر یہ زیادہ شدید ہوتا ہے تو یہ اخراج پیشاب میں کمی، جلد کے رنگ میں کمی، ردعمل میں کمی میں فروغ پاسکتا ہے۔ دودھ پینے والے بچوں کو پتلا لیکن غیر سیالی فضلہ آسکتا ہے۔

سب سے زیادہ عام وجہ کسی وائرس، طفیلی بیکٹیریا (Gastroenteritiss) کی سرایت یا ورم معدہ سے جانی جانے والی حالت ہوسکتی ہے یہ سرایت اکثر غذا اور پانی سے ہوتی ہے جو فضلہ یا کسی دیگر متاثر شخص سے براہ راست آلودہ ہوتا ہے۔

علاج

جامع بآب مورد، شہد، مرکب ایک، چاول کی کھیر، بچہ کو صاف ستھری غذا دیں پانی ابال کر استعمال کروائیں، برتن دہلائی کر کے رکھیں۔

بچہ کی جلدی خشکی Dry Skin

صفرا یا سودا کا غلبہ ہو اس سے جسم میں خشکی پیدا ہو جاتی ہے۔

علاج

روغن بنفشہ یا ی زیتون سر آبر و اور رات کو ناف میں لگائیں، داروی صفرابر، داروی سودابر۔

آنکھ کا ٹیڑھا پن Strabismus

سٹرابیسمس، جسے کراس آنکھوں کے نام سے بھی جانا جاتا ہے، ایک ایسی حالت ہے جس میں کسی چیز کو دیکھتے وقت آنکھیں ایک دوسرے کے ساتھ صحیح طور پر سیدھی نہیں ہوتی ہیں

سٹرابیسمس، یا آنکھیں بند کرنا، ایسی حالت ہے جس میں دونوں آنکھیں ایک ہی سمت میں نہیں بڑھتی ہیں اور مختلف سمتوں میں حرکت پذیر ہوتی دکھائی دیتی ہیں۔ اس حالت میں، آنکھ کے ایک یا دونوں حصے اندرونی، بیرونی یا دوسری سمت اشارہ کر سکتے ہیں دماغ کا وہ حصہ جو آنکھوں کی حرکاٹ کو کنٹرول کرتا ہے اس میں خرابی کیوجہ سے ہوسکتا ہے۔ دماغ کو درست کیا جائے اس کے بعد علاج کیا جائے۔

علاج

داروی بخور مریم علیہ السلام، حرز مریمؑ

بچوں کا دیر سے بولنا

اس بیماری میں بچے بول نہیں سکتے یا پھر بہت دیر سے بولتے ہیں۔عموماً ایک سال کے بعد بچے بولنا شروع کر دیتے ہیں مگر اس بیماری میں بچے نہیں بولتے۔

علاج

جامع بآب انار، داروی عقل، قطرہ سداب، سرکہ، بخور مریمؑ، نشادر کے پتھر کو دہی میں چند منٹ رکھیں پھر اس کی جھاگ زبان پر لگائیں۔

Parasitic worms in babies

بچوں میں پیٹ کے کیڑے عام بیماری ہوتی ہے ہمارے جسم میں مختلف اقسام کے کیڑے رہ سکتے ہیں طفیلی کیڑے ہمیں بیمار اور کمزور کر سکتے ہیں۔ یہ معدہ میں درد، کھانسی، بخار اور بیماری کا سبب بنتے ہیں۔طفیلی کیڑے آپ کے جسم کے اندر رہتے ہیں لہٰذا ہوسکتا ہے کہ آپ کو ان کی موجودگی کا پتہ نہ چلے۔

علامات کے علاوہ دانت کچکچانا، کھانے کی طلب بڑھ جانا، میٹھا رغبت سے کھانا، خون کی کمی، رنگت کا زرد پڑ جانا اس بیماری کی خصوصی علامات ہیں۔ یہ کیڑے رات کے وقت جسم پر باہر آجاتے ہیں۔سفیدی مائل رنگت ہونے کی وجہ سے نمایاں بھی نہیں ہوتے۔ یہ جسم پر انتہائی چھوٹے انڈے بھی دیتے ہیں۔ان کے جسم پر رینگنے اور کاٹنے کے باعث بچے بے اختیار کھجانے پر مجبور ہوجاتے ہیں۔اس عمل کے دوران کیڑوں کے انڈے بچوں کے ناخنوں میں گھس جاتے ہیں، اور پھر یہی انڈے خود انھی بچوں کے منہ کے راستے یا ناک کے راستے جسم میں داخل ہوتے ہیں، یا دوسروں کو منتقل ہوتے ہیں۔

علاج

عجوہ کھجور رات کو پانی کیساتھ دیں، سرکہ نہار منہ استعمال کریں (اس کے فوراً بعد شہد کھالیں)

سفید زبان

ایک صحت مند زبان گلابی رنگ کی ہوتی ہے جس پر چھوٹی چھوٹی گانٹھیں ہوتی ہیں جسے Papillae کہتے ہیں۔ یہ ایک عام شکایت ہے جو بدبودار سانسوں کا باعث ہے اور منہ کا ذائقہ کڑوا کر دیتی ہے۔زبان پر سفیدی اس وقت میں جمع ہوجاتے ہیں اور زبان کی یہ حالت پانی کی کمی، الکوحل کے زائد استعمال سے بخار یا تمباکونوشی سے ہوتی ہے۔اس کے علاوہ مُنہ کی صفائی نہ کرنا، تیزابی کھانے بھی زبان سفیدی کا باعث ہو سکتے ہیں۔بعض بیماریوں مثلاً جگر کا سکڑنا جائنڈس، اورل تھرش وغیرہ میں بھی زبان سفید ہوجاتی ہے اور بعض اوقات اینٹی بائیوٹک اور دیگر ادویات کے استعمال سے بھی زبان سفید

ہوجاتی ہے۔

علاج: زبان پر سرکہ لگائیں۔

Torticollis and weak neck

سپاسموڈک ٹارٹیکولس ایک انتہائی تکلیف دہ دائمی اعصابی تحریک کی خرابی ہے جس کی وجہ سے گردن غیرارادی طور پر گریواڈسٹونیا بھی کہا جاتا ہے بائیں، دائیں، اوپر کی طرف اور یا نیچے کی سمت موڑ دیتی ہے۔ اس حالت میں بچے ایک طرف اپنے سر کو جھکاتے ہیں۔

علامات

گردن کی کمزوری، اس میں گردن کے مسلز بہت کمزور ہوتے ہیں بچے گردن اٹھانہیں سکتے۔ دونوں کا علاج ایک ہی ہے۔

علاج

سویق گندم، سویق سنجد، سویق جو، روغن بنفشہ سے مالش کریں۔

زکام ونزلہ سے بچاو

علاج

داروی امام موسی کاظمؑ، روغن بنفشہ یا پیہ کنجد۔

ناف میں درد

(چارسالہ بچہ)

ناف میں درد گیس۔ تیزابیت، آنت کی انفیکشن، ورم وغیرہ کیوجہ سے ہوتا ہے۔

علاج

مرکب تین، مرکب دو، کاسنی، سنا مکی۔

کھوپڑی میں پانی Hydrocephalus

(CSF) ہائڈروسیفالس ایک ایسی حالت ہے جس میں دماغ کے اندر دماغی سیال جمع ہوتا ہے اس سے عام طور پر کھوپڑی کے اندر دباؤ بڑھ جاتا ہے۔ بوڑھے لوگوں میں سر درد، دوہری بینائی، ناقص توازن، پیشاب کی بے ضابطگی، شخصیت میں تبدیلی، یا ذہنی خرابی ہوسکتی ہے۔ بچوں میں سر کے سائز میں تیزی سے اضافہ ہوسکتا ہے۔ دیگر علامات میں الٹی، نیند آنا۔

علاج

داروی سعوط، جامع آب مرزنجوش، داروی طریفل، روغن بنفشہ پا یہ کنجد۔

ہڈیوں کا نرم ہونا یا کمزور ہونا Osteogenesis imperfecta (OI)

اس بیماری میں ہڈیاں بہت کمزور ہوتی ہیں۔ ہڈیاں بار بار ٹوٹ جاتی ہیں۔ ہڈیاں کے جوڑ کمزور ہوتے ہیں۔ بچہ اچھی طرح نہیں چل سکتا ہے۔ مسلز کمزور ہوتے ہیں۔

علاج

داروی استخوان ساز، سویق سنجد، برگ چقندر۔

لکنت زبان Stuttering

ہکلاہٹ (Stammering/stuttering) سے مراد اٹک اٹک کر بولنا ہے۔ عموماً بچوں کی عادت ہوتی ہے بڑبڑانا، الفاظ کو ترتیب سے جوڑ کر بات کرنے اسے لُکنت بھی کہتے ہیں۔ ویسے تو یہ مشکل پیش آنا، اشیاء کے نام بھول جانا، ٹوٹے پھوٹے لفظوں سے بات سمجھانے کی کوشش کرنا، بولنے میں آواز کی ادائیگی کی رفتار اور لہجے میں ہم آہنگی نہ ہونا بولنے کی کوشش کے دوران سانس پھول جانا نمایاں ہیں۔

علاج

داروی لکنت زبان، داروی صاف کنندہ خون، سنگ نشادر کو دہی میں ڈال کر اس کی جھاگ زبان پر رکھیں، زیر زبان حجامت۔

Tic dis orders

اس سے بچہ کا منہ ٹیڑھا ہو جاتا ہے۔ پٹھوں میں خرابی پیدا ہو جاتی ہے پھٹے کنٹرول میں نہیں رہتے بے قابو ہو جاتے ہیں۔ یہ جسم کے کسی بھی حصّہ میں ہو سکتا ہے۔ اعصابی کمزوری ہو جاتی ہے۔

علاج

داروی تقویت عصب، داروی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

بچوں میں خون کا کینسر

بچوں میں خون کا کینسر زیادہ ہوتا ہے۔ اس میں سفید یا سرخ خون کے خلیے کم ہو جاتے ہیں بچوں میں پھیلنے والے خون، ہڈیوں کے گودے کے کینسر کو طبی زبان میں 'لیوکیمیا' کہتے ہیں، جن بچوں کا مدافعتی نظام کمزور ہوتا ہے وہ ان بیکٹیریا اور جراثیموں کے خلاف مزاحمت نہیں کرتے اور انہیں لیوکیمیا لاحق ہو جاتا ہے۔ اس میں بچوں کی نیند کی کمی، کمزوری، لمف نوڈز بڑھ جانا، درد و سوجن شامل ہے۔

علاج

تمام اقسام کے خون کے کینسر۔

داروی قرص خون، داروی خونساز (کرات) داروی صاف کنندہ خون، داروی طحال، سویق سنجد، ترہ کھائیں۔

Vesicoureteral reflux(VUR)

اس بیماری میں پیشاب مثانہ سے نکلنے کے بجائے اوپر کی طرف چلا جاتا ہے اور بعض اوقات گردوں کی طرف چلا جاتا ہے۔ پیشاب کرنے میں مشکلات ہوتی ہیں۔ وزن میں کمی ہوتی ہے، بار بار پیشاب آتا ہے۔

علاج: مرکب تین

بچوں میں معدہ کی بیماریاں

اگر بچے اچھی طرح کھانہیں سکتے یا کھانے کے بعد الٹی کر دیتے ہیں تو ان میں معدہ کا مسئلہ ہوسکتا ہے۔

علاج

آب سیب، آب بہی لہسن

بچوں کا بستر پر پیشاب کرنا Nocturnal enuresis, Bed wetting

بچوں کا بستر پر پیشاب نکل جانا عام بات ہے۔ پانچ سال کی عمر تک اکثر بچوں کا بستر پر پیشاب نکل جاتا ہے۔ بچے رات کو بستر پر پیشاب کر دیتے ہیں۔

وجوہات

مثانہ کی کمزوری، ذہنی الجھن اور تناؤ، گہری نیند، سوتے میں ڈرنا

علاج طب اہلبیتؑ: مرکب تین

روایت

معصومین علیہ السلام سے راویت ہوئی ہے کہ دو حصے سعد ایک حصہ زعفران کو الگ الگ پیس لیں اور پیسی ہوئی سعد کو ایک ریشمی کپڑے سے چھان لیں، پھر انکو اکٹھا ملا دیں اور اس شہد کے ساتھ جس کی جھاگ اتار لی گئی ہو اس کے ساتھ ملا کر گولی کی شکل میں بنالیں اور ایک نئے برتن میں زعفران کے ساتھ لکھیں۔

بِسۡمِ اللہِ الرحمن الرحیم

إِنَّ اللهَ يُمۡسِكُ السَّمَاوَاتِ وَ الأَرۡضَ أَنۡ تَزُلَا وَ لَئِنۡ زَالَتَا إِنۡ أَمۡسَكَهُمَا مِنۡ أَحَدٍ مِنۡ بَعۡدِهِ إِنَّهُ كَانَ حَلِيماً غَفُوراً۔

اس آیت کو برتن کی ہر جگہ پر لکھ دیں اور کوئی جگہ خالی نہ بچے، پھر اس ٹھنڈے پانی کے ساتھ دھوئیں اور ایک صاف

شیشے کے برتن میں ڈال دیں۔ پھر سورہ حمد اور تین بار سورہ اخلاص، سورہ فلق، ناس، آیۃ الکرسی، سورہ حشر اور بنی اسرائیل کی آخری آیات کپڑے پر لکھے۔ اس وقت لکھے۔" بِسۡمِ اللّٰہِ الرحمن الرحیم إِنَّ اللّٰہَ یُمۡسِكُ السَّمَاوَات "اور لکھے یَا مَنۡ هُوَ هَكَذَا لَاهَكَذَا غَيۡرُهُ أُمۡسِكُ عَنۡ فُلَانِ بِنِ فُلَانٍ مَا يَجِدُ مِنۡ غَلَبَةِ البَوۡل

اس دعا کو اگر عورت ہے گھٹنوں پر اور اگر مرد (لڑکا) ہے ناف کے نیچے باندھیں۔ پھر اس گولی کو (جو سعد اور زعفران کے ساتھ آمادہ کی ہے) سونے کے ٹائم اس پانی کے ساتھ دیں (تعویذ والا) اور حتماً کم پانی پیئے اور انشاء اللہ اس کی بیماری دور ہو جائے تو دعا کو کھول دیں تاکہ پیشاب رک جانے والی بیماری میں مبتلا نہ ہو جائے۔ مکارم الاخلاق ص820

مردانہ کمزوری

وجوہات

سردمزاج، سردغذائیں، اسپرم کی کمی، پروسٹیٹ، کمر کے مہروں کا مسئلہ، معدہ وجگر کی خرابی، سیاہ جوتے پہننا، بڑے بال رکھنا، خوف وڈپریشن، جنسی کمزوری، اعصاب کی کمزوری، سویق وشکرا کٹھا کر کے کھانا، اشنان، بڑے بال رکھنا۔

علاج

سب سے پہلے جومسئلہ ہے اس کی اصلاح کریں۔

داروی کور، داروی جزر، تین فیل، مرکب چار، تقویت عصب، شربت امام رضاؑ، داروی ابن مسعود، تقویت جنسی، روغن ایرسا مالش کرنا، داروی کروایا، مومیائی۔ تیس گرام رائل جیلی اور 500 گرام شہد میں ملا کر ہر روز صبح ایک چمچ کھائیں ساتھ اس میں سات دانے کلونجی ڈالیں۔

غذائیں

کندر+انجیر دونوں سات سات دانے رات کو کھائیں، کاسنی، بہی، انار، آم، زیتون کا تیل، گاجر، کیلا، سویق نخود، حلیم، ادرک+شہد، مومیائی، روغن زیتون، کلونجی، نورہ لگائیں، ادرک، دارچینی، شاہ زیرہ۔

جب جماع کرنے کا ارادہ ہو تو یہ دعا پڑھو امام علیؑ فرماتے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ اَللّٰھُمَّ جَنِّبْنِی الشَّیْطَانَ مَا رَزَقْتَنِیْ

تا کہ جماع میں شیطان شریک نہ ہو۔ وقت جماع بسم اللہ پڑھے اور حق تعالی سے سوال کرے کہ اسے فرزند صالح مرحمت فرمائے اور جماع پیر، منگل، جمعرات اور جمعہ کی راتوں میں مستحب ہے اور جمعرات کو بوقت زوال اور بروز جمعہ عصر کے بعد اور جب عورت کی خواہش ہو اور ماہ رمضان کی شب اول میں بھی مستحب ہے۔ تحفۃ العوام مقبول جدید، صفحہ 271

احادیث

امام موسیٰ کاظم علیہ سلام فرماتے ہیں روغن ایرسا کو ناک میں ڈالیں اس سے جنسی طاقت میں اضافہ ہوتا ہے۔ الکافی ج6 ص524

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں اپنے دانتوں کو سعد سے دھویا کرو۔ منہ کو خوشبودار اور قوت جنسی کو زیادہ کرتا ہے۔ الخصال ص55

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں، سعد دانتوں کو سفید، دھان کو خوشبودار اور جنسی طاقت کو زیادہ کرتی

ہے۔المحاسن ن2ص63

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں اچھی خوشبو جنسی طاقت میں اضافہ کرتی ہے۔قرب الاسناد ص168

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں پیاز دھان کو خوشبودار، بلغم کو ختم اور قوت جنسی میں اضافہ کرتا ہے۔المحاسن ج2ص522

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں پیاز منی (اسپرم) کو زیادہ کرتا ہے۔ہمان

رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کھجور برنی جنسی قوت میں اضافہ کرتی ہے، شیطان کو دور بھگاتی ہے، انسان کی بینائی اور قوت سماعت میں اضافہ کرتی ہے، منہ کو خوشبودار بناتی ہے اور معدے کو پاک کرتی ہے۔المحاسن ج2ص537

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں، گاجر قولنج اور بواسیر کی بیماری سے امان ہے اور قوت جماع کے لیے معاون ثابت ہوتی ہیں۔الکافی ج6ص372

امام موسیٰ کاظم (علیہ سلام) فرماتے ہیں، خضاب کرنا جلد کو شاداب کرتا ہے اور قوت مردانہ میں اضافہ کرتا ہے۔الکافی ج6ص481

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں، سرمہ لگانا قوت جنسی کو زیادہ کرتا ہے۔اصول کافی ج6ص494

امام علی رضا (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔انار کھانا منی کو زیادہ کرتا ہے اور بچہ کو نیکوکار بناتا ہے۔المحاسن ج2ص546

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں، بینگن منی کو زیادہ کرتے ہیں۔مکارم الاخلاق ص184

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔مہندی، اسلامی خضاب ہے، مومن کے عمل کے ثواب کو بڑھاتا ہے، سر درد کو ختم کرتا ہے، آنکھوں کی بینائی کو تیز کرتا ہے، ہم بستری کی صلاحیت میں اضافہ کرتا ہے، اور سب سے اہم بات یہ کہ دنیا و آخرت کے خوشبودار پودوں میں سے ہے۔مکارم الاخلاق ص72

امام علی (علیہ سلام) فرماتے ہیں بڑے بال نہ رکھیں اس سے جنسی طاقت کم ہوتی ہے۔مکارم الاخلاق ص248

امام موسیٰ کاظم (علیہ سلام) فرماتے ہیں بڑے بال نہ رکھیں اس سے آب کمر (منی) کم ہوتی ہے۔مستدرک الوسائل ج2ص108

امام علی رضا (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔مباشرت کے فورا بعد پیشاب کرنا چاہیے اس سے پتھری پیدا نہیں ہوتی۔طب امام رضاؑ ص33

جنسی طاقت دوبارہ حاصل کریں

امام علی رضا (علیہ سلام) فرماتے ہیں جو چاہتا ہے جتنی منی خارج ہوئی ہو دوبارہ پیدا ہو جائے وہ غسل کے بعد مومیائی (سلاجیت) کھالے۔طب امام رضاؑ ص33

بے اولادی

صاحب اولاد ہونے کے لیے غذائیں۔

امام علیؑ فرماتے ہیں۔نبیوںؑ نے خدا سے اولاد نہ ہونے کی شکایت کی۔خدا نے فرمایا۔مرغی کے انڈے اور پیاز کھاؤ۔المحاسن ج2 ص444

امام موسیٰ کاظمؑ سے کسی نے اولاد کی فرمائش کی امامؑ نے فرمایا مرغی کے انڈے کو پیاز کے ساتھ کھاؤ۔المحاسن ج2 ص481

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔کاسنی کھاؤ۔اولاد خوبصورت پیدا ہوگی۔مرد کی منی کو زیادہ کرتی ہے۔المحاسن ج2 ص 481

پیاز

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔جب بھی کسی شہر میں داخل ہو وہاں کا پیاز کھاؤ۔بیماریوں سے محفوظ رہو گے۔پیاز باہ مردان (منی) کو زیادہ کرتا ہے

انار

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں۔انار کھاؤ۔باہ مردان کو زیادہ کرتا ہے اور پیٹ میں بچے کو خوبصورت بناتا ہے۔المحاسن ج2 ص546

شہد+دودھ

امام موسیٰ کاظمؑ فرماتے ہیں۔دودھ میں شہد ملا کر پئیں۔آب کمر (منی) کو بڑھانے کے لیے بہت فائدہ مند ہے۔ الکافی ج6 ص340

زیتون

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔زیتون آبِ کمر کو زیادہ کرتا ہے۔الکافی ج6 ص332

کنگھی کرنا

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔کنگھی کریں رزق کو بڑھاتا ہے اور آب کمر کو زیادہ کرتا ہے۔الکافی ج6 ص489

امام موسیٰ کاظمؑ فرماتے ہیں۔جس کو اولاد نہیں ہوتی وہ مرغی کا انڈے کو پیاز کے ساتھ زیتون میں پکا کر کھائے۔مکارم الاخلاق ج1 ص425

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کھجور کی فصل پکنے پر توڑنے کے موسم میں بہت زیادہ بینگن کھاؤ کیوں کہ وہ ہر درد کے لئے شفا ہے، چہرے کی شادابی میں اضافہ کرتا ہے، رگوں کو نرم کرتا ہے اور کمر کے پانی (جنسی قوت) میں اضافہ کرتا

ہے۔

انجیر

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں انجیر کھاؤ۔ تازہ اور خشک انجیر قوت جنسی میں اضافہ کرتا ہے۔ بواسیر کو ختم کرتا ہے۔

نقرس اور سرد مزاج کے لیے فائدہ مند ہے۔ مکارم الاخلاق ص173

گوشت اور مرغی کا انڈہ

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔ ایک پیغمبر نے خدا سے اولاد کی کمی کی شکایت کی۔ خدا نے فرمایا: گوشت اور مرغی کا انڈہ (اکھٹے پکا کر کھاؤ)۔ (بہتر ہے گوشت و انڈہ کو زیتون کے تیل میں پکا کر کھائیں) بیض الدجاج ص324

حلیم

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔ ایک پیغمبرؑ نے خدا سے ضعیف وسستی ہم بستری کی شکایت کی خدا نے فرمایا: حلیم کھاؤ (حلیم میں گندم وجو لازمی ڈال کر استعمال کریں) الکافی ج6 ص319

دودھ+شہد (سپرم کی کمی)

امام موسیٰ کاظمؑ فرماتے ہیں۔ اگر کسی کے سپرم کم ہیں تو شہد اور دودھ ملا کر پیئے (مرد+عورت دونوں) رات کو سوتے وقت ایک گلاس۔

صاحب اولاد ہونے کے لیے ازکار و اعمال

روحانی اعمال

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں حالت سجدہ میں طلب فرزند کے لیے دعا کریں۔

اللّٰهُمَّ أَدِمْ فِيهِنَّ لَذَّتِي، وَ كَثِّرْ فِيهِنَّ رَغْبَتِي، وَ قَوِّ عَلَيْهِنَّ ضَعْفِي، حَلالاً مِنْ عِنْدِكَ يَا سَيِّدِي طب الآئمہ ص130

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔ فرزند کے لیے سجدہ میں دعا پڑھو "رَبِّ هَبْ لِي مِنْ لَدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً إِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعاءِ رَبِّ لا تَذَرْنِي فَرْداً وَ أَنْتَ خَيْرُ الْوارِثِين" الكافي (ط-ال اسلامیۃ)، ج6، ص:8

امام باقر علیہ السلام فرماتے ہیں۔

طلب اولاد کے لیے شوہر و زوجہ روزانہ صبح+شام

شوہر ہر روز صبح و شب، ستر بار"سبحان اللہ"، ۱۰ مرتبہ"استغفر اللہ ربی و اتوب الیہ" و ۹ مرتبہ"سبحان اللہ"، ایک بار"استغفر اللہ ربی و اتوب الیہ" پڑھیں۔

ایک ساٹھ سالہ شخص نے امام باقر علیہ السلام سے اولاد نہ ہونے کی شکایت کی۔ امام (علیہ سلام) نے فرمایا: تین دن تک نماز عشاء اور نماز فجر کے بعد ستر مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ اور ستر مرتبہ أَسْتَغْفِرُ اللّٰہ اور اللہ تعالیٰ کے اس فرمان پر

ختم کرو۔ فَقُلۡتُ اسۡتَغۡفِرُوۡا رَبَّکُمۡ ؕ اِنَّهٗ کَانَ غَفَّارًا ۱۰

اور کہا: اپنے پروردگار سے معافی مانگو، وہ یقیناً بڑا معاف کرنے والا ہے۔

یُّرۡسِلِ السَّمَآءَ عَلَیۡکُمۡ مِّدۡرَارًا (۱۱)　　۱۱۔ وہ تم پر آسمان سے خوب بارش برسائے گا

وَّ یُمۡدِدۡکُمۡ بِاَمۡوَالٍ وَّ بَنِیۡنَ وَ یَجۡعَلۡ لَّکُمۡ جَنّٰتٍ وَّ یَجۡعَلۡ لَّکُمۡ اَنۡهٰرًا ۱۲

۱۲۔ وہ اموال اور اولاد کے ذریعے تمہاری مدد کرے گا اور تمہارے لیے باغات بنائے گا اور تمہارے لیے نہریں بنائے گا۔ (سورہ نوح)

تیسری رات اپنی بیوی سے مجامعت کرو بہ اذنِ خدا صحیح وسالم فرزند کے باپ بنو گے۔ راوی کہتا ہے اس شخص نے ایسا ہی کیا ابھی سال پورا نہیں ہوا تھا باپ بن گیا۔ آیت اللہ تقی بہجت گوہر حکیمانہ ص 34

ہشام کا ایک دربان تھا جو بہت مالدار تھا اور اسے اولاد نہیں تھی۔ امام باقر علیہ السلام نے اس سے فرمایا کیا تم چاہتے ہو تمہیں کوئی ایسی دعا بتاؤں جس سے تم صاحب اولاد ہو جاؤ؟ دربان نے کہا ہاں۔ امام (علیہ سلام) نے فرمایا:

روزانہ صبح اور عصر کے وقت ستر مرتبہ سُبۡحَانَ اللّٰه، دس مرتبہ اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰه اور دس بار سُبۡحَانَ اللّٰهِ اور دسویں تسبیح کو استغفار پر ختم کرو اور کہو فَقُلۡتُ اسۡتَغۡفِرُوۡا رَبَّکُمۡ ؕ اِنَّهٗ کَانَ غَفَّارًا ۙ۝ یُّرۡسِلِ السَّمَآءَ عَلَیۡکُمۡ مِّدۡرَارًا ۱۱

یُمۡدِدۡکُمۡ بِاَمۡوَالٍ وَّ بَنِیۡنَ وَ یَجۡعَلۡ لَّکُمۡ جَنّٰتٍ وَّ یَجۡعَلۡ لَّکُمۡ اَنۡهٰرًا

دربان نے ایسا ہی کیا جس کے نتیجے میں خدا نے اسے کثیر اولاد عطا کی۔

راوی کہتا ہے میں نے اور میری زوجہ نے بھی ایسا ہی کیا ہم صاحب اولاد ہو گئے اور بھی بہت سے بے اولاد افراد کو بتایا وہ اس پر عمل کر کے صاحب اولاد ہو گئے۔ گوہر حکیمانہ ص 36

دو انگوٹھیاں جن میں فیروزہ کا نگینہ ہو ان پر "رَبِّ لَا تَذَرۡنِیۡ فَرۡدًا وَّ اَنۡتَ خَیۡرُ الۡوٰرِثِیۡنَ (سورہ انبیاء 89 آیت)" درج ہو شوہر و زوجہ دونوں پہنیں اور نجس ہونے سے بچائیں صاحب اولاد نہ ہونے تک یہ عمل جاری رکھیں۔ گوہر حکیمانہ ص 36

امام حسینؑ کی جب شہادت ہوئی ایک لاکھ بانجھ عورتیں آپ کی قبر کی زیارت کے لیے کربلا گئیں اور زیارت کی برکت سے سب کی سب صاحب اولاد ہو گئیں۔ کامل الزیارات، بحار الانوار

شیخ بہائی فرماتے ہیں۔ مندرجہ ذیل نسخہ میں نے 900 عورتوں کے لیے تجویز کیا سب کی سب صاحب اولاد ہو گئیں۔ وہ نسخہ یہ ہے۔

سورہ رعد کی آیت 31 کو کھول کر لکھیں۔ اس آیت کو منقطع یعنی توڑ توڑ کر لکھیں۔ مثلاً

ول وان ق ر آن ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پھر لفافے میں بند کر کے عورت اپنے پہلو کے ساتھ باندھ لے۔ انشاء اللہ جلد

صاحب اولاد ہو جائے گی۔

الاَرضُ اَو کُلِّمَ بِهِ المَوتٰی ؕ بَل لِّلّٰهِ الاَمرُ جَمِیعًا ؕ اَفَلَم یَایئَسِ الَّذِینَ اٰمَنُوٓا اَن لَّو یَشَآءُ اللّٰهُ لَهَدَی النَّاسَ جَمِیعًا ؕ وَلَا یَزَالُ الَّذِینَ کَفَرُوا تُصِیبُهُم بِمَا صَنَعُوا قَارِعَةٌ اَو تَحُلُّ قَرِیبًا مِّن دَارِهِم حَتّٰی یَاتِیَ وَعدُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُخلِفُ المِیعَادَ ۳۱ (سورہ الرعد)

صاحب اولاد ہونے کے لیے طب اہل بیتؑ کی ادویات

عورت کے لئے

وجوہات

چسپند گی رحم، عفویت رحم وانفیکشن رحم، داروی جر جیر۔

علاج

اسکے علاوہ اگر (Cyst) وغیرہ ہو تو داروی ازخر استعال کریں، شربت امام علی رضاؑ، ایک چمچ کاسنی کھائیں، دیسی انڈے اور پیاز کو زیتون کے تیل میں پکا کر ناشتہ میں کھائیں، آبنوس+شہد، داروی آمادگی رحم، نورہ طبیعی، آب نسیان، شیرہ خرما+شیرہ انگور+شیرہ اخروٹ ایک چمچ، سویق گندم+سویق جو دو چمچ، رائل جیلی+شہد+سات دانے کلونجی ایک چمچ رات، داروی باہ زنان ایک چمچ چودہ رات یکم سے چودہ تک۔

پرہیز: ٹھنڈی غذائیں، دھنیا، چائے، کافی غم و پریشانی

مرد کے لیے

ناشتہ میں سفید پیاز کو دیسی انڈوں کے ساتھ زیتون کے تیل میں پکا کر کھائیں، تل+شہد گون، ایک چمچ رائل جیلی+شہد+سات دانے کلونجی، مرکب چھار دو چمچ رات کو، داروی کور، داروی جزر، داروی تین فیل، داروی کاسنی، نورہ، دودھ+شہد، پنیر+اخروٹ، مومیائی، شربت امام علی رضاؑ، آب نسیان، آخری شب ہم بستری کریں، اسلامی ماہ کی پہلی، چودہ، پندرہ، انتیس، تیس ہم بستری نہ کریں، آبِ نسیان پانچ دن اس نیت سے پئیں کہ اولاد ہو جائے۔ نیت کریں فرزند پیدا ہو گا اس کا نام محمد یا علی اگر لڑکی پیدا ہوئی تو اس کا نام فاطمہ رکھوں گا۔

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔ ہر روز 110 بار استغفار پڑھیں۔ جس کو اولاد نہ ہوتی ہو۔ الکافی ج6 ص03

مردانہ طاقت زیادہ کرنے کے لیے

علاج

تقویت عصب دیں۔

پرہیز

سرد غذائیں سے پرہیز کریں، گرم غذائیں کھائیں، مالش کریں۔

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں سویق کو روغن زیتون کے ساتھ کھانا گوشت کو اگاتا ہے، ہڈیوں کو مضبوط کرتا ہے، جلد کو نرم کرتا ہے اور قوت مردانہ میں اضافہ کرتا ہے۔ المحاسن ج2 ص488

امام علی (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ خضاب میں تین خوبیاں ہیں۔ جنگ میں ہیبت ہوتی ہے، عورتوں کے لیے محبت کا باعث ہے اور قوت جنسی میں اضافہ کرتا ہے۔ اصول کافی ج7 ص131

مرکب چار کھاؤ۔ قوت جنسی میں اضافہ کرتا ہے۔ گردوں کو گرم کرتا ہے۔ طب لآئمہ ص77

حباری (سرخاب) Arabian bustard

امام علیؑ فرماتے ہیں حباری کا گوشت کھائیں بواسیر کا علاج ہے کمر درد کے لیے مفید ہے اور قوت جنسی میں اضافہ کرتا ہے۔ الکافی ج6 ص313

خربوزہ کھاؤ جماع میں اضافہ کرتا ہے مثانہ کو صاف کرتا ہے۔ الخصال ص444

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں تم لوگ تربوزہ کھایا کرو اس میں دس خاصیت ہیں۔ یہ گودہ زمین ہے جس میں کوئی بیماری نہیں ہے۔ یہ خوراک ہے۔ یہ پھل ہے۔ یہ شربت ہے۔ یہ دانتوں کو صاف کرتا ہے قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔ مثانہ کو پاک کرتا ہے اس سے پیشاب زیادہ آتا ہے۔ مثانہ کی پتھری کو توڑتا ہے۔ الخصال ص252

اسپرم زیادہ کرنے کے لیے

مرد کی منی ریڑھ کی ہڈی سے بنتی ہے، اس کے لیے کمر والی غذائیں بھی مفید ہیں کھجور برنی، خربوزہ، پیاز، دودھ، چنا، شاہ زیرہ اس کے علاوہ نورہ و کنگھی کرنا بھی مفید ہے

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں نورہ آب کمر (منی) کو زیادہ کرتا ہے۔ مستطرفات السرائر ص575

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔ پنیر کھاؤ۔ رات کے وقت منی کو زیادہ کرتا ہے (پنیر کو اخروٹ کیساتھ کھائیں)

اسپرم کم کرنے والی غذائیں

دھنیا، سرد غذائیں

اشنان Seidlitzia rosmarinus

امام موسیٰ کاظمؑ فرماتے ہیں۔ اشنان ٹی بی پیدا کرتا ہے، اسپرم کو کم کرتا ہے، کندھوں کو کمزور کرتا ہے۔ (اس سے ہاتھ و پاؤں نہیں دھونا چاہے اور نہ ہی کھانا چاہے)۔ الکافی ج6 ص378

شہد+دودھ

امام موسیٰ کاظمؑ فرماتے ہیں۔دودھ میں شہد ملا کر پئیں۔آب کمر (منی) کو بڑھانے کے لیے بہت فائدہ مند ہے۔

الکافی ج6ص340

خواتین کی جنسی کمزوری

خواتین کی جنسی کمزوری کے لیے

گل تبریزی، تخم کتان، تخم جعفری، تخم یا برگ جعفری بہترین ہیں۔

سستی دور کرنے کے لیے مردانہ آلہ تناسل کی

علاج

داروی جزر، داروی کور، تین فیل، تقویت جنسی

پروسٹیٹ Prostate

مردانہ ہارمون ہے۔جو پیشاب کی نالی کیساتھ جڑا ہوتا ہے۔زنجیر کی شکل میں نالی بنی ہوتی ہے۔

علامات

پیشاب میں خون، پیشاب کرتے وقت درد وجلن، پروسٹیٹ میں درد وسوجن، ٹانگوں میں سوجن، پیٹ بھرے ہوئے جماع کرنا، اسلامی ماہ کی پہلی رات جماع کرنا، جماع کے بعد دوبارہ جماع کرنا۔

علاج

تخم کدو+روغن عقرب+کلونجی، مرکب ایک، داروی ابن مسعود، داروی پروستات، حجامت، مرکب چھار، اسپند۔

پرہیز

اسلامی ماہ کی 1، 14، 15، 29، 30 تاریخ کو جماع نہیں کرنا چاہیے، زیادہ نہیں کھانا چاہیے، پیٹ بھرے ہوئے جماع نہیں کرنا چاہیے، جماع کے بعد دوبارہ جماع غسل کیے بغیر جماع نہیں کرنا چاہیے۔آلہ تناسل کے درد کے لیے کھیرے اور ککڑی بہترین غذا ہے۔

عدم انزال Aspermia

اس مرض میں ملاپ کے وقت منی خارج نہیں ہوتی ہے اور شہوت ختم ہوجاتی ہے یا کسی طبی مزاحمت کیوجہ سے خارج نہیں ہوسکتی۔

علاج

دیکھیں کمر کے مہروں کا مسئلہ ہے یا پروسٹیٹ کا اگر وہ ہے تو اسے دور کریں۔داروی تین فیل، شہد+دودھ، داروی

کاسنی۔

Erectile dysfunction

(ED)عضوتناسل میں تناؤ نہ ہونے سے مُراد یہ ہے کہ متعلقہ مَرد،جنسی ملاپ کے لئے اپنے عضوتناسل میں مطلوبہ تناؤ حاصل نہ کر سکے یا اس تناؤ کو جنسی ملاپ کی تکمیل تک قائم نہ رکھ سکے اس دوران منی کا اخراج ہوجائے۔

وجوہات

جنسی کمزوری،سرد مزاج،اعصاب کی کمزوری

علاج

جنسی کمزوری کو دور کرنے والی غذائیں کھائیں،داروی تین فیل،داروی جزر،داروی کور،داروی تقویت عصب،تقویت جنسی،دودھ+شہد گرم کر کے رات کھائیں۔

ہائیڈروسیل

یہ خصیوں (Testes) کی سوجن ہے۔ان کے اردگرد پانی جمع ہوجاتا ہے۔عام طور پر علاج کے بغیر غائب ہوجاتا ہے۔

علامات

عام طور پر اس سے درد نہیں ہوتا ٹیسٹیس ایک یا دونوں میں سوجن ہو جاتی ہے۔ بالغ مردوں میں خصیاں (testi) میں سوجن یا بھاری ہوجاتی ہیں۔ان میں پانی پڑ جاتا ہے۔جس سے درد شروع ہوجاتا ہے۔ یہ انفیکشن، ٹیومر، انجری وغیرہ (Varicocele) فوطوں میں سوجن ہوجاتی ہے ٹیسٹی کے اندر کی رگیں سوج جاتی ہیں،جس کی وجہ سے خصیوں میں درد شروع ہوجاتا ہے۔

علاج

داروی واریکسول،داروی طریفل،داروی سنا۔

Hydro Cele

اس بیماری میں خصیوں میں پانی پڑ جاتا ہے،درد ہوتا ہے اور ٹیسٹی لٹک جاتی ہیں سوج بھی جاتی ہیں،فوطے آہستہ آہستہ بڑھتے جاتے ہیں،جس سے جلد اور اس کے نیچے کی بناوٹ خراب ہوجاتی ہے اور خصیے اپنے قدرتی افعال انجام نہیں دے سکتے اور ایک قسم کی رطوبت مائع پیدا ہوکر خصیہ کی تھیلیمیں تراوش پانے لگتی ہے۔

علاج

داروی واریکسول،داروی طریفل،داروی سنا مکی،داروی صاف کنندہ خون،برگ سنا گل،مرکب نو،روغن بنفشہ پایہ

زیتون، پاؤں وٹانگوں کی حجامت، ایلو ویرا+ انگور کا سرکہ اس سے مالش کریں۔ کھجور کی گٹھلی جلا کر گوبھی کو پکا کر اور سرکہ انگور ملا کر اوپر لگائیں دو گھنٹے۔

احتیاط

کھلے کپڑے پہنئے پینٹ شرٹ سے اجتناب کریں۔

خصیوں میں رسولی Spermatocele

اس میں (Testes) کے اوپر گلٹی (Cycst) بن جاتی ہے جس سے سوجن ہوتی ہے۔

علاج

تباشیر+سرکہ+ الوویرا ان کا خمیر بنا کر اوپر لگائیں، تباشیر بآب کدو کھائیں۔

Anal Cancer

مقعد کا کینسر ایک ایسی بیماری ہے جس میں مہلک (کینسر) خلیے مقعد کے ٹشوز میں بنتے ہیں۔ زیادہ تر مقعد کینسر کا (HPV) تعلق انسانی پیپیلو ماوائرس کے انفیکشن سے ہوتا ہے۔ مقعد کے کینسر کی علامتوں میں مقعد یا ملاشی کے قریب ایک گانٹھ سے خون بہنا شامل ہے۔ لمف نوڈز کا پھول جانا، مقعد کے ارد گرد شدید خارش، چھوٹی چھوٹی (Cysts) گلٹیں۔

علاج

طریفل، قرص خون، شہد+کلونجی، سنا مکی، داروی شفا

خواتین کی بیماریاں

دلہن کو پہلے ہفتے سرکہ دودھ پودینہ وترش سیب کھانے سے منع کریں امام علی علیہ السلام نے پوچھا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ نے کس لیے ان چار چیزوں کے کھانے سے منع کیا ہے تو فرمایا، ان چار چیزوں کے کھانے سے اس کی بچہ دانی ٹھنڈی و ناز ا ہو جاتی ہے، (یعنی عورت بھانج ہو جاتی ہے) پھر امام علیؑ نے فرمایا یارسول ص سرکہ وترشی سے کیوں روکا جائے آپ نے فرمایا اگر ترشی پر حیض آجائے تو کبھی حیض سے پاک نہیں ہوگی اور پودینہ تو حیض کو عورت کے پیٹ میں پھیلاتی ہے اور بچہ جننے میں سختی پیدا کرتی ہے اور ترش سیب حیض کو بند کر دیتا ہے جو عورت کے لیے بیماری کی شکل اختیار کر لیتی ہے۔

ماہواری Menses

1) ماہواری کا نہ آنا، کم آنا، عدم قاعدگی (Amenorrhea (No menstruation

اس بیماری میں حیض ماہواری بلکل نہیں ہوتی یا پھر کم ہوتی ہے۔ یا پھر بہت دیر سے لڑکیاں بالغ ہوتی ہیں۔

وجوہات

ہارمون کی کمی خون کی خرابی کم خونی، سرو دماغ میں کچھ رکاوٹ،

طب اہلبیتؑ علاج

داروی ابھل، داروی جر جیر، سر پر مہندی لگائیں، داروی صاف کنندہ خون، ایک چمچ اسپند رات کو سوتے وقت کھا لیں ایک چمچ سونف اور ایک چمچ شہد ابال کر استعمال کریں۔ آلو بخارا کھائیں، پنڈلی کی حجامت۔

امام موسیٰ کاظمؑ کے پاس ایک شخص آیا اور کہا میری بیٹی کو ماہواری نہیں آرہی آپؑ نے فرمایا۔ اس کو بتاؤ بالوں پر مہندی لگائے اس نے مہندی لگائی ماہواری آ گئی۔ الکافی ج6 ص484

2) ماہواری نہ آنا

علاج

مہندی امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کے پاس ایک شخص آیا اور کہا میری بیٹی کو ماہواری یعنی کے حیض نہیں آتے تو آپؑ نے کہا کہ اس کے سر کے بالوں پر مہندی لگا تو اس شخص نے اپنی بیٹی کے سر کے بالوں پر مہندی لگائی تو اسے ماہواری ہوگی۔ الکافی جلد6 ص484

طِب اہلبیت علیہ السّلام ادوایات

داروئ ابھل، داروئی جر جیر، داروی آمدگی رحم، حجامت، ماہواری نہ آرہی ہوتو پنڈلی کی حجامت کروائے۔

3) ماہواری کا خون نہیں رکتا

ماہواری کا خون ایک ہفتے تک آتا ہے اس سے زیادہ خطرناک ہوتا ہے اور عورت کمزور ہوجاتی اس خون کی وجہ سے ایک شخص امام علی رضا علیہ السلام کے پاس آیا اور کہا میری بیٹی کو ماہواری کا خون نہیں رُک رہا تو امام علی رضا علیہ السلام نے فرمایا سماق اور دھنیا ایک مٹھی لے لیں اور چار گلاس پانی میں اُبالیں جب دو گلاس پانی لے جائے تو مریض کو روزانہ آدھا گلاس پانی دے دیں چار دن تک ماہواری کا خون بند ہوجائے گا۔

مسور کی دال کا پاؤڈر

امام باقر علیہ السلام نے فرمایا ماہواری نہ رک رہی ہوں تو مسور کی دال کا پاؤڈر بنا کر مریض کو دے دو۔

ادوایات

سویق عدس، جامع بآب شہد، قرص خون، سماق رومی۔

4) ماہواری کا درد

اگر خون کی کمی ہے تو خون والی چیزیں استعمال کرے اگر کمر کا مسئلہ ہے تو پھر کمر والی غذائیں کھایئے ایام شروع ہونے سے قبل رات کو سونف کا قہوہ استعمال کریں۔ درد ہورہا ہے تو ادرک اور دارچینی کو ابال کر قہوہ بنا کر پئیں، سویا کو ابال کر پئیں شہد کے ساتھ۔ صتعر فارسی ایک چمچ پی لے، چائے گلاب، چائے گل بابونہ شہد اور گرم پانی میں استعمال کر کے گرم گرم پی لیں۔

احتیاط

ان ایام میں شاور سے غُسل ہرگز نہ کریں، ٹھنڈی اشیا کھانے سے پرہیز کریں۔

ادویات

دروی درد رحم، جامعہ پلس شہد، دو چمچ شہد یا زیتون کے پی لیں حیض سے کچھ دن قبل سونف کا قہوہ استعمال کریں رات کو۔

5) کثرت حیض

اگر عادت کے دن (حیض کے دن) ایک ہفتہ سے زیادہ ہوجائیں تو یہ خون آنا معمول سے ہٹ کر ہے اور ایک قسم کی بیماری شمار ہوتا ہے اس کے علاج مندرجہ ذیل ہیں۔

علاج اول: غسل

وہ کام جو مستحاضہ انجام دیتی ہے وہ ایک طرح کا علاج ہے۔

پیامبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں عورت جس کا خون نہیں رک رہا اور استحاضہ میں مبتلا ہے ہر نماز کے وقت غسل کرے۔ عورت یہ کام نہیں کرتی ہے مگر یہ کہ ٹھیک ہوجاتی ہے۔ دعائم الاسلام، ج2،ص138، ح485۔

علاج دوم: دھنیا اور سماق

ایک عورت امام علی رضا علیہ السلام کو خط لکھتی اور خون نہ رکنے کی شکایت کرتی ہے، امام علی رضا علیہ السلام نے خط کے جواب میں لکھا ایک مٹھی دھنیا اور ایک مٹھی سماق کو رات سے صبح تک پانی میں ڈال کر کھلے آسمان کے نیچے رکھ دیں، صبح اس کو آگ پر ابال لیں اور اس کو صاف کر کے ایک کپ کے برابر پی لیں یہ دوا خون کو اللہ کے اذن کے ساتھ روک دے گی۔ طب لآئمہ ص101

علاج سوئم: (دال کا ستو)

مسور کی دال کا ستو (عربی فارسی سویق عدس) علی بن محزیار یہ اس طرح کہتا ہے ہمارے ہاں ایک دوشیزہ ہے جو خون حیض دائمی میں مبتلا ہے اور قطع نہیں ہوتا یہاں تک کہ موت کے قریب ہے امام باقر علیہ السلام نے فرمایا اس کو مسور کی دال کا ستو دوں اس کو مسور کی دال کا ستو دیا گیا تو اس کا خون رک گیا اور وہ ٹھیک ہوگئی۔ الکافی ج6،ص307، ح2

2) اسقاط حمل Abortion

اسقاط حمل سے مراد ایسا عمل ہے جس کے دوران میں رحم مادر میں موجود بچہ جو جنین یا حمیل کے مراحل میں ہوتا ہے رحم سے خارج ہوجاتا ہے یہ عمل بچے کی موت کا باعث بھی ہوسکتا ہے اس کا مکمل طبی نام اسقاط حمل ہیں کیوں کہ اسقاط کا لفظ دیگر مفہوم میں بھی ادا کیا جاتا ہے اس کا عمل از خود یعنی قدرتی طور پر مائل بھی ہوسکتا ہے اور یا پھر انسانی مداخلت کا نتیجہ بھی ہوسکتا ہے اسی بنیاد پر اس کو دو اہم اقسام میں تقسیم کیا جاسکتا ہے

مختاری اسقاط Spontaneous abortion

یعنی خود بخود کسی بھی طبی وجہ سے ہوجانے والا اس کا اس کو بچہ گرنا (مس کیریج) بھی کہا جاتا ہے۔

مالی اسقاط Induced abortion

یعنی انسان کی مداخلت سے اور جراحی یا کیمیائی طریقوں کے ذریعے بچے کو ضائع کیا جائے۔

علامات

حمل ضائع ہونے کی علامات یہ ہیں۔

اندام نہانی سے خارج ہونے والی رطوبت یا خون کی ہسٹری، پیٹ درد یا اینٹھن، اندام نہانی سے فیٹل ٹشوز کا اخراج

اسحاق بن عمار کہتے ہیں کہ میں نے حضرت موسیٰ کاظمؑ کی خدمت عرض یا وہ عورت جو حاملہ ہونے سے ڈرتی ہے کیا آپ اسے اجازت دیتے ہیں کہ وہ دوا کے ذریعے حمل گرادے؟ آپؑ نے فرمایا نہیں میں ہرگز اس چیز کی اجازت نہیں دیتا

راوی نے پھر کہا ابتداء دور حمل کہ جب ابھی نطفہ ہوتا ہے، اس وقت کے لیے کیا حکم ہے؟ فرمایا انسان کی خلقت کا آغاز اسی نطفے سے ہوتا ہے۔ وسائل الشیعہ ج19 ص

وجوہات طب اسلامی

دھنیا کھانا، اسلامی ماہ کی یکم پندرہ یا آخر میں ہمبستری کرنا، سنا مکی کھانا، اشنان، ڈپریشن، بہت زیادہ سردی، بہت زیادہ مشقت کرنا، کلونجی زیادہ کھانا، میڈیسن کا استعمال، سنا مکی۔

علاج طب اہلبیت علیہ السّلام

قرص خون، داروی فرفیون، سویق سنجد، سویق جو، سویق گندم حمل سے پہلے دو ہفتے اور بعد میں دو ہفتے۔

پھل

بہی، انار، ناشپاتی، کھجور، کاسنی، خربوزہ پلس پنیر، جامعہ بآب شہد، کُندر حاملہ خواتین 10 گرام روزانہ چبا چبا کر کھائے تو حمل ساقط نہیں ہوگا۔ خربوزہ ناشتے میں کھانا ممنوع ہے (اگر انفیکشن ہے تو)

قرآنی آیات و دعائیں

اگر کسی عورت کے بچے ساقط ہو جاتے ہیں تو ذیل آیات لکھ کر کمر میں باندھے تو بچے ساقط نہیں ہوں گے صحیح وسالم پیدا ہوں گے۔

بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم (السَّمَآءِ وَ الطَّارِقِ ○ وَ مآ اَدرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ○ النَّجمُ الثَّاقِبُ ○ اِنكُلُّ نَفسٍ لَّمَّا عَلَيهَا حَافِظٌ ○ فَليَنظُرِالاِنسَانُ مِمَّ خُلِقَ ○ خُلِقَ مِن مَّآءٍ دَافِقٍ ○ يَّخرُجُ مِنْ بَيْنِ الصُّلبِ وَ التَّرَآئِبِ ○)
سورہ الطارق۔ نوائے الصالحین ص353

احادیث

نبی ﷺ فرماتے ہیں اگر کوئی شخص سورہ آل عمران کو زعفران سے لکھ کر بیوی کے گلے میں لٹکا دے۔ خدا حمل کو ساقط ہونے سے محفوظ رکھے گا

اسقاط حمل وسلامتی

اسقاط حمل اور بچہ کی سلامتی کے لیے بہترین دعا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلیٰ فاطِمَۃَ وَ اَبِیھا وَ بَعْلِھا وَ بَنِیھا وَ سِرِّ الْمُسْتَوْدَعِ فیھا بِعَدَدِ ما اَحَاطَ بِہٖ عِلْمُكَ

اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے و اذا المؤ دۃ سئلت بای ذنب قتلت

یعنی قیامت کے دن ماں باپ سے پوچھا جائے گا کہ تم نے کس جرم میں اپنے بے گناہ بچے کو مار ڈالا۔ (تکویر 9،8)

اسقاط حمل نہایت بُرا عمل ہے جس سے اسلام نے روکا ہے۔ علاوہ ازیں یہ کام ماں کے جسم و جان کے لیے بھی

باعث ضرر ہے۔ ڈاکٹر پاک ناد نے اسقاط حمل کے بارے میں منعقد ایک کانفرس سے خطاب کرتے ہوئے کہا یہ ثابت ہوا ہے کہ اسقاط حمل اوسط عمر میں کمی کر دیتا ہے نیز سائنس کی تحقیق کے مطابق اسقاط حمل عورتوں کے نفسیاتی اعتدال کو تباہ کر دیتا ہے اور کینسر کا سبب ہے۔ طب المصطفیٰؐ

پھل و سبزیاں

انار

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں۔ ماں کو انار کھلاؤ۔ اس سے بچہ ماں کے پیٹ میں سلامت پیدا ہو گا اور خوبصورت ہو گا۔ المحاسن ج2 ص546

خربوزہ+ پنیر

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔ حاملہ کو خربوزہ اور پنیر (اکھٹا) دیں۔ اس سے جو بچہ پیدا ہو گا وہ خوبصورت وخوش اخلاق ہو گا۔ (ناشتہ میں نہ کھائیں)۔ بحار الانوار ج59 ص299

بہی Quince

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں بہی کھاؤ بچہ خوبصورت پیدا ہو گا۔ الکافی ج6 ص22

حاملہ خواتین کی بیماریاں

Diseases of Pregnant Women

خونی الٹی

حمل کے دوران الٹی آنا معمول ہے کیوں کے خواتین کے جسم میں ہارمون کی تعداد زیادہ پیدا ہو رہی ہوتی ہے متلی وقتے اس بات کی علامت ہے ان کے پیٹ میں موجود بچے کو آکسیجن ونشونما کے لے ضروری ہے دیگر اجزاء وافر مقدار میں مل رہے ہیں خونی الٹی بار بار آ رہی ہوتی ہے اس سے بعض اوقات ایسوفیگس کا کنارہ پھٹ جاتا ہے جس سے الٹی میں خون آنا شروع ہو جاتا ہے۔

علاج طِب اہلبیتؑ

جامعہ رضاؑ باب شہد، مرکب ایک، بہی کھائیں، مرکب دو،

ماں کی غذا طب اہلبیتؑ Nutrition during pregnancy

ماں و بچہ کی صحت کو برقرار رکھنے کے لیے عام خواتین سے زیادہ حاملہ خواتین کو غذا کی ضرورت پڑتی ہے۔ صحت مند حمل کو برقرار رکھنے کے لیے، ہر دن تقریباً 300 اضافی کیلوری کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ کیلوری پروٹین، پھل، سبزیاں اور ساری اناج کی متوازن غذا سے آنی چاہیئے۔

سویق گندم، سویق سنجد، سویق جو، شہد، خروٹ و پنیر، بہی، ناشپاتی، کندر چبا چبا کر کھانے ہیں، کاسنی، میٹھا سیب، دودھ، کھجور، کندر و شہد استعمال کریں

پہلے ماہ: دو وقت کھانا کھائیں سورہ قدر پڑھ کر کھائیں۔

دوسرے ماہ: سنجد کھائیں اور سورہ توحید زیادہ پڑھیں۔

تیسرے ماہ: ایک سیب کھائیں اس پر آیت الکرسی پڑھ کر کھائیں۔

چوتھے ماہ: انجیر کھائیں اور اس پر سورہ یسین پڑھیں۔

پانچویں ماہ: ایک عدد انڈہ اور اس پر سورہ حمد پڑھیں۔

چھٹے ماہ: انار کھائیں اور اس پر سورہ فتح پڑھیں۔

ساتویں ماہ: بہی کھائیں اور اس پر سورہ یٰسین پڑھیں۔

آٹھویں ماہ: مصری اور تھوڑا سا زعفران پیس کر کھائیں اس پر سورہ نصر پڑھیں۔

نویں ماہ: دودھ و کھجور پیس کر کھائیں اور اس پر سورہ دھر پڑھیں۔

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔حاملگی کے دوران خواتین کو کندر کھلائیں۔بچے کی عقل زیادہ ہوگی دل مضبوط ہوگا۔اگر بیٹا ہوگا تو بہادر ہوگا اگر بیٹی ہوگی تو خوش اخلاق اور شوہر کے نزدیک خوش اقبال ہوگی۔اصول کافی ج6 ص23

سویق

حاملہ ہونے سے قبل مرد و زن دونوں چودہ دن کھائیں۔حاملہ ہونے کے بعد عورت کھائے ایک ماہ استعمال کرے۔اس کو ناشتے میں خشک کھائیں دو سے تین چمچ۔

سویق

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔حاملہ خواتین کو سویق کھلائیں۔ہڈیوں کو مضبوط کرتے ہیں۔ہڈیوں پر گوشت کو اگاتے ہیں۔بچے کو شکم مادر میں مضبوط کرتے ہیں۔طب لآئمہ ص88

خربوزہ+پنیر

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں حاملہ خاتون اگر خربوزے کو پنیر کے ساتھ کھائے تو اس کی اولاد خوبصورت اور خوش اخلاق ہوگی۔بحارالأنوار،ج62،ص299

امام جعفر صادقؑ کے پاس ایک شخص آیا اور فرمایا یا ابن رسول اللہ مجھے بچہ پیدا ہوتا ہے اس میں کمزوری اور بیوقوفی ہوتی ہے۔آپ نے فرمایا سویق کھاؤ۔خود بھی کھاؤ اور اپنی بیوی کو بھی کھلاؤ۔اس سے گوشت بنتا ہے ہڈیاں مضبوط ہوتی ہیں اور جب گوشت پیدا ہوگا اور ہڈیاں مضبوط ہوں گی بچہ طاقتور پیدا ہوگا۔طب لآئمہؑ ص،84

کندر نر

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔اگر ماں کندر نر کھائے گی۔شکم مادر میں بچہ کا عقل زیادہ ہوگا،دل قوی ہوگا۔بچہ شجاع و بہادر پیدا ہوگا۔اگر بچی پیدا ہوگی تو خوش رہے گی اور قسمت والی ہوگی۔الکافی ج6 ص23

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔حاملہ خواتین کو دودھ پلائیں شکم مادر میں بچے کی عقل کو زیادہ کرتا ہے۔بحارالانوار ج، 59ص294

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔حاملہ خواتین کو بہی کھلائیں شکم مادر میں بچہ خوبصورت پیدا ہوگا۔اصول کافی ج،6ص990

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔حاملہ خواتین کو تاکید کرو بہی کھائیں تاکہ ان کہ بچے خوش اخلاق (پیدا) ہوں۔مستدرک الوسائل ج3 ص116

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔ماؤں کو چاہیے کہ دوران حمل کے آخری مہینوں میں کھجور کھائیں تاکہ ان کے بچے خوش

اخلاق پیدا ہوں۔ مستدرک الوسائل ج3 ص113

ناشپاتی اور کاسنی کھانے سے شکم مادر میں بچہ خوبصورت پیدا ہوتا ہے

حمل کے دوران خون کی کمی Anemia During Pregnancy

جب آپ حاملہ ہوتو، آپ کو خون کی کمی ہو سکتی ہے۔ جب آپ کو خون کی کمی ہوتی ہے تو، آپ کے خون میں اتنے صحتمند سرخ خون کے خلیات نہیں ہوتے ہیں جو آپ کے ٹشوؤں اور آپ کے بچے تک آکسیجن لے جائیں۔ حمل کے دوران، آپ کے جسم میں آپ کے بچے کی نشوونما کے لئے زیادہ سے زیادہ خون پیدا ہوتا ہے۔

علامات

تھکاوٹ، کمزوری، ہلکی یا پیلے رنگ کی جلد، دل کی دھڑکنیں بے قابو، سانس کی قلت، چکر آنا یا ہلکا سر درد ہونا، سرد ہاتھ پاؤں۔

طب اہلبیتؑ علاج

داروی قرص خون، ترہ زیادہ کھائیں (لہسن کے پتے)، چقندر کے پتے، شربت امام علی رضاؑ

حمل کے دوران ڈپریشن Depression During Pregnancy

حمل کے دوران خواتین کو جہاں بہت سے مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے وہاں ڈپریشن کا بھی سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس کا مکمل علاج و وجوہات نفسیاتی امراض والے حصہ میں دیکھیں۔ حاملگی کے دوران چونکہ خواتین دوسری سرگرمیوں میں حصہ نہیں لے سکتی۔ اس لیے زیادہ سوچتی ہیں اور دماغ پر دباؤ ڈالتی ہیں۔ خوف و پریشانی کا شکار رہتی ہیں۔ ڈپریشن ایک نفسیاتی بیماری ہے، جو ہمارے مزاج اور رویے کو متاثر کرتی ہے۔ ڈپریشن کئی معاملات میں اثر انداز ہوتا ہے جیسے کہ جزبات میں خالی پن، اداسی مایوسی اور بے دلی کا غلبہ ہوتا ہے کچھ لوگ چڑ چڑے ہو جاتے ہیں۔

ناامیدی و لاتعلقی محسوس ہوتی ہے، بے چینی و گھبراہٹ جیسی علامات محسوس ہوتی ہیں، کسی کام کی ابتدا نہیں کرنا چاہتا، انسان ہمت و برداشت کھو دیتا ہے، سوشل میل جول سے کتراتا ہے، بلکل آسان کام بھی مشکل لگتا ہے، انسان کی سوچ و انداز متاثر ہو جاتا ہے، جسمانی یا ذہنی کمزوری محسوس کرنا، بہت زیادہ تھکا تھکا محسوس ہونا، روزمرہ کے کاموں یا باتوں پہ توجہ نہ دے پانا، اپنے آپ کو اوروں سے کمتر سمجھنے لگنا، خود اعتمادی کم ہو جانا، ماضی کی چھوٹی چھوٹی باتوں کے لیے اپنے آپ کو الزام دیتے رہنا، اپنے آپ کو فضول اور ناکارہ سمجھنا، مستقبل سے مایوس ہو جانا خودکشی کے خیالات آنا یا خودکشی کی کوشش کرنا، نیند خراب ہو جانا، بھوک خراب ہو جانا۔

مفید غذا

انگور+کشمش+مویز دیں۔

علاج طب اہلبیتؑ

داروی سودابر

حمل کے دوران ذیابیطس Diabetes During Pregnancy

علامات

پیشاب میں شوگر، غیر معمولی پیاس، بار بار پیشاب آنا، تھکاوٹ، متلی، دھندلی نظر، بار بار اندام نہانی، مثانے اور جلد کی بیماریوں کا ہونا۔

علاج طب اہلبیتؑ

سویق جو، داروی عدس لملک، مرکب چھار، سبزی کاسنی، سبزی قلفہ، میتھی

پرہیز

چاول، آلو، زیادہ کھانا، مٹھائی والی اشیا، چکنائی والی اشیا، سفید آٹا

حمل کے دوران پیٹ میں گیس اور پیٹ کا پھول جانا Bloating during Pregnancy

حمل کے دوران ہارمون پروجیسٹرون کیوجہ سے پیٹ میں گیس پیدا ہوتی ہے حمل کو سپورٹ کرنے کے لیے پروجسٹرون ہارمون پیدا ہوتے ہیں، جو جسم میں پٹھوں کو آرام پہچاتے ہیں، اس سے جسم میں گیس کو پھیلنے کا موقع مل جاتا ہے۔ قبض غذاا کا ہضم نہ ہونا گیس میں اضافہ کرتا ہے۔

علاج طب اہلبیتؑ

شربت امام علی رضاؑ، جامع رضاؑ آب زیرہ، اجوائن اخروٹ، جوشاندہ، زیرہ

یرقان سے بچاؤ

حاملہ کے آخری ماہ والدہ کو پنیر+خربوزہ+بہی کھلائیں اس سے بچہ کو یرقان نہیں ہوگا۔ چہرہ زرد نہیں ہوگا۔ حمل کے 3، 4، 5 ہفتہ کو سویق گندم و جو استعمال کروائیں۔ اس سے بچہ کو قلب کا عارضہ نہیں ہوگا۔ سویق جو ماں کو کھلائیں حمل کے دوران شوگر نہیں ہوگی بچہ کی خوبصورتی اور شجاع کے لیے کاسنی+بہی استعمال کریں۔

بیٹے کے لیے

مرد کاسنی زیادہ کھائے۔

حمل کے دوران متلی و قے Hyperemesis Gravidarum

صبح کے وقت متلی ہونا، یا کسی بھی ٹائم متلی و قے یا غنودگی میں رہنا حمل کے شروع کے عرصے میں ہونے والی علامات ہوتی ہیں۔ اس کیفیت کو انگریزی زبان میں مارننگ سکنس (morning sickness) یا HG کہتے ہیں۔

دوران حمل عورت میں بے شمار تبدیلیاں آتی ہیں۔ جو تقریباً ہر عورت میں ہوتی ہیں۔ کسی میں کم اور کسی میں زیادہ، ان کی وجہ ہارمون کی تبدیلی کو کہا جاتا ہے۔ جیسے ہی خواتین کے اندرونی ہارمونز بدلتے ہیں۔ اس میں تبدیلی آنا ایک فطری عمل ہے۔ جو اس بات کی علامت ہے کہ بچے کو آکسیجن اور نشوونما کے لیے ضروری اجزاء مل رہے ہیں اور رحم مادر سے فاضل مادوں کا اخراج بہتر طریقے سے ہو رہا ہے۔

علامات

تھکاوٹ کا احساس ہونا، کسی چیز کے کھانے کا دل نہ کرنا، سردرد و الجھن، متلی و قے (الٹی) آنا، پانی کی کمی، بلڈ پریشر کا کم ہو جانا، دل کی بے چینی و گھبراہٹ۔

علاج طب اہل بیتؑ

مرکب ایک (ابن بسطام)، مرکب دو (زنجفیلات)، جامع امام رضاؑ آب شہد، رُب انار و دانہ انار۔

مفید غذائیں

سویق، دانہ انار، رب انار ترش، ادرک کا جوس یا قہوہ، لیموں کا جوس، بہی کھائیں، سُرخ سیب کھائیں پودینہ ثابت یا قہوہ۔

پرہیز

چکنائی اور تیز ابیت پیدا کرنے والی خوراک سے اجتناب بہتر ہوتا ہے، فاسٹ فوڈ۔ اس کے علاوہ ایسی خواتین کو پکے ہوئے کھانوں کی خوشبو سے دور رہنا چاہیے اور ریفریجریٹر میں رکھی گئی اشیاء سے پرہیز بھی کرنا چاہیے کیونکہ متلی کی کیفیت میں انسانوں کی سونگھنے کی حس بہت اہم کردار ادا کرتی ہے۔ زیادہ تیز کھانا نہ کھائیں (مصالحے والا کھانا)، بہت زیادہ مرچ و مسالے والی غذائیں۔

Treating a Pregnant women with dark eyes and Dizziness

حمل کے دوران خواتین کو چکر آنا اور آنکھوں کی سیاہی

وجوہات

چکر آنے کی وجہ جسمانی کمزوری و خون کی کمی ہے۔

علاج طب اہلبیتؑ

قرص خون، سویق عدس

حاملہ ہونے کی عمر

ہر عمر میں خواتین حاملہ ہو سکتی ہیں۔ اگر ان کو سویق گندم و سویق جو کھلایا جائے۔

حمل کے دوران حجامت Cupping during Pregnancy

حمل کے دوران حجامت نہیں کروانی چاہے۔شکم مادر میں بچے کے لیےنقصان دہ ہوسکتی ہے۔

حاملہ ہونے میں رکاوٹ

طب اہلبیتؑ سے علاج

داروی ازخر، ہالیون+تباشیر،سویق عدس، جامع بآب شہد۔

مفیدوفائدہ مندغذائیں

سونف+شہدقہوہ پی لیں، زیتون+تل کے تیل سے پیٹ پر مالش کریں۔

پرہیز

ماہواری کے دوران ٹھنڈی چیزوں کی جگہ گرم چیزیں کھائیں، ماہواری کے دوران شاور سے غسل نہ کریں، ماہواری کے دوران زیادہ کام نہ کریں۔

ماں کے مسائل

Lactation insufficiency, Insufficient milk syndrome, Agalactia, Agalactorrhea,hypogalactia or Hypogalactorrhea دودھ کی کمی

وجوہات

زنانہ ہارمون کی کمی، خوراک کی کمی، خون کی کمی، ڈپریشن وقبض۔

خوراک وعلاج

بہی+سبزی ریحان، پودینہ، بہی+ایک چمچ میٹھا زیرہ، بہی+بہی کھائیں، شہد+دودھ+حلیم گندم، دوپہر، شام اور رات کو سونف کی چائے شہد ڈال کر استعمال کریں، گوشت کی یخنی (سوپ)، بھیڑ گوشت کھائیں کھجور کا شیرا استعمال کریں، کپاس کے بیج+سات دانے کاسنی کے پتے کھائیں کھانے کے بعد خربوزہ کھائیں، انگور دوپہر کو کھائیں، دو مُٹھی باقلا کو ابال کر استعمال کریں (خون کی کمی کے لیے روزانہ ایک چمچ کلونجی کی چائے اور ساتھ، روزانہ چودہ عدد اسفند کھائیں، Common Dandelion کُکروندکو کاھو کیساتھ، روزانہ صبح، دوپہر اور شام کو ایک چمچ شہد اور ایک چمچ صعتر فارسی اور دودھ کو گرم کر کے پئیں، دودھ میں پانی زیادہ ہے تو بادام کھائیں، انگور، سونے سے قبل سات پتے کاسنی کھالیں، سات دانے آلو بخارا کھائیں، گائے کا تازہ دودھ پی لیں، برگ چقندر کھائیں، کھجور، انار ورب انار پئیں ادرک+سونف کی چائے استعمال کریں، شیرہ توت۔

طب اہلبیتؑ ادویات

داروی انیسون، سویق سنجد، داروی قرص خون (خون کی کمی)

پرہیز

کوکا کولا، کولڈ ڈرنک، کافی وچائے، شراب، دھنیا

روایات اہل بیتؑ

ماں کا دودھ

ماں کا دودھ بچے کے لیے بہترین غذا ہے۔ امام علی رضاؑ طب امام رضاؑ

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔ اپنے شیر خوار بچوں کو اپنے بائیں طرف سلائیں۔ بہارالانوار ج52 ص-55

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔ دونوں طرف سے دودھ پلائیں ایک میں پانی دوسرے میں غذا ہوتی

ہے۔الکافی ج6ص40

امام علی رضاؑ فرماتے ہیں۔بچوں کے لیے ماں کے دودھ سے بہتر کوئی دودھ نہیں۔طب رضاؑ

نبی ﷺ فرماتے ہیں بچے کے لیے ماں کے دودھ سے زیادہ فائدہ مند کوئی چیز نہیں ہے۔وسائل الشیعہ ج8

ماں کے دودھ کے بعد بہترین دودھ

طب اسلامی میں ماں کے دودھ کی کمی کا علاج بتایا ہے۔تاہم اگر ماں کا دودھ کم ہو تو بچے کو گائے کا دودھ دیا جائے۔

Breast nipple cracks during breastfeeding

دودھ پلانے کے دوران پستانوں کی نوک میں شگاف یا پھٹ جانا

نپل نہ صرف دودھ فراہم کرتے ہیں بلکہ انہی نپل میں چھوٹے چھوٹے خطوط ہوتے ہیں جن سے یہ نپل چکنے رہتے ہے یہ ایک ایسی حالت ہے جس سے پستان کی نوک میں شگاف پڑ جاتے ہیں جس سے عورت کی چھاتی میں درد ہوتا ہے ایک یا دونوں نپل میں خارش، سوکھا پن، جلن یا خون کے بہنے کا سبب بن سکتا ہے۔

وجوہات

دودھ پلانے کے دوران دودھ پلانے والے نپل پر جس میں زیادہ تر دراڑیں جسم میں خشکی ہونے کی وجہ سے ہیں جلد خشک ہونے کی وجہ سے نپل میں سوکھا پن پڑتا ہے اگرچہ بہت بھوک لگی ہے تو چھاتی کی دباؤں سے دودھ چھین لے گا اور چھاتی میں دراڑیں پڑ جائیں گی، خشکی کیوجہ سے ہوتے ہیں۔

بدن کی خشکی جلد کی خشکی کا علاج طب اہلبیت علیہ السلام

روغن بنفشہ ناف میں لگائے، بابونہ کو ابالے اور اس سے پستانوں کی دھلائی کریں، چھاتی کو دھو کر دودھ پلائے، جب تک بچے چوستے رہیں دودھ پلاتے رہے، پستان پر شہد لگائے، دونوں پستانوں سے دودھ پلائے۔

دودھ پلاتے وقت بچے کا قے کرنا

قے ہونا وہ عمل ہے جب معدے میں بہت مضبوط سکڑاؤ واقع ہوتا ہے، جو معدے کے اندر مادے کو نگلنے والی نلکی (ایسوفیگس) کے طرف واپس دھکیلتا ہے اور منہ یا ناک کے ذریعے باہر پھینکتا ہے۔

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں، ماں کو چاہے دونوں طرف سے بچے کو دودھ پلائے ایک میں غذا اور دوسرے میں پانی ہوتا ہے تہذیب الاحکام، ج8،ص108

علاج طب اہلبیتؑ

سیب کا جوس دیں، بہی کا جوس دیں۔

ماں کے دودھ کا خشک ہوجانا Drawing the milk of electric women

ماں کے دودھ کا خشک ہوجانا اگر بچے کی پیدائش کے بعد دودھ نہ پلایا جائے دودھ خشک ہوجاتا ہے اس کے علاوہ بھی اس کی بہت سی وجوہات ہوسکتی ہیں ہارمون جو کہ دودھ بناتا ہے اسے پرولاکٹین کہتے ہیں اگر دودھ دُہنا یا پمپنگ کرکے چھاتیوں کا اخراج نہیں ہوتا ہے تو آپ کا جسم ایک پرولاکٹین روکنے والا عنصر پیدا کرنا شروع کردے گا پرولاکٹین روکنے والا عنصر دماغ کو یہ پیغام دیتا ہے کہ اسے دودھ کی ضرورت نہیں اور آہستہ آہستہ دودھ کی پیداوار کرنا بند کردیتا ہے۔

علاج

برگ سنا پلس گلاب

رحم کی بیماریاں

خواتین کے رحم میں گلٹیاں (PCOS)

ہارمون کے عدم توازن سے پیدا ہونے والا ایک مرض ہے۔ پی سی او ایس کا مطلب ہارمون کی خرابی ہے۔ یہ دماغ اور بیضہ دان میں ہارمون کے توازن کو کم کرتا ہے اور یز Ovaries سیال مادے سے بھرے ہوئے تھیلے پیدا کرتی ہیں جن میں انڈے ہوتے ہیں ان تھیلوں کو فولیکلز یا سسٹس (Cyst) کہتے ہیں۔ ہر مہینے جب عورتوں کی سائکل ہوتی ہے، پکے ہوئے فولیکل پھٹ جاتے ہیں۔ جن خواتین کو پی سی او ایس ہوتا ہے ان کا دماغ ہارمون کا پیغام اووری کو نہیں بھیجتا کہ تیار انڈے نکال دے۔ اس لئے اوولیوشن کبھی ہوتی ہے اور کبھی نہیں ہوتی۔ فولیکلز پھٹنے کی بجائے بڑے ہوجاتے ہیں اور اوور یز میں سسٹس کی شکل اختیار کر لیتے ہیں۔ اس سے حاملہ ہونا مشکل ہوجاتا ہے۔

وجوہات

خون کی خرابی، ڈپریشن، بلغم، ٹھنڈی چیزوں کا استعمال

علامات

پی سی ایس او کی علامات اس وقت شروع ہوتی ہیں جب لڑکیوں کو پہلی بار پیریڈ شروع ہوتے ہیں جسکی وجہ اینڈرو جینز کی زیادتی ہوتی ہے لیکن جن خواتین کو پی سی او ایس ہوتا ہے انہیں پیریڈ کم یا بلکل نہیں ہوتے ہیں۔ پی سی او ایس ہارمون کا عدم توازن ہوتا ہے جو خواتین کو متاثر کرتا ہے۔ ماہواری میں بے قاعدگی کا ہونا ہے۔ کیل مہاسے، موٹاپا اور غیر ضروری بالوں کا ہونا۔ خون میں چربی اور انسولین کا بڑھنا، خون میں اینڈروجنز کا بڑھنا۔

مستقبل میں صحت

اگر پی سی او ایس کا علاج نہ کیا جائے تو صحت کے بہت سے مسائل پیدا ہوجاتے ہیں۔ یہ صحت کے مسائل مندرجہ ذیل ہیں۔

دل کی بیماری، شوگر، موٹاپا، بچہ دانی کا کینسر، حاملہ ہونے میں رکاوٹ۔

طب اہلبیتؑ سے علاج

داروی ازخر، ہالیون+تباشیر، سویق عدس، داروی شفا، جامع بآب شہد۔

مفید و فائدہ مند

سونف+شہد قہوہ پی لیں، زیتون+تل کے تیل سے پیٹ پر مالش کریں۔

پرہیز

ماہواری Menses کے دوران شاور سے غسل نہ کریں، ماہواری کے دوران ٹھنڈی غذائیں نہ کھائیں، ماہواری کے دوران زیادہ کام نہ کریں، ماہواری کے دوران ٹھنڈی چیزوں کی جگہ گرم چیزیں کھائیں۔

بچہ دانی کی کمزوری

یہ بیماری اس وقت ہوتی ہے جب بچہ دانی انڈے پیدا نہیں کرتی اور ایسٹروجن ہارمون پیدا نہیں ہوتا جس کی وجہ سے حمل نہیں ٹھہرتا۔

علامات

ماہواری مکمل نہیں آتی یا کم آتی ہے نامنظم ماہواری، رات کو پسینہ آنا، جنسی خواہش میں کمی، خشک آنکھیں۔

وجوہات طب اہلبیتؑ

سرد مزاج، خون کی خرابی، بلغم کی زیادتی، رسوبات سودائی۔

علاج طب اہلبیتؑ

داروی جرجیر، ہالیون+گلاب کے پھول، پیاز۔

Uterine Diseases

رحم کی پریشانی کی پہلی علامت وقتاً فوقتاً (between) یا جنسی تعلقات کے بعد خون بہنا۔ وجوہات میں ہارمون، تھایرائڈ کی دشواری، فائبرائڈز، پولپس، کینسر، انفیکشن یا حمل شامل ہو سکتے ہیں۔ علاج اسباب پر منحصر ہے۔ بعض اوقات پیدائش پر قابو پانے کی گولیاں ہارمونل عدم توازن کا علاج کرتی ہیں۔

علامات

شدید حیض سے خون آنا، ماہواری ایک ہفتہ سے زیادہ وقت تک رہتی ہے، پہلو میں دباؤ یا درد، بار بار پیشاب آنا، مثانے کو خالی کرنے میں دشواری، قبض، کمر یا ٹانگوں میں درد، جنسی ملاپ کے دوران خون بہنا یا درد

طب اہلبیتؑ علاج

داروی باہ زنان (جرجیر)، داروی چسبندگی رحم داروی رطوبت رحم، داروی آمادگی رحم۔

بچہ دانی کی بیماری Endometritis

پیٹ کے نچلے حصے میں درد، اور اندام نہانی میں غیر معمولی خون بہنا یا خارج ہونا شامل ہیں۔ یہ ولادت کے بعد انفیکشن (اینڈ ومیٹریم) کی اندرونی پرت کی سوزش ہے۔

جوان اور شادی شدہ خواتین میں رحم کی سوزش یا بچہ دانی کی سوزش اور اینڈ ومیٹریوسس ایسا مرض ہے جو نہ صرف

عورت کی جسمانی صحت پر اثر انداز ہوتا ہے بلکہ نفسانی جذبات کو بری طرح مجروح کرتا ہے۔ اس مرض میں بچہ دانی کی اندرونی غشاؤں یعنی اینڈرومیٹریم کی تہوں کے خلیات یعنی اینڈومیٹریل سیلز میں سوزش ہوجاتی ہے اور یہ خلیات ہر ماہ حیض کے دوران بچہ دانی کی اینڈومیٹریم سے علیحدہ ہوتے رہتے ہیں۔ بچہ دانی کی اینڈومیٹریم سے اترنے والے یہ خلیات دورانِ حیض خون کے زائد دباؤ کی وجہ سے مہبلی رکاوٹ کے باعث بچہ دانی سے خارج ہونے کے بجائے قاذف نالیوں یعنی فلوپین ٹیوبوں کے راستے پیٹ میں پہنچ جاتے ہیں یہاں یہ باریطون پر اور بچہ دانی کے اطراف نزدیکی اعضاء پر چمٹ جاتے ہیں۔ اندرونی اعضاء پر چپکے ہوئے یہ خلیات جنسی ہارمونوں کے زیر اثر اینڈومیٹریم کی طرح ہی اپنے مخصوص افرازی فعل سرانجام دیتے رہتے ہیں اور تقسیمی عمل کے ذریعے اپنی تعداد میں اضافہ کرتے ہوئے پیٹ میں موجود اعضاء پر پھیلتے رہتے ہیں۔ چونکہ یہ مرض صرف بچہ دانی تک محدود نہیں رہتا بلکہ پیٹ میں قریب کے دوسرے اعضاء اس کی گرفت میں آجاتے ہیں اور ناف سے نیچے دونوں اطراف میں موجود اعضاء پر اینڈومیٹریل سیلز پھیل جاتے ہیں اس لیے ان بیمار خلیات کے پھیلاؤ کی وجہ سے اس مرض کو اینڈومیٹریوسس کہا جاتا ہے۔ ایک بار اینڈومیٹریم کے خلیات پیٹ میں داخل ہوجائیں تو انھیں پھیلنے سے روکنا آسان نہیں ہے۔ اسی لیے جو خواتین ایک بار اس مرض میں مبتلا ہوجائیں ان میں مرض بتدریج بڑھتا ہی چلا جاتا ہے۔

علامات

مریض خواتین متاثرہ اعضاء اور شدت مرض کے مطابق مختلف علامات بتاتی ہیں۔ عام علامات میں کمر کے درد کے ساتھ حیض کا اخراج، ہم بستری کے دوران یا بعد میں درد اور بے اولادی شامل ہیں۔ اس مرض میں مبتلا خواتین کمر درد، سر درد، متلی و قے، بلڈ پریشر، تھکاوٹ اور بے چینی وغیرہ کے علاوہ جنسی کمزوری یا حیض کی مقدار اور دورانیوں میں بے ربطی کی شکایت کرتی ہیں۔

شدید علامات میں پیٹ کے نچلے حصے میں بچہ دانی کو مسلتے اور کوٹتے ہوئے چبھن دار درد کبھی پیٹ کے ایک حصے میں ٹانگوں میں اکڑن محسوس کرتی ہیں۔ کئی خواتین کو متلی، قے اور اسہال بھی ہوتے رہتے ہیں۔ حیض شروع ہونے سے پہلے درد میں شدت ہوتی ہے جو رفتہ رفتہ کم ہوکر بالکل ختم ہوجاتا ہے۔

علاج طب اہلبیتؑ

داروی ازخر، داروی سماق رومی، کلونجی+شہد۔

Cervicitis

جو(CERVIX) کے ورم یا زخم کے ہونے سے ہوتا ہے۔

سروکیس کیا ہے؟

رحم مادر یا یوٹرس کا سب سے نچلا حصہ، جہاں وجائنا (اندم نہانی) ختم ہوتا ہے اور بچہ دانی شروع ہوتی ہے۔ یہیں سے سپرمز گزر کر رحم مادر میں جاتے ہیں اور وہاں سے فیلوپین ٹیوب میں پہنچتے ہیں جہاں سپرم کا بیضے سے ملاپ ہوتا ہے اور زائیگوٹ بنتا ہے۔

علامات

اندام نہانی کھجلی یا جلن، جنسی تعلقات میں درد، جنسی تعلقات کے بعد خون کا بہنا، بار بار اور تکلیف دہ پیشاب کرنا، غیر معمولی سرمئی یا سفید مادہ جس سے بد بو آ رہی ہو اس کا اخراج۔

علاج طب اہل بیتؑ

جامع رضاؑ+شہد انجکشن رحم، سعد کوفی، داروی قرص خون

رحم کی رسولی Uterine Polyps

بچہ دانی کی سطح (اینڈومیٹریئم) کے خلیوں میں اضافے کے نتیجے میں یوٹیرن پولپس کی تشکیل ہوتی ہے۔ گلٹیاں یا رسولیاں جسے انڈومیٹریل پولپس بھی کہا جاتا ہے۔ یہ پولپس عام طور پر نانسانسورس (سومی) ہوتے ہیں، حالانکہ کچھ کینسر کا شکار ہو سکتے ہیں یا آخر کار کینسر میں بدل سکتے ہیں۔

علامات

گانٹھ کی شکل کی وجہ سے، پولپس کو بعض اوقات بڑھتے ہوئے گوشت بھی کہا جاتا ہے۔ عام طور پر یوٹیرن پولپس سرخ نرم ساخت، گول یا بیضوی شکل میں ہوتے ہیں اور بچہ دانی کی دیواروں سے چپک جاتے ہیں۔ پولپس کا سائز بھی مختلف ہوتا ہے، جو کچھ ملی میٹر (تل کے دانے کے سائز) سے لے کر کئی سینٹی میٹر گولف بال کا سائز تک ہوتا ہے۔ آپ کو ایک وقت میں صرف ایک ہی پولیپ یا کئی ہو سکتے ہیں۔ یوٹیرن پولپس کسی بھی عمر گروپ کی کسی بھی عورت پر حملہ کر سکتے ہیں۔ اس قسم کا پولائپ عام طور پر رجونورتی سے پہلے یا بعد میں ظاہر ہوتا ہے۔ اس کے اگر بچہ دانی میں ظاہر ہونے والے پولپس چھوٹے ہیں تو، امکانات ہیں کہ آپ کو کوئی علامت اور علامات محسوس نہیں ہوں گی۔ تاہم، بڑے سائز والے پولیپس کچھ علامات کا سبب بن سکتے ہیں۔

حیض کی بے قاعدگی، چاہے یہ لمبا ہوتا جا رہا ہو، زیادہ بار بار ہوتا ہے، یا غیر متوقع ہوتا ہے، ماہواری کے دوران غیر معمولی خون بہہ رہا ہے، حیض کا خون بہت ہوتا ہے، بانجھ پن، رجونورتی، (Menopause) جماع کے بعد اندام نہانی میں خون بہہ کا بہنا۔

زیادہ تر خواتین کو چار سے سات دن تک حیض آتا ہے، ضرورت سے زیادہ خون یا حیض کے ساتھ حیض ہے۔ جب

حیض ختم ہوجاتا ہے، یا جنسی جماع کے بعد بھی خون کبھی کبھی ظاہر ہوسکتا ہے کے بعد اندام نہانی میں خون جاری رہتا ہے۔
سرخ دھبے یا خون بہنا، حالانکہ حیض ختم ہو چکا ہے۔

غیر معمولی ماہواری سے خون بہنا

وجوہات

بلغم کی زیادتی سرد غذائیں

علاج طب اہلبیتؑ

اذخر+قسط+نمک، شہد اور سونف ملا کر قہوہ پی لیں۔

سوزش وانفیکشن Pelvici Inflamattory disease (PID)

"بچہ دانیOvaries، بیض نالیاںFallopian، یا رحمUterus ان کی سوزش ہو جائے یا ان میں انفیکشن ہو جائے اُسے(PID) کہتے ہیں۔"

عورت کا عضو مخصوص۔ سائز تین انچ لمبا اور دو انچ چوڑا اور ایک انچ موٹا ہوتا ہے۔ بالا حصہ چوڑا ہوتا ہے جس کو فنڈس کہتے ہیں۔ نچلا حصہ تنگ ہوتا ہے اس کو سرویکس کہتے ہیں۔ دونوں طرف دو نالیاں جاتی ہیں جن کو نلے فلاوپن ٹیوپ کہا جاتا ہے۔ انہی نالیوں کے ذریعے بیضہ دانی میں سے انڈا رحم میں آتا ہے۔ اس وقت اگر مرد کا مادہ تولید مل جائے تو حمل قرار پاتا ہے جو پورے نو مہینے جاری رہتا ہے۔ رحم میں بڑھنے گھٹنے کی خاص صلاحیت ہوتی ہے۔ دروانِ حمل بڑھتا رہتا ہے۔ بعد میں گھٹ کر اپنی اصلی حالت میں واپس آجاتا ہے۔

علامات

پیٹ اور پہلو میں شدید درد، ہم بستری کے وقت درد، بدبدبودار مادہ کا اندام نہانی سے اخراج ہونا، بعض اوقات بخار کپکپی کیساتھ، غیر معمولی خون کا اخراج خاص کر ہم بستری کے بعد یا حیض کے دوران، تکلیف دہ یا مشکل سے پیشاب۔

وجوہات

پی آئی ڈی ایک انفیکشن ہے جو بیکٹیریا کی وجہ سے ہوتا ہے۔ جب اندام نہانی یا گریوا کے بیکٹیریا آپ کے رحم، فیلوپین ٹیوبیں یا بیضہ دانی تک جاتے ہیں تو وہ انفیکشن کا سبب بن سکتے ہیں۔ زیادہ تر وقت، پی آئی ڈی چلیمیڈ یا اور سوزاک سے بیکٹیریا کی وجہ سے ہوتا ہے۔ یہ جنسی طور پر منتقل ہونے والے انفیکشن (ایس ٹی آئی) ہیں۔

علاج

اذخر+سماق رومی، کلونجی+شہد

عفونت رحم Uterus Infection

علاج

جامع رضا بآب شہد، داروی از خر+شہد+تباشیر، کلونجی+شہد انجکشن، جامع+شہد در رحم

بچہ دانی کی رسولی Uterine Fibroids

ایک بچہ دانی کا ریشہ دواؤں کا ایک عام رحم (کینسر نہیں) عورت کا بچہ دانی (رحم) میں ہوتا ہے۔ اسے یوٹیرینا میووما بھی کہا جاتا ہے۔ فائبرائڈز بچہ دانی کی دیوار میں پائے جانے والے ہموار پٹھوں کے ٹیومر ہیں۔ وہ یوٹیرن دیوار کے اندر ہی ترقی کر سکتے ہیں یا اس سے منسلک ہو سکتے ہیں۔ وہ ایک ہی ٹیومر کی طرح یا جھرمٹ میں بڑھ سکتے ہیں۔ یوٹیرن ریشہ دوائیاں ماہواری سے زیادہ خون بہہ جانے، شرومی درد اور بار بار پیشاب کرنے کا سبب بن سکتی ہیں۔

ماہواری کے خون بہنے میں اضافہ، جسے مینورریجیا کہا جاتا ہے، بعض اوقات خون کے جمنے کے ساتھ، مثانے پر دباؤ، جس کی وجہ سے بار بار پیشاب ہونا اور پیشاب کرنے کے لئے فوری احساس کا سبب بن سکتا ہے اور شاذ و نادر ہی، پیشاب کرنے کی عدم صلاحیت۔ ملاشی پر دباؤ قبض کے نتیجے میں کمر کا دباؤ، پیٹ کے نچلے حصے میں درد، کمر کے ارد گرد سائز میں اضافہ اور پیٹ کے سموچ میں تبدیلی (کچھ خواتین کو اپنے لباس کے سائز میں اضافہ کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے لیکن وزن میں اضافے کی وجہ سے نہیں)، بانجھ پن۔

علاج

داروی فیبر رحم، سماق رومی، دھنیا+سرسوں+اجوائن ان کو پانی میں جوش دے کر پی لیں۔

لیکوریا

یہ کوئی بیماری نہیں بلکہ کئی بیماریوں کا نتیجہ اور نئے ہونے والے انفیکشن اور بیماریوں کی وجوہات ہو سکتی ہیں یہ خواتین کے پوشیدہ عضو سے بہنے والا سفید یا پیلے رنگ کا مادہ ہوتا ہے جو جینیٹل صحت کو برقرار رکھنے کے لئے اہم ہیں لیکن خارج ہونے والے مادہ میں تبدیلیوں کو روکنے کے لیے بھی توجہ کی ضرورت ہوتی ہے تا کہ انفیکشن سے بچا جا سکے اس ڈسچارج کا اصل مقصد جسم سے نقصان دہ بیکٹیریا اور دیگر حیاتیات کے جسم سے نکلنا ہے اگر یہ ڈسچارج سفید اور بدبو کے بغیر کبھی کبھی ہو تو نارمل سی بات ہے لیکن اگر یہ گاڑھا اور بدبودار ہو تو لیکوریا ہے جس کا علاج ضروری ہے ورنہ اس کا انجام بانجھ پن یا سقط جنین بھی ہو سکتا ہے۔

دیگر علامات اندام نہانی سے سفید یا پیلا اور بدبودار مادہ کا اخراج، پنڈلیوں اور ریڑھ کی ہڈی میں درد، سستی اور کاہلی، پیٹ کے حصے میں بھاری پن، بار بار سر درد، اندام نہانی میں خارش، عمل انہضام کے مسائل، چڑچڑاپن، قبض، آنکھوں کے نیچے جلد پر کالے پیچز۔

علاج

طب اسلامی کا پاؤڈر رطوبت رحم (سنبل الطیب) ایک بڑے برتن کی مقدار کے برابر پانی لے کر بیس منٹ تک پکائیں اور ٹھنڈا ہونے پر آدھے گھنٹے تک اس میں بیٹھی رہیں۔

دیگر امراض خواتین

کیلشیم کی کمی Hypocalcemia

ہائپوکلسیمیا ایک ایسی حالت ہے جس میں خون کے مائع حصے، یا پلازما میں اوسط درجے سے کم کیلشیم موجود ہوتا ہے۔ کیلشیم آپ کے جسم میں بہت سے اہم کردار رکھتے ہیں۔کیلشیم آپ کے جسم میں بجلی کی ترسیل کی کلید ہے۔

علامات

انگلیاں سن ہونا یا سوئیاں چبھنا سلز کی اکڑن کمزور اور بھر بھرے ناخن،کیلشیم کی کمی کی سب سے عام علامات میں سے ایک کمزور اور بھر بھرے ناخن ہوتے ہیں، اگر آپ کے ناخن اکثر ٹوٹ جاتے ہیں یا صحیح طرح اگتے نہیں، تو یہ کیلشیم کی کمی کا نتیجہ ہوسکتا ہے۔

بے خوابی

کیلشیم جسم میں نیند میں مدد دینے والے کیمیکل میلاٹونین کے اخراج میں بھی مدد دیتا ہے، اگر کیلشیم کی کمی ہو تو جسم مطلوبہ مقدار میں اس کیمیکل کو خارج نہیں کر پاتا، جس کے نتیجے میں راتوں کی میٹھی نیند روٹھ جاتی ہے۔کیلشیم کو جسم میں جذب ہونے کے لیے وٹامن ڈی کی ضرورت ہوتی ہے، تو ان میں سے کسی ایک کی کمی دوسرے جز کی سطح پر اثر انداز ہوسکتی ہے۔تو کیلشیم اور وٹامن ڈی سے بھرپور غذائیں جیسے دلیہ، دودھ اور جوس وغیرہ کا استعمال بڑھائیں، وٹامن ڈی کے حصول کے لیے دھوپ کی روشنی بھی اچھا ذریعہ ہے۔ دل کی دھڑکن کا کم ہوجانا وٹامن ڈی کی کمی کی وجہ سے ہوتا ہے۔

علاج طب اہلبیتؑ

سویق سنجد، داروی استخوان ساز، برگ چقندر

باری کا بخار Ague fever

ملیریا کی ایک قسم ہے۔ اس کو باری یا تپ لرزہ بھی کہتے ہیں۔ کیونکہ اس سے باری باری بخار اترتا اور چڑھتا ہے۔ لرزہ یعنی اس سے جسم کانپتا ہے سردی لگتی ہے اس میں جسم میں سردی لگتی ہے۔ کپکپی طاری ہو کر بخار ہوجاتا ہے اور وقفہ وقفہ سے پسینہ آتا ہے۔ بار بار بخار آتا ہے اور اترتا ہے۔

علاج طب اہلبیتؑ

جامع رضاؑ باب شہد، کاسنی اور زیتون ملا کر پیشانی پر لگائیں، سیب، عناب وسنجد واسفرزہ کھائیں۔

عورت کی چھاتی کا چھوٹا ہونا Micromax

(You Also Call Hypnostic Everest Aplecia Is Corrupt Police Hyperplasia And Memory Hyperplasia)

جسم میں کچھ خواتین ہارموز ہے جو عورت کی چھاتی کے سائز کے لئے ذمہ دار ہے ایسٹروجن اور پروجیسٹرون چھاتی کے سائز کے لیے اہم ہارمون ہیں ان ہارمون کی کمی کی وجہ سے چھاتی چھوٹی رہ جاتی ہے ان ہارموز کے عدم توازن سے چھاتی کا سائز چھوٹا رہ جاتا ہے دوسری وجہ خوراک کا فقدان ہے۔

علاج طب اہلبیت علیہ السّلام

داروی خولنجان زیتون، زیتون میتھی کے بیج، سونف کا قہوہ، سرکہ انگبین پلس اسفند، روغن خراطین سے مالش کریں

عورت کے پستانوں کا ڈھیلا پن

داروی میوہ سرو

Women's Sensitive to Gold

وہ مریض جن کو سونے (گولڈ) سے الرجی ہوتی ہے وہ اکثر رابطہ ڈرمٹائٹیس، کانٹوم، اسٹومیٹائٹسیا زبانی لکین پلانیس کے ہیں خواتین میں سونے کی الرجی زیادہ پائی جاتی ہے اس وجہ سے خواتین سونا استعمال نہیں کرپاتی۔

وجوہات: خون کی خرابی

علاج: داروی صاف کنندہ خون

بالوں کا گرنا Postpartum Alopecia

دودھ پلانے کے پہلے چند مہینوں کے دوران، جیسے جیسے ترسیل کے بعد ایسٹروجن کی سطح کی اونچی سطح میں کمی واقع ہوتی ہے، بہت سی نئی ماؤں کو عارضی طور پر بال کے گرنے یا بالوں کے پتلے ہونے کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ بالوں کا گرنا کسی صدمہ، ڈپریشن، ہارمون کے مسائل، غذا کی قلت کی وجہ سے ہوسکتا ہے۔

علاج طب اہلبیتؑ

قرص خون، سویق گندم وجو، دودھ

خواتین کی جنسی کمزوری Female Sexual Dysfunction

اس بیماری میں خواتین کو جنسی کمزوری ہوجاتی ہے سیکس (SEX) کرنے کا دل نہیں کرتا، یا پھر سیکس سے تکلیف ہوتی ہے،

ڈر وخوف لگتا ہے، جنسی خواہش میں کمی یا بلکل نہیں ہوتی سیکس ہارمون پروجسٹرون اور ایسٹروجن (PROJESTRON AND ESTROGEN) کی کمی ہوجاتی ہے۔

طب اہلبیتؑ علاج

داروی جرجیر، پیاز کھائیں، سرح گلاب کھائیں، ہالیون کھائیں۔

وبائی امراض

روایات میں جہاں طاعون کا لفظ استعمال ہوا ہے اس سے زیادہ تر مراد وبائی امراض ہوتے ہیں البتہ بعض میں ہیضہ وغیرہ کے بھی ہیں۔

جسم کا دفاعی نظام Immune system

وبائی امراض چاہے کرونا وائرس ہو یا کوئی اور اسی وقت انسان کو نقصان دے گا یا انسان کو بیمار کرے گا جب انسان کا قوت مدافعت کمزور ہوگا۔ ہمارے جسم میں کچھ فائدہ مند جراثیم بھی ہوتے ہیں یا کچھ فائدے مند نظام بھی ہوتے ہیں جو باہر سے آنے والے جراثیوں کا مقابلے کرتے ہیں انہیں یا تو مار دیتے ہیں یا ان کا اثر کم کر دیتے ہیں۔ لیکن جب ہمارا دفاعی نظام کمزور ہوجاتا ہے تو پھر ہر ایک جراثیم ہمیں بیمار کرسکتا ہے۔

غذائیں

وہ غذائیں جو جسم کے دفاعی نظام کو طاقتور بناتی ہیں

داروی امام موسیٰ کاظمؑ لہسن، شلجم، کشمش نہار منہ اکیس دانے، ادرک، شکر، سیب، گائے کا گھی، سونف، لونگ، گاجر، روغن بنفشہ یا پہ کجد درناک، زیتون کا تیل نورہ لگائیں۔

علاج

علاج کے چار طریقے ہیں

1) **وجوہات سے بچاو**

سب سے پہلے ہمیں اپنے جسم کو پاک کرنا ہوگا کیونکہ بہت سے امراض گناہوں کے سبب ہوتے ہیں۔ ہمیں گناہوں سے بچنا ہوگا۔

2) **دعا**

بہت سے اذکار و دعائیں ہیں ان کی کثرت سے تلاوت کرنے سے انسان آفات زمانہ و وبائی امراض سے محفوظ رہتا ہے۔

3) جسم کا حفاظتی نظام

ہمیں وہ خوراک وادویات استعمال کرنی ہوں گی جس سے ہمارے جسم کا دفاعی نظام مضبوط رہے تاکہ جسم بیماریوں کا مقابلے کر سکے

4) تمام بیماریوں سے بچاو

ہمیں ان دعاوں وغذاوں کا استعمال کرنا ہوگا جس سے ساری بیماریوں سے بچے رہیں۔

وائرس کب ہوتا ہے؟

وائرس کا حملہ عموماً سردیوں میں ہوتا ہے اس کا تعلق انسان کے مزاج کی سردی سے ہوتا ہے، جب انسان کا مزاج سرد اور خشک ہوجاتا ہے تب اس کا حملہ زیادہ ہوجاتا ہے۔اس سے گلے میں سوزش ,گلہ خراب اور خشک کھانسی ہوتی ہے یعنی انسان میں خشکی زیادہ ہوجاتی ہے،اس کے لیے باڈی کو گرم وتر کریں جس سے اس کے اثرات کم ہوجائیں گے۔

غذائیں

عناب،صعتر فارسی،گزنہ،ملیٹھی،گرم غذائیں کھائیں جن کی تاثیر گرم ہو ,پانی بھی گرم کھائیں،سیب کا جوس،گاجر کا جوس،شربت امام رضاؑ،نرم غذائیں کھائیں،خوف نہ کریں۔

پرہیز

سرد غذائیں،ترشجات،پنیر،کھٹے پھل،کولڈ ڈرنک۔

ماہ رمضان

رمضان کو رمضان کیوں کہتے ہیں؟

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔ "رمضان کو اس لیے رمضان کہا جاتا ہے چونکہ یہ گناہوں کو جلا دیتا ہے۔" الفردوس ج2 ص60

حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا نے فرمایا: "خداوند متعال نے روزے کو اس لیے واجب کیا ہے تاکہ لوگوں کے اخلاص کو محکم کرے۔" بحار الانوار ج96 ص368

"ماہ رمضان وہ مہینہ ہے جس میں خداوند عالم نے تم پر روزے واجب کیے ہیں لہٰذا جو شخص اس میں ایمان اور خدا سے اجر حاصل کرنے کی امید سے روزہ رکھے تو ایسے گناہوں سے پاک ہوگا جیسے ماں کے پیٹ سے بغیر گناہ کے پیدا ہوا تھا۔" تہذیب الأحکام ج4 ص152، عوالی اللآلی ج3 ص132، بحار الأنوار ج96 ص375

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔ "روزے دار کی نیند عبادت اور اسکی خاموشی تسبیح اور اسکا عمل قبول شدہ ہے، اسکی دعا مستجاب ہوگی اور افطار کے وقت اسکی دعا رد نہیں کی جائے گی۔" بحار الانوار، جلد96، ص253

تدابیر ماہ رمضان

سویق گندم با آب شکر و آب خرما، سویق جو، کھجور، سویق عدس، شربت خرفہ، حلیم، تلبینہ، حلوہ (کدو کا بہترین ہے) سویق، سبزی ترہ،، داروی ھاضوم (میڈیسن)، داروی زنجفیل (میڈیسن)، نمک وصعتر فارسی، نمک طبیعی، گرم پانی۔

قبض کے لیے

آلو بخارا تین سے پانچ عدد، انجیر خشک، زیتون و روغن زیتون، خرفہ، داروی بقلتہ فاطمیہ، رفع پُرخوری (پرخوری نہیں کی جائے)

رمضان المبارک (طب اہل بیتؑ)

نبی ﷺ فرماتے ہیں۔

"جن کو روزہ رکھنے سے معدہ میں درد ہوتا ہے۔ سحر کے وقت نمک اور صعتر فارسی کھائیں اور افطار کے وقت شہد اور پانی استعمال کریں ساتھ نمک نبی ﷺ کھانے سے پہلے اور بعد میں سحری کے بعد طلوع آفتاب تک نہ سوئیں"

- ☆ سحری وافطاری میں کدو، بیگن یا آلو سیاہ استعمال کریں۔
- ☆ سحری میں کھجور اور سویق جو استعمال کریں اس سے دن کو پیاس نہیں لگے گی۔

امام علی (علیہ سلام) فرماتے ہیں "سحری کے وقت مسواک اراک کریں اس سے منہ کی بد بو ختم ہوجائے گی"

☆ افطاری میں کھجور اور گرم پانی استعمال کریں

☆ سحری لازمی کریں

☆ سحری وافطاری میں، دنبہ کا گوشت، گندم، کھیر، تلبینہ، گائے کا گھی استعمال کریں

امام جعفر صادق (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔

"گرم پانی سے روزہ افطار کریں اس سے بلغم ختم ہوتی ہے، منہ کی بد بو ختم ہوتی ہے، آنکھوں کی قوت میں اضافہ ہوتا ہے، معدہ کو تقویت دیتا ہے، صفرا کو ختم کرتا ہے، معدہ کی گرمی ختم ہوتی ہے، سر درد کا علاج ہے، جگر کو صاف کرتا ہے، دانتوں کو طاقت دیتا ہے۔"

امام علی (علیہ سلام) فرماتے ہیں۔"روزہ دار کے لیے بہترین سحری سویق اور کھجور ہے" مکارم الاخلاق ج 1 ص 366

میڈیشن کیوں فائدہ نہیں دیتی

پرہیز، دوا، دعا، گناہ، جعلی ادویات

سب سے پہلی چیز پرہیز ہے جب تک پرہیز نہیں کریں گے دوا کا فائدہ نہیں ہوگا کیونکہ پرہیز آدھا علاج ہے، دوسرا مرحلہ دعا کا ہے۔ پرہیز کیساتھ ساتھ دعا بھی ضروری ہے ستر دفعہ سورہ الحمد ایک دفعہ دعا توسل پڑھیں دو رکعت نماز معصومین ع کو ہدیہ کریں سو دفعہ صلواۃ پڑھیں یہ سب پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں انشاء اللہ شفا ہوگی۔ تیسرا مرحلہ گناہ ہے۔ گناہوں سے اجتناب کریں بعض بیماریاں گناہوں کیوجہ سے ہوتی ہیں۔ جب دوا، دعا اور پرہیز کریں ساتھ گناہ کریں گے تو جس گناہ کیوجہ سے بیماری ہوئی ہے اس سے توبہ نہیں کریں گے تو بیماری برقرار رہے گی۔

جعلی ادویات

1۔ پرانی جڑی بوٹیاں

پھر چونکہ جڑی بوٹیاں کی کچھ عمر ہوتی ہے۔ اس کے بعد ان کے فوائد ختم ہوجاتے ہیں۔ ہوسکتا ہے جو دوا استعمال کر رہے ہوں۔ اس میں جو جڑی بوٹی ہو وہ پرانی ہو جس سے فائدہ کم یا بلکل نہ ہو۔ کچھ ادویات میں بیج پڑتے ہیں۔ کچھ میں پھول پڑتے ہیں جبکہ کچھ میں جڑیں اور کچھ میں پتے پڑتے ہیں۔ ہر ایک کی عمر الگ الگ ہے کسی دوا میں گھی و روغنیات پڑتا ہے۔

2۔ کوالٹی

بہت سی جڑی بوٹیاں کی کوالٹی ہوتی ہیں۔ اب کوئی بہت مہنگی ملتی ہیں جیسا زعفران، مصطگی، سقمونیا وغیرہ تو اس کو پرانا

یا پھر سب سے کم درجے کا ڈال دیا جاتا ہے جو سستہ ہوتا ہے جس سے اس کے خواص کم ہو جاتے ہیں۔

3۔اشیاء میں کمی

اب کچھ ادویات میں قیمت میں کمی لانے کے لیے اس میں کم مقدار میں چیزیں شامل کی جاتی ہیں۔مثال کے طور پر مرکب چھار میں اکیس چیزیں پڑتی ہیں۔اس میں سے دس یا پندرہ چیزیں ڈالی جاتی ہیں جس سے اس کے خواص کم یا بلکل ختم ہو جاتے ہیں۔اس میں مصطگی بھی پڑتی ہے جو بہت مہنگی ہوتی ہے، وہ بھی لوگ کم ڈالتے ہیں۔

4۔ناتجربہ کار

کچھ نیم حکیم افراد جن کو دواوں کا پتا نہیں ہوتا یا جڑی بوٹیاں کا علم نہیں ہوتا وہ خود بناتے ہیں جس سے یا تو غلط بنا لیتے ہیں یا کوئی مقدار کم یا زیادہ کر لیتے ہیں جس سے خواص کم ہو جاتے ہیں۔یا پھر پنسار سے جڑی بوٹیاں پرانی لیتے ہیں چونکہ طب اہلبیت ع میں جو جڑی بوٹیاں استعمال ہوتی ہیں وہ عام یونانی جڑی بوٹیاں سے مختلف ہوتی ہیں۔

5۔مریض کی غفلت

دوا ٹھیک ہے لیکن اگر مریض وقت پر یا جو طریقہ بتایا ہے اس طرح نہ کھائے پھر بھی دوا فائدہ نہیں دیتی۔

6۔مزاج کے مطابق دوا

ہر انسان کا اپنا مزاج ہوتا ہے اسی کے مطابق دوا دی جاتی ہے۔اگر گرم مزاج ہے تو سرد دوا اگر سرد مزاج ہے تو گرم دوا دی جاتی ہے دواوں کی اپنی اپنی الگ تاثیر ہوتی ہے۔

7۔نیم حکیم

دوا سے زیادہ بیماری کی تشخیص ہے مرض کیا ہے اب اگر کوئی دوا دیتا ہے جبتک اس کو پتا نہیں کیا مرض ہے اس کی علامات کیا ہیں اس سے کون کون سے اجزاء متاثر ہوتے ہیں پھر بھی دوا کا فائدہ نہیں ہوتا ہاں کوئی تکہ چل جائے تو ہوسکتا ہے مریض ٹھیک ہو جائے۔

8۔روحانی علاج

بہت سی بیماریاں روحانی ہوتی ہیں ہوسکتا ہے۔طبیب جسم کا علاج کر رہا ہو اور مسئلہ روح کا ہو۔ہم جسم کا علاج تو کرواتے ہیں مگر روح کا نہیں جس کیوجہ سے جسم قائم ہوتا ہے

9۔میڈسن سٹوریج

زیادہ گرمی میں میڈسن ضایع ہو جاتی ہیں۔ایک معتدل درجہ حرارت میں رکھا جائے جو دواوں کا سٹور ہے وہاں کا درجہ حرارت، نارمل ہو اگر زیادہ گرم ہو تو پنکھے اور اے سی چلائے جائیں تاکہ ادویات خراب ہونے سے بچ جائیں۔

نبی ﷺ فرماتے ہیں پیٹ ہر درد کا مرکز ہے اور پرہیز بہترین دوا ہے۔المخاذن ص93

میڈیشن فائدہ کیوں نہیں دیتی

ابھی بہت سی اینٹی بائیوٹیک بھی ناکارہ ہو چکی ہیں اور بہت سی دوسری ادویات بھی چونکہ جب سے انسان پیدا ہوتا ہے تب سے ہم اسے اینٹی بائیوٹیک اور دوسری ادویات پر لگا دیتے ہیں پھر آہستہ آہستہ وہ کام کرنا چھوڑ دیتی ہے پھر ہائی اینٹی بائیوٹیک پر یوں کرتے کرتے ہمارا معدہ، جگر اور گردے خراب ہو جاتے ہیں پھر کوئی بھی دوا اثر نہیں کرتی کیونکہ جزب ہوئے بغیر باہر نکل آتی ہیں۔

طب اہلبیتؑ کی ادویات اثر کیوں نہیں کرتی

طب اہلِ بیتؑ کی ادویات کو یقینِ کامل سے کھائیں، شک وشبہ نہ کریں۔ اس یقین کے ساتھ کھائیں کہ اللہ تعالیٰ بفضل آل محمدؐ شفا دے گا۔ اگر شک وشبہ کریں گے تو فائدہ نہیں ہوگا۔ چونکہ بہت زیادہ کیمیکل کھا کھا کر اور ادویات بہت زیادہ استعمال کرنے کے نتیجے میں ہمارا معدہ جگر و گردے ناکارہ ہوئے ہوتے ہیں اس لیے آہستہ آہستہ اثر کرتی ہے۔

طب اہلبیتؑ پر بہت سے لوگ کام کر رہے ہیں بعض دفعہ جڑی بوٹیاں پرانی ڈال لیتے ہیں یا پھر ادنٰی درجے کی جس کی وجہ سے اثر کم ہوتا ہے

بعض دفعہ جو مہنگی جڑی ہوتی ہے زعفران وغیرہ وہ ڈالتے بھی نہیں۔ مثال کے طور پر مرکب چار میں اکیس چیزیں پڑتی ہیں اس میں سے دس بارہ ڈال دیتے ہیں۔ بعض اوقات صحیح ترتیب سے بناتے نہیں ہے۔ بعض اوقات جڑی تو تازہ ہوتی ہے مگر اس کو مشین کے ذریعے خشک کرتے ہیں جس سے اثر کم ہو جاتا ہے یا پھر جیسے مرکب چار میں یا تقریباً تمام ادویات میں شہد پڑتا ہے وہ نہیں ڈالتے اس طرح اور بہت سے وجوہات ہو سکتی ہے۔

بعض دفعہ بیماری کی تشخیص صحیح طریقے سے نہیں کی جاتی۔ بعض اوقات صرف طب پڑی ہوتی ہے میڈیکل کی معلومات ٹیسٹ وغیرہ اور بیماری کی پہچان نہیں ہوتی۔ جب تک کسی مرض کا پتہ نہیں ہوگا تو علاج ممکن نہیں ہوگا۔ علاج سے زیادہ بیماری کی تشخیص ضروری ہے۔ اس کتاب کی تالیف کا ہرگز مقصد یہ نہیں ہر ایک علاج کرے مقصد یہ ہے مومنین کو معلومات ملے اور جو غذائیں و پھل ہیں ان سے استفادہ کریں۔

طب اہلبیتؑ پر کام۔

میری کوشش ہے جتنی بھی جڑی بوٹیاں طب اہلبیتؑ میں استعمال ہوتی ہیں وہ خود اگاوں۔ کچھ اگا رہے ہیں اور کچھ پر کام شروع ہے۔ وہ تسلی بخش بھی ہوں گی اور تازہ بھی۔

ہم کوشش کر رہے ہیں۔ طب اہلبیتؑ کا کالج بنائیں اور آن لائن کورس کروائیں۔ تاکہ طب اہلبیتؑ سے ہر شخص مستفید ہو سکے۔ ہمارے پاس طب اہلِ بیتؑ کی تمام ادویات و نیچرل اشیاء دستیاب ہیں۔ میڈیسن بھی فارم 7 میں رجسٹرڈ کروا رہے ہیں۔ کچھ ہو گئی ہیں کچھ رہتی ہیں۔ فرنچائز کا عمل بھی شروع ہے۔ جو مومنین اپنے اپنے علاقوں میں طب اہلبیتؑ

کی فرنچائز کھولنا چاہتے ہیں وہ ہم سے رابطہ کریں۔

بہت سے لوگ دونمبر میڈیسن طب اہلبیتؑ کے نام پر دے رہے ہیں۔اس لیے ایک تو ہمارا لاگو بوتل پر دیکھ لیں دوسرا اس سلسلے میں ہمیں رائے سے آگاہ کریں۔شکریہ

چند سبزیوں اور پھلوں کے نام اردو اور انگلش میں۔

انگلش میں نام	اردو میں نام
Thyme	صعتر فارسی
Quince	بہی،سفرجل
Boswellia	کندر
Celery	کرفس،اجمود
Dill	سویا،شوید
Chives	ترہ
Russian Olive	سنجد
Salvadora Persica	مسواک اراک، پیلو
Chicory	کاسنی
Colocynth	هندوانہ ابوجھل۔کڑتومہ۔حنظل
Garden Cress	هالیون
Rue	سداب

مزید معلومات کے لیے ویب سائٹ میں وزٹ کریں۔

Tib e Ahlebait as Head Office Ghauri Town Phase 4C Islamabad
Mob 03129009247
Email.ahlebaitstore@gmail.com
website and app
ahlebaitstore.com